”تحریکِ پاکستان میں خلفاءِ امام احمد رضا خانؒ کا کردار
۱۹۲۰ء سے ۱۹۴۷ء تک“

مقالہ

برائے پی۔ایچ۔ڈی

محقق: محمد حسن امام

نگران: پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری

شعبۂ علوم اسلامی کلیہ معارف اسلامیہ

جامعہ کراچی

۲۰۰۵ء

تصدیق نامہ

تصدیق کی جاتی ہے کہ طالب علم **محمد حسن امام ابن محمد اسلام**
نے میری نگرانی میں پی ایچ ڈی کا تحقیقی علمی مقالہ BASR بحوالہ نمبر
810/AR جامعہ کراچی سے منظور بعنوان **"تحریکِ پاکستان میں**
خلفاء امام احمد رضا خانؒ کا کردار ۱۹۲۰ء تا ۱۹۴۷ء" مکمل کرلیا ہے۔

طالب علم مذکور کو برائے ممتحنین پیش کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری
استاد و سپروائزر مقالہ
شعبہ علوم اسلامی کلیہ معارف اسلامیہ
جامعہ کراچی
۱۵ جولائی ۲۰۰۵ء

فہرست ابواب

صفحات

ABSTRACT

Undoubtedly, coming in being of Pakistan was a great event. It was an astonishing revolution according to its effect & conclusions. Actually, Pakistan was neither made because of any need of time & expedience nor a support of any party (person) or power and result of conspiracy. But it was achievement of continuous mental and intellectual & practical efforts. Further it was a logical result of continuous events & situation after 1857. Then, there is not only a single moment, so many moments and activities were behind this revolution. But this is the reality that religious, political, traditional, cultural, social, economical, psychological activities were also behind the aim of Pakistan was never only to divide Hind (subcontinent) Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah, other national leaders and party Mashaikh and scholars were regularly informing about the aim and cause of Pakistan. So surprising is it that what ever is still written about foundation of Pakistan, are all one sided. The historians did not follow the correct rules of chronology and seemed clearly partial, their thoughts and view, belief and narrow mind, while narrating facts. Especially scholars are commemorated in Freedom Moment, although history should be free of effect of creed and faith. But to upgrade one who is of their own school of thought and degrade and neglect one who is not of their creed or faith, this way of thinking is very much partial and in-chronological.

It can be estimated through the below given facts and figures:

- well known chronologist and educationist professor Dr. Ishtiaq Hussain Qureshi, Ex. Vice Chancellor of Karachi University reproaches and writes that, "In 1973 while I was doing research work on service of Scholars of Ahl-e-Sunnat. I felt that what ever is still written in Jihad Moment and other Jihad are all one sided. So, I collected important matters from Shah Farid-ul-Haq". *(Monthly "Faizan-e-Raza" Faisalabad March, 1978)*

- This is a remorseful and astonishing matter that although there are some such teachers in Karachi University who have far long literal background .A thesis for PhD "Historical and literal role of Ulama (Scholars) for Pakistan Moment" published from Karachi University, in which those scholars are posed as actual heroes who were against the Pakistan Moment, and scholars of Ahl-e-Sunnat chiefly Maulana Shah Ahmed Raza Khan Barelwi and other are often neglected.

- Like this, it is generally written that Pakistan came into being because of struggle and efforts of Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah. While in-fact this claim is false and baseless. Actually,

behind the establishment of Pakistan the majority of leaders of Ahl-e-Sunnat were in battle-field against British and Hindu colonization. Indeed the leaders and the seniors of Ahl-e-Sunnat and Muslims of subcontinent were the real founders of Pakistan. Verily, Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah brim-fully advocated the Muslims and proved his skill-ness by confronting a cunning leader like Mahatma Gandhi and that's for he was called "the leader of Muslims".

- Like this, it does not guess, regarding Pakistan Moment, in English and Urdu history the activities of Tehrik of Molvi Syed Ahmed Baralvi (1831 A.D) are connected. While, by paying attention it is seemed that in Pakistan Movement the character of their followers and corroborators is not comparatively better than the leaders of Ahl-e-Sunnat. Perhaps it was done under the strain of excess pleasure and it was generally posed that Syed Ahmed's (Barelwi) target not establishing an Islamic regime, which was hit by achieving Pakistan. But, if it was his real target than what aim of that mass those who were entirely against Pakistan and they are still steadfast on their creed it is seemed difficult to solve this matter.

- Molvi Muhammad Hussain (1920) was also desiring such type of regime which may be established with coordination of Hindu and Muslims therefore he invited Hindu even Sikh to participate in the Freedom-Movement. He says "No doubt Allah has made in some way beneficent your native and the most populous nation of Hindustan (Hindu) for the achievement of your pious aim. And I consider very fruitful and helpful the unity of both nations (Hindu, Muslims)." Molvi Mehmood Hasan was apprehended from Hijaz and was brought to Egypt. Maulana Hussain Ahmad Madni has quoted his answers which were given to European investigation officer.

  The summary is as under:- (*Safarnama Sheikh ul Hind Matboo'a Lahore 1974,page 73,Moallifa Hussain Ahmad Madni*)

  * Molana Mehmood Hussian did not know about Silky letters.
  * Jamiat-e-Ansar was merely established for the purpose of Deo-Band Institute.
  * Were not involved in conspiracy against British Govt.
  * This blame is baseless that I wanted to unite Turkey, Iran, and Afghanistan, and attack on Hindustan, and intended to establish an Islamic Govt. in this way.

No doubt that, Molvi Rasheed Ahmed Arshad has written about the aim of Maulana Mahmood Hassan that Hindu, Muslim and Sikh jointly achieve the full freedom. There was not any concept of Islamic Regime. Therefore

Sikh and Hindu were is alliance (participant) of his revolutionary mission. (Twenty Great Muslims Moullif Rasheed Ahmed Arshad P.278).

The faith in one entity where as lead you toward oneness of religion, likely it teaches the lesson of Unity of nations. (Allah May Excuse me) The political aim of Jamiat Ulma-e-Hind is its good example. The foundation of Jamiat Ulma Hind was laid by which leaders of DeoBand were mostly from that Sabiriya branch of chishtiya chain, whose commander was Hazrat Abul Quddus Gungohi. Because the founders of Jamiat Ul Ulma-e-Hind were mentally and spiritually related to Hazrat Abdul Quddus Gungohi, that's why Jamiat Ulma-e-Hind were impressed from the teaching & thoughts Hazrat Gungohi, which was an obvious work. By following their leaders the Jamiat Ulma-e-Hind were believing in "theory of one existence and it was the demand of that faith that to shelf to every type of partialism and adopt secholarism and to end the difference between Hindu Muslims. This theory directly illuminates the unity of all nations of India. That's for Jamiat-Ul-Ulama-e-Hind opposed the division of Hind and they were not in favour of Muslims as a separate nation. Therefore they opposed the parties, which were supporting "Two National Theory".

Maulana Shah Ahmed Raza Khan also believed "Wahda-Tul-Wajood" and he was blamed that due to his belief in Wahda Tul Wajood he was against Hazrat Mujaddid Alf-e-Sani (R.A). So, regarding his this belief, it was required that shah Ahmed Raza Khan might oppose the "Two Nation Theory". But his Khulafa and followers supported the Two Nation theory in such way, which is a historic fact, one of Maulana Shah Ahmed Raza Khan's Khalifa Maulana Muhammad Naeemuddin Muradabadi founded "Al Jamiat-ul-Aaliya Al markazia" (All India Sunni Conference) in 1925, in reaction of Jamiatul -Ulama-e-Hind. The leaders of Al-Jamiat-ul-Aaliya Al-markazia were so intellectual which can be testified theory historical events.

Quaid-e-Azam M.A. Jinnah had done & unique efforts for Pakistan, but this is a fact that Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah was supporter earlier. In annual congregation of Muslim league in 1916 at Laknow he said, "physically I am firmly in favour of congress and supporting congress makes me satisfactory. At that time Ulma-e-Ahl-e-Sunnat were struggling for prosperity of Islam and for establishing Islamic regime, and were preaching Islam, it can be seem in series of monthly AS-Sawad-e-Azam Muradabad (India).

When ever Quiad-e-Azam Muhammad Ali Jinnah came to know about the partialistic behavior of Hindu and reality of Islam, where Ulma-e-Ahl-e-Sunnat had created the Islamic environment. In 1940 to Muslim league session in Delhi the addressed "This is my context that Farhangi wants to occupy Hindustan and Gandhi Jee desires to rule over Muslim". But we are not agreed with subjugation of both (Hindu & Muslims). We want to live free we can neither depend on British slavery nor want to remain

under Hindu's slavery". Regarding to demand of Pakistan he addressed in Islamia College Peshawar on 13, January 1948 that "we had not demanded Pakistan as a piece of land. But we had wanted such a laboratory where we may test the Islamic rules."

No doubt, Quaid-e-Azam Muhammad Jinnah advocated and guided the Muslims of Hind but this fact is to be noticed that the Ulama-e-Ahl-e-Sunnat had far before convinced the Muslims about Islam. In this case Shah Ahmed Raza Khan created true spirit for Islam in congregation 1897 AD /1315H in Patna (Bihar), through Magazine "Tadbeer-e-Falah-o-Nijat-o-Islah in 1912AD/1321AH, and published magazine Al Mohajjat-ul-Motamina in 1920 AD, and its credit also goes to Ulama-e-Ahl-e-Sunnat. In 1920, Maulana Muhammad Abdul Qadeer Badayooni presented the concept of Division of Hind, and put detailed suggestion regarding this. This matter is fore from the period when of Dr. Alama Muhammad Iqbal and Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah were not even attentive toward the concept of Division of Hind. But Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah was made the Leader of Muslims in such way that he was soon became famous all over Hindustan.

This is to be narrated that Darul-Uloom Deoband Number of Monthly Al-Rashid ,Lahore has published in March 1976 , which was consisting 790 pages,there are about 70 topics and synopsis but no topic is subjected to Tehreek-e-Pakistan and Darul-Uloom Deoband. Which shows that except a few Ulama the character of Deoband Maslak was against Pakistan.

As well-known journalist and writer Mian Abdul Rashid has also highlighted the same problem in his English literary work "Islam in subcontinent- Pak-o-Hind" printed in Lahore 1977.
This is a historical event that Ulama and scholars chiefly Shah Ahmad Raza Khan and his Khulafa, students and lovers are not mentioned in any of the books which are written regarding Pakistan Moment. The matter is not ended here, even the services of Maulana Ahmed Raza Khan and his Khulafa which they had done for the rectification of false Moments, especially Wahbiyyat, Deobandiya, Wahabiyat and Nadviya, all the services were criticized and blamed, and they tried to defame Maulana Shah Ahmed Raza Khan Barelvi. Although Maulana Ahmed Raza Khan wanted to rectify. Therefore it is necessary to inform the Islamic Nations about the other views and directions of history. That's why, I selected the topic "The role of the Khulafa-e-Imam Ahmed Raza Khan in Pakistan Moment, 1920-1947",and made it a source of Ph.D. This is to be noticed that my this research work is initial and in future it can be helpful and useful for research fellows.

This thesis consists the following topics and chapters:-

The Role of the "Khulafa-e-Imam Ahmaed Raza Khan' In Pakistan Moment 1920 – 1947

Contents

And finally, I am grateful to those who have helped me in my research work and Allah may Bless them ever.

Muhammad Hasan Imam
Lecturer Islamiat Department
Karachi
2005

مقدمہ

بلاشبہ پاکستان کا قیام ایک عظیم واقعہ تھا۔ اپنے اثرات اور نتائج کے لحاظ سے ایک حیرت انگیز انقلاب تھا۔ پاکستان کا قیام دراصل کسی وقتی ضرورت اور مصلحت کی بناء پر عمل میں نہیں آیا نہ کسی فریق یا طاقت کی شہ اور سازش کا نتیجہ تھا۔ بلکہ برِصغیر کے مسلم دانشوروں، مفکروں، مدبروں کی مسلسل ذہنی فکری عملی کاوشوں کا حاصل تھا۔ نیز ۱۸۵۷ء کے بعد متواتر رونما ہونے والے حالات و واقعات کا منطقی نتیجہ تھا۔ پھر اس انقلاب عظیم کے پیچھے ایک محرک نہیں بلکہ بہت سارے محرکات اور عوامل کارفرما رہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تحریکِ پاکستان کے پیچھے مذہبی محرکات، سیاسی، ثقافتی اور تہذیبی، معاشرتی، معاشی، نفسیاتی اور تاریخی بھی تھے۔ تحریکِ پاکستان کا مقصد صرف تقسیم ہند ہی کبھی بھی نہیں رہا۔ قائداعظم محمد علی جناح اور دیگر زعماء ملت اور علماء و مشائخ کرام نے پاکستان کا مقصد اور اغراض و مقاصد سے قوم کو برابر آگاہ کرتے رہے۔ حیرت ہے اب تک قیامِ پاکستان کے حوالے سے جو کچھ لکھا گیا ہے سب یکطرفہ ہے۔ مؤرخین نے تاریخ نویسی کے دُرست تقاضوں کو پیش نظر نہیں رکھا اور حقائق بیان کرنے میں تنگ نظری، تعصب اور عقائد فکر و نظر واضح طور پر نظر آتا ہے۔ بالخصوص تحریکِ آزادی میں علماء کا ذکر کیا گیا ہے حالانکہ تاریخ کو عقیدے اور عقیدت پر غالب ہونا چاہیے اور دین اسلام مخلص خدمت گاروں میں یہ دیکھنا کہ کون ہمارا ہم عقیدہ ہے اور کون نہیں ہے جو ہے اس کو آسمان پر چڑھاؤ اور جو نہیں اس کو زمین پر گرادو۔ یہ اندازِ فکر تو نہایت ہی غیر مؤرخانہ اور متعصبانہ ہے۔

مندرجہ ذیل اُمور سے اس بات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

۞ اس بات کا شکوہ معروف مؤرخ اور ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی، سابق وائس چانسلر جامعہ کراچی بھی کرتے ہیں آپ لکھتے ہیں کہ میں ۱۹۷۳ء میں علماءِ اہلِ سنّت کی خدمات پر تحقیقی

کام کر رہا تھا تو میں نے محسوس کیا کہ جو کچھ تحریکِ جہاد اور دیگر جہاد میں اب تک لکھا گیا ہے وہ سب یکطرفہ ہے لہٰذا میں نے پروفیسر شاہ فرید الحق صاحب سے ضروری مواد حاصل کیے۔(۱)

- قابل افسوس اور حیرت ناک بات تو یہ ہے کہ جامعہ کراچی جس میں بعض اساتذہ ایسے بھی ہیں جو ایک طویل علمی تاریخی پس منظر رکھتے ہیں۔ جامعہ کراچی سے ایک پی ایچ ڈی کا مقالہ بنام تحریکِ پاکستان میں علماء کے تاریخی اور علمی کردار شائع ہوا ہے۔

جس میں ایسے علماء کو تحریکِ پاکستان کا اصل ہیرو قرار دیا گیا ہے جو تحریکِ پاکستان کے مخالف تھے اور علماء اہلِ سنّت بالخصوص مولانا شاہ احمد رضا خان فاضلِ بریلویؒ اور ان کے خلفاء کی خدمات کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

- اسی طرح خاص و عام طور پر یہ لکھا جاتا ہے کہ قیامِ پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناح کی جدو جہد اور کوششوں سے عمل میں آیا تھا جب کہ حقیقت یہ ہے کہ یہ دعویٰ ہی تاریخی اعتبار سے غلط اور بے بنیاد ہے۔ حقیقی صورت حال یہ ہے کہ قیامِ پاکستان کے پیچھے سالہا سال سے علماء اہلِ سنّت اور مشائخ عظام کی ایک کثیر جماعت یعنی السواد الاعظم اہلِ سنّت و جماعت حنفی بریلوی تحریکِ آزادی ہند کے لیے برطانوی اور ہندو استعمار سے نبرد آزما رہی تھی۔ اور قیامِ پاکستان کے حقیقی موسس اور بانی علماء اور مشائخ اہلِ سنّت اور مسلمانانِ ہند ہی تھے۔ ہاں قائدِ اعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کی بھرپور وکالت کی اور مہاتما گاندھی جیسے مکار لیڈر سے گفتگو کرنے میں مہارت تامہ کا ثبوت دیا۔ اسی وجہ سے مسلمانوں کے لیڈر کہلائے۔

- اسی طرح نہ معلوم کیوں تحریکِ پاکستان کے حوالے سے مرتب کی جانے والی انگریزی اور اُردو تاریخوں میں مولوی سیّد احمد بریلوی (التوفی ۱۲۴۷ھ/۱۸۳۱ء) کی تحریک کے ڈانڈے تحریکِ پاکستان سے بھی ملائے جاتے ہیں۔ غور کرنے سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ تحریکِ پاکستان میں

(۱) ماہنامہ فیضان رضا۔ فیصل آباد۔ مارچ ۱۹۷۸ء

ان کے متبعین و موئیدین کا کردار علماء اہلسنت کے مقابلہ میں زیادہ شاندار تو نہیں رہا۔ شاید ذوق مسابقت میں ایسا کیا گیا۔ اور یہ عام تاثر دیا گیا کہ سیّد احمد بریلوی صاحب کا مقصود اسلامی حکومت کا قیام تھا اور حصولِ پاکستان سے یہ مقصد پورا ہو گیا۔ لیکن اگر واقعی یہ مقصد تھا تو ان ہزاروں لاکھوں متبعین کے لیے کیا تھا؟ جو سرے سے پاکستان کے خلاف تھے اور اب بھی اپنے مسلک پر قائم ہیں۔ اس بات کا سلجھاؤ بہت مشکل نظر آتا ہے۔

- جہاں تک مولوی محمود حسن (المتوفی ۱۸۵۱ھ/۱۹۲۰ء) کا تعلق ہے وہ بھی ایسی حکومت کے خواہاں تھے جو ہندو اور مسلمانوں کے اشتراک سے وجود میں آئے اسی لیے انہوں نے تحریکِ آزادی میں ہندوؤں بلکہ سکھوں کو بھی شرکت کی دعوت دی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کچھ شبہ نہیں حق تعالیٰ شانہٗ نے آپ کے ہم وطن اور ہندوستان کے سب سے زیادہ کثیر التعداد قوم (ہنود) کو کسی نہ کسی طریق سے آپ کے ایسے پاک مقاصد کے حصول کے لیے موئید بنا دیا اور میں ان دونوں قوموں (ہندو، مسلمان) کے اتفاق و اتحاد کو بہت مفید اور معاون سمجھتا ہو۔ مولوی محمود حسن کو حجاز سے گرفتار کر کے مصر لایا گیا تو تفتیش کرنے والے ایک انگریز کے سوالات کے جو جوابات آپ نے دیے اس کو مولانا حسین احمد مدنی نے نقل کیے ہیں۔ اس کا خلاصہ ذیل میں دیا جا رہا ہے۔(۱)
- ریشمی خطوط کے بارے میں مولانا محمود حسن کو کچھ علم نہ تھا۔
- ''جمعیت الانصار'' محض مدرسہ دیوبند کے مقاصد کے لیے قائم کی گئی تھی۔
- حکومت برطانیہ کے خلاف کسی سازش میں ملوث نہ تھے۔
- یہ الزام بے بنیاد ہے کہ آپ ترکی، ایران، افغانستان کو متحد کر کے ہندوستان پر حملہ کرانا چاہتے تھے اور اسی طرح اسلامی حکومت قائم کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔

اس میں کوئی شک نہیں مولانا محمود حسن نے تحریک آزادی میں حصہ لیا صرف مقاصد میں کلام کیا جا سکتا ہے۔ مولانا موصوف کے مقصد کے بارے میں مولوی رشید احمد ارشد نے لکھا ہے کہ مولانا محمود حسن کا مقصد یہ

(۱) سفرنامہ شیخ الہند۔ مطبوعہ۔ لاہور ۱۹۷۲ء۔ ص: ۷۳، مؤلفہ حسین احمد مدنی

تھا کہ ہندو مسلم اور سکھ مل کر مطلق آزادی حاصل کریں ان کے سامنے اسلامی حکومت کا کوئی واضح تصور نہ تھا۔ اس لیے ان کے مشن میں سکھ اور انقلابی ہندو شریک تھے۔(۱) وحدۃ الوجود کا عقیدہ جہاں وحدت ادیان کی طرف لے جاتا ہے وہیں وہ متحدہ قومیت کا بھی درس دیتا ہے۔

(معاذ اللہ) اس کی ایک بہترین مثال جمعیت علماء ہند کے سیاسی موقف کی ہے۔ جمعیت علماء ہند کی بنیاد دیوبند کے جن بزرگوں نے رکھی تھی ان کی اکثریت سلسلہ چشتیہ کی اس صابریہ شاخ سے وابستہ تھی جس کے سرخیل حضرت عبدالقدوس گنگوہی تھے۔

جمعیت العلماء ہند کے بانیوں کا ذہنی اور روحانی تعلق چونکہ حضرت عبدالقدوس گنگوہی کے ساتھ تھا۔ اس لیے جمعیت علماء ہند کا حضرت گنگوہی کی تعلیمات اور خیالات سے متاثر ہونا ایک لازمی اُمر تھا۔ جمعیت العلماء ہند کے رہنما اپنے شیخ کی اقتداء میں نظریہ وحدۃ الوجود پر ایمان رکھتے تھے اور اس نظریہ پر ایمان رکھنے کا یہ تقاضا تھا کہ وہ ہر طرح کے تعصبات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے سیکولرازم کو اپنا کر ہندو مسلم کا سوال ختم کر دیتے۔ اس نظریہ وحدۃ الوجود بالواسطہ متحدہ قومیت اور اکھنڈ بھارت کے تصور کو فروغ دیتا ہے۔ جمعیت العلماء ہند نے تقسیم ہند کی جو مخالفت کی تھی۔ اس کا محرک یہی نظریہ وحدۃ الوجود تھا۔ جمعیت العلماء ہند وحدۃ الوجود کی قائل ہونے کی وجہ سے مسلمانوں کے الگ وجود کی قائل نہیں تھی۔ اسی لیے اس نے دوقومی نظریہ کی حامی جماعتوں کی مخالفت کی۔

پاکستان میں جمعیت العلماء ہند کی وکالت اس احسن طریقے پر نہیں ہوسکتی۔ اگر اس موقف کی وضاحت میں جمعیت العلماء ہند کے بانیان کے ایسے بیانات دیتے جس سے یہ واضح ہوتا کہ واقعی وہ اسی وجہ سے دوقومی نظریہ اور پاکستان کے خلاف تھے تو مناسب تھا۔ وحدۃ الوجود کے قائل تو اعلحضرت مولانا شاہ احمد رضا خان فاضلِ بریلویؒ بھی تھے اور مخالفین ان پر یہاں تک الزام لگاتے ہیں کہ وہ اس بناء پر حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے خلاف تھے۔ جو وحدۃ الشہود کے بانی تھے۔ تو چاہیے تو یہ تھا کہ اعلحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ بھی دوقومی نظریہ کے خلاف ہوتے مگر اعلحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور آپ کے

(۱) بیس بڑے مسلمان۔ مؤلفہ رشید احمد ارشد۔ ص: ۴۷۸

خلفاء، تلامذہ اور متبعین نے جس شد و مد کے ساتھ ایک قومی نظریہ کا پرچار کیا وہ ایک تاریخی حقیقت ہے۔

اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے خلیفہ مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی نے ۱۹۲۵ء میں جمعیت العلماء ہند کے ردِّ عمل میں "الجمعیۃ العالیۃ المرکزیہ" (یعنی آل انڈیا سنی کانفرنس) کی بنیاد ڈالی۔ "الجمعیۃ العالیۃ المرکزیہ" کی قیادت کو جو بالغ نظری اور بصیرت حاصل تھی۔ اس کی تصدیق تاریخی حادثات و واقعات سے بخوبی ہو جاتی ہے۔

قائد اعظم محمد علی جناح نے پاکستان کے لیے جو کار ہائے نمایاں انجام دیے وہ قابل قدر ہیں۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ابتداء میں قائد اعظم محمد علی جناح ہندو مسلم اتحاد کے داعی تھے ۱۹۱۶ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقد لکھنؤ میں یہ فرمایا کہ "میں طبعی طور پر پر راسخ کانگریسی ہوں اور کانگریس کی تائید و حمایت میرے لیے باعث اطمینان ہے۔ قوموا راختلاف کسی صورت میں برداشت نہیں کر سکتا" اس وقت علماء اہلِ سنّت اسلام کی بقاء اور اسلامی حکومت کے قیام کے لیے مساعی تھے اور مسلمانوں کو دین اسلام کی طرف بڑی دل سوزی کے ساتھ دعوت دے رہے تھے۔ اس حقیقت کا اظہار ماہنامہ السواد الاعظم مراد آباد (انڈیا) کے شماروں کے مطالعہ سے بھی ہو جاتا ہے۔

جب قائد اعظم محمد علی جناح نے ہنود کے معاندانہ سلوک اور اسلام کی حقیقت کو پہنچانا، اس ماحول میں جہاں علماء اہلِ سنّت نے اسلامی فضاء پیدا کر دی تھی قائد اعظم محمد علی جناح نے مسلم لیگ کونسل کے ایک اجلاس میں جون ۱۹۴۰ء میں دہلی (انڈیا) میں منعقد ہوئی۔ اس میں واضح طور پر فرمایا کہ "میرا نصب العین یہ ہے کہ انگریز ہندوستان پر قبضہ رکھنا چاہتا ہے گاندھی جی مسلمانوں پر مسلّط ہونے کے تمنائی ہیں"۔ لیکن ہمیں دونوں کی محکومی منظور نہیں۔ ہم آزاد رہنا چاہتے ہیں۔ ہم نہ انگریز کی غلامی پر قناعت کر سکتے ہیں نہ ہندو کی غلامی چاہتے ہیں۔" ۱۳ جنوری ۱۹۴۸ء میں اسلامیہ کالج پشاور میں پاکستان کے مطالبے کے حوالے سے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم نے پاکستان کا مطالبہ ایک زمین کا ٹکڑا حاصل کرنے کے لیے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے تھے جہاں ہم اسلام کے اُصولوں کو آزما سکیں۔"

اس میں کوئی شک نہیں کہ قائد اعظم محمد علی جناح نے مسلمانانِ ہند کو مؤثر وکالت و رہنمائی فرمائی لیکن

یہ حقیقت بھی قابل توجہ ہے کہ علماءِ اہلِ سنّت نے ان سے بہت پہلے مسلمانانِ ہند کو اسلام کی طرف متوجہ کیا۔ اس سلسلے میں اعلیٰحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۷ء میں پٹنہ (صوبۂ بہار) کے اجلاس میں، ۱۳۲۱ھ / ۱۹۱۲ء میں رسالہ تدبیر فلاح ونجات واصلاح کے ذریعہ (جو کلکتہ اور رام پور سے شائع ہوا) اور ۱۹۲۰ء میں رسالہ ''المحجۃ المؤتمنہ'' شائع کر کے مسلمانانِ ہند میں اسلام کا سچا جذبہ پیدا کیا اور یہ سہرا بھی علمائے اہلِ سنّت کو حاصل ہے۔ ۱۹۲۰ء میں مولانا محمد عبدالقدیر بدایونیؒ نے تقسیم ہند کا تصوّر پیش کیا اور اس سلسلے میں تفصیلی تجاویز سامنے رکھی یہ اس وقت کی بات ہے کہ ابھی تک ڈاکٹر محمد اقبال اور قائد اعظم محمد علی جناح تقسیم ہند کے تصور کی طرف متوجہ بھی نہ ہوئے تھے۔

قائد اعظم محمد علی جناح کوئی مذہبی عالم یا صوفی نہ تھے جس ماحول میں پرورش پائی اس کا تقاضا یہی تھا کہ وہ ابتدائی مرحلے میں ہندو مسلم اتحاد کے لیے کوشش کریں۔ چنانچہ کانگریس میں شریک ہوئے اور ہندو مسلم اتحاد کے لیے بھرپور کوشش کی لیکن رفتہ رفتہ جب اُنہوں نے ہنود کے ہندی مزاج اور مسلمانانِ ہند کے اسلامی مزاج کو سمجھا تو اپنے طرزِ عمل پر نظر ثانی کی پھر ڈاکٹر محمد اقبال کے طفیل اسلامی مزاج کے اور قریب آئے تو اسلامی فکر کا وہ دھارا جو حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء)، اعلیٰحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور دوسرے علماءِ حق سے منتقل ہو کر اقبال تک پہنچا تھا قائد اعظم محمد علی جناح کے فکر و شعور میں سرایت کر گیا تھا اور اب وہ قائد جس کے متعلق مسٹر گوپال کرشن گوکھلے (المتوفی ۱۹۱۵ء) نے یہ کہا تھا کہ ''وہ ہندو مسلم اتحاد کے زبردست علم بردار بنیں گے۔''(۱)

لیکن قائد اعظم محمد علی جناح اسلام کے علمبردار بن کر ایسے اُبھرے کے دیکھتے دیکھتے پورے ہندوستان پر چھا گئے۔ اس کے بعد قائد اعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کے لیے بے مثال خدمات انجام دیں۔

(۱) حالات گوکھلے / مظفر حسین خان، مطبوعہ حیدر آباد دکن انڈیا ۱۹۱۹ء

مگر اس مرحلے پر یہ غور کرنا ہے کہ وہ کون سی قوت تھی جس نے اسلام کے لیے ہندوستان کی فضاء کو ساز گار بنایا کہ جب اُنہوں نے مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے اسلام اور پاکستان کا نام لیا تو پورے ہندوستان کے مسلمان لپک پڑے۔ ظاہر ہے کہ اتنی عظیم تبدیلی اچانک نہیں ہو سکتی جب کہ ہندو مسلم اتحاد کے سلسلے میں ماضی قریب میں وہ کچھ ہو چکا تھا جس کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ اگر تاریخ کا صحیح مطالعہ کیا جائے اور تعصبی نظر سے پاک رہ کر دیکھا جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ یہ علمائے اہلِ سنت ہی تھے۔ جنھوں نے مسلمانوں کے دلوں میں جذبہ اسلامی کو تازہ رکھا اور برصغیر میں اسلامی حکومت کا قیام ممکن ہو سکا۔ اس میں شک نہیں کہ دوسرے مکتبہ فکر کے علماء نے بھی اسلام کی خدمت کی مگر اس کی نوعیت قطعاً مختلف تھی۔ ان علماء میں ایک بڑا نام مولانا شبیر احمد عثمانی کا ہے جو ایک عرصے تک جمیعت العلماء ہند میں شریک رہے۔ پھر کچھ عرصہ سیاست سے کنارہ کش رہے پھر غالباً ۱۹۴۵ء میں سیاست میں واپس آئے اور تحریکِ پاکستان کی حمایت کی اور پھر دسمبر ۱۹۴۵ء ہی کو اس حمایت سے باز رکھنے کے لیے جمیعت العلماء ہند کے مرکزی قائدین نے ان سے ملاقات کی۔

- مولوی حسین احمد مدنی صدر جمیعت علماء ہند
- مفتی کفایت اللہ دہلوی سابق صدر جمیعت علماء ہند
- مولوی حفظ الرحمٰن ناظم اعلیٰ جمیعت علماء ہند
- مولوی احمد سعید سابق ناظم اعلیٰ جمیعت علماء ہند وغیرھم

اس موقع پر مولوی حفظ الرحمٰن نے یہ الزام لگایا کہ مولوی شبیر احمد عثمانی جو جمیعت علماء اسلام سے وابستہ تھے وہ انگریز کے ایماء پر بنائی گئی ہے اس سلسلے میں مولانا نے حقائق و شواہد بھی پیش کرنے کا وعدہ فرمایا۔ اس کے جواب میں مولانا عثمانی نے اتنا فرمایا کہ جو روایت آپ نے بیان کی میں نہ اس کی تصدیق کرتا ہوں نہ تکذیب ممکن ہے آپ صحیح کہتے ہیں؟ (مکالمۃ الصدرین ص: ۸) پھر آگے چل کر اپنے لیے یہ صراحت فرمائی۔ میں نے جو رائے پاکستان کے لیے قائم کی ہے وہ بالکل خلوص پر مبنی ہے (مکالمۃ الصدرین ص: ۹)۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ مارچ ۱۹۷۶ء میں ماہنامہ الرشید لاہور کا دارالعلوم دیوبند نمبر شائع ہوا ہے جو تقریباً ۷۹۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس نمبر میں تقریباً ۷۰ مضامین و مقالات ہیں۔ مگر ایک مضمون بھی دارالعلوم دیوبند اور تحریکِ پاکستان کے عنوان پر نہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ماسوائے چند ایک علماء کے مسلک دیوبند کا مجموعی کردار پاکستان کے خلاف ہی رہا۔

پاکستان کے معروف صحافی اور اہلِ قلم میاں عبدالرشید نے بھی اپنے انگریزی تصنیف ''برصغیر پاک و ہند میں اسلام''، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۷ء میں اس مسئلے پر خوب روشنی ڈالی ہے۔

تاریخی واقعہ یہ ہے کہ تحریکِ پاکستان کے حوالے سے اب تک جتنی کتابیں لکھی گئیں ہیں ان میں کہیں بھی علماء و مشائخ بالخصوص اعلیٰ حضرت ومجدد دین ملت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور اُن کے خلفائے کرام و تلامذہ و محبین تک کا ذکر کرنا معیوب سمجھا گیا ہے۔ جیسا کہ ابھی تحریر کر چکا ہوں۔ بات صرف یہیں آ کر ختم نہیں ہوتی بلکہ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور ان کے خلفاء نے اس وقت کی دینی تحریکاتِ باطلہ بالخصوص وہابیت، دیوبندیہ، قادیانیت اور ندویہ کے اصلاح کے لیے جو خدمات انجام دیے اُن کے خلاف غلط الزامات لگائے گئے اور مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلوی کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی۔ حالانکہ مولانا موصوف کا غرض اصلاح تھا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ ملت اسلامیہ کو تاریخ کے دوسرے رُخ سے آگاہ کیا جائے۔ انہی عوامل کے تحت میں نے یہ مقالہ بعنوان ''تحریکِ پاکستان میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے خلفاء کا کردار'' کا انتخاب کیا۔ اور پی ایچ ڈی کے حصول کے لیے ایک ذریعہ بنایا۔ واضح رہے کہ میرا یہ کام ابتدائی نوعیت کا ہے اور آئندہ محققین کے لیے رہنمائی کا کام دے سکتا ہے۔

میرا یہ علمی تحقیقی مقالہ مندرجہ ذیل ابواب پر مشتمل ہے:

مقدمہ

باب اوّل

(الف) تحریکِ آزادی کا پس منظر

اور آخر میں میں اُن احباب و حضرات کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے میرے اس تحقیقی کام میں بھر پور تعاون کیا ان میں میں اپنے نہایت واجب لاحترام اُستاد پروفیسر سیّد رئیس احمد صاحب، شعبۂ علوم اسلامی جامعہ کراچی، جن کی شفقت، محبت و رہنمائی اور ان کی دعاؤں نے مجھے اس قابل بنایا کہ میں آج اس مقام پر ہوں۔ محترم پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری صاحب، صدر شعبۂ ارضیات جامعہ کراچی، ان کا بھی ممنون و مشکور ہوں کہ اُنھوں نے ہر قدم پر میری کتابی رہنمائی فرمائی اور اس سلسلے میں میری بھر پور مدد کی۔

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید صاحب رئیس کلیہ معارف اسلامیہ جامعہ کراچی کا بھی بے حد ممنون و مشکور ہوں کہ ابتداء سے لے کر اب تک میری رہنمائی کر رہے ہیں۔

بالخصوص میرے بہت ہی واجب الاحترام اُستاد پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری صاحب، سابق چیئرمین، شعبۂ علوم اسلامی جامعہ کراچی کا جو کے میرے اس مقالہ کے نگراں بھی ہیں۔ وہ ایک مثالی اُستاد ہیں ان کی علم دوستی ہمیشہ مقصد سے وابستگی اور طبع کا دھیما پن وہ اوصاف ہیں جنھوں نے ان کو بہت منفرد رکھا ہے۔ ان کا بھی مشکور و ممنون ہوں کہ اُنہوں نے مجھے اپنے زیرِ نگرانی کام کرنے کا موقع دیا اور ہر قدم پر میری رہنمائی فرمائی۔

اللہ تعالیٰ ان حضرات گرامی کا سایہ تا ابد قائم و دائم رکھے۔ آمین

محمد حسن امام
لیکچرار شعبۂ اسلامیات
وفاقی جامعہ اُردو کراچی
۲۰۰۵ء

باب اوّل

(الف) تحریکِ آزادی کا پس منظر

(ب) مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور برِ صغیر کی سیاسی تحریکات

(ج) مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور برِ صغیر کی تحریکات باطلہ

القادیانیت، دیوبندیت اور وہابیت

(د) علامہ اقبال اور تحریکِ خلافت

(ہ) سانحہ ارتحال اور اثرات ۱۹۲۱ء ، اور اس کے متعلقات

باب اوّل

(الف)　تحریکِ آزادی کا پس منظر

۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی

قیامِ پاکستان کی تاریخ بہت قدیم ہے جیسا کہ میں اپنے مقالہ کے مقدمہ میں ذکر کر چکا ہوں چونکہ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ۱۸۵۷ء میں انگریزوں، ہندوؤں، سکھوں کے مظالم جو انہوں نے مسلمانوں کے خلاف ڈھائے تھے اپنے بزرگوں سے سُن رکھا تھا اور ان کے آنکھوں کے سامنے بھی بہت سارے مظالم روا رکھے گئے جو آگے چل کر تحریکِ پاکستان کے سبب بنے۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اگر چہ ۱۹۲۱ء میں دنیا سے رُخصت ہوگئے لیکن جو اُصول متعین کیے تھے اُن کے خلفاء وتلامذہ اور محبین و معتقدین تک یہ بات بڑے دلیل کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ سترھویں صدی کے نصف تک انگریز برِصغیر میں مختلف سازشوں میں مصروف رہے اور اپنے اقتدار کو بڑھانے کی کوششوں میں لگے رہے۔ جنگِ آزادی نے انگریزوں کے اقتدار اور سازشوں پر کاری ضرب لگائی۔ انگریز اس جنگ کو غدر یعنی بغاوت کا نام دیتے ہیں۔ لیکن سوال یہاں یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ انگریز جنہوں نے برِصغیر کے باشندوں کی سلطنت پر قبضہ کیا، عوام کو اپنا غلام بنا کر رکھا اور مختلف سازشوں میں مصروف رہے۔ جب عوام ان کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوئے اور اپنے ہی وطن سے فرنگیوں کو باہر نکالنے کی کوشش کی تو یہ بغاوت کیسے ہوگئی۔؟

یہ بات بالکل صحیح ہے کہ برِصغیر کے باشندے اپنی گرفت کو مضبوط کرنے اور تقاضائے وقت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انگریزوں کی سازشوں کو کچلنے کے لیے ایک قوت ہو کر سامنے آئے۔ اس جنگ میں علماء حق اپنی

جان کی پرواہ کیے بغیر فرنگیوں کے سامنے دیوار بن گئے اور عام لوگوں کی صرف نگرانی اور رہنمائی ہی نہیں کی بلکہ ان کے شانہ بشانہ اس جنگ کو جہاد سمجھ کر اس میں حصہ لیا۔

برصغیر پر انگریزوں کی حکومت مسلمانوں میں عام مقبولیت حاصل نہیں کرسکتی تھی کیونکہ مسلمانوں نے اپنے سیاسی اقتدار کے اس شعور کو بیدار رکھا کہ وہ تاریخ میں حکمرانوں اور سلطنت کے معماروں کا کردار ادا کر چکے ہیں ایک غیور قوم کے لیے یہ بہت دشوار ہوتا ہے کہ وہ اپنی غلامی پر قانع ہوجائے انگریز ان جذبات سے باخبر تھے۔ (۱)

برطانوی فرنگیوں نے ابتداء میں ہندوستان میں تجارت ہی کے مقصد سے آئے اُنہیں جنوبی ایشیاء کا علاقہ کاروباری لحاظ سے بہتر محسوس ہوا۔ چنانچہ اُنہوں نے یہاں کا رُخ کیا۔ شروع شروع میں انگریز نے مغلیہ سلطنت کو شکایت کا کوئی موقع نہیں دیا لیکن قدم جمانے کے بعد انگریزوں نے مغل جہازوں پر قبضہ کرلیا تو عالمگیر (المتوفی ۱۷۰۷ء) نے انگریزوں سے جنگ کی اور انگریزوں کو شکست دی۔ (۲)

لیکن اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد سلطنت مغلیہ کا زوال تیزی کے ساتھ شروع ہوا۔ سلطنت مغلیہ کے اس زوال کے اسباب تاریخ کے مختلف اوراق میں گم ہیں۔ مغلیہ سلطنت کے زوال اور آپس میں خانہ جنگی کی وجہ سے انگریزوں کی نیت بدل گئی اور وہ سازشوں میں مصروف ہوگئے تاکہ برصغیر پر قبضہ کرسکیں۔ میر جعفر اور میر صادق جیسے غداروں کی موجودگی میں اُنہیں کوئی خطرہ نہ تھا۔ پلاسی اور میسور کی جنگوں میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد ان کے اقتدار کو وسعت ملتی گئی۔ ان کامیابیوں کا سہرا انگریزوں کے سر باندھنا سراسر ناانصافی ہوگی غداروں نے حق نمک خوب ادا کیا سندھ اور پنجاب کے علاقے پر قبضہ کرنے کے بعد ان کا اقتدار مضبوط ہوگیا اور پورا علاقہ ان کے قبضے میں آ گیا۔ انگریزوں کے خلاف جنگ یا بغاوت کرنے کے لیے مسلمانوں کو صرف یہ ایک سبب کافی تھا کہ انگریزوں نے بدعہدی، سازش اور فریب سے ہندوستان پر قبضہ کیا اور ان کو حکومت، آزادی اور اختیار سے محروم کردیا۔ (۳)

---

(۱) براعظم پاک وہند کی ملت اسلامیہ۔ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی۔ کراچی ۱۹۹۹ء۔ ص:۲۷۲

(۲) سلطنت دہلی کا نظام حکومت/ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی۔ کراچی۔ ۱۹۸۸ء

(۳) پاکستان ناگزیر تھا/ سید حسن ریاض۔ کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۲۲

جنگِ آزادی کا ارادہ راتوں رات مجاہدین نے نہیں کیا بلکہ اس کی کئی وجوہات تھیں جو اس جنگ کا باعث بنیں۔ ان میں مذہبی اور سیاسی حوالے سے جنگ کے اہم اسباب قابل ذکر ہیں۔ جن پر مؤرخین بالتفصیل بحث کی ہے یہاں موضوع کی مناسبت سے جنگِ آزادی کے وجوہات کومختصراً لکھا ہے۔

مذہبی معاملات میں مداخلت

قدم جمانے کے بعد انگریزوں نے مذہبی معاملات میں بے جا مداخلت کا سلسلہ شروع کیا۔ ''ایسٹ انڈیا کمپنی کی ابتدائی حکومت میں مذہبی گفتگو کم تھی بعد میں بہت بڑھی۔'' (۱) انگریزوں کا منصوبہ تھا کہ برصغیر کے تمام باشندوں کو عیسائیت کی طرف راغب کر دیا جائے اپنے منصوبے کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے ایسے اقدامات شروع کیے جو مسلمانوں اور ہندوؤں کے لیے قابل قبول نہ تھا۔ برصغیر کا دستور تھا کہ مسجد اور مندر، عبادت گاہوں کے ساتھ ساتھ تعلیم گاہیں بھی تھیں۔ انگریزوں نے محکمۂ اوقاف اور تعلیم اپنے ہاتھوں میں لے کر مذہبی مضامین خارج کیے اور مشینری اسکول کھولے گئے'' مشینری اسکول شہروں اور دیہات میں کثرت سے کھولے گئے اور انگریز حکام ترغیب دیتے تھے کہ لوگ اپنے بچوں کو ان میں بھیجیں۔ مذہبی کتابوں میں امتحان ہوتا تھا اور کم عمر بچوں سے اس قسم کے سوالات کیے جاتے تھے تمہارا خدا کون ہے تمہیں نجات دلانے والا کون ہے؟ اور بچے عیسائی مذہب کے موافق ان سوالات کا جواب دیتے تھے اس پر ان کو انعام ملتا تھا۔'' (۲)

برصغیر کے باشندوں کا خیال تھا کہ انگریز یہاں پر تجارت کی غرض سے آئے تھے اور اب ہماری جاگیر اور مذہبی معاملات پر قبضہ کرنے کے بعد نہ صرف ہمیں غلامی کی زندگی گزارنے پر مجبور کر دیا ہے بلکہ ہمارے مذہب کو تبدیل کرنے کی بھی کوشش شروع کر دی ہے جو نا قابل قبول ہے۔

---

(۱) پاکستان ناگزیر تھا/سید حسن ریاض۔ کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۲۴

(۲) اسباب بغاوت ہند/سرسید احمد خان۔ کراچی۔ ۱۹۵۷ء۔ ص:۲۴

سمجھ دار لوگ یہ سمجھتے تھے کہ ان مکتبوں میں چوں کہ صرف اُردو میں تعلیم ہوتی ہے اس لیے بچے دین کو بھول جائیں گے اور اس کے بعد عیسائیت کی تعلیم قبول کرنا آسان ہو جائے گا۔(۱)

اس وقت جتنے بھی مشنری اسکول تھے ان سب میں عیسائی اساتذہ کو رکھا گیا جس کا مقصد صرف یہ تھا کہ طالب علموں کو عیسائیت کی طرف راغب کیا جائے۔

حکام پادریوں اور مشن کی مدد کرتے تھے۔ ان کے وعظ میں شرکت کے لیے سرکاری ملازمین کو مجبور کیا جاتا تھا اور مشینری کام کے لیے روپیہ مہیا کرتی تھی۔(۲) انگریزوں کے قابض ہونے کے بعد بڑی تعداد میں عیسائی پادریوں نے برصغیر کا رُخ کیا۔ انہیں سرکاری سرپرستی حاصل ہوتی۔ پادری شہروں اور دیہاتوں میں جلسے کرتے اور اس کے لیے لوگوں کو مجبور کیا جاتا کہ ان جلسوں میں شریک ہوں انہیں پولیس اور فوج کی بھرپور مدد حاصل ہوتی۔ ان پادریوں کی موضوع بحث صرف عیسائیت کی تبلیغ ہی نہ ہوتا بلکہ زیادہ تر وقت دوسرے مذاہب پر تنقید کرنے میں صرف ہوتا عوام حکمرانوں کے خوف سے ان پادریوں کو کچھ نہ کہتے لیکن ظاہر ہے ان کے دل انگریزوں کے خلاف ہو گئے اور جب آزادی کی تحریک شروع ہوئی تو عوام نے اس کا بھرپور ساتھ دیا۔

یہ بات بھی بالکل صحیح ہے کہ اپنی فتح کے لیے اور برصغیر کے باشندوں کو اپنی گرفت میں لینے کے لیے انگریزوں نے کئی قوانین ایسے نافذ کیے جو مذہبی احکامات کی خلاف ورزی تصور کیے جاتے ہیں۔ مثلاً حکومت نے داڑھی رکھنے اور پگڑی باندھنے کی کسی سپاہی کو اجازت نہ دی تھی اس طرح ایک قانون کے تحت ستی کی رسم کو جرم قرار دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ فوج میں ایسے احکامات نافذ کیے جن کے لیے فوج تیار نہ تھی۔

اکثر و بیشتر مؤرخین نے لکھا ہے کہ ایسٹ انڈیا کمپنی تاجروں کے روپ میں رہزن ثابت ہوئی'' انگریزوں نے بحیثیت تجارت برصغیر میں بمقام بمبئی (ممبئی)، مدارس اور بنگال کے ساحلوں پر اپنا کاروبار شروع کیا۔ مسلم حکمرانوں نے اپنی روایتی رواداری اور فراخ دلی کے ساتھ ان تاجروں کے لیے تجارتی

---

(۱) پاکستان ناگزیر تھا/سید حسن ریاض، کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۲۴

(۲) ایضاً

مراعات منظور کیں۔ بعد میں انگریزوں نے اہلِ ہند کے آپس کے عدم تعاون سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے برِصغیر کی سیاست میں آہستہ آہستہ داخل ہو کر ملک پر اپنا قبضہ جمالیا۔(۱)

انگریزوں نے بنگال میں اپنے قدم مضبوط کیے اور مختلف سازشوں میں مصروف عمل رہے۔ دھوکہ دہی، مکر و فریب اور بدعہدی سے مختلف علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ انگریزوں کی کوشش یہ بھی تھی کہ مسلمانوں کو کمزور کیا جائے تاکہ وہ خطرناک بننے کی قوت حاصل نہ کر سکیں۔ ٹیپو سلطان المتوفی ۱۷۹۹ء(۲) کی شہادت کے بعد ان کے لیے آسانیاں ہوئیں اور دھار ریاست کا ایک حصہ چھین لیا۔ کرناٹک کے نواب کو بے دخل کیا سورت کے مسلمان نواب کو رُخصت کیا نظام حیدر آباد کو ڈرا دھمکا کر اس کی جائیداد پر قبضہ کر لیا۔ انگریزوں نے اپنے زیرِ اثر علاقوں میں توسیع کرنے کے لیے کسی قانون اور اُصول کے پاس کا خیال نہیں رکھا۔ چنانچہ اس کا اثر یہ ہوا کہ عوام کے دلوں میں ان کے لیے نفرت اور بیزاری کے جذبات پیدا ہونے شروع ہو گئے اور پھر انگریزوں اور مسلمانوں کے تعلقات روز بروز زیادہ خراب ہوتے چلے گئے انگریز اس خاموش جنگ کو جاری رکھنے کی استطاعت رکھتے تھے کیونکہ وہ اب قوت حاصل کر کے اچھی طرح محفوظ حکمراں بن گئے تھے۔(۳)

انگریزوں نے یہ محسوس کیا کہ ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ مزید علاقے ہضم کر سکتے ہیں۔ جن علاقوں پر انگریزوں نے قبضہ کیا وہاں از سرِ نو تحقیقات کی گئی اور جاگیروں پر قبضہ کیا گیا۔ جس سے جاگیرداروں کے سیاسی اور معاشرتی وقار کو دھچکا لگا ''دوسری طرف ہندو'' اس وجہ سے ناراض تھے کہ ان کے ریاستوں پر بھی قبضہ کرنے کے لیے ان ہندوؤں والیانِ ملک کو جن کے اولادِ نرینہ نہ ہو، اس حق سے محروم کرنے کی پالیسی اختیار کر لی۔ انگریز اس پالیسی کے تحت ہندوؤں کے چھوٹی چھوٹی ریاستوں پر قبضہ پہلے ہی سے کر چکے تھے۔ یہ حقیقت بھی ہے کہ جنگ کے وجوہات میں سے ایک وجہ یہ بھی تھی کہ انگریزوں نے برِصغیر کو معاشی طور پر

(۱) برِصغیر پاک و ہند کی سیاست میں علماء کا کردار/ ڈاکٹر ایچ بی خان۔ اسلام آباد، ص:۵۴

(۲) ایضاً

(۳) برِ اعظم پاک و ہند کی ملت اسلامیہ/ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی۔ کراچی

بالکل کنگال کر دیا تھا۔ انگریز کو اپنی تجوریاں بھرنے کی بھی فکر تھی۔ ذیل میں چند اقتباسات درج کر رہا ہوں۔ جن سے یہ معلوم ہوگا کہ ہنگامہ سنہ ۱۸۵۷ء کے کیا اسباب تھے۔

انگریزوں نے شروع ہی سے مغل بادشاہوں سے کئی مراعات حاصل کیں یہ وہ زمانہ تھا کہ جب ''اکبر، جہانگیر، شاہجہان اور عالمگیر کا زمانہ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کا انتہائی عروج پر تھا۔ برصغیر کے ہر گوشے میں مغلوں کا حکم جاری تھا'' (۱) ان کا حال محصولات سے مستثنیٰ ہوتا۔ اس سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے انگریزوں نے نجی تجارت شروع کر دی کیونکہ مقامی باشندوں کو پورا محصول دینا پڑتا اس لیے وہ انگریزوں کا مقابلہ نہ کر سکے اور آہستہ آہستہ ان کے کاروبار ختم ہوگئے جس سے عام لوگوں پر بھی اثر پڑا بے روز گاری میں اضافہ ہوا۔ انگریزوں کی اجارہ داری کی وجہ سے اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔

فوج کو اپنی تنخواہوں اور شرائط ملازمت کے متعلق شکایتیں تھیں۔ جن میں سے ایک بڑی شکایت یہ تھی کہ ان کو ہندوستان سے باہر خدمت کرنے پر مجبور کیا جا رہا تھا۔ (۲) جب کہ اعلیٰ سول اور فوجی عہدے انگریزوں کے لیے مخصوص تھے وہ ملازمتیں جو انگریز کرنا پسند نہ کریں وہ ہندوؤں کو دی جاتی لیکن مسلمان اس سے بھی محروم تھے اور بعد میں مسلمانوں کے لیے فوج میں بھرتی کے دروازے بالکل بند کر دیئے گئے اور دفتری زبان انگریزی بنادی گئی۔ وہ تمام لوگ جو سرکاری ملازمت میں تھے لیکن انگریزی نہیں جانتے تھے برطرف کر دیئے گئے۔ ان میں زیادہ اکثریت مسلمانوں کی تھی یہ بھی ایک وجہ تھی کہ سرکاری ملازمت سے محرومی سے عوام میں نفرت کے جذبات پیدا ہوئے اور وہ فرنگیوں کے خلاف ہوگئے۔

ابتداء میں انگریزوں نے عدالتوں کا وہی نظام جاری کر رکھا تھا جو مغلوں کے زمانے میں رائج تھا بادشاہ نے دیوانی کی جو منظوری دی تھی یہ اس شرائط کا حصہ تھا۔ انگریزوں کی قوت میں ترقی کے ساتھ یہ نظام بھی بدل گیا جس کے نتیجے میں بہت سے مسلمان بے روزگار ہو گئے۔ (۳)

(۱) پاکستان ناگزیر تھا/سید حسن ریاض۔ کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۱۵

(۲) پاکستان ناگزیر تھا/سید حسن ریاض۔ کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۱۶

(۳) برصغیر پاک و ہند کی ملت اسلامیہ۔ اشتیاق حسین قریشی کراچی۔ ص:۲۷۹

انگریزوں کی پالیسیوں کی وجہ سے بے روزگاری عام ہوتی گئی سرکاری ملازمت حاصل کرنا ناممکن بنا دیا گیا۔ زرعی اصلاحات کے نام پر ایسے قوانین رائج کیے گئے جس کی وجہ سے اپنی فصل سے محروم ہو کر رہ گئے اور کھیتی باڑی کا پیشہ بدحالی کا شکار ہو گیا۔ انگریزی سرکار نے کسانوں پر لگان اتنا زیادہ لگا دیا جس کا ادا کرنا کسانوں کے بس میں نہ تھا انگریز سرکاران سے خون پسینے کی کمائی لگان کے نام پر حاصل کرتی اور اپنی عیاشی میں صرف کر دیتی۔ جب کہ اس لگان کی رقم سے ملک میں ترقی کا کام کرنے کے لیے حاصل کیا گیا تھا اور بنگال میں تو مسلمانوں کے پاس جو زمین تھیں وہ ہندو زمینداروں کو دے دی گئی۔ اس طرح کی صورتحال سے مسلمانوں کے دلوں میں انگریزی سرکار سے نفرت کے جذبات پروان چڑھے۔(۱)

مندرجہ بالا وجوہات کی وجہ سے مسلمانانِ برصغیر کے دل و دماغ میں جذبہ حب الوطنی اور آزادی کی شمع نے جگہ لی جو آگے چل کر قیامِ پاکستان کا سبب بنی۔

(۱) برصغیر پاک و ہند کی ملت اسلامیہ/ اشتیاق حسین قریشی۔ کراچی۔ ص: ۲۷۸

(ب) مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور برصغیر کی سیاسی تحریکات

اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ مذہبیات وادبیات کے علاوہ سیاست میں بھی بڑی بصیرت رکھتے تھے۔اس لیے کہ وہ ایک عظیم مدبر بھی تھے۔ان کے مندرجہ ذیل محققانہ رسائل نے سیاست ملیہ میں اہم کردار ادا کیا اور سیاست دانوں کی رہنمائی کی ہے۔آپ اگر چہ تحریک پاکستان کے وقت باحیات نہیں تھے لیکن آپ نے اپنے پیچھے اپنے خلفاء وتلامذہ مریدین متبعین کی ایسی کثیر تعداد چھوڑ گئے جنہوں نے تحریک پاکستان میں ہراوّل دستہ کا کردار ادا کیا اور یہ حضرات پر آپ ہی کی فکری اثرات پر کام کر رہے تھے۔ہم ذیل میں ان رسالوں کا ذکر کر رہے ہیں جس میں اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ کی مدبرانہ سیاست واضح طور پر سامنے آرہی ہے۔

۱۔ انفس الفکر فی قربان البقر (۱۲۹۸ھ)

۲۔ اعلام الاعلام بان ہندوستان دار السلام (۱۲۹۸ھ-۱۸۸۰ء)

۳۔ تدبیر فلاح ونجات واصلاح (۱۳۰۶ھ- ۱۹۱۲ء)

۴۔ دوام العیش فی الائمۃ من القریش (۱۳۳۹ھ- ۱۹۱۲ء)

۵۔ المحجۃ الموتمنہ آیۃ الممتحنہ (۱۳۳۹ھ- ۱۹۲۰ء)

۶۔ الطاری الداری الھفوات عبد الباری (۱۳۳۹ھ- ۱۹۲۱ء)

مذکورہ بالا کتب ورسائل کے مطالعہ کے بعد آپ کا سیاسی مسلک بہت صاف وواضح نظر آرہا ہے ابتداء سے لے کر انتہا تک اس میں نہ کوئی نشیب وفراز آیا اور نہ کوئی لچک پیدا ہوئی۔غالباً اسی لیے ڈاکٹر محمد اقبال نے ان کے بارے میں کہا تھا کہ وہ بڑے غور وفکر سے فیصلہ صادر کرتے ہیں۔اسی لیے ان کو رجوع کرنے کی

ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔(۱)

آپ روز اوّل سے دوقومی نظریہ کے علم بردار رہے اور آخر تک اس کے لیے کوشاں رہے۔اس وقت ماہر رضویات پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد کی کتاب حیات مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ جدید ایڈیشن سے مندرجہ ذیل سطور اخذ کرتے ہوئے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ کس پایہ کے مدبر و سیاست داں تھے۔ہنود کی سیاسی چالوں سے بخوبی باخبر تھے سیاست ملیہ کے ہر اہم موڑ پر آپ نے مسلمانوں کو خبردار کیا ہنود کے چھپے ارادوں اور ہندو مسلم اتحاد کے خطرناک نتائج سے بھی انہیں آگاہ کیا اور یہ اس وقت کی بات ہے جب قائد اعظم محمد علی جناح اور ڈاکٹر محمد اقبال متحدہ قومیت کی بات کر رہے تھے۔

آج بھی پاکستان اور ہندوستان میں گائے کی قربانی شعائر اسلام میں سے سمجھا جاتا ہے۔حضرت مجدد الف ثانی نے اس کو شعائر اسلام میں شمار کیا ہے۔(۲) اسلامی سلطنت میں ہندوؤں کے دخیل کار ہونے کی وجہ سے اکبر بادشاہ نے گائے کی قربانی پر پابندی لگا دی تھی۔(۳) پھر حضرت مجدد الف ثانی (م ۱۰۳۴ھ۔۱۶۲۴ھ) کی کوشش وجدوجہد سے جہانگیر بادشاہ کے زمانے پر یہ پابندی اٹھا دی اور قلعہ کانگڑہ میں حضرت مجدد الف ثانی کی موجودگی میں خود جہانگیر نے گائے ذبح کرا کے اس پابندی کو ختم کیا۔

انقلاب ۱۸۵۷ء کے بعد پھر ہندوؤں نے کوشش کی کہ گائے کی قربانی پر پابندی لگا دی جائے یہ وہ وقت تھا کہ انڈین نیشنل کانگریس کا قیام بھی عمل میں نہ آیا تھا۔ہندوؤں نے گائے کی قربانی سے متعلق علمائے ہند سے فتوے لیے مگر مسلمانوں کے پردے میں۔چنانچہ ۱۲۹۸ھ۔۱۸۸۰ء کو مراد آباد سے اعلحضرت فاضل

---

(۱) ''مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے تھے اس پر مضبوطی سے قائم رہتے تھے یقیناً وہ اپنی رائے کا اظہار بہت غور و فکر کے بعد کرتے تھے۔''

(تاثرات ڈاکٹر اقبال بحوالہ ڈاکٹر احمد علی مرحوم، خود نوشت فوٹو اسٹیٹ، یکم اگست ۱۹۶۸ء)

(بتصرف حیات مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ مؤلفہ ڈاکٹر محمد مسعود احمد)

(۲) احمد سرہندی: مکتوبات امام ربانی، دفتر اول، حصہ دوم، مطبوعہ امرتسر ۱۳۲۳ھ مکتوب نمبر ۲۵۰

(۳) عبدالقادر بدایونی: منتخب التواریخ، جلد دوم مطبوعہ ۱۹۶۲ء ص: ۲۹۸

بریلویؒ کے پاس ایک استفتاء آیا جس میں گائے کی قربانی سے متعلق متعدد سوالات تھے۔ آپ نے اس استفتاء کا مفصل و محقق جواب دیا اور لکھا:

''ہنود کی بے جاہٹ بجا رکھنے کے لیے ایک قلم اس رسم کو اٹھا دینا ہرگز جائز نہیں ہے۔''(۱)

مولانا بریلوی کے جواب پر علمائے رام پور نے اپنی تصدیقات ثبت کیں مولانا شبلی نعمانی کے اُستاد مولانا ارشاد حسین رام پوری (م ۱۳۱۱ھ - ۱۸۹۳ء) نے اپنے توثیقی دستخط ثبت کرتے ہوئے تحریر فرمایا:

الناقد بصیر (پرکھنے والا آنکھیں رکھتا ہے)

یعنی مفتی نے مستقبل پر نظر رکھتے ہوئے مستفتی کی اصل منشاء و مدعا کو سامنے رکھا فیصلہ صادر کیا ہے۔

اس سوال کا ایک جواب ہندوستان کے مشہور فقیہ مولانا عبدالحیٔ لکھنوی (م ۱۳۰۴ھ - ۱۸۸۶ء) نے بھی دیا۔ انہوں نے سوال کے ظاہری پہلو کو سامنے رکھتے ہوئے سیدھا سادا جواب دیا اور تحریر فرمایا:

گاؤکشی واجب نہیں، تارک گنہگار نہ ہوگا۔(۲)

مگر جب اصل حقیقت کا پتا چلا اور یہ معلوم ہوا کہ اس سوال کا منشاء خالص سیاسی ہے تو انہوں نے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے جواب کی طرف رجوع کرتے ہوئے دوسرے فتویٰ کا یہ جواب دیا:

''گاؤکشی کہ اسلام کا طریقہ قدیمہ ہے، ترک نہ کریں۔''(۳)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اس کا ذکر کرتے ہوئے ایک مرتبہ فرمایا:

''مولوی صاحب ہنود کے دھوکہ میں آ گئے مسلمانوں کے خلاف فتویٰ لکھ دیا تنبیہ پر متنبہ ہوئے یہی سوال میرے پاس بھی آیا تھا بفضلہ تعالیٰ بہ نگاہ اوّلین مکر مکاران پہچان لیا اور ''گربہ کشتن روز اوّل باید'' پر عمل واللہ الحمد۔(۴)

---

(۱) احمد رضا خاں: انفس الفکر فی قربان البقر، مطبوعہ بریلی (انڈیا) ص:۹

(۲) احمد رضا خاں: انفس الفکر فی قربان البقر، مطبوعہ بریلی (انڈیا) ص:۱۰

(۳) احمد رضا خاں: انفس الفکر فی قربان البقر بحوالہ مجموعہ فتاوی، جلد دوم ص:۱۴۸، ۱۵۵

(۴) (الف) محمد سلیمان اشرف: النور، مطبوعہ علی گڑھ ۱۹۲۱ء ص:۱۲

(ب) خدا بخش اظہر: مسلم لیگ، مطبوعہ لاہور ۱۹۴۰ء

آپ نے جس زمانے میں گاؤکشی کی حمایت میں فتویٰ دیا۔ اس وقت آپ کی عمر مشکل سے ۲۳ سال ہوگی، اس جواں عمری میں یہ سیاسی بصیرت قابلِ توجہ ہے۔ بعد کے حالات نے یہ ثابت کر دیا کہ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے مستقبل میں اُٹھنے والے جس طوفان کا اندازہ لگایا تھا وہ صحیح نکلا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ ۱۹۱۹ء میں تحریکِ خلافت کے زمانے میں سیاسی پلیٹ فارم سے ہندوؤں کی خاطر گائے کی قربانی ترک کر دینے کا ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں نے مطالبہ کیا۔ صدر کانگریس پنڈت مدن موہن، مالویہ اور صدر مسلم لیگ حکیم اجمل خاں نے اس قسم کے مطالبات کیے جو نہایت حیرت ناک ہیں۔

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے خیال میں غیر منقسم ہندوستان میں مسلمانوں کا پورا پورا حق تھا انہوں نے ایک ہزار سال سے زیادہ کامیاب حکومت کی تھی۔ آپ اس حق سے دست بردار نہیں ہونا چاہتے تھے اسی لیے انہوں نے رسالہ ''اعلام الاعلام'' لکھ کر اپنے موقف کا اظہار کیا۔

رسالہ اعلام الاعلام دراصل ایک فتویٰ ہے جس میں متعدد سوالات کے جوابات ہیں۔ (۱) استفتاء تین سوالات پر مشتمل ہے جو ۱۲۹۸ھ۔ ۱۸۸۰ء میں بدایوں سے مرزا علی بیگ نے بریلی ارسال کیا تھا۔ آپ نے مندرجہ ذیل تین سوالات کے بالترتیب جوابات دیے ہیں:

پہلا سوال۔ ہندوستان دارالحرب ہے یا دارالاسلام

دوسرا سوال۔ دورِ حاضر کے یہود و نصاریٰ کتابی ہیں یا مشرک؟

تیسرا سوال۔ مبتدعین، داخل مرتدین ہیں یا نہیں؟ (۲)

(ب) محمد عبدالقدیر: ہندو مسلم اتحاد پر کھلا خط مہاتما گاندھی کے نام، مطبوعہ علی گڑھ ۱۸۲۵ء ص: ۱

(۱) مولانا عبدالحکیم شرف قادری نے ''دو اہم فتوے'' کے عنوان سے ایک مجموعہ مرتب کیا ہے جس میں مندرجہ ذیل دو رسائل کا عکس ہے۔

ا۔ احمد رضا خاں بریلویؒ: اعلام الاعلام بان ہندوستان دارالاسلام (۱۳۰۶ھ) مطبوعہ حسنی پریس، بریلی

ب۔ اشرف علی تھانوی: تحذیر الاکوان عن الربوانی الہندوستان (۱۳۰۷ھ۔ ۱۸۸۱ء، مطبوعہ المطابع تھا، تھانہ بھون (یہ مجموعہ ۱۹۷۷ء میں لاہور میں شائع ہوگیا)

(۲) احمد رضا خاں: اعلام الاعلام ص: ۲ تا ۸

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ پہلے سوال کے جواب میں لکھتے ہیں:

''ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بلکہ علمائے ثلاثہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے مذہب پر ہندوستان دارالاسلام ہے۔ ہرگز دارالحرب نہیں کہ دارالاسلام کے دارالحرب ہو جانے میں جو تین باتیں ہمارے امام اعظم الائمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک درکار ہیں۔ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہاں احکام شرک علانیہ جاری ہوں اور شریعت اسلامیہ کے احکام وشعائر مطلقاً جاری نہ ہونے پائیں اور صاحبین کے نزدیک کے نزدیک اسی قدر کافی ہے مگر یہ بات بحمد اللہ یہاں قطعاً موجود نہیں۔(۱)

مولانا عبدالحیٔ لکھنوی ۵ اور مولانا اشرف علی تھانوی نے بھی یہی فتویٰ دیا ہے کہ غیر منقسم ہندوستان دارالاسلام تھا جن علماء نے ہندوستان کو دارالحرب قرار دے کر سود کو جائز قرار دیا ان کا تعاقب کرتے ہوئے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ لکھتے ہیں:

عجب ان سے جو تحلیل ربوا کے لیے جس کی حرمت نصوص قاطعہ قرآنیہ سے ثابت اور کیسی کیسی سخت و عیدیں اس پر وارد اس ملک کو دارالحرب ٹھہرائیں اور باوجود قدرت واستطاعت ہجرت کا خیال بھی دل میں نہ لائیں۔ گویا یہ بلا اسی دن کے لیے دارالحرب ہوئے تھے کہ مزے سے سود کے لطف اُٹھایئے اور بآرام تمام وطن مالوف میں سیر فرمایئے۔

استغفر اللّٰه افتومنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض (۴)

ہندوستان کو دارالاسلام قرار دینے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مفتی ہندوستان پر انگریزوں کے قبضے کو غاصبانہ سمجھتا ہے اور مسلمانوں کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ بقدر استطاعت ملک کی آزادی کے لیے کوشش کریں۔ دارالحرب قرار دے کر تو اپنے حق سے عملاً دست بردار ہونا ہے کیونکہ اس طرح ہجرت فرض ہو جاتی ہے اور

---

(۱) احمد رضا خاں: اعلام الاعلام ۱۹۲۰ء، ص:۲

(۲) عبدالحیٔ لکھنوی: مجموعہ فتاویٰ مطبوعہ لکھنو ۱۳۴۰ھ۔ ۱۹۲۱ء ج:۱، ص:۳۰۲

(۳) اشرف علی تھانوی، تحذید الاخوان، ص:۷، ۹

(۴) احمد رضا خاں: اعلام الاعلام بریلی، انڈیا ۱۹۲۰ء، ص:۷

استخلاص کے لیے کوشش کی کوئی گنجائش نہیں رہتی ایک ہزار سالہ حکومت کا اتنی جلدی اپنے حق سے دستبردار ہونا نہ قرین عقل ہے اور نہ قرین انصاف۔ پھر یہ سوال بھی ذہن میں آتا ہے کہ انگریزی راج میں ہندوستان دارالحرب ہوسکتا ہے تو ہندو راج میں دارالحرب کیوں نہیں حالانکہ شعائر و احکام اسلام پر عمل کرنے میں انگریزوں کی عمل داری میں جو آزادی تھی اب اتنی آزادی نہیں۔ اس سے شک ہوتا ہے کہ فیصلے مصلحت وقت کے تحت کیے گئے اور اس مصلحت اندیشی نے سیاسی سطح پر مسلمانوں کو نقصان پہنچایا۔

اُوپر جو بحث گزری وہ غیر منقسم ہندوستان کو دارالحرب یا دارالاسلام قرار دینے سے متعلق تھی۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے نزدیک ہندوستان دارالاسلام تھا۔ رسالہ اعلام الاعلام کے پہلے سوال کا یہ جواب تھا۔ دوسرے سوال کے جواب میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ لکھتے ہیں:

نصاریٰ باعتبار حقیقت لغویہ۔ بلاشبہ مشرکین ہیں کہ وہ بالقطع قائل بہ تثلیث و نبوت ہیں۔ اس طرح وہ یہود جو الوھیت و ابنیت عزیر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قائل تھے۔(۱)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اس مسئلے پر علماء کے اختلاف کا ذکر کیا ہے لیکن آخر میں اپنا یہی فیصلہ دیا ہے۔

احتیاط اسی میں ہے کہ نصاریٰ کے نساء و ذبائح سے احتراز کرے اور آج کل بعض یہود ایسے پائے جاتے ہوں جو عزیز علیہ السلام کی ابنیت مانیں تو ان کے زن و ذبیحہ سے بھی بچنا لازم جانیں۔(۲)

اوائل بیسویں صدی عیسوی میں ترکی میں ایک ہیجانی کیفیت پیدا ہوئی جس کا اثر فطری طور پر ہندوستان کے مسلمانوں پر ہوا اور مسلمانوں کی اکثریت اس کی لپیٹ میں آ گئی ۱۹۱۹ء میں تحریکِ خلافت کا آغاز ہوا بے پناہ جوش و جذبہ کا مظاہرہ کیا گیا اور ہندوستان کے طول و عرض میں زندگی کی ایک عجیب لہر پیدا ہوگئی۔ مگر اس تحریک کا المیہ یہ تھا کہ ظاہر میں جو کچھ دکھایا گیا اندرون خانہ وہ نہ تھا۔

(۱) حیات اعلیٰحضرت، ڈاکٹر مسعود احمد، مطبوعہ، کراچی

(۲) ایضاً

ہندوؤں کے مذہبی اور سیاسی پیشوا مسٹر گاندھی نے اس جذباتی سیلاب کو غنیمت جانا۔ تحریکِ خلافت میں شامل ہو کر پہلے مسلمانوں کے دل مول لیے پھر ۱۹۲۰ء میں اچانک تحریکِ ترکِ موالات شروع کر کے جذبات کا دھارا دوسری طرف موڑ دیا اور ہندو مسلم اتحاد کا راگ الاپا جس سے دیکھتے ہی دیکھتے کانگریس کو حیاتِ نو ملی اور مسلمانوں کو مذہبی، اقتصادی، معاشرتی، تمدنی، مذہبی، تہذیبی اور سیاسی نقصانات اُٹھانے پڑے۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلوی تحریکِ خلافت میں عملاً شامل نہ ہوئے اس کی کئی وجوہات ہیں:

۱۔ ان کی زندگی کا آخری دور تھا اور وہ سخت بیمار تھے۔

۲۔ سلطنت ترکی کو خلافت شرعیہ، قرار دینے پر ان کو تحریک خلافت کے پیشواؤں سے فقہی اختلاف تھا۔

۳۔ تحریکِ خلافت کے سیاسی طریقہ کار سے بھی ان کو اختلاف تھا اور وہ اس کو مسلمانوں کے لیے سخت مضر سمجھتے تھے۔

۴۔ ان کو یقین تھا کہ بعض تجربہ کار سیاست داں، سادہ لوح مسلمان لیڈروں اور مسلمانوں کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر رہے ہیں اور تحریک کے جو مقاصد بتائے جا رہے ہیں حقیقۃً وہ مقاصد نہیں اور اصل مقصد مسلمانوں کو قربان کر کے ''سوراج'' حاصل کرنا ہے۔

۵۔ وہ ترکوں کی امداد کا اپنا علیٰحدہ پروگرام اور منصوبہ رکھتے تھے۔

جذباتی دور میں عقل مغلوب ہو جاتی ہے اور حکمت و دانائی کی باتیں اچھی نہیں معلوم ہوتیں بلکہ بعض اوقات ایسی باتیں دانا و حکیم کو عوام الناس کی نظر میں مجرم بنا دیا کرتی ہیں لیکن جب جذبات ٹھنڈے پڑتے ہیں اور حقیقتیں سامنے آتی ہیں تو پھر وہی سچ معلوم ہوتا ہے جسے جھوٹ کہا گیا تھا۔

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے عوام کی اسی نفسیات کے پیشِ نظر ''خلافت شرعیہ'' کے لیے قید ''قرشیت'' کی بحث کو آئندہ کے لیے اٹھا رکھا اور ان جذباتی فتووں کو ٹھنڈے دل سے برداشت کیا جو ''سلطنت ترکیہ کو خلافت شرعیہ نہ سمجھے'' اور جو سلطان ترکی کو خلیفۃ المسلمین نہ مانے وہ کافر ہے دیکھا جائے تو ان جذباتی فتووں کی زد میں خود مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ بھی آ رہے تھے۔

مسئلہ خلافت و قرشیت کے سلسلے میں فرنگی محل سے کئی سوالات آتے۔ ۱۳۳۰ء میں مولانا عبدالباری

فرنگی محل کے خطبے اور مولانا ابوالکلام آزاد کے رسالہ جزیرۃ العرب کے بارے میں استفسارات آئے جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں حضرات نے خلافت کے لیے قید شرعی ''قرشیت'' کو رد کر دیا تھا۔ سلطان ترکی قرشی نہ تھے اس لیے قرشیت کو رد کر کے ان کی سلطنت کو خلافت شرعیہ اور ان کو خلیفہ شرعی قرار دیتا تھا۔ بہر کیف مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے مندرجہ بالا استفسارات کے جواب میں یہ رسالہ تحریر فرمایا:

دوام العیش فی الائمۃ من قریش، (۱۳۳۹ھ۔۱۹۲۰ء)

اس رسالے کو ایک مقدمہ اور تین فصل پر ترتیب دیا۔ تیسری فصل کی بحث سوم شروع کی تھی کہ اور کاموں میں مشغول ہو گئے اور اس خیال کو چھوڑ دیا کہ ابھی اس کا وقت نہیں آیا جس وقت آئے گا مکمل کر کے طبع کرا دیا جائے گا یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا۔ ایک سال کا مزید انتظار کرنے کے بعد جب خلافت کی حقیقت اور تحریکِ خلافت کے چھپے مقاصد ظاہر ہو گئے اور سلطنت ترکیہ ختم ہو گئی تو ۲۵ ربیع الاوّل ۱۳۴۱ھ کو مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے صاحبزادے مولانا محمد مصطفیٰ رضا خان بریلوی نے یہ رسالہ مطبع حسنی، بریلی سے چھپوا کر شائع کیا اور اس پر ۱۴ صفحات کی ایک تمہید لکھی جس میں تحریکِ خلافت اور خاتمہ خلافت کا جائزہ لیا گیا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ۱۹۲۰ء میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے جو سوچا تھا صحیح ثابت ہوا۔

رسالہ دوام العیش جن استفسارات کے جواب میں لکھا گیا ان کی تفصیل یہ ہے:

۱۔ سلطان عثمانیہ کی اعانت مسلمانوں پر لازم ہے یا نہیں۔

۲۔ فرضیت اعانت کے لیے بھی سلطان کا قرشی ہونا شرط ہے یا صرف خلافت شرعیہ کے لیے یا کسی کے لیے نہیں؟

۳۔ مولوی فرنگی محل کے خطبہ صدارت میں اس کے متعلق چند سطور ہیں اور مسٹر ابوالکلام آزاد ۱۴۱ نے رسالہ مسئلہ خلافت جزیرۂ عرب میں صفحہ ۳۲ سے ۷۰ تک حسب عادات اسے بہت پھیلا کر بیان کیا ہے ان دونوں کا ماحصل یہ ہے کہ خلافت شرعیہ میں بھی قرشیت شرط نہیں۔ یہ صحیح ہے یا غلط اور اس کے بارے میں مذہب اہلِ سنّت کیا ہے؟

پہلے سوال کے جواب میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ لکھتے ہیں:

''سلطنت ملیہ عثمانیہ اید ہا اللہ تعالیٰ، نہ صرف سلطنت، ہر سلطنت اسلام۔ نہ صرف سلطنت، ہر جماعت اسلام۔ نہ صرف جماعت، ہر فرد اسلام کی خیر خواہی، ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اس میں قرشیت شرط ہونا کیا معنی دل سے خیر خواہی مطلقاً فرض عین ہے۔'' (۱)

البتہ اہلِ سنّت کے مذہب میں ''خلافت شرعیہ'' کے لیے، ضرور ''قرشیت'' شرط ہے۔ اس بارے میں رسول اللہ ﷺ سے متواتر حدیثیں ہیں۔ اسی پر صحابہ کا اجماع، تابعین کا اجماع، اہلِ سنّت کا اجماع ہے۔ مگر شرعاً خلیفہ یا امیر المومنین۔ ہر بادشاہ قرشی کو بھی نہیں کہہ سکتے سوا اس کے جو ساتوں شرط خلافت اسلام۔ ا۔ عقل ۲۔ بلوغ ۳۔ حریت ۴۔ ذکوریت ۵۔ قدرت ۶۔ قرشیت کا سب کا جامع ہو کر عام مسلمانوں کا فرمانروائے اعظم ہوا۔

اس وضاحت کے بعد خلفاء اسلام کی تاریخ کا مورخانہ اور محققانہ اجمالی جائزہ پیش کیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ ہر دور میں ''قرشیت'' کو خلافت شرعیہ کی شرط تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ بحث صفحہ ۱۵ سے صفحہ ۲۵ تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس کے بعد مقدمہ میں ''خلیفہ'' اور ''سلطان'' کے فرق کو واضح کیا ہے اور شرائط ولوازمات خلافت کی توضیح وتشریح کرتے ہوئے لکھا ہے:

۱۔ خلیفہ حکمرانی وجہانبانی میں رسول اللہ ﷺ کا نائب مطلق، تمام اُمّت پر ولایت عامّہ والا ہے۔ (۲)

۲۔ خلیفہ کی اطاعت گیر معصیت الٰہی پر تمام اُمّت پر فرض ہے جس کا منشاء خود اس کا منصب ہے۔ (۳)

۳۔ خلیفہ نے جس مباح کا حکم دیا، حقیقۃً فرض ہو گیا، جس مباح سے منع کیا حقیقۃً حرام ہو گیا۔ (۴)

۴۔ خلیفہ ایک وقت میں تمام جہاں میں ایک ہی ہو سکتا ہے اور سلاطین، دس ملکوں میں دس۔ (۵)

---

(۱) احمد رضا خاں: دوام العیش فی ائمۃ من قریش، مطبوعہ بریلی، ص: ۱۴

(۲) ایضاً ص: ۲۵

(۳) ایضاً ص: ۲۵

(۴) ایضاً ص: ۲۵

(۵) ایضاً ص: ۲۶

۵۔ کوئی سلطان اپنے انعقاد سلطنت میں دوسرے سلطان کے اذن کا محتاج نہیں مگر ہر سلطان، اذن خلیفہ کا محتاج ہے۔(۱)

۶۔ خلیفہ بلاوجہ شرعی کسی بڑے سے بڑے سلطان کے معزول کیے سے معزول نہیں ہوسکتا۔(۲)

۷۔ سلطنت کے لیے قرشیت، درکنار، حریت بھی شرط نہیں، بہتیرے غلام بادشاہ ہوئے۔(۳)

اس مقدمہ کے بعد فصل اوّل قائم کی ہے جس میں احادیث متواترہ، اجماع صحابہ و تابعین وائمہ اُمّت و مذہب اہلِ سنّت سے شرط ''قرشیت'' کا ثبوت پیش کیا ہے، اس سلسلے میں پہلے کتب عقائد کے حوالے دیئے۔ اس طرح تقریباً پچاس حدیثیں اور کتب عقائد، تفسیر، حدیث، فقہ کی بانوے ۹۲ عبارتیں پیش کی ہیں۔

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے رسالہ دوام العیش ۱۹۲۰ء میں تحریر فرمایا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ تحریکِ خلافت کے حامی سلطنت ترکیہ کو خلافت شرعیہ نہ سمجھنے والوں اور سلطان ترکی عبدالحمید خان کو خلیفہ شرعی نہ کہنے والوں کا کافر کہہ رہے تھے۔ پھر ۱۹۲۲ء میں وہ دور آیا جب ترکی کے مسلمانوں نے خود اپنے عمل سے یہ ثابت کردیا کہ نہ وہ سلطان عبدالحمید کو خلیفہ شرعیہ سمجھتے تھے نہ ان کی سلطنت کو خلافت شرعیہ۔

اخبار ہمدم (لکھنؤ) کی یہ خبر ملاحظہ ہو!

''جمعیت عالیہ ملیہ انگورہ نے ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں سلطان المعظم کو معزول کردیا ہے کہ اب ترکی میں حکومت کی صورت جمہوریہ کے ہم معنی ہے۔ سلطنت عثمانیہ کے بجائے دولت ترکیہ

---

(۱) ایضاً ص:۲۶، ۲۷

(۲) ایضاً ص:۲۷

(۳) ایضاً ص:۲۷

جمہوریہ کا اعلان کردیا ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ترکی کا نام آئندہ بجائے سلطنت عثمانیہ دولت رکیہ رکھنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔(۱)

تحریکِ خلافت کے جذباتی زور شور پھر اس کے المناک انجام پر تبصرہ کرتے ہوئے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے صاحبزادے مولانا محمد مصطفیٰ رضا خاں لکھتے ہیں:

''انسان کو چاہیے کہ بات کہنے اور کام کرنے سے پہلے اس کے مال واتمام پر نظر رکھے۔ جس کا اگر حسن ہوا سے اختیار کرے ورنہ نہیں، تیرہ سو برس کے اجماعی اتفاقی مسئلہ میں اختلاف کا حاصل ہوائے تشتت اور افتراق بین المسلمین میں ایک اور اضافہ ہوگیا۔(۲)

آگے چل کر ایک اور جگہ لکھتے ہیں:

کچھ فائدہ تو نہ پہنچا سکے ہاں مسلمانوں اور خود ترک بھائیوں پر لعن طعن کی بوچھار کا ایک حربہ نصاریٰ کے ہاتھ میں دے دیا۔(۳) لیڈر تو ہم غرباءِ اہلِ سنت کو نصاریٰ کا طرفدار و رشوت خوار اور ترکوں کا دشمن بتاتے تھے اگر نگاہ انصاف ہو تو آنکھیں کھولیں۔

تحریکِ خلافت کے پردے میں ہندو سوراج کا جو خواب دیکھ رہے تھے وہ شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا حالانکہ ۱۹۲۰ء میں تحریکِ خلافت کے ساتھ ساتھ تحریکِ ترکِ موالات بھی شروع کی گئی مگر یہ دونوں تحریکیں جس بنیاد پر چلائی جارہی تھی وہ سلطان عبدالحمید کی سلطنت تھی جس کو خلافت شرعیہ بنا کر دکھایا گیا تھا مگر غازی مصطفیٰ

(۱) اخبار ہمدم و (لکھنؤ) شمارہ/نومبر ۱۹۲۲ء مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں:
(الف) منور حسین: الملفوظات امیر ملت، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء ص:۱۸۱
(ب) خدا بخش اظہر: مسلم لیگ مطبوعہ لاہور ۱۹۴۰ء
(۲) احمد رضا خاں: دوام العیش فی ائمۃ من قریش (تمہید از محمد مصطفیٰ رضا خاں) ص:۱۰
(۳) ایضاً ص:۱۱

کمال پاشانے اس کوختم کر کے یہ بتا دیا کہ یہ خلافت شرعیہ نہ تھی بلکہ محض سلطنت اسلامیہ تھی۔ اس غیر متوقع حادثے نے ہندوستان میں تحریکِ ترکِ موالات کو بے جان کر دیا۔ ۱۹۲۲ء میں جب ترکی میں سلطان عبدالحمید کی سلطنت ختم کی گئی ہندوستان میں مسٹر گاندھی نے تحریکِ ترکِ موالات ختم کردی اور سوراج کا وہ مقصد وحید حاصل نہ ہوسکا جس کے لیے در پردہ کوششیں کی جارہی تھی۔ مولانا محمد مصطفیٰ رضا خاں نے ایک رسالہ لکھا جس کا عنوان ہے فصل الخلافۃ (۱۹۲۲ء۔ ۱۳۴۱ھ) اور لقب ہے:

سوراخ در سوراخ (۱)

اس رسالے میں مسئلہ خلافت اور ترکوں کے ہاتھوں خاتمہ خلافت پر بحث کی ہے۔

طرق الھدی والارشاد الی احکام الامارۃ الجھاد (۲) (۱۳۴۱ھ۔ ۱۹۲۲ء)

اس رسالے میں بھی مسئلہ خلافت وجہاد، ہندو مسلم اتحاد، ترکِ موالات، فتنہ ارتداد اور گاؤ کشی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔

تحریکِ خلافت سے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کی علیحدگی کے بارے میں جن وجوہات کا اُوپر ذکر کیا گیا تھا اس میں ایک وجہ خلافت شرعیہ کے لیے قرشیت کی شرط پر ان کا تحریکِ خلافت کے لیڈروں بالخصوص مولانا عبدالباری فرنگی محلی اور مولانا ابوالکلام آزاد سے اختلاف تھا جس کی وضاحت اُوپر کردی گئی۔

دوسری وجہ؟ تحریکِ خلافت کا طریقہ کار اور تحریکِ خلافت کے مخفی مقاصد تھے جس کا اظہار مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کی اکثر تحریروں میں ملتا ہے۔ مثلاً ۱۳ ذی الحجہ ۱۳۳۸ھ کو کلکتہ سے حکیم سعید الرحمٰن نے ایک استفتاء بھیجا جس میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سے مسئلہ خلافت، ہجرت پر ان کی رائے

(۱) محمد مصطفیٰ رضا خاں: فصل الخلافۃ، مطبوعہ مطبع حسنی، بریلی، انڈیا

(۲) محمد مصطفیٰ رضا خاں: طرق الہدی، مطبوعہ حسنی، بریلی، انڈیا

معلوم کی ہے اور یہ پوچھا ہے کہ وہ تحریکِ خلافت سے اتفاق نہیں رکھتے تو خاموش کیوں ہیں اس کی وجہ کیوں بیان نہیں کرتے جواباً مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے تحریکِ خلافت کے نتیجہ میں ہونے والے ہندو مسلم اتحاد کی خرابیوں کو ایک ایک گنایا ہے اور بتایا ہے کہ اسلام کے نام پر چلائی جانے والی یہ تحریک کس طرح ہندو تہذیب وتمدن کو فروغ دے رہی ہے اور اسلام کو تباہ و برباد کر رہی ہے۔

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ فرماتے ہیں:

''مقصد بتایا جاتا ہے کن مقدسہ کی حفاظت، اس میں کون مسلمان خلافت کر سکتا ہے اور کارروائی کی جاتی ہے کفار سے اتحاد، مشرک لیڈروں کی غلامی وتقلید، قرآن وحدیث کی عمر کو بت پرستی پر نثار کر (۱) نا مسلمانوں کا کشقہ لگانا (۲) کافروں کی جے بولنا، رام چھمن پر پھول چڑھانا (۳) اور امائن کی پوجا کر میں شریک ہونا (۴) مشرک کا جنازہ اپنے کندھوں پر اُٹھا کر اس کے جے بول کر مرگھٹ لے جانا (۵) کافروں کو مسجد میں لے جا کر مسلمانوں کا واعظ بنانا (۶) شعائر اسلام قربانی گاؤ کو کفار کی خوشامدیں میں بند کرنا۔ (۷)

---

(۱) حسن نظامی: مہاتما گاندھی کا فیصلہ، مطبوعہ دہلی، ۱۹۲۰ء

(۲) محمد سلیمان اشرف: الرشاد، مطبوعہ ۱۹۱۹ء ص: ۱۳

(۳) محمد جمیل الرحمٰن: تحقیقات قادریہ، مطبوعہ بریلی، ۱۹۲۰ء ص: ۱۳

(۴) محبوب علی وعبدالغفور، استفتا محررہ ذی قعدہ ۱۹۱۹ء ۱۳۳۰ھ بحوالہ تحقیقات قادریہ، (مؤلفہ جمیل الرحمٰن) مطبوعہ بریلی ۱۹۲۰ء ص: ۲۷

(۵) محمد میاں قادری: خطبہ صدارت مطبوعہ سیتاپور ۱۹۲۰ء ص: ۲۹، ۳۰

(۶) (الف) عبدالنبی کوکب: مقالات یوم رضا، مطبوعہ لاہور، حصہ اول ۱۹۶۸ء ص: ۹۸، ۹۹

(ب) اخبار مدینہ (بجنور) شمارہ یکم اپریل ۱۹۲۰ء

(۷) ماہنامہ السواد الاعظم (مراد آباد) شمارہ جمادی الاول ۱۳۳۸ھ۔ ۱۹۲۰ء ص: ۱۷، ۲۳

ایک ایسے مذہب کی فکر میں ہونا جو اسلام و کفر کی تمیز اٹھادے اور بتوں کے معبد پر آگ کو مقدس ٹھہرائے (۱) اور اس طرح بہت اقوال، احوال افعال جن کا پانی سر سے گزر گیا جنہوں نے اسلام پر یکسر پانی پھیر دیا۔ کون مسلمان موافقت کرسکتا ہے؟ ان حرکات کے رد میں فتوے لکھے گئے اور لکھے جارہے ہیں اس سے زیادہ کیا اختیار ہے؟ پاکی ہے اسے جو مقلب القلوب والابصار ہے۔ **وحسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم** (۲)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے جن گمراہیوں کا ذکر کیا ہے یہ اس وقت ظہور میں آئیں جب حفاظت خلافت اسلامیہ اور اماکن مقدسہ کے لیے کوشش کی جارہی تھی اور اس کے لیے سردھڑ کی بازی لگائی جارہی تھی لیکن نتیجہ بقائے اسلام کے بجائے فنائے اسلام کی صورت میں نظر آرہا تھا۔ دردمندوں اور عاقبت اندیشوں کے فکر و عمل کا یہ تضاد یقیناً تشویشناک اور حیرت ناک تھا۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ان بے راہدیوں کے خلاف قلمی جہاد کی اور اسلام کی خاطر اپنے عزیز ترین دوستوں سے بھی اختلاف کیا اور کئی رنجشیں مول لیں (۳) انہوں نے بہت پہلے ۱۹۱۲ء میں مسلمانانِ عالم کی بالعموم اور مسلمانانِ ہند کی بالخصوص حالت سدھارنے کے لیے ایک رسالہ تحریر کیا جس کا عنوان تھا۔

''تدبیر فلاح ونجات واصلاح'' (۴)

---

(۱) اخبار ہمدم (لکھنؤ) شمارہ ۸ جون ۱۹۲۰ء

(۲) ماہنامہ الرضا (بریلی) شمارہ ذی الحجہ ۱۳۳۸ھ ۱۹۲۰ء ص: ۶،۵

(۳) مولانا عبدالباری فرنگی محلی (م ۱۳۴۴ھ ـ ۶ ۱۹۲۵ء) جن کو مولانا بریلوی ''فاضل اکمل'' کہتے تھے اور جو مولانا بریلوی کے محضومین میں تھے۔ تحریک ترک موالات میں مسٹر گاندھی کے ساتھ ہوگئے تھے اور ان کو اپنا قائد تسلیم کرلیا، مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے باوجود ذاتی تعلق و محبت کے ان کا تعاقب کیا اور سخت گرفت کے نام سے تین حصوں میں شائع ہوئی (۱۳۳۹ھ ـ ۱۹۲۰ء)

(۴) پروفیسر محمد رفیع اللہ صدیقی (ایم ایس کونزیونی ورسٹی، کینیڈا) نے اپنے ایک تحقیقی مقالے میں مولانا بریلوی کے معاشی نکات کا جائزہ لیا ہے۔ یہ مقالہ بعنوان ''فاضل بریلوی کے معاشی نکات'' ۱۹۷۷ء میں لاہور سے شائع ہوگیا۔

یہ رسالہ کلکتہ اور رام پور سے شائع ہوا، اس میں بہت سی مفید تدابیر تھیں جس پر عمل کیا جاتا تو مسلمانوں کی سیاسی اور معاشی حالت سدھر جاتی مگر بہت بعد میں عمل کیا گیا، اس کا تفصیلی ذکر آگے آتا ہے۔ پھر تقریباً ۱۹۱۷ء میں جماعت رضائے مصطفیٰ (بریلی) قائم کی جس نے مسلمانانِ ہند کو جذبات کے سیلاب میں بہنے سے روکنے کے لیے حتی الوسیع کوشش کی مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان جذبات سے اتنے مغلوب ہو چکے تھے کہ اس طرف کما حقہ توجہ نہ دی جس کا اندازہ اس تحریر سے ہوتا ہے جو جماعت رضائے مصطفیٰ کی طرف سے جاری کی گئی۔

''نہایت افسوس سے عرض کیا جاتا ہے کہ باوجودان ضروری سے ضروری اہم سے اہم کارہائے دین کے انجام دینے اور حسابات شائع کر کے اطمینان کر دینے کے بھی آپ حضرات نے جماعت مبارکہ کی طرف وہ توجہ نہ فرمائی جس کی وہ مستحق ہے۔''(۱)

اسی زمانے میں ''انصار الاسلام'' کے نام سے ایک تنظیم بریلی میں قائم کی گئی۔ جس کی طرف سے متعدد مقامات پر جلسے ہوئے جن میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے صاحب زادگان کی حفاظت، سلطنت ترکیہ اور ترکوں کی جائز و مفید اعانت اسلام اور مسلمانوں کی دشمنان دین سے حفاظت اور مسلمانانِ ہند کی اخلاقی، معاشرتی تمدنی اور اقتصادی مفاد کی طرف سے رہنمائی کرنا تھا۔(۲)

پھر ۱۹۲۰ء میں جب تحریکِ ترکِ موالات شروع ہوئی اور اس کے نتیجے میں ہندو مسلم اتحاد شباب پر پہنچا تو بقائے وحدت ملت اسلامیہ اور ہندو مسلم اتحاد کے خلاف مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے سخت جدوجہد کی اور عین مرض الموت میں ایک رسالہ تحریر فرمایا جس کا عنوان ہے:

---

(۱) محمد مصطفیٰ رضا خاں: طرق الہدیٰ والارشاد، مطبوعہ بریلی، ص: ۸۰

(۲) السواد الاعظم (مراد آباد) شعبان المعظم ۱۳۳۹ھ ۔ ۱۹۲۰ء، ص: ۶

''الحجۃ الموتمنہ فی آیۃ الممتحنہ'' (۱۳۳۹ھ۔۱۹۲۰ء)

یہ رسالہ شدید علالت کے زمانے میں لکھا گیا اس سے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے اخلاص ودل سوزی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ مولانا ظفر الدین بہاری کے نام ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

۱۲ ربیع الاوّل (۱۳۳۹ھ) سے طبیعت ایسی علیل ہوئی کہ کبھی نہیں ہوئی تھی، چار چار پہر پیشاب بھی بند رہا میں نے وصیت نامہ بھی لکھوا دیا تھا مولا تعالیٰ نے فضل کیا مرض زائل ہوا مگر آج دو مہینے کامل ہوئے، ضعف میں فرق نہیں مسجد کو چار آدمی کرسی پر بٹھا کر لے جاتے اور کرسی پر لاتے ہیں۔ اسی حالت میں ترکِ موالات وترکِ تعاون واستعانت بکفار وادخال مشرکین، مسجد وغیرہا امور دائرہ پر ایک جواب لکھنا پڑا کہ پانچ جز سے زائد ہوگیا۔ آیہ کریمہ ممتحنہ کی اس آیت میں بحث کافی کردی گئی اسی کے لحاظ سے اس کا نام الحجۃ الموتمنہ (۱۳۳۹ھ۔۱۹۲۰ء) رکھا گیا یہ رسالہ چھپ رہا ہے۔(۱)

۱۳۳۹ھ۔۱۹۲۰ء اور لائل پور سے یکے بعد دیگرے یہ دو استفتاء ارسال کیے گئے۔ پہلا استفتاء ۱۴ صفر ۱۳۳۹ھ کو مولانا حاکم علی (پروفیسر ریاضی اسلامیہ کالج، لاہور) نے ارسال کیا اور دوسرا استفتاء ۱۲ ربیع الاوّل ۱۳۳۹ھ کو چودھری عزیز الرحمٰن (ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول، لائل پور) نے ارسال کیا۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے پہلے استفتاء کا مجمل جواب دیا اور دوسرے استفتاء مفصل جواب دیا۔ یہ دونوں جوابات مذکورہ بالا عنوان سے رسالے کی صورت میں مطبع حسنی، بریلی میں چھپ کر شائع ہوئے۔ رئیس احمد جعفری نے اپنی کتاب اوراقِ گم گشتہ (مطبوعہ لاہور ۱۹۳۰ء) میں یہ رسالہ شامل کردیا ہے جو بڑے سائز کے ۸۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر مسعود احمد نے اس رسالے پر ایک تحقیقی مقالہ قلم بند کیا جس کا عنوان ہے:

(۱) ظفر الدین بہاری: حیاتِ اعلیٰحضرت، مطبوعہ کراچی، ص:۲۹۸

''فاضل بریلویؒ اور ترکِ موالات''

یہ مقالہ ۱۹۷۱ء میں لاہور میں شائع ہو چکا ہے۔ تفصیلات کے لیے اس طرف رجوع کریں۔ یہاں رسالہ المحجۃ المؤتمنہ کے مضامین کا اجمالی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

اس رسالے میں سب سے پہلے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ذمی، حربی، مستامن وغیرہ سے موالات و ترکِ موالات پر بحث کی ہے پھر آگے چل کر موالات کی قسموں پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

تحقیق مقام یہ ہے کہ موالات دو قسم کی ہے:

(ا) اوّل حقیقیہ

جس کا ادنیٰ قلب ہے پھر وداد، پھر اتحاد پھر اپنی خواہشات سے بے خوف طمع انقیاد، پھر تبتل۔ یہ بجمیع وجوہ کافر سے مطلقاً حرام ہر حال میں حرام ہے۔

(ب) دوم صوریہ

صوریہ یہ ہے کہ دل اس کی طرف اصلاً مائل نہ ہو مگر برتاؤ وہ کرے جو بظاہر محبت و میلان کا پتا دیتا ہو۔ یہ بحالت ضرورت و مجبوری صرف بقدر ضرورت و مجبوری مطلقاً جائز ہے۔

مدارات و مداہنت کے بیچ میں موالات صوریہ کی دو قسمیں ہیں۔ برد اقساط اور معاشرت۔ یہ تو صورتیں موالات کی ہوئیں۔ مکمل مجرو معالمت استعانت پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

---

(۱) احمد رضا خاں: المحجۃ المؤتمنہ، بحوالہ اوراق گم گشتہ مطبوعہ لاہور ۱۹۶۸ء، ص: ۲۶۰،۲۵۹

(۲) ایضاً

تحقیق مقام بتوفیق مقام یہ ہے کہ یہاں استعانت کی تین حالتیں ہیں۔

(ا) التجا۔

(ب) اعتماد

(ج) استخدام

(الف) التجا یہ ہے کہ قلیل گروہ اپنے کوضعیف کمزور یا عاجز پا کر، کثیر قوی طاقت در جتھے کی پناہ لے، اپنا کام بنانے کے لیے اس کا دامن پکڑے، یہ بداہتہ اپنے آپ کو ان کے ہاتھ میں دے دینا ہوگا۔

(ب) اعتماد یہ ہے کہ وہ مساوی سے یارانہ گانٹھیں، انہیں اپنایا اور دیار و معین و مددگار بنائیں، ان کی مدد موافقت سے اپنے لیے غلبہ، عزت وکامیابی چاہیں۔ یہ اگر چہ اپنے آپ کو ان کے رحم وکرم پر چھوڑ دینا نہیں مگر ان کی ہمدردی وخیر خواہی پر اعتماد یقیناً ہے کوئی عاقل خون کے پیاسے دشمن کو معین وناصر نہ بنائے گا۔(۱)

(ج) استخدام یہ کہ کافر ہم سے دبا ہو، اس کی چوٹی ہمارے ہاتھ میں ہو کسی طرح ہمارے خلاف پر قادر نہ ہو، وہ اگر چہ اپنے کفر کے باعث یقیناً ہمارا بدخواہ ہوگا مگر بے دت و پا ہے ہم سے خوف وطمع رکھتا ہے، خوف شدید کے باعث اظہار بدخواہی نہ کر سکے بلکہ طمع کے سبب مسلمان کے بارے میں نیک رائے ہو۔(۲)

یہ تو تھیں استعانت کی صورتیں لیکن جہاں تک موالات دوستی کا تعلق ہے۔ اس کے متعلق مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے صاف صاف لکھ دیا:

''موالات مطلقاً ہر کافر، مشرک سے حرام ہے، اگر چہ ذمی مطیع اسلام ہو، اگر چہ اپنا باپ یا بیٹا یا بھائی یا قریب (عزیز) ہو۔''(۳)

---

(۱) ایضاً ص:۲۸۰

(۲) ایضاً ص:۲۸۰

(۳) ایضاً ص:۲۳۷

تحریکِ ترکِ موالات کے ایک رہنما مولانا عبدالباری فرنگی محلی پر تنقید کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''انہیں راز دار دخیل کا بنانا حرام قطعی تھا یہ اس سے بھی بدر جہا بڑھ کر ان کے ہاتھ بک گئے انہیں اپنا پیشوا بنالیا صاف لکھ دیا۔ ان کو اپنا رہنما بنالیا ہے جو وہ کہتے ہیں وہی مانتا ہوں میرا حال تو سر دست اس شعر کے موافق ہے۔

عمرے کہ بآیات واحادیث گزشت
رفتی ونثار بت پرستی کردی (۱)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے نزدیک ہندوؤں سے استعانت وتعاون اس لیے مضر تھا کہ وہ بقول فرمایا بریلوی مسلمانانِ ہند سے دین میں محارب تھے چنانچہ وہ ایک جگہ لکھتے ہیں؟

''وہ جو آج تمام ہندوؤں اور نہ صرف ہندوؤں تم سب ہندو پرستوں کا امام ظاہر و بادشاہ باطن ہے یعنی گاندھی صاف نہ کہہ چکا کہ مسلمان اگر قربانی گاؤ نہ چھوڑیں گے تو ہم تلوار کے زور سے چھڑا دیں گے۔ اب بھی کوئی شک رہا کہ تمام مشرکین ہندو دین میں ہم سے محارب ہیں۔'' (۲)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے دشمن کی نفسیات کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

''دشمن اپنے دشمن کے لیے تین باتیں چاہتا ہے''

۱۔ اس کی موت کہ جھگڑا ہی ختم ہو جائے۔
۲۔ یہ نہ ہو تو اس کی جلاوطنی کہ اپنے پاس نہ رہے۔
۳۔ یہ بھی نہ ہو سکے تو آخری درجہ اس کی بے پری کہ عاجز بن کر رہے۔

مخالفت کے یہ درجے ان پر طے کر دے اور ان کی آنکھیں نہیں کھلتیں، خیر خواہ ہی سمجھے جاتے ہیں۔

---

(۱) ایضاً ص: ۲۸۵
(۲) ایضاً ص: ۲۵۰

اولاً: جہاں کے اشارے ہوئے اس کا کھلا نتیجہ ہندوستان کے مسلمانوں کا فنا ہونا تھا۔(۱)

ثانیاً: جب یہ نہ بنی ہجرت کا بھرا کہ کسی طرح یہ دفع ہو ملک ہماری کبدیاں کھیلنے کو رہ جائے یہ اپنی جائیدادیں کوڑیوں کے مول بیچیں یا یوں ہی چھوڑ جائیں۔(۲)

ثالثاً: جب بھی نہ نبھی تو ترکِ موالات کا جھوٹا حیلہ کر کے ترکِ معاملات پر اُبھارا کہ نوکریاں چھوڑ دو کونسل کمیٹی میں داخل نہ ہو۔ مال گزاری ٹیکس کچھ نہ دو۔ خطابات واپس کر دو۔(۳) امرا خیر تو صرف اس لیے ہے کہ ظاہر نام کا وفاداری اعزاز بھی کسی مسلمان کے لیے نہ رہے اور پہلے تین اس لیے کہ ہر شعبے اور محکمے میں صرف ہنود رہ جائیں۔(۴)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے رسالے کے آخر میں مسلمانانِ ہند سے یہ درد بھری اپیل کی:

''تبدیل احکام الرحمٰن اور اختراع احکام الشیطان سے ہاتھ اُٹھاؤ، مشرکین سے اتحاد توڑو، مرتدین کا ساتھ چھوڑو کہ محمد رسول اللہ ﷺ کا دامن پاک تمہیں اپنے سایے میں لے۔ دنیا نہ ملے، نہ ملے دین تو ان کے صدقے میں ملے۔

یا ایھا الذین

---

(۱) یہاں تحریک خلافت کی طرف اشارہ ہے جس میں بے دست و پا مسلمانوں کو انگریزوں سے جنگ کے لیے آمادہ کیا جا رہا تھا۔

(۲) یہاں تحریک ہجرت کی طرف اشارہ ہے جس میں ہندوستان کو دارالحرب قرار دے کر مسلمانوں کو ہجرت پر مجبور کیا اور بہت سے مسلمان تباہ و برباد ہوئے۔

(۳) یہاں تحریک ترکِ موالات کی طرف اشارہ ہے۔

(۴) احمد رضا خاں: المحجۃ المؤتمنہ بحوالہ اوراق گم گشتہ ص:۲۹۹

(۵) ایضاً ص:۳۰۵

تحریکِ ترکِ موالات کے زمانے میں ہندو مسلم اتحاد کا جو سیلاب امنڈا، مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اس کی سخت مزاحمت کی ان کا خیال تھا کہ تحریک کے پردے میں سوراج کے لیے ہموار کی جارہی ہے۔ حقائق وشاہد سے بھی ایسا ہی معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ اس رازِ سربستہ کو فاش کرنے کے الزام میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ پر الزام لگایا کہ وہ انگریزوں کے حامی وناصر اور اس کے تنخواہ دار ہیں۔

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اس الزام کی سختی سے تردید کرتے ہوئے فرمایا:

''اس کا جواب اس سے بہتر میرے پاس کیا ہے لعنت اللّٰہ علی الکاذبین جس نے ایسا کیا ہو اس پر قیامت تک اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ اور اس کے نیک بندوں کی لعن ہو۔'' (۱)

مولانا محمد جعفر شاہ پھلواری تحریکِ خلافت میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے حریف تھے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ پر انگریز دوستی کا الزام سراسر بے بنیاد تھا جو سیاسی مقاصد کے تحت لگایا گیا تھا اظہار خیال ایک غیر مطبوعہ کتاب (خیابان رضا مرتبہ محمد مرید احمد) میں کیا گیا ہے، جس پر ڈاکٹر مسعود احمد نے مقدمہ لکھا ہے۔

دراصل مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کافر ومشرک، یہود ونصاریٰ، آتش پرست وستارہ پرست سب ہی کو مسلمانوں کا دشمن سمجھتے تھے چنانچہ ایک جگہ لکھتے ہیں:

کافر، ہر فرد و فرقہ دشمان مارا
مرتد، مشرک، یہود و گبر وترسا (۲)

(۱) السواد الاعظم (مراد آباد) شمارہ جمادی الاول ۱۳۳۹ھ۔ ۱۹۲۰ء ص: ۳۰
(۲) محمد مصطفیٰ رضا خاں: الطاری الداری، حصہ سوم، مطبوعہ بریلی ص: ۹۹

(ترجمہ کافر بلکہ ہر فرد وفرقہ ہمارا دشمن ہے، خواہ وہ مرتد ہو، مشرک ہو، یہودی ہو، عیسائی ہو یا آتش پرست۔

لیکن ان سب میں وہ کافر و مشرک کو مسلمانوں کا دشمن جانی سمجھتے تھے تاریخی واقعات سے اس کی تصدیق ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ تحریکِ خلافت اور تحریکِ ترکِ موالات کے زمانے میں ہندو مسلم اتحاد کی سختی سے مزاحمت کی۔

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ مسٹر گاندھی کی قیادت کو مسلمانانِ ہند کے لیے مہلک سمجھتے تھے اس مسئلے پر انہوں نے اپنے دوست مولانا عبدالباری فرنگی محلی (۱۳۴۴ھ ـ ۱۹۲۶ء) سے سخت اختلاف کیا۔ دونوں کے درمیان تفصیلی مراسلت ہوئی جو مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے صاحبزادے مولانا محمد مصطفیٰ رضا خاں نے ۱۲۳۹ء ـ ۱۹۲۱ء میں تین حصوں میں بریلی سے شائع کردی اس کا عنوان ہے:

الطاری الداری لھفوات عبدالباری

مولانا عبدالباری مسٹر گاندھی کی قیادت پر یقین رکھتے تھے جب کہ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اس کو مسلمانوں کے لیے قاتل سمجھتے تھے۔ مولانا عبدالباری جیسے پر مسٹر گاندھی کا جادو چل جانا مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے لیے حیرت ناک تھا۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں:

یارب چہ کرد دست فسوں دم گاندھی
لیڈر پس رو، امام اقدم گاندھی؟ (۱)

---

(۱) احمد رضا خاں: الطاری الداری، حصہ سوم، ص: ۹۰

خلافت کمیٹی (۱۹۱۹ء) میں مسٹر گاندھی اور دوسرے ہندو کو صدر ممبر بنایا گیا دوستی و محبت اس حد تک پہنچی کہ ہندو لیڈروں کی موت پر مساجد میں فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی گئی۔ ان دل گزار حالات کو دیکھ کر مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ دل سوزی کے ساتھ کہتے ہیں۔

مرتد راصدر و مشرکاں را ارکاں　　　کروند مرتد واصنا میاں

ہم نماز، ہم دعوت عفو　　　واللہ کہ مسخ شدز ولہا ایمان (۱)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کس طرح گوارہ نہ کرتے تھے کہ مسلمان گاندھی کے لیے سواری کا کردار کریں۔

اقبال نے کہا تھا:

ایام کا مرکب نہیں، راکب ہے قلندر!

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ بھی مسلمانانِ ہند کو اس الوالعزمی اور غیرت کا درس دیتے ہوئے نصیحت کرتے ہیں۔

مشرک نہ بکود سواری باید کرد

اور نہایت رعب، جلال کے ساتھ کہتے ہیں

گاندھی زن وگاندھی افگن

مسٹر گاندھی تحریک خلافت میں مسلمانوں کے ہم نوا تھے مگر اندرون خانہ وہ مسلمانوں کی اس سیاسی بیداری سے اپنا مدعا حاصل کرنا چاہتے تھے وہ مدعا سوراج یعنی ہندو راج کے سوا کچھ نہ تھا۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کی سیاسی بصیرت نے اس راز کو پالیا تھا چنانچہ وہ کہتے ہیں۔

گاندھی پا سوراج　　　دلش بشگا قد (۳)

---

(۲) ایضاً ص:۲۹

(۳) ایضاً ص:۲۹

(۱) ایضاً ص:۹۵

اسی لیے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کا خیال تھا کہ تحریکِ خلافت میں مسٹر گاندھی کی شرکت سے اور تحریکِ ترکِ موالات میں مسٹر گاندھی کی قیادت سے سراسر ہندوؤں کو فائدہ ہوگا اور مسلمانوں کو نقصان چنانچہ وہ مولانا عبدالباری فرنگی محلی سے خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

از بازوئے تو نظام دین گاندھی ست
قائم نہ تو انتظام دین گاندھی ست

اور یہ کوئی جذباتی تاثرات نہ تھے بلکہ حقائق کی روشنی میں دیکھا جائے تو صحیح معلوم ہوتے ہیں۔ فرانس کے مشہور مستشرق کوئی مالینوں (۱۹۶۲ء۔۱۸۸۳ء) تحریکِ خلافت کے زمانے میں ۳۷ پروفیسر تھے۔ اسی زمانے میں پیرس میں سیّد سلیمان ندوی سے ان کی ملاقات ہوئی جو تحریکِ خلافت کے سلسلے میں وہاں گئے تھے۔ پروفیسر موصوف نے ان کو اور دوسرے عمائدین کو گاندھی سے متاثر دیکھ کر یہ نتیجہ نکالا کہ وہ مسلمانوں سے کچھ اُونچی چیز ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے:

For perhaps the first time in human history a man had arisen who had influence on people of other religions with constructive social results. (1)

مسلم علماء وعمائدین کی مسٹر گاندھی سے وابستگی کی وجہ سے پروفیسر ماسینوں مسٹر گاندھی سے اس حد تک متاثر نظر آتا ہے کہ وہ یہاں تک لکھ گیا:

Who was the last of Saints (2)

(1) Guilis Basetti-Sani: Prophet of inter religious reconciliation, Chicago

(۲) ایضاً ص: ۲۱۵

یعنی مسٹر گاندھی ''خاتم الاولیاء'' تھے۔ اگر مسلمان علماء وعمائدین مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کی نصیحت پر عمل کرتے اور اس کے ہم نوا نہ ہوتے تو پروفیسر موصوف اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوتا لہٰذا مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کا یہ کہنا غلط نہ تھا۔

از بازوئے تو نظام دین گاندگی ست
قائم نبہ و انتظام دین گاندھی ست

بریلوی کے نزدیک سیاسی و معاشی و مذہبی سطح پر یہود و نصاریٰ اور کفار و مشرکین سب مسلمانوں کے دشمن ہیں۔ اس لیے یہ کہنا کہ ہندوؤں کے ساتھ مروت کا برتاؤ کرو اور انگریز کے ساتھ نفرت وحقارت کا، سراسر حماقت ہے۔ ان میں سے کوئی ایک نہ دوستی کے لائق ہے اور نہ مروت ومحبت کے۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کہتے ہیں:

کافر، ہر فرد و فرقہ دشمن مارا
مرتد، مشرک، یہود و گبر و ترسا
مشرک رابندہ باش و بانصرانی
ہر کار حراء ین ست زشیطان فتویٰ (۱)

یہود و نصاریٰ اور ہندو کے چنگل سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے جہاں قوت ایمانی کی ضرورت تھی وہاں معاشی واقتصادی قوت کی بھی ضرورت تھی۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے تحریر وتقریر کے ذریعہ ایک طرف ملت مسلمہ کی قوت ایمانی کی پاسداری کی تو دوسری طرف معاشی واقتصادی قوت حاصل

(۱) احمد رضا خاں: الطاری الداری، حصہ سوم

کرنے کے لیے ایک لائحہ عمل پیش کیا۔ چنانچہ ۱۹ ربیع الاوّل ۱۳۳۱ھ کو کلکتہ سے ایک مفتی حاجی لعل خاں نے استفتاء بھیجا جس میں سوال کیا گیا تھا:

۱۔ ارشاد ہو کہ آج کل مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے؟ (۱)

۲۔ امداد ترک کا کیا طریقہ ہو؟ (۲)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ان سوالات کے جواب میں ایک رسالہ لکھا جس کا عنوان ہے:

تدبیر فلاح و نجات و اصلاح

۱۳۳۱ھ۔ ۱۹۱۳ء

اس رسالے میں مذکورہ بالا سوالات کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"آپ پوچھتے ہیں کہ مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے؟ اس کا جواب میں کیا دے سکتا ہوں؟ اللہ عزوجل نے تو مسلمانوں کی جان مال جنت کے عوض خرید ے ہیں:

ان اللّٰہ اشتریٰ من المومنین انفسھم و اموالھم بان لھم الجنۃ

مگر ہم ہیں کہ مبیع دینے سے انکار اور ثمن کے خواستگار۔ ہندی مسلمانوں میں یہ طاقت کہاں کہ وطن و مال واہل و عیال چھوڑ کر ہزاروں کوس جائیں اور میدانِ جنگ میں مسلمانوں کا ساتھ دیں۔ مگر مال دے سکتے ہیں: اس کی حالت بھی سب آنکھوں دیکھ رہے ہیں۔ وہاں مسلمانوں پر یہ کچھ گزر رہی ہے یہاں وہی جلسے ہیں، وہی رنگ، وہی ٹھٹھر، وہی اُمنگ، وہی تماشے، وہی بازیاں، وہی غفلتیں، وہی فضول خرچیاں۔ ایک بات کی بھی کمی نہیں۔ (۳)

---

(۱) احمد رضا خاں: تدبیر و نجات و اصلاح، مطبوعہ لاہور ص: ۲

(۲) ایضاً ص: ۲

(۳) ایضاً ص: ۴

بہتر ہے کہ مسلمان اپنی سلامت روی پر قائم رہیں، کسی شریر قوم کی چال نہ سیکھیں اپنے اُوپر مفت کی بدگمانی کا موقع نہ دیں۔(۱)

پھر ملت اسلامیہ کی اخلاقی و معاشی فلاح و بہبود کے لیے اپنی تجاویز کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اولاً: باستثناء ان معدود باتوں کے جن میں حکومت کی دست اندازی ہو، اپنے تمام معاملات اپنے ہاتھ میں لیتے، اپنے سب مقدمات اپنے آپ گھر کے گھر تباہ ہوگئے اور ہوتے جاتے ہیں محفوظ رہتے۔(۲)

ثانیاً: اپنی قوم کے سوا کسی سے کچھ نہ خریدتے کہ گھر کا نفع گھر ہی میں رہتا اپنی حرفت و تجارت کو ترقی دیتے کہ کسی چیز میں دوسری قوم کے محتاج نہ رہتے۔ یہ نہ ہوتا کہ یورپ و امریکہ والے چھٹانک بھر تانبا کچھ صناعی کی گھڑنت کرکے، گھڑی وغیرہ نام رکھ کر آپ کو دے جائیں اور اس کے بدلے پاؤ بھر چاندی آپ سے لے جائیں۔(۳)

ثالثاً: بمبئی، کلکتہ، رنگون، مدارس، حیدر آباد وغیرہ کے تونگر مسلمان اپنے بھائی مسلمانوں کے لیے بینک کھولتے، سود شرع نے حرام قطعی فرمایا ہے مگر اور سو طریقے نفع لینے کے حلال فرمائے ہیں جن کا بیان کتب فقہ میں مفصل ہے اسی کا ایک نہایت آسان طریقہ کتاب کفل الفقیہ لفاھم میں چھپ چکا ہے۔(۴)

---

(۱) ایضاً ص:۵ (۲) ایضاً ص:۵

(۳) ایضاً ص:۵،۶

نوٹ: یہ اس زمانے کی بات ہے، جو سونے اور چاندی کے سکے چلا کرتے تھے اور جو چیز خریدی جاتی تھی اس کے عوض کھرا سونا، چاندی دیا جاتا تھا جس کے لیے غریب دنیا آج تک ترس رہی ہے۔ مولانا بریلوی نے اسی ستم ظریفی کی طرف اشارہ کیا اور مسلمانوں کو تجارت کرنے اور انڈسٹریاں لگانے کی ہدایت کی۔

معاشیات و اقتصادیات بظاہر سیاسیات سے الگ نظر آتے ہیں مگر دورِ جدید میں تو بیشتر سیاسی نشیب و فراز اسی کے مرہونِ منت ہیں۔ اس لیے جس کو سیاسی بصیرت حاصل ہے وہ معاشیات سے پہلوتہی نہیں کرسکتا۔(ڈاکٹر مسعود احمد)

(۴) قیام مکہ معظمہ کے زمانے میں دو علمائے مکہ مولانا عبداللہ احمد میر داد امام مسجد الحرام اور ان کے اُستاد مولانا حامد احمد محمد جدادی نے نوٹ کے متعلق مولانا بریلوی سے ایک استفتاء لیا۔ مولانا بریلوی نے اس کے جواب میں اپنا عربی رسالہ کفل الفقیہ الفاہم فی احکام قرطاس الدراہم ۱۳۲۴ھ ۔ ۱۹۰۶ء

رابعاً: سب سے اہم، سب کی اصل اعظم وہ دین متین تھا جس کی رسی مضبوط تھامنے نے اگلوں کو اندمدارج عالیہ پر پہنچایا، چاروانگ عالم میں ان کی ہیبت کا سکہ بٹھایا، نان شبینہ کے محتاجوں کو بلند تاجوں کا مالک بنایا اوراس کے چھوڑنے میں پچھلوں کو یوں چاہ ذلت میں گرایا۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم(۱)

مندرجہ بالا چار تجاویز پیش کرنے کے بعد اس کی روشنی میں مسلمانان ہند کی حالت کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اوّل پر یہ عمل ہے کہ گھر کے فیصلے میں اپنے دعوے سے کچھ بھی کمی ہوتو منظور نہیں اور کچہری جاکر اگرچہ گھر کی بھی جائے، ٹھنڈے دل سے پسند، گرہ گرہ بھرزمین پر طرفین سے دودو ہزار بگڑ جاتے ہیں۔کیا آپ ان حالتوں کو بدل سکتے ہیں؟ فھل انتم منتھون؟(۲)

دوم کی یہ کیفیت ہے کہ اول تو خاندانی لوگ حرفت وتجارت کو عیب سمجھتے ہیں اور ذلت کی نوکریاں کرتے، ٹھوکریں کھانے، حرام کا کرنے، حرام مال کھانے کو فخر وعزت اور تجارت کریں بھی تو خریداروں کو اتنا حس نہیں کہ اپنی ہی قوم سے خریدیں، ہندو تجارت کے اصول جانتا ہے کہ جتنا تھوڑا نفع رکھے اتنا ہی زیادہ ملتا ہے اور مسلمان صاحب چاہتے ہیں کہ سارا نفع ایک ہی خریدار سے وصول کرلیں، ناچار خریدنے والے مجبور ہوکر ہندو سے خریدتے ہیں کیا تم یہ عادتیں چھوڑ سکتے ہو؟ فھل انتم منتھون؟(۳)

---

(۱) احمد رضا خاں: تدبیر فلاح ونجات واصلاح، مطبوعہ لاہور، ص:۶

(۲) ایضاً ص:۷

(۳) ایضاً ص:۷

سوم کی یہ حالت ہے کہ اکثر امراء کو اپنے ناجائز عیش سے کام ہے، ناچ رنگ وغیرہ بے حیائی یا بے ہودگی کے کاموں میں ہزاروں، لاکھوں اڑا دیں۔ وہ ناموری ہے، ریاست ہے اور مرتے بھائی کی جان بچانے کو ایک خفیف رقم دینا ناگوار (۱)

چہارم کا حال ناگفتہ بہ ہے کہ انٹرنس پاس کو رزاق مطلق سمجھا ہے۔ وہاں نوکری میں عمر کی شرط، پاس کی شرط پھر پڑھائی وہ مفید کہ عمر بھر کام نہ آئے نہ اس نوکری میں اس کی حاجت پڑے۔ (۲)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے دورِ جدید کے نصاب تعلیم کی عدم افادیت اور اضاعت پر جو تنقید کی ہے وہ بڑی حد تک درست معلوم ہوتی ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

''اے اللہ میں اس علم سے پناہ مانگتا ہوں جو لوگوں کے لیے نفع بخش نہ ہو۔''

جو علم دین و دنیا دونوں کے لیے غیر مفید ہو وہی غیر مفید ہے۔ ہمارے نصاب تعلیم میں بہت سے ایسے علوم ہیں جو رسماً پڑھائے جاتے ہیں۔ ۱۴ برس میں بی۔ اے کرنے کے بعد بہت سے طاق نسیاں کی نذر ہو جاتے ہیں۔ ایک دو جن سے زندگی میں سابقہ پڑتا ہے یاد رہتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مفید تعلیم دی جائے مگر جو کچھ ہو رہا ہے وہ اس کے برعکس ہے۔

---

(۱) ایضاً ص:۸

(۲) ایضاً ص:۸

اس کے علاوہ ہمارے نصاب میں ایک اور خامی ہے، آرٹس اور سائنس کو الگ الگ خانوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ آرٹس سے انسان بنتے ہیں اور سائنس سے مشین۔ انسان، مشین کا کام نہیں کرسکتا اور مشین، انسان کا کام نہیں کرسکتی اور ہم کو بیک وقت انسان و مشین دونوں کی ضرورت ہے۔

کاروبار جہاں سنورتے ہیں
ہوش جب بیخودی سے ملتے ہیں

دونوں علوم وفنون اسی وقت انسانیت کے لیے مفید ہوں گے جب ان دونوں کو ملا دیا جائے۔

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اپنی تجاویز پیش کرنے اور ان کا تجزیہ کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

''یہ وجوہ ہیں، یہ اسباب ہیں، مرض کا علاج چاہنا اور سبب قائم رکھنا، حماقت نہیں تو کیا ہے جس کی زندہ مثال یہ ترکوں کا تازہ واقعہ ہے۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم

اہل الرائے ان وجوہ پر نظر فرمائیں اگر میرا خیال صحیح ہو تو ہر شہر و قصبے میں جلسہ کریں اور مسلمانوں کو ان چار باتوں پر قائم کردیں پھر آپ کی حالت خوبی کی طرف نہ بدلے تو شکایت کیجئے۔(۱)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے نزدیک اخلاقی اور معاشی حالت سنورے بغیر ملت کا میدان جنگ میں کودنا ناعاقبت اندیشی کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ ۱۹۱۲ء اور ۱۹۲۱ء کے درمیان ترکوں پر بے پناہ مصائب آئے مگر غیر منقسم ہندوستان میں ایسے حالات نہ تھے کہ مسلمان انگریزوں سے ٹکر لیتے، ہر کام کا ایک

(۱) ایضاً ص:۹

وقت ہوتا ہے اور اس کی پہچان ایک دیدہ ور سیاست داں کے لیے کچھ زیادہ مشکل نہیں، یہی وجہ ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال اس زمانے میں کچھ زیادہ فعال نظر نہیں آتے۔ بہت عرصے بعد ۱۹۴۰ء میں وقت آیا جب ہندوستان کے طول وعرض میں آزادی کی بھرپور تحریک چلائی گئی جو بالآخر ۱۹۴۷ء میں کامیابی سے ہم کنار ہوئی۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ نے یہ بات شدت سے محسوس کی۔ ۱۹۱۲ء اور ۱۹۲۱ء کے درمیانی عرصہ ایسا نہ تھا جس میں آزادی کے لیے کوئی کامیاب تحریک چل سکتی بے بسی اور بے زری میں حکومت سے ٹکر لینا ان کے نزدیک مسلمانوں کے لیے مفید نہ تھا اس لیے وہ کہتے ہیں:

رب العزت ہلاک کردہ بیشک
نمرود زپشہ، ابرہہ از مرغک
اما بخوارق اعتماد و اسباب
بگررشتن کا۔ احمق و اہلک (۱)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اس دور میں وحدت ملت اسلامیہ کے لیے کوشش کی جب قائداعظم محمد علی جناح اور ڈاکٹر محمد اقبال جیسے مسلم رہنما ہندو مسلم اتحاد کے داعی تھے۔ ۱۹۱۲ء میں قائداعظم نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقدہ لکھنو میں فرمایا:

قو موار اختلاف کسی صورت میں برداشت نہیں کر سکتا۔ (۲)

اور ہندو مسلم اتحاد پر قائداعظم کے غیر متزلزل یقین کو دیکھتے ہوئے مسٹر گوکھلے نے یہ پیش گوئی کی:

''وہ ہندو مسلم اتحاد کے زبردست علم بردار بنیں گے۔'' (۳)

---

(۱) احمد رضا خاں: الطاری الداری، حصہ سوم ص: ۹۹

(۲) خدا بخش اظہر: مسلم لیگ، مطبوعہ لاہور، ۱۳۵۹ھ۔ ۱۹۴۰ء ص: ۱۴

(۳) ایضاً

ہندو مسلم اتحاد کی ان فضاؤں میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے وحدت ملی کا چراغ روشن کیا، ان کی پوری زندگی اسی مشن کے لیے وقف ہوکر رہ گئی اور اس کوشش میں انہوں نے ۱۳۴۰ھ کو سفر آخرت اختیار کیا، سیاست ملت اسلامیہ میں مولانا بریلوی کا کردار بالکل بے داغ نظر آتا ہے۔ قائداعظم اور ڈاکٹر اقبال کے سیاسی افکار میں تبدیلی کے جہاں اور اسباب ہیں وہاں ایک بڑا سبب وحدت ملت اسلامیہ کے لیے مولانا بریلوی کی بے پناہ استقامت وعزیمت بھی ہوسکتا ہے۔ جس زمین پر قائداعظم نے نظریہ پاکستان کی بنیاد رکھی اس کی تیاری میں مولانا بریلوی نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

مولانا محمد علی جوہر نے ڈاکٹر اقبال کے لیے کہا تھا کہ ان کا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے مسلمانان ہند کے دلوں میں محمد مصطفیٰ ﷺ کی لگن لگادی۔ مگر یہ بہت بعد کی بات ہے جس وقت ڈاکٹر محمد اقبال ہندو مسلم اتحاد کی باتیں کررہے تھے اور اپنے ترانوں سے ہندوستانی قومیت کا جذبہ پیدا کررہے تھے۔ فاضل بریلوی ہندوستان کے طول وعرض میں مسلمانوں کے دلوں میں عشق مصطفیٰ ﷺ کے چراغ روشن کررہے تھے، ڈاکٹر اقبال کے ہاں فاضل بریلوی کی آواز بازگشت سنائی دیتی ہے۔

ہندوستان کے بعض سیاسی وقومی رہنما انگریزوں کو مسلمانوں کا خیرخواہ سمجھتے تے اور ہندوؤں کو بدخواہ اور بعض رہنما ہندوؤں کو خیرخواہ سمجھتے تھے اور انگریزوں کو بدخواہ، فاضل بریلوی ہندوؤں اور انگریزوں دونوں کو مسلمانوں کا بدخواہ سمجھتے تھے، ہندوؤں کے خلاف انہوں نے جو جدوجہد کی اس کی تفصیل اوپر گزرچکی ہے۔ انگریزوں کے خلاف ان کے جذبات کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب ۱۸۹۳ء سہ ۱۳۱۱ھ میں ندوۃ العلماء کا قیام عمل میں آیا تو اس کے منشور میں یہ بات بھی سامنے آئی:

''گورنمنٹ انگریزی کا معاملہ خدا کے معاملوں کا پورا نمونہ ہے، اس کے معاملے کو خدا کی رضا اور ناراضی کا حال کھل سکتا ہے۔(۱)

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اہلِ ندوہ کے اس خیال کی سخت گرفت کی نہ صرف خلوت میں بلکہ جلوت میں بھی۔ چنانچہ ۱۹۰۰ء۔ ۱۳۱۸ میں پٹنہ کے عظیم الشان جلسہ عام میں (جو ایک ہفتہ جاری رہا اور جس میں ہندوستان کے سربراہ اور صوفیہ علماء شریک تھے) چار گھنٹے سے زیادہ طویل تقریر میں اس قسم کے خیالات پر بھی تنقید کی اور مسلمانانِ ہند کو اس سے باز رہنے کی تلقین کی۔ اس کے علاوہ اپنے رسائل اعلام الاعلام، تدبیر فلاح ونجات اور الطاری الداری میں انگریزوں کے خلاف جو کچھ لکھا ہے وہ اوپر گزر چکا۔

(۱) محمد عبدالوحید: دربارِ حق وہدایت، مطبوعہ پٹنہ ۱۳۱۸ھ ص: ۱۲۳

(ج) مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور برّصغیر کی تحریکات باطلہ

القادیانیت، دیوبندیت اور وہابیت

قادیانیت

واضح رہے کہ قادیان (پنجاب) میں ایک شخص پیدا ہوا جس کا نام مرزا غلام احمد تھا چونکہ ازلی شقاوت و بدبختی اس کی قسمت میں لکھی تھی اس لیے ۱۸۹۱ء میں اس نے حیات مسیح علیہ السلام کا انکار کرتے ہوئے خود ہی مسیح ہونے کا دعویٰ کیا اور ۱۹۰۰ء میں ختم نبوت کے عقیدے کو لغو و باطل کہہ کر خود نبی بن بیٹھا۔ چنانچہ ایک جگہ لکھتا ہے۔

یہ کس قدر لغو و باطل عقیدہ ہے کہ یہ خیال کیا جائے کہ بعد آنحضرت ﷺ کے وحی کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا ہے۔ (۱)

علماء اہلِ سنّت نے اس فتنہ کا جم کر مقابلہ کیا سیکڑوں مناظرے کیے اور اس کے اثرات زائل کرنے کی ہر ممکن تدبیر اختیار کی۔ حضرت فاضل بریلوی قدس سرّہ نے اس کے خلاف متعدد کتابیں تصنیف فرمائیں۔ اس کے عقائد کی کچھ تفصیلات حسام الحرمین میں آپ نے اس طرح تحریر فرمائی ہیں۔

''ان میں سے ایک فرقہ مرزائیہ ہے اور ہم نے اس کا نام غلامیہ رکھا ہے۔ غلام احمد قادیانی کی طرف نسبت کرتے ہوئے وہ ایک دجال ہے جو اس زمانہ میں پیدا ہوا کہ ابتداء مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا اور واللہ اس نے سچ کہا کہ وہ مسیح دجال کذاب کا مثیل ہے پھر اسے اور اُونچی چڑھی اور وحی کا ادعاء کیا اور واللہ وہ اس میں بھی سچا ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ دربارۂ شیاطین فرماتا ہے۔'' ایک ان کا دوسرے کو وحی کرتا ہے بناوٹ کی بات دھوکے کی۔''

(۱) ضمیمہ براہین احمدیہ جلد پنجم ص:۳۵۴

رہا اس کا اپنی وحی کو اللہ سبحنہ کی طرف نسبت کرنا اور اپنی کتاب براہین احمدیہ کو اللہ تعالیٰ کی کتاب بتانا یہ بھی شیطان ہی کی وحی سے ہے کہ لے مجھ سے اور نسبت کر رب العلمین کی طرف۔ پھر دعویٔ نبوت و رسالت کی صاف تصریح کردی اور لکھ دیا کہ۔ اللہ وہی ہے جس نے اپنا رسول قادیان بھیجا اور زعم کیا کہ ایک آیت اس پر یہ اُتری ہے کہ ''ہم نے اسے قادیان میں اُتارا اور حق کے ساتھ اُترا اور زعم کیا کہ وہی وہ احمد ہے جن کی بشارت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دی تھی اور ان کا یہ قول جو قرآن مجید میں مذکورہ ہے۔ میں بشارت دیتا آیا ہوں اس رسول کی جو میرے بعد تشریف لانے والے ہیں جن کا نام پاک احمد ہے، اس سے میں ہی مراد ہوں اور زعم کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے کہا ہے کہ اس آیت کا مصداق تو ہی ہے کہ اللہ وہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تا کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے۔

پھر اپنے نفس لئیم کو بہت انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سے افضل بتانا شروع کیا اور گروہ انبیاء علیہم السلام سے کلمۂ خدا روح و رسول خدا عزوجل عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تنقیص شان کے لیے خاص کر کے کہا۔

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو۔ اس سے بہتر غلام احمد ہے۔

اور اس سے جب مواخذہ ہوا کہ تو اپنے آپ کو رسول خدا عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مثیل بتاتا ہے۔ تو وہ عقل کو حیران کر دینے والے معجزے کہاں ہیں، جو عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کیا کرتے تھے۔ جیسے مردوں کو جلانا اور مادر زاد اندھے اور بدن بگڑے کو اچھا کرنا۔ اور مٹی سے ایک پرند کی صورت بنانا۔ پھر اس میں پھونک مارنا۔ اس کا حکم خدا عزوجل سے پرندہ ہو جانا۔

تو اس کا یہ جواب دیا کہ عیسیٰ یہ باتیں مسمریزم سے کرتے تھے (کہ انگریزی میں ایک قسم کے شعبدے کا نام ہے) اور لکھا کہ میں ایسی باتوں کو مکروہ نہ جانتا تو میں بھی کر دکھاتا۔

اور جب پیشین گوئی کرنے کی عادت اسے پڑی ہوئی ہے اور پیشینگوئیوں میں اس کا جھوٹ نہایت کثرت سے ظاہر ہوتا ہے تو اپنی اس بیماری کی یہ دوا نکالی کہ پیشینگوئیاں جھوٹی ہو جانا کچھ نبوت کے منافی نہیں کہ پہلے چار سو انبیاء کی پیشینگوئیاں جھوٹی ہو چکی ہیں اور سب میں زیادہ جس کی پیشینگوئیاں جھوٹی ہوئیں وہ

عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

اور یوں ہیں شقاوت کی سیڑھیاں چڑھتا گیا یہاں تک کہ اُنہیں جھوٹی پیشینگوئیوں میں واقعہ حدیبیہ کو گنا دیا۔ تو اللہ کی لعنت ہو اس پر جس نے کسی نبی کو ایذا دی اور اللہ تعالیٰ کی درودیں اور برکتیں اور سلام اس کے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پر۔

اور جب کہ اس نے چاہا کہ مسلمان زبردستی اس کو ابن مریم بنالیں اور مسلمان اس پر راضی نہ ہوئے اور عیسیٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام کے فضائل اُنہوں نے پڑھنا شروع کیے تو لڑائی کے لیے اُٹھا اور عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام میں غیب اور خرابیاں بتانی شروع کیں۔ یہاں تک کہ ان کی والدہ ماجدہ تک ترقی کی جو صدیقہ ہیں۔ اور غیر خدا سے بے علاقہ۔ اور جو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی گواہی سے چنی ہوئی اور ستھری اور بے عیب ہیں اور تصریح کردی کہ یہودی جو عیسیٰ اور ان کی ماں پر طعن کرتے ہیں ان کا ہمارے پاس کچھ جواب نہیں۔ نہ ہم اصلاً ان پر رد کر سکتے ہیں اور ان پاک بتول کو اپنی طرف سے اپنے خبیث رسالوں میں بالحاد وہ عیب لگائے کہ مسلمان پر جن کا نقل کرنا بھی گراں ہے اور تصریح کردی کہ عیسیٰ کی نبوت پر کوئی دلیل نہیں بلکہ متعدد دلیلیں ان کے بطلان نبوت پر قائم ہیں۔

پھر اس خوف سے کہ تمام مسلمان اس سے نفرت کر جائیں گے۔ یوں اپنے کفر پر پردہ ڈالا کہ ہم اُنہیں صرف اس وجہ سے نبی مانتے ہیں کہ قرآن مجید نے اُنہیں انبیاء میں شمار کردیا ہے۔ پھر پلٹ گیا اور بولا کہ ان کی نبوت کا ثبوت ممکن نہیں۔

اور اس کے اس قول میں جیسا کہ دیکھ رہے ہو۔ قرآن مجید کا بھی جھٹلانا ہے کہ اس نے ایسی بات کہی جس کے بطلان پر دلائل قائم ہیں۔ ان کے سوا اس کے کفریات ملعونہ اور بہت ہیں۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس کے اور تمام دجالوں کے شر سے پناہ دے۔ (۱) (آمین)

قیامِ پاکستان کے بعد علماء اہلِ سنّت اور حضرت فاضل بریلوی قدس سرّہ کے خلفاء و تلامذہ اور معتقدین نے قادیانیت کو بیخ دین سے اُکھاڑ پھینکنے کا جو قابلِ رشک اور عدیم النظیر کارنامہ انجام دیا ہے اس کی

(۱) حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین، مطبع اہلِ سنّت و جماعت بریلی انڈیا ص: ۹۷ تا ۱۰۱

طویل اور تفصیلی تاریخ کے چند اہم گوشے ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

سرکاری مسودۂ قانون میں مسلمان کی تعریف نہیں کی گئی تھی اور چودھری سر ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ کے ہدایات بھی دن بدن بڑھ رہے تھے جس کے جائزہ کے لیے برکت علی اسلامیہ ہال میں دسمبر ۱۹۵۲ء میں ایک کنونشن بلایا گیا جس میں حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی مدظلہٗ العالی نے خصوصی طور پر شرکت فرما کر حاضرین کے حوصلوں اور اُمنگوں میں اضافہ فرمایا۔ کنونشن نے مطالبہ کیا کہ سر ظفر اللہ کو وزارت خارجہ سے ہٹایا جائے اور مسلمان ہونے کے لیے شرط ہے کہ وہ خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمات کو آخری حجت تسلیم کرے جو لوگ ایسا نہ کریں یا حضور ﷺ کی کسی تعلیم میں مسلمانوں کی کثرتِ رائے کی پابندی قبول نہ کریں اُنھیں آئین پاکستان کے تحت غیر مسلم اقلیت قرار دینا چاہیے اور اسے اسلامی حکومت بننے کے لیے ضروری ہے کہ ہر محکمہ کے کلیدی عہدوں پر وہی افراد رکھے جائیں جو خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمات کو آخری حجت تسلیم کریں۔

ان مطالبات کو منوانے۔ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے اور تحریک کو منظم کرنے کے لیے ایک مجلس عمل بنائی گئی جس میں تمام مکاتب فکر کے علماء شریک تھے اور سب نے علامہ ابوالحسنات سیّد محمد احمد قادری المتوفی (۱۹۶۱) (خلیفہ حضرت فاضل بریلوی) کو اس مجلس عمل کا صدر چنا۔ جن کے بارے میں سیّد مظفر علی شمسی کا بیان ہے۔

''میں اس وقت مجلس عمل کا سیکریٹری تھا ہر جلسہ میں مجھے موصوف کے قریب رہنے کا موقع ملا۔ میں ان سے بہت متاثر تھا انہیں ہر اسٹیج پر باعمل پایا۔ خواجہ ناظم الدین مرحوم وزیر اعظم سے ہر ملاقات میں مولانا کے ہمراہ رہا۔ جس شان سے موصوف نے قوم کے مطالبات پیش کیے انہی کا حصّہ تھا۔ ہر ملاقات کے بعد خواجہ صاحب اکثر حضرت مولانا کے پیچھے نماز پڑھتے اُن کی شخصیت اور اُن کے علم و فضل کا اقرار کرتے۔ مولانا ہر ملاقات میں اُن سے ایک ہی خواہش کا اظہار کرتے کہ شمع رسالت ﷺ کے پروانوں کے مطالبات تسلیم کریں۔ اس سلسلے میں مولانا نے پورے ملک کا دورہ کیا اور ختم نبوت کے سلسلے میں لاکھوں مسلمانوں سے خطاب کیا۔ میں حیران تھا کہ ایک گوشہ نشین عالم کس طرح اس مسئلہ کے لیے بیقرار ہے میں نے اکثر موصوف کو مسلمانوں کے لیے رو رو کر دعائیں مانگتے دیکھا ہے۔''

مطالبات منظور نہ ہونے پر ڈائرکٹ ایکشن کا جب اعلان ہوا تو اسی شب حضرت مولانا کی قیادت میں ان کے رفقاء کو گرفتار کرلیا گیا۔ جس کے بعد یہ تحریک ملک گیر پیانے پر زور پکڑ گئی اور آپ کو ایک روز اچانک یہ اطلاع ملی کہ مولانا خلیل احمد قادری خطیب مسجد وزیر خاں لاہور کو مارشل لاء حکومت نے پھانسی کی سزا دیدی ہے۔ اپنے اکلوتے فرزند کے بارے میں یہ رُوح فرسا خبر سُن کر سجدے میں گر گئے اور عرض کی۔ الٰہی! میرے بچے کی قربانی منظور فرما۔ (۱)

ڈیڑھ ماہ تک کراچی سینٹرل جیل میں رکھنے کے بعد آپ کو سکھر سینٹرل جیل میں نظر بند کردیا گیا جس میں آپ کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونی صاحب (المتوفی ۱۹۷۰)، زادہ فیض الحسن، سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری اور سیّد مظفر علی شمسی بند تھے۔

(قادیانیت کے حوالے سے امام احمد رضاؒ اور ان کے خلفاء نے جو کردار ادا کیا۔ اس کی تفصیلی حالات بتصرف کتاب ''مولانا احمد رضا خان بریلویؒ اور بدعات ومنکرات'' مولفہ محمد یٰسین اختر مصباحی سے نقل کررہے ہیں)۔

(۱) روزنامہ مشرق، ۵ نومبر ۱۹۶۷ء لاہور ص:۳

وہابیت

وہابیہ منسوب بہ رئیس الخوارج محمد بن عبدالوہاب نجدی ہیں اس نے تمام اہل اسلام کو کھلم کھلا کافر و مشرک بنایا حرمین شریفین پر حملہ کیا اور کوئی دقیقہ گستاخی و بےادبی و شرارت و ظلم و قتل و غارت کا اٹھا نہ رکھا اور ساری دنیائے اہلِ سنت و جماعت کے لیے فتنہ اور وبالِ عظیم ثابت ہوا ہزاروں علماء نے اس کے خلاف جہاد بالسیف والقلم کیا۔ کتابیں اور مضامین لکھے اس کی کتاب التوحید کا رد کیا۔ ہندوستان میں وہابیت کے داعی اوّل شاہ محمد اسمٰعیل دہلوی ہیں۔ جنہوں نے اپنی مختلف کتابوں اور بالخصوص تقویۃ الایمان کے ذریعہ اس خطرناک بیج کا زہر پورے غیر منقسم ہندوستان میں بوکر پورے ملک میں افتراق بین المسلمین کی آگ لگادی اور ہر گھر سنیت و وہابیت کے اختلاف و انتشار کے شعلوں میں دہکنے لگا۔ علماء اسلام نے یہاں بھی اس کا مقابلہ کیا۔ جامع مسجد دہلی میں اس سے مناظرہ ہوا جس میں تمام علماء دہلی اس کے خلاف تھے سیکڑوں کتابیں اس کے رد میں لکھی گئیں۔

تقویۃ الایمان جس سے مسلمانانِ ہند میں اختلاف و انتشار کی تخم ریزی ہوئی اس کے بارے میں خود اس کے مصنف شاہ اسمٰعیل دہلوی کا بھی اندازہ تھا بلکہ انہیں اس سے پیدا ہونے والے فتنے کا بخوبی علم اور کامل یقین بھی تھا جیسا کہ ان کے الفاظ سے یہ باتیں ظاہر ہو رہی ہیں۔

’’میں نے یہ کتاب لکھی ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس میں بعض ذرا تیز الفاظ بھی آ گئے ہیں اور بعض جگہ تشدد بھی ہو گیا مثلاً ان اُمور کو جو شرک خفی تھے۔ شرک جلی لکھ دیا گیا ہے۔
ان وجوہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ اس اشاعت سے شورش ضرار ہوگی مگر توقع ہے کہ لڑ بھڑ کر خود ٹھیک ہو جائیں گے۔ (۱)

---

(۱) حکایات اولیاء (جدید ایڈیشن) دارالاشاعت کراچی، مولفہ اشرف علی تھانوی ص: ۱۰۳،۳،۴

اپنے اصحاب علم وفضل اسلاف کے مسلک سے انحراف کا عالم یہ تھا کہ جب ''رفع یدین'' کرنے لگے تو حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے ایماء پر حضرت شاہ عبدالقادر نے شاہ محمد یعقوب کے ذریعہ رفع یدین چھوڑنے کا پیغام دیا اس پر شاہ اسمٰعیل نے کہا کہ عوام کے فتنہ کا خوف کیا جائے تو اس حدیث کا کیا مطلب ہوگا کہ جو شخص میری اُمت میں فساد کے وقت میری سنت پر عمل کرے گا اس کو سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔

اس جواب پر حضرت شاہ عبدالقادر دہلوی نے اِرشاد فرمایا:

بابا! ہم تو سمجھتے تھے کہ اسمٰعیل عالم ہوگیا۔ مگر وہ تو ایک حدیث کا معنی بھی نہ سمجھا۔ یہ حکم تو اس وقت ہے جب کہ سنت کے مقابل خلاف سنت ہو اور مانحن فیہ میں سنت کا مقابل خلاف سنت نہیں بلکہ دوسری سنت ہے کیونکہ جس طرح رفع یدین سنت ہے یونہی ارسال (رفع یدین نہ کرنا) بھی سنت ہے۔ (۱)

شاہ اسمٰعیل نے ہندوستان میں محمد بن عبدالوہاب نجدی کی وہابیت کو اس کتاب کے ذریعہ فروغ بخشا۔ اور اپنی دعوت کو جب عام کرنے کی کوشش کی تو صوفیاء ومشائخ کرام نے بھی اس کی زبردست مزاحمت کی۔ چنانچہ حضرت شاہ محمد مظہر نقشبندی مجددی مہاجر مدنی اپنے والد گرامی حضرت شاہ احمد سعید نقشبندی مجددی دہلوی (قدس سرہما) کے بارے میں صراحت کے ساتھ تحریر فرماتے ہیں۔

وَلَمْ يَذْكُر اَحَدًا بِالسُّوءِ اِلَّا الفرقَةَ الضَّالَّةَ الوَهابِيَّة لِتَحْذِيرِ النَّاسِ مِنْ قَبَاحَةِ اَفْعَالِهِمْ وَاَقْوَالِهِمْ

اس کے بعد اسی صفحہ کے حاشیہ میں تحریر فرماتے ہیں:

وَكَانَ قُدِّسَ سِرُّهُ يَقُوْلُ اَدْنىٰ ضَرَرِ صُحْبَتِهِمْ اَنَّ مَحَبَّةَ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم التى هِيَ مِنْ اَعْظَمِ اَرْكَانِ الايمانِ تَنْقُصُ سَاعَةً فساعَةً حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْهَا غَيْرُ الاسْمِ وَالرَّسْمِ فَكَيْفَ يَكُوْنُ اَعْلَاهُ فَالحذَرَ الحَذَرَ عَنْ صُحْبَتِهِمْ ثُمَّ الحَذَرَ الحَذَر عَنْ رُوْيَتِهِمْ فَاحفَظُه (منه)

ترجمہ: حضرت شاہ احمد سعید قدس سرہٗ کسی شخص کا تذکرہ برائی کے ساتھ نہ کرتے مگر فرقہ ضالہ وہابیہ کا۔ مقصد یہ ہوتا کہ لوگوں کو ان کے افعال واقوال کی برائیوں سے ڈرائیں۔ حضرت شاہ احمد سعید صاحب فرمایا کرتے کہ وہابیوں کی صحبت کا معمولی اثر یہ ہوتا ہے کہ محبت نبی اکرم ﷺ جو دین کا ایک رُکن اعظم ہے

---

(۱) ایضاً ص: ۲۲۰، ۲۱۹

وہ لمحہ بہ لمحہ کم ہوجاتی ہے یہاں تک کہ صرف نام ونشان باقی رہ جاتا ہے جب معمولی ضرر کا یہ حال ہے تو بڑے نقصان کا کیا عالم ہوگا۔

بہت سے علماء اہلِ سنّت نے ان اقوال کی بناپر قائل کی تکفیر کی ہے مگر حضرت فاضل بریلوی لکھتے ہیں:

ہمارے نزدیک مقام احتیاط میں اکفار سے کف لسان ماخوذ ومختار ومرضی ومناسب۔

سبحنہٗ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم (۱)

مشہور غیر مقلد عالم نواب وحید الزماں نے ایک جگہ لکھا ہے:

ہمارے بعض متاخرین بھائیوں نے شرک کے بارے میں بہت شدت اختیار کی ہے اور اسلام کا دائرہ تنگ کردیا ہے اور مکروہ یا حرام اُمور کو شرک قرار دے دیا ہے۔ (عربی سے ترجمہ)

اس کے حاشیہ میں ایسے لوگوں کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر کیا ہے۔

وہ شیخ عبدالوہاب ہیں۔ جنہوں نے ان اُمور کو شرک قرار دیا جیسا کہ اہلِ مکّہ کی طرف ارسال کردہ اس کے لیے بیٹے محمد اور پوتے عبداللہ کے مکتوب سے معلوم ہوتا ہے۔

اور مولانا محمد اسمٰعیل شہید نے تقویۃ الایمان میں اکثر اُمور میں ان کی پیروی کی ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجے اور شاگرد حضرت شاہ مخصوص اللہ دہلوی نے تقویۃ الایمان کے خلاف معید الایمان تحریر فرمائی۔

قائد تحریک آزادی علامہ فضل حق خیرآبادی نے تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغوی میں شرح وبسط کے ساتھ اس کارو تحریر کیا۔ مولانا منورالدین دہلوی متوفی ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۷ء (مولانا خیرالدین مکی کے نانا) حضرت مولانا محمد موسیٰ حضرت شاہ احمد سعید مجددی۔ حضرت شاہ فضل رسول بدایونی وغیرہم علیہم الرحمۃ والرضوان نے اپنی تحریروں اور تقریروں کے ذریعہ تقویۃ الایمان عقائد ونظریات سے اپنی براءت وبیزاری کا اظہار واعلان کرتے ہوئے پرزور دلائل وبراہین کے ساتھ انکار بلیغ کیا۔

---

(۱) الکوکبۃ الشہابیہ فی کفریات ابی الوہابیہ/مطبع اہلِ سنّت بریلی انڈیا، مولف مولانا احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ، ص: ۶۳

اس دور میں ان کتابوں نے کتنا فتنہ برپا کیا اسے معلوم کرنے کے لیے ہندوستان کے ایک مشہور صاحب قلم اور سیاسی لیڈر مسٹر ابوالکلام آزاد کا بیان بھی ملاحظہ فرمائیں۔

''مولانا اسمٰعیل شہید۔ مولانا منورالدین (م ۱۲۷۳ھ تلمیذ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی) کے ہم درس تھے۔ شاہ عبدالعزیز کے انتقال کے بعد جب اُنہوں نے تقویۃ الایمان اور جلاء العینین لکھی اور ان کے اس مسلک کا ملک میں چرچا ہوا تو تمام علماء میں ہلچل پڑ گئی۔''

ان کے رد میں سب سے زیادہ سرگرمی بلکہ سربراہی مولانا منورالدین نے دکھائی متعدد کتابیں لکھیں اور ۱۲۴۸ھ والا مشہور مباحثہ جامع مسجد دہلی میں کیا۔ تمام علماء ہند سے فتویٰ مرتب کیا پھر حرمین سے فتویٰ منگایا۔

ان کی تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ اُنہوں نے ابتداء میں مولانا اسمٰعیل اور ان کے رفیق اور شاہ عبدالعزیز صاحب کے داماد مولانا عبدالحیٔ کو بہت کچھ فہمائش کی اور ہر طرح سمجھایا لیکن جب ناکامی ہوئی تو بحث ورد میں سرگرم ہوئے اور جامع مسجد دہلی کا شہرۂ آفاق مناظرہ ترتیب دیا جس میں ایک طرف مولانا اسمٰعیل اور مولانا عبدالحیٔ تھے اور دوسری طرف مولانا منورالدین اور تمام علمائے دہلی۔ (۱)

اعلیٰحضرت فاضل بریلوی نے ہندوستان کے ان اعیانِ وہابیہ (وملامدہ اور نیچریوں) کے خلاف شرعی فیصلہ صادر فرماتے ہوئے لکھا:

وَبِالجُملَۃ ھٰؤلاءِ الطَّوَائِفُ السَّبعُ کُلُّھُم کُفَّارٌ مُّرتَدُّونَ وَخَارِجُونَ عَنِ الاسلامِ بِاِجمَاعِ المُسلِمِینَ ۔

ان تمام فرق باطلہ کی تکفیر صرف آپ ہی نے نہیں کی بلکہ المعتمد المستند کی ساری تفصیلات جمع کر کے اپنے مذکورہ شرعی فیصلہ کے ساتھ علماء حرمین طیبین کی خدمت میں پیش کیا۔ چنانچہ پچاسوں مشاہیر علماء اسلام نے اس کی تصدیق کی اور اپنے دستخط ومہر سے اسے نوازا۔ جسے حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین کے نام سے طبع کیا گیا۔

(۱) آزادی کی کہانی، مؤلف ص:۵۶

اس کے علاوہ ہندوستان میں پشاور سے لے کر بنگال تک کے دوسوار سٹھ علماء اہلِ سنّت ومشائخ کرام نے اپنی مبارک تصدیقات سے اس کی تائید وتوثیق کی اور اس کا مجموعہ الصوارم الہندیہ کے نام سے شائع ہوا یہ ساری تفصیلات سیکڑوں کتب ورسائل میں مذکورہ ہیں۔

ایک جگہ وہابیوں کو مخاطب کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

وہابی صاحبو! مسلمان بننا چاہتے ہو تو حضور پرنور محمد رسول اللہ ﷺ کی عظمت سُویدائے دل کے اندر جماؤ جوان کی جناب عالم مآب میں گستاخی کرے اگر تمہارا باپ بھی ہو الگ ہو جاؤ۔ جگر کا ٹکڑا ہو دشمن بناؤ۔ بہزار زبان وصد ہزار دل اس سے تبری کرو تماشی کرو۔ اس کے سایہ سے نفرت کرو اس کے نام پر لعنت کرو۔ (۱)

(۱) احیاءِ سنّت اور تجدیدِ ملت/ امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ۔ ص: ۲۸۳

ندویت

شبلی نعمانی بانیٔ دارالمصنفین اعظم گڑھ نے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کی تاسیس (۱۹۰۸ء) کے وقت جب کہ یوپی کے انگریز لیفٹیننٹ گورنر نے اس کا سنگِ بنیاد رکھا اس کی منظر کشی کرتے ہوئے بڑی مسرت و انبساط اور فخر ومباہات کے ساتھ تحریر کیا ہے۔

''یہ پہلا ہی موقع تھا کہ ترکی ٹوپیاں اور عمامے دوش بدوش نظر آتے تھے یہ پہلا ہی موقع تھا کہ مقدس علماء عیسائی فرمانروا کے سامنے دلی شکرگذاری کے ساتھ ادب سے خم تھے۔ یہ پہلا ہی موقع تھا کہ شیعہ وسنی ایک مذہبی درسگاہ کی رسم ادا کرنے میں برابر کے شریک تھے۔ یہ پہلا ہی موقع تھا کہ ایک مذہبی درسگاہ کا سنگِ بنیاد ایک غیر مذہب کے ہاتھ سے رکھا جارہا تھا۔'' (۱)

لکھنؤ کے جلسے میں ابراہیم آروی نے اپنے لیکچر میں صرف لا الہ الا اللہ پر مدارنجات رکھا۔ مولوی عبدالوہاب صاحب لکھنوی مع ہمراہیان یہ فرما کر اُٹھ آئے کہ یہاں تو رسالت بھی تشریف لے گئی۔

اسی طرح سنیوں میں سے جو مطلع ہوتا گیا جدا ہوتا گیا یہاں تک کہ اس میں بد مذہب رہ گئے۔ یا تو کھلے مرتدین جیسے رافضی وہابی وغیرہم یا وہ نام کے سنی جوان کو ارکین دینی بتاتے اور ان سے اتحاد مناتے۔

ندوہ کا عقیدہ یہ ہے کہ نیچری، وہابی، قادیانی، رافضی، سنی سب اہل قبلہ ہیں۔ لہٰذا سب مسلمان ہیں۔ اہل قبلہ کی تکفیر جائز نہیں۔ خدا سب کو ایک نظر سے دیکھتا ہے۔ جیسے برٹش گورنمنٹ کہ اسے اس کی رعیت کے سب مذہب والے ایک سے۔

اس قسم کے خیالات اور ان کی قباحتوں شناعتوں اور ضلالتوں کا ذکر کر کے حضرت فاضل بریلوی نے علماء حجاز سے ان پر تصدیق چاہی تو مشاہیر علماء اسلام نے اس طرح کی مخلوط صلح کلیت کو مسلمانوں کے حق میں زہر ہلاہل قرار دیا۔

(۱) شبلی نامہ/شیخ محمد اکرام/ص: ۱۴۰

رئیس العلماء حضرت شیخ محمد سعید بن محمد بابجیل مفتی شافعیہ مکّہ مکرمہ نے تصدیق کرتے ہوئے لکھا۔

''میں نے اس عجالہ کو اوّل تا آخر دیکھا اور اس کے اٹھائیس جوابوں پر نظر کی تو میں نے جانا کہ وہ افضل تصنیفات وتالیفات ہے۔ خصوصاً وہ اس کی تصنیف ہے جو مذہب اہلِ سنّت و جماعت کی یادری اور مشرب اہل زیغ وکفر وضلالت کی پردہ دری کی طرف بلانے والا ہے۔ مصنف نے خوب لکھا اور فائدہ بخشا۔ اللہ تعالیٰ اسے اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے بہتر جزا عطا فرمائے اور اس کا جمال اس کا کمال دنیا وآخرت میں ہمیشہ رکھے آمین۔'' (۱)

شیخ محمد صالح بن علامہ صدیق کمال حنفی مفتی احناف مکّہ مکرمہ لکھتے ہیں:

''خدا کی قسم! اس نے نصرت حق واہلاک باطل کے لیے بے شک خوب کہا الٰہی! ہم تیری طرف التجا لاکر ان باتوں سے بیزار ہوتے ہیں جو طوائفِ بے دین نیچری وارفضی ووہابی وغیرہم ملحدوں نے بکیں۔ الٰہی! ہمیں مذہب اہلِ سنّت و جماعت پر مرنا نصیب فرما۔'' (۲) آمین

چنانچہ مشہور دیوبندی مورخ مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے لکھا ہے:

جن دنوں ندوۃ العلماء اپنی ابتدائی شان وشوکت کا دل آویز لباس پہن کر اُٹھا اور اہلِ اسلام نے عموماً اور بہتیرے مخلصین اللہ والوں نے خصوصاً اس کی ضرورت اس کا استحسان اور اس کی خوبیاں تسلیم کرکے شمولیت اختیار کرلی تھی حضرت امام ربّانی (رشید احمد گنگوہی) نے موافقت نہیں فرمائی۔ ہر چند آپ کی صدارت و سرپرستی پر زور دیا گیا۔ خود مولانا محمد علی (مونگیری) ناظم ندوہ یہ درخواست لے کر منظوری کی سعی فرمانے کے لیے گنگوہ کے عازم ہوئے۔

مگر جب دیوبند پہنچے تو حضرت (گنگوہی) نے کہلا بھیجا کہ اس ارادہ سے گنگوہ کا قصد نہ فرمائیں۔ کیونکہ میں ہرگز شامل نہ ہوں گا۔ آخر ناظم صاحب کو سہارنپور ہی سے واپس ہونا پڑا اور حضرت یا آپ کے متعلقین شامل نہ ہوئے۔

(۱) فتاویٰ الحرمین/ ص: ۱۳۷

(۲) ایضاً ص: ۱۳۹

حضرت کے بعض واقفین نے عرض بھی کیا کہ صاحبزادہ صاحب اور حضرت مولانا (شیخ الہند محمود حسن) دیوبندی کو اجازت عطا فرمادیں کہ شریکِ جلسۂ سالانہ ہوجائیں۔

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس (۱)

علی گڑھ یوپی کے زیرِ اثر چلنے والی تحریک ہندوستان گیر سطح پر پھیلائی جارہی تھی مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کی کوشش ظاہر ہے ایک مستحسن امر اور قابلِ تعریف اقدام ہے لیکن جن لوگوں کے ہاتھوں میں اس تحریک کی قیادت تھی اور وہ جس فکر و مزاج کے مالک تھے۔ اس کا حال ہر تعلیم یافتہ مسلمان پر عیاں ہے۔ ایک استفتاء جس میں اس کی ایک شاخ کا ذکر ہے اس کے جواب میں حضرت فاضل بریلوی کا مذہبی نقطۂ نظر اور ان کی مومنانہ بصیرت ملاحظہ فرمائیں جس کی تصدیق دوسرے علماء اہلِ سنّت نے بھی کی۔

کیا فرماتے ہیں علمائے عین پرور وفقہائے نامور کثرہم اللہ تعالیٰ ونصرہم اس سوال میں کہ اس ملک کاٹھیاواڑ میں ایک مجلس بنام کاٹھیاواڑ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس اعنی کاٹھیاواڑ کے مسلمانوں کی تعلیمی مجلس قائم ہوئی ہے۔ جس میں بلا رعایت سنی ہر کلمہ گو رافضی، وہابی نیچری، قادیانی، چکڑالوی وغیرہم رکن ہوسکتا ہے اور ایسی سیاسی تنظیم جس میں مسلمانانِ اہلِ سنّت کو تمام کلمہ گو مرتدین و مبتدعین وہابیہ و نیچریہ و روافض وغیرہم کے ساتھ وداد بلکہ انقیاد بلکہ اتحاد کی سرگرمی کے ساتھ دعوت دی جاتی ہے ایسی مجلس کو بعض مسلمان اپنی دینی و دنیوی ترقی کا سبب جان کر جان و مال سے امداد کرتے ہیں۔ اور دینی مفسدہ و مضرت سے آگاہ نہیں۔

ابوالحسن علی ندوی ناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے والد حکیم عبدالحی رائے بریلوی لکھتے ہیں:

''نیچری جماعت سے مراد سرسیّد احمد دہلوی بن محمد متقی متوفی ۱۳۱۵ھ کے ماننے والے ہیں۔ سرسیّد کے عقائد ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمام کائنات کی علت اوّل ہے۔ ان کے نزدیک تقدیر کا صرف یہ مطلب ہے کہ اللہ

---

(۱) ۲۹ دسمبر ۱۸۸۶ء کو علی گڑھ میں سرسیّد کی قیادت میں قائم ہوا۔

تعالیٰ ماضی، حال اور مستقبل کی تمام باتوں کا جاننے والا ہے۔

ان کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات جاننے کے لیے انسانی عقل کافی ہے اور اسی طرح کفر و اسلام کے درمیان امتیاز وتفریق کرنے میں عقل کو کسی دوسرے سہارے کی ضرورت نہیں چیزوں کی اچھائی و بُرائی کا فیصلہ عقل کرتی ہے۔

آیا سنیوں کو ایسی کانفرنس کا قائم کرنا اور جان و مال سے اس کی مدد کرنا، اس کے جلسے میں شریک ہونا، بددین ومرتدوں کو مسلمان سمجھنا اور ان سے میل جول پیدا کرنا اور ان سے ترقی کی اُمید رکھنا شرع شریف میں کیا حکم رکھتا ہے؟

الجواب

ایسی مجلس مقرر کرنا گمراہی ہے اور اس میں شرکت حرام اور بد مذہبوں سے میل جول آگ ہے اور اُس بڑی آگ کی طرف کھینچ کر لے جانے والا۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

واما ینسینك الشیطن فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین

ترجمہ: اور اگر تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آوے پر پاس نہ بیٹھ ظالموں کے۔

تفسیرات احمدیہ میں ہے۔

دخل فیه الکافر و المبتدع و الفاسق و القعود مع کلهم ممتنع

اس آیت کے حکم میں ہر کافر ومبتدع اور فاسق داخل ہے ان میں سے کسی کے پاس بیٹھنے کی اجازت نہیں۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار

ترجمہ: ظالموں کی طرف میل نہ کرو کہ تمہیں آگ چھوئیگی۔

صحیح مسلم شریف کی حدیث میں ہے۔حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں:

ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم

ترجمہ: ''ان سے دور رہو اور انہیں اپنے سے دور کرو۔کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں۔کہیں وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔''

مسلمان کا ایمان ہے کہ اللہ ورسول سے زیادہ ہماری کوئی بھلائی چاہنے والا نہیں۔''جل وعلا'' و ''صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم'' جس بات کی طرف بلائیں یقیناً ہمارے دونوں جہان کا اس میں بھلا ہے اور جس بات سے منع فرمائیں بلاشبہ سراسر ضرر وبلا ہے۔

مسلمان صورت میں ظاہر ہوکر جوان کے حکم کے خلاف کی طرف بلائے یقین جان لو کہ یہ ڈاکو ہے۔ اس کی تاویلوں پر ہرگز کان نہ رکھو۔رہزن جو جماعت سے باہر نکال کر کسی کو لے جانا چاہتا ہے۔ضرور چکنی چکنی باتیں کرے گا اور جب یہ دھوکہ میں آیا اور ساتھ ہولیا تو گردن مارے گا مال لوٹے گا۔شامت اس بکری کی کہ اپنے راعی کا ارشاد نہ سُنے اور بھیڑیا جو کسی بھیڑ کی اون پہن کر آیا اس کے ساتھ ہولے۔

مصطفیٰ ﷺ تمہیں منع فرماتے ہیں وہ تمہاری جان سے بڑھ کر تمہارے خیر خواہ ہیں حریص علیکم تمہارا مشقت میں پڑنا ان کے قلب اقدس پر گراں ہے۔عزیز علیہ ما عنتم واللہ وہ تم پر اس سے زیادہ مہربان ہیں جیسے نہایت چہیتی ماں اکلوتے بیٹے پر،بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ

ارے۔ان کی سُنو!ان کا دامن تھام لو،ان کے قدموں سے لپٹ جاؤ،وہ فرماتے ہیں:

ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم

ان سے دور رہو۔اور ان کو اپنے سے دور کرو۔کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں۔کہیں وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔

ابن حبان وطبرانی وعقیلی کی حدیث میں ہے کہ فرماتے ہیں:

صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تواکلوھم ولا تشاربوھم ولا تجالسوھم ولا تناکحوھم و اذا مرضوا فلا تعو دو ھہ و اذا ماتوا فلا تشھدوھم و لا تصلوا علیھم ولا تصلوا معھم

ان کے ساتھ کھانا نہ کھاؤ، ان کے ساتھ پانی نہ پیو، ان کے پاس نہ بیٹھو، ان سے رشتہ نہ کرو، وہ بیمار پڑیں تو پوچھنے نہ جاؤ، مرجائیں تو جنازہ پر نہ جاؤ، نہ ان کی نماز پڑھو، نہ ان کے ساتھ نماز پڑھو۔

امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسجد اقدس نبی کریم ﷺ میں نماز مغرب کے بعد کسی مسافر کو بھوکا پایا اپنے ساتھ کاشانہ خلافت میں لے آئے۔ اس کے لیے کھانا منگایا جب وہ کھانے بیٹھا کوئی بات بدمذہبی کی اس سے ظاہر ہوئی۔ فوراً حکم ہوا کہ کھانا اُٹھالیا جائے اور اسے نکال دیا جائے سامنے سے کھانا اُٹھوالیا اور اُسے نکلوادیا۔

سیّدنا عبداللہ بن عمرؓ سے کسی نے آکر عرض کی۔ فلاں شخص نے آپ کو سلام کہا ہے۔ فرمایا:

لا تقرئہ منی السلام فانی سمعت انہ احدث

میری طرف سے اُسے سلام نہ کہنا کہ میں نے سُنا ہے کہ اس نے کچھ بدمذہبی نکالی۔

ان مضامین کی تفصیل میں تمام اکابر علمائے حرمین شریفین کا فتویٰ مسمّی بہ فتاویٰ الحرمین برجف ندوۃ المین۔ اور عامۂ علمائے ہند کا فتویٰ مسمّیٰ بہ فتاویٰ السنۃ لالجام اہل الفتنہ۔ اور فتاوی القدوہ۔ اور النذیر الاحمر۔ اور النذیر المبین۔ وغیرہا۔ پچاس سے زائد کتابیں چھپ کر شائع ہوچکیں اور ہدایت اللہ عزوجل کے ہاتھ۔

واللّٰہ یقول الحق وھو یھدی السبیل وحسبنا ونعم الوکیل وصلی اللّٰہ تعالیٰ علی سیّدنا ومولانا محمد وآلہ وصحبہ بالتبجیل واللّٰہ تعالیٰ اعلم

تصدیقی دستخط، مہر علی شاہ گولڑہ، حامد رضا قادری، مصطفیٰ رضا قادری، محمد امجد علی اعظمی رضوی، محمد ظہور الحسنین فاروقی رام پوری، فقیر حمد اللہ کمال الدین قادری پشاوری، محمد نعیم الدین مراد آبادی، محمد اکرام الدین خطیب وامام مسجد وزیر خاں لاہور۔

ان علماء کرام کے علاوہ الٰہ آباد، اعظم گڑھ، مظفر پور، دربھنگہ، سیالوہ، کلکتہ، جبل پور، پٹنہ، سہرام،

(ہ) سانحہ ارتحال اور اثرات ۱۹۲۱ء اور اس کے متعلقات

ہر شخص کی زندگی کا آخری دور عموماً علالت اور ضعف و ناتوانی کا ہوا کرتا ہے جس کی وجہ سے پابند صوم و صلوٰۃ حضرات بھی سستی و کاہلی کا شکار ہو کر فرائض کی ادائیگی کا دامن چھوڑ دیتے ہیں۔ یا کم از کم پابندی اوقات میں ضرور فرق آجاتا ہے۔ مگر مقربین بارگاہِ خداوندی ایسے عالم میں بھی اتباع شرع و تقویٰ کا اتنا ہی خیال رکھتے ہیں جتنا اپنی صحت و تندرستی اور طاقت کے زمانے میں لازم کیا کرتے تھے۔ جناب سیّد ایوب علی خلیفہ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کا بیان ہے کہ جب عاشق رسول حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی قدس سرّہ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو اب یہ خیال آتا ہے کہ نہ صرف ماہ صیام گزارنا کو بھوالی پر مقصود تھا بلکہ پس ماندگان کو اپنی مفارقت کا آہستہ آہستہ عادی بنانا تھا میرا یہ دعویٰ ہے کہ انہیں برسوں پہلے بخوبی روشن تھا کہ میرا کس سال اور نہ صرف سال بلکہ کس مہینہ اور نہ صرف مہینہ بلکہ کس تاریخ، کس روز، کس منٹ، پر وصال ہوگا؟ ملاحظہ ہو سرکار کا نعتیہ دیوان مسمّی بہ حدائق بخشش حصہ اوّل کے اخیر میں قصیدہ ''حضور جان نور'' ۱۳۲۴ھ زیرِ عنوان ''حاضری بارگاہ بہیں جاہ وصل اوّل رنگ علمی'' کے دو شعر جو علی الاتصال موجود ہیں، جن کے ظاہر معنی نظر انداز کرتے ہوئے تاریخ وفات ۲۵ صفر ۱۶ سال پہلے لفظوں میں فرمادی تھی ''حضور جان، تاریخی نام ہے اور یہ اشعار دومرتبہ حج سے فارغ ہونے کے بعد مدینہ منورہ سے روانگی راہ میں فرمایا تھا ۱۳۲۴ھ کا واقعہ ہے وہ اشعار یہ ہیں:

وہ دیکھو جگمگاتی ہے شب اور قمر ابھی	پہروں نہیں کہ بست و چہارم صفر کی ہے
ماہ مدینہ اپنی تجلی عطا کرے	یہ ڈھلتی چاندنی تو پہر دو پہر کی ہے

بعد وصال قبل تدفین کا شانۂ اقدس سے حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خان صاحب خلف اکبر حضرت مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ ''مکتوبات رضویہ'' کی جلد اوّل لائے اور میرے

مولانا شیخ عبدالرحمٰن دہان مدرس حرم مکہ مکرمہ بعد بیان مدائح کثیرہ فرماتے ہیں:

الذی شهد له علماء البلد الحرام بانه السیّد الفرو الامام سیّدی ومسلاذی الشیخ احمد رضا خان البریلوی

مولانا سیّد اسمٰعیل بن خلیل آفندی حافظ کتب حرم مکہ معظمہ بعد بہت سے مدائح و ذکر اسم گرامی اعلحضرت عظیم المرتبت فرماتے ہیں:

وقد شهد له عالمومکة بذالك ولولم یکن بالمحل الارفع لما وقع منهم ذالك بل اقول لوقیل فی حقه انه مجدد هذا القرن لکان حقا وصدقا

اسی طرح علمائے مدینہ منورہ بھی آپ کے مداح ہیں اور کئی جلیل القدر فاضلوں نے اہلِ حرمین سے کتنے ہی علوم میں آپ سے سندیں لیں اور کئی حضرات نے بیعت بھی فرمائی

ذلك فضل اللّٰه یوتیه من یشاء الخ (۱)

(مسئلہ ندویت ''مولانا احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ اور بدعات ومنکرات'' سے اخذ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے اس کتاب سے رجوع کیا جائے۔)

(۱) بتصرف احیاء سنت اور تجدید ملت/ مؤلف امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ۔ بریلی انڈیا،ص:۳۲۴،۳۳۲،۳۳۳

(د) علامہ اقبال اور تحریکِ خلافت

مسلمان اور ہندو، دو الگ الگ قومیں ہیں۔ یہ اعلان امام ربّانی مجدد الف ثانی قدس سرّہ نے اپنے دور میں پوری قوت سے کیا۔ ۱۹۲۰ء میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اتنی قوت سے بلند کیا کہ ہندو مسلم اتحاد کا پردہ چاک ہو گیا۔ یہی وہ دو قومی نظریہ تھا جو ۱۹۳۰ء میں علامہ اقبال کے خطبۂ الٰہ آباد کی بنیاد بنا اور جسے ۱۹۳۸ء میں قائد اعظم نے قبول کیا۔ قائد اعظم کی طرح علامہ اقبال بھی تحریکِ خلافت کے حق میں نہیں تھے۔

ایم اے جناح بھی اس تحریک اور اس کی ضمنی تحریکوں کو مسلمانوں کے لیے سخت نقصان دہ سمجھتے تھے۔ مگر ان دونوں کی کسی نے ایک نہ سنی۔ چنانچہ وہ اس آندھی کے دوران، میدان سیاست سے ہٹ آئے اور ایک طرف ہو کر بیٹھ گئے۔ جن لوگوں نے میدان میں آ کر خلافت، ہجرت اور ترکِ موالات جیسی نقصان دہ تحریکوں کی مخالفت کی اور ان کے حامیوں اور لیڈروں کا زور توڑا، وہ حضرات مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور ان کے خلفائے اور عقیدت مند ہی تھے۔(۱)

اقبال مسئلہ تحفظ خلافت پر مسلمانوں کے ہندوؤں کے ساتھ مل کر عدم تعاون کی تحریک میں شرکت کے خلاف تھے۔ کیونکہ کسی قابل قبول ہندو مسلم معاہدے کے بغیر محض انگریزی دشمنی کی بنا پر قومیت متحدہ کی تعمیر ممکن نہ تھی علاوہ اس کے اُنہیں خدشہ تھا کہ کہیں ایسے اشتراک اور مسلمانوں کی سادہ لوحی سے فائدہ اُٹھا کر قومیت متحدہ کے داعی ان کی علیحدہ ملی حیثیت کو ختم نہ کر دیں جس کے سبب بعد میں اُنہیں پشیمان ہونا پڑے، اُنہی اختلافات کی بناء پر اقبال نے صوبائی خلافت کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا۔(۲)

---

(۱) پاکستان کا پس منظر اور پیش منظر۔ میاں عبدالرشید۔ لاہور۔ ص: ۱۱۰

(۲) زندہ رود۔ جاوید اقبال۔ لاہور

ابتداء میں اقبال بھی متحدہ قومیت کے قائل تھے۔لیکن غور وفکر نے ان کی رائے تبدیل کردی۔۱۴نومبر ۱۹۲۳ء کو سیّد محمد سعید الدین جعفری کے نام ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

''ابتدا میں، میں بھی قومیت پر اعتقاد رکھتا تھا اور ہندوستان کی متحدہ قومیت کا خواب شاید سب سے پہلے میں نے دیکھا تھا۔لیکن تجربہ اور خیالات کی وسعت نے میرے خیال میں تبدیلی کردی اور اب قومیت میرے نزدیک محض ایک عارضی نظام ہے جس کو ہم ایک ناگزیر سمجھ کر گوارا کرتے ہیں۔''(۱)

علامہ اقبال نے میثاق لکھنؤ کی بھرپور مخالفت کی ان کا خیال تھا کہ اس معاہدے کے تحت ان صوبوں میں جہاں مسلمان اقلیت ہی میں رہیں گے لیکن جہاں مسلمان اکثریت میں ہیں اقلیت میں تبدیل ہوجائیں گے اس لیے اُنھوں نے اس معاہدے کو مسلمانوں کے مفادات کے خلاف تصور کیا اور کہا کہ اس میثاق کی وجہ سے مسلمانوں کو برصغیر میں سیاسی اقتدار حاصل کرنے کے موقع سے محروم کردیا گیا ہے۔دہلی تجاویز کے بعد آپ مسلم لیگ کے سیکریٹری جنرل مقرر کیے گئے۔جہاں آپ نے مسلمانوں کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

۱۹۳۰ء میں الٰہ آباد کے مقام پر مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس منعقد کیا گیا آپ نے خطبۂ صدارت میں مسلمانانِ ہند کے لیے علیحدہ مملکت کی ضرورت واضح کی اور بعد میں اسی رائے کو آگے بڑھایا جس کا پرچار مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے آغاز ہی میں کیا تھا''مسلمان اور ہندو ایک قوم ہرگز نہیں ہیں'' پھر اقبال نے دلیلوں سے یہ بات ثابت کی کہ مسلمان و ہندو الگ الگ قوم ہیں اور دونوں قومیں ایک ہی مملکت میں نہیں رہ سکتے اُنھوں نے مسلمانوں پر واضح کیا کہ انگریزوں کی غلامی سے آزادی حاصل کرکے ہندوؤں کی غلامی میں نہ جائیں بلکہ انگریزوں اور ہندو دونوں کی غلامی سے آزادی حاصل کریں۔علامہ اقبال نے خطبۂ الٰہ آباد میں قرارداد لاہور کی بنیاد رکھی اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔

علامہ اقبال کی سیاسی بصیرت اس حقیقت تک پہنچ چکی تھی کہ برصغیر میں مسلمان اسی صورت میں اپنی منزل حاصل کرسکیں گے۔جب قائداعظم جیسی شخصیت مسلمانوں کی رہنمائی کرے ان دنوں قائداعظم لندن میں تھے۔علامہ نے قائد کو وطن واپس آنے اور مسلمانوں کی راہنمائی کا فرض ادا کرنے پر آمادہ کیا۔قائداعظم

(۱) زندہ رود۔جاوید اقبال۔لاہور

نے بھی علامہ اقبال کی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اُٹھایا۔

اسلام کا ہندوؤں کے ہاتھ بک جانا گوارا نہیں ہوسکتا۔افسوس اہلِ خلافت اپنی اصلی راہ سے بہت دور جا پڑے، وہ ہمیں ایک ایسی قومیت کی راہ دکھا رہے ہیں جس کو کوئی مخلص ایک منٹ کے لیے بھی قبول نہیں کرسکتا۔ اسی لیے یہ کہنا کسی طرح بھی صحیح نہیں کہ ''تحریکِ ترکِ موالات میں بریلویوں کے علاوہ مسلمانوں کے تمام گروہ ان کے زعماء، قائدین اور علماء شامل تھے۔'' اگر مسلمانوں کے تمام گروہ ترکِ موالات کے دور میں ہندو مسلم اتحاد کا شکار ہوگئے ہوتے تو پاکستان کی حمایت میں مسلمانوں کی غالب ترین اکثریت کبھی ووٹ نہ دیتی اور پاکستان بھی معروضِ وجود میں نہ آتا۔

یہ اَمر باعث حیرت ہے کہ ایک طبقہ پاکستان میں رہتے ہوئے بھی پاکستان کی بنیادوں کو محفوظ کرنے والوں کے خلاف زبان طعن دراز کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتا۔

مذکورہ بالا تحریر و تحقیق سے یہ بات بالکل واضح ہوگئی کہ علامہ اقبال کی تحریکِ خلافت اور تحریکِ پاکستان کے حوالے سے اس نظریے کے حامی و مؤید تھے جن کے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور ان کے خلفاء تھے۔ضرورت ہے کہ علامہ اقبال کے موقف کو سامنے لایا جائے تا کہ عوام اور خواص زیادہ سے متعارف ہوسکیں اور مخالفین پاکستان نے ان کے خلاف جو غلط و بے بنیاد الزامات عائد کیے ہیں اس کا خاتمہ ہو۔

(ہ) سانحہ ارتحال اور اثرات ۱۹۲۱ء اور اس کے متعلقات

ہر شخص کی زندگی کا آخری دور عموماً علالت اور ضعف و ناتوانی کا ہوا کرتا ہے جس کی وجہ سے پابند صوم و صلوٰۃ حضرات بھی سستی و کاہلی کا شکار ہو کر فرائض کی ادائیگی کا دامن چھوڑ دیتے ہیں۔ یا کم از کم پابندی اوقات میں ضرور فرق آ جاتا ہے۔ مگر مقربین بارگاہ خداوندی ایسے عالم میں بھی اتباع شرع و تقویٰ کا اتنا ہی خیال رکھتے ہیں جتنا اپنی صحت و تندرستی اور طاقت کے زمانے میں لازم کیا کرتے تھے۔ جناب سیّد ایوب علی خلیفہ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کا بیان ہے کہ جب عاشق رسول حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی قدس سرّہ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو اب یہ خیال آتا ہے کہ نہ صرف ماہ صیام گزارنا کوہ بھوالی پر مقصود تھا بلکہ پس ماندگان کو اپنی مفارقت کا آہستہ آہستہ عادی بنانا تھا میرا یہ دعویٰ ہے کہ انہیں برسوں پہلے بخوبی روشن تھا کہ میرا کس سال اور نہ صرف سال بلکہ کس مہینہ اور نہ صرف مہینہ بلکہ کس تاریخ، کس روز، کس منٹ، پر وصال ہوگا؟ ملاحظہ ہو سرکار کا نعتیہ دیوان مسمّی بہ حدائق بخشش حصّہ اوّل کے اخیر میں قصیدہ ''حضور جان نور'' ۱۳۲۴ھ زیر عنوان'' حاضری بارگاہ بہیں جاہ وصل اوّل رنگ علمی'' کے دو شعر جو علی الاتصال موجود ہیں، جن کے ظاہر معنی نظر انداز کرتے ہوئے تاریخ وفات ۲۵ صفر ۱۶ سال پہلے لفظوں میں فرمادی تھی ''حضور جان، تاریخی نام ہے اور یہ اشعار دومرتبہ حج سے فارغ ہونے کے بعد مدینہ منورہ سے روانگی راہ میں فرمایا تھا ۱۳۲۴ھ کا واقعہ ہے وہ اشعار یہ ہیں:

وہ دیکھو جگمگاتی ہے شب اور قمر ابھی	پہروں نہیں کہ بست و چہارم صفر کی ہے
ماہ مدینہ اپنی تجلی عطا کرے	یہ ڈھلتی چاندنی تو پہرہ دو پہر کی ہے

بعد وصال قبل تدفین کاشانۂ اقدس سے حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خان صاحب خلف اکبر حضرت مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ ''مکتوبات رضویہ'' کی جلد اوّل لائے اور میرے

روبرو ورق گردانی فرماتے ہوئے ایک صفحہ پر توقف فرمایا۔ اس فقیر نے اور تمام حاضرین نے دیکھا کہ اس صفحہ پر حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ نے کچھ تواریخ وفات مرحومین وغیرہ کی استخراج فرمائی تھیں، جس کا انداز تحریر ظاہر کرتے ہوئے، میں اس تاریخ کو پیش کرتا ہوں جس سے میرا مقصود حاصل ہے، وہ یہ ہے ۱۳۴۰ھ ویطاف علیهم بآنية من فضة واکواب (مولوی وصی احمد) مذکورہ بالا آیہ کریمہ کے اعداد کا شمار بقاعدہ ابجد ۱۳۴۰ ہوتا ہے اور حضرت مولانا وصی احمد صاحب سورتی علیہ الرحمۃ کا وصال ۱۳۳۴ھ میں ہوا ہے اسی لیے ''و'' کو الگ کر کے تحریر فرمایا یعنی یطاف علیهم بآنية من فضة و اکواب ان کا مادۂ تاریخ ہے اور آیت کریمہ ''ویطاف علیهم'' ہے جس کے اعداد ۱۳۴۰ ہیں لہٰذا حضرت محدث صاحب کا اسم گرامی لکھ کر محدود فرمانا، اس کو پردہ میں رکھنا ہوا اور ظاہر نہ فرمایا کہ اپنا نام تحریر فرمانے سے انکشاف راز ہو جاتا، اس لیے حضرت محدث صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی پر اکتفا کیا، جس کا صاف مقصد یہ ہے کہ آیہ کریمہ واو چھوڑ کر پڑھنے سے محدث صاحب کی تاریخ نکلتی ہے اور واو شامل کرنے سے ''ہماری تاریخ وفات'' ہے یعنی چھ سال قبل اپنے وصال کی تاریخ ''مکتوبات شریف'' میں محفوظ کر دی تھی۔ (۱)

حضرت محدث سورتی کی وفات پر اپنی وفات کا اعلان

جامع حالات فقیر قادری رضوی غفرلہ، کہتا ہے کہ جب حضرت اُستاذی و ملاذی محدث سورتی قدس سرہ العزیز کے وصال شریف کے بعد میں منتظر تعزیت پیلی بھیت روانہ ہوا، اس کے بعد بریلی شریف اعلٰحضرت علیہ الرحمۃ کی قدمبوسی کے لیے بھی حاضری دی۔ ایک دن حضور نے اثنائے تذکرہ میں فرمایا کہ میں نے حضرت محدث صاحب کی تاریخ وفات آیۂ شریفہ سے پائی ہے، جس سے ان کا مرتبہ بھی معلوم ہوتا ہے اور آیۂ کریمہ حضور نے تلاوت فرمائی یطاف علیهم بآنية من فضة واکواب اسی وقت میں نے آیت کریمہ کے اعداد جوڑے ۱۳۳۴ نکلے مگر میرے دل میں ایک کھٹک تھی جس کو کہنے کی ہمت نہ ہوتی تھی، لیکن

(۱) بتصرف حیات اعلٰحضرت مولفہ مولانا ظفرالدین بہاری ص:۱۰۱۴، ۱۰۱۵ جدید ایڈیشن مطبوعہ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور

اعلیحضرت علیہ الرحمۃ نے اس پر مطلع ہوکر فرمایا۔ کیا کچھ آپ کہنا چاہتے ہیں، اتنا اشارہ پاکر میں نے عرض کیا آیۂ کریمہ ویطاف ہے اس پر تبسم فرمایا اور ارشاد ہوا کہ "پوری آیت اس بندۂ خدا کی تاریخ ہوگی" جس کا انتقال چھ سال بعد ۱۳۴۰ھ میں ہوگا، اس وقت میرا ذہن حضور کی طرف نہ گیا لیکن جب حضور کا وصال شریف ۱۳۴۰ھ میں ہوا، معاً خیال آیا کہ اعلیحضرت علیہ الرحمۃ نے اس دن اپنی ہی طرف اشارہ فرمایا تھا مگر میں نہ سمجھ سکا۔

دوران قیام کوہ بھوالی حضور کا ایک "مفاوضہ عالیہ" فقیر (جناب سیّد ایوب علی صاحب) کے نام آتا ہے، آخر میں اسم گرامی سے پہلے ارشاد فرماتے ہیں "چراغ سحر بلکہ آفتاب سرکوہ" یہ مفاوضہ عالیہ "جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی" کے روداد سال اوّل کی اخیر میں غالباً چھپا ہوا ہے۔ (۱)

وصال سے پہلے کے چند لمحات

وہ بھوالی سے مراجعت ۴ محرام الحرام ۱۳۴۰ھ کو ہوتی ہے، حضور کے پیرومرشد اعلیحضرت سیّدنا شاہ آل رسول صاحب قادری برکاتی احمدی مارہروی قدس سرہ العزیز کے عرس شریف کا زمانہ منقضی ہو چکا تھا کہ ۱۶، ۱۷، ۱۸ ذی الحجۃ الحرام کو حضور کیا کرتے تھے لہٰذا واپس آنے پر یہ تقریب منائی گئی اور چونکہ نقاہت اس درجہ تھی کہ خدام کرسی پر بٹھا کر پانچوں وقت مسجد میں لے جاتے تھے لہٰذا قل شریف کے لیے کاشانۂ اقدس ہی کے اندر ہی انتظام ہوا اس وقت جو کلمات طیبات بطور وصایا ارشاد فرمائے تھے وہ یہ تھے پیارے بھائیو "لا ادری سابقنی فیکم" مجھے معلوم نہیں کہ میں کتنے دن تمہارے اندر میں ٹھہروں تین ہی وقت ہوتے ہیں بچپن، جوانی، بڑھاپا۔ جس کا انتظار کیا جائے۔ ایک موت ہی باقی ہے، اللہ قادر ہے کہ ایسی ہزار مجلسیں عطا فرمائے اور آپ سب لوگ ہوں، میں ہوں اور میں آپ لوگوں کو سُناتا رہوں مگر بظاہر اب اس کی اُمید نہیں اس وقت دو وصیتیں آپ لوگوں کو کرنا چاہتا ہوں۔

"ایک تو اللہ و رسول ﷺ کی اور دوسری خود میری، تم مصطفیٰ ﷺ کی بھولی بھیڑیں ہو، بھیڑیے تمہارے

---

(۱) ایضاً ص: ۱۰۱۶

چاروں طرف ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں بہکا دیں، تمہیں فتنے میں ڈال دیں، تمہیں اپنے ساتھ جہنم میں لے جائیں، ان سے بچو، ان سے دور بھاگو، دیوبندی ہوئے، رافضی ہوئے، نیچری ہوئے، قادیانی ہوئے، چکڑالوی ہوئے، غرض کتنے ہی فرقے ہوئے (الی آخرہ مال وافادوسیاتی۔)

آیہ کریمہ "ویطاف علیهم بآنیة من فضة و اکواب" بسااوقات نماز میں تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

جمعۃ المبارک وصال سے ماقبل جمعہ میں ہر وقت حاضری مسجد میں صاف ارشاد فرمایا تھا کہ "آج کرسی پر حاضری ہوئی ہے آئندہ چارپائی پر ہوگی۔"

اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ اپنے بیٹوں کو وصایا فرماتے ہیں:

یوم وصال صبح سے تمام مراحل جائیداد اور تولیت وغیرہ طے فرماتے بارہ بج کر بیس منٹ پر وصایا شریف، خلف اصغر حضرت مفتی اعظم مولانا مولوی حاجی شاہ محمد مصطفیٰ رضا خان صاحب سے لکھوائے اور آخر میں بحالت ہوش وحواس "واللہ شہید" خود دست حق پرست سے ارقام فرما کر دستخط ثبت فرمائے، مفصل حالات ارتحال مع وصایا وغیرہ آئندہ کسی جگہ ہدیہ ناظرین کیے جائیں گے یہاں صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ اب وصال شریف کو صرف دو گھنٹے ۱۸ منٹ باقی تھے اس عرصہ میں خلف اکبر حضرت حجۃ الاسلام مولانا مولوی حاجی قاری شاہ محمد رضا خان صاحب نے حسب الحکم سورۂ یٰسین وسورۂ رعد تلاوت فرمائی اس وقت بھی ہوش وحواس کا یہ عالم تھا کہ درمیان تلاوت دو ایک جگہ عربی اغلاط کی تصحیح فرمائی وہ دعائیں جو سفر کے وقت پڑھنے کا معمول تھا حضور نے شروع فرما دیں۔

ارشاد فرمایا میری وجہ سے نماز جمعہ میں دیر نہ کیا جائے۔

قریب وصال بڑے مولانا صاحب (یعنی مولانا حامد رضا خان صاحب) سے فرمایا گھڑی میرے پاس رکھ دو، ممدوح نے فوراً تعمیل حکم کی فرمایا اور قریب لاؤ انہوں نے اور بڑھا دی فرمایا اور قریب لاؤ انہوں نے اور قریب کر دی پھر فرمایا اور قریب لاؤ عرض کی بالکل، بالکل نظر کے سامنے رکھوالی گئی۔

مولانا مولوی حسنین رضا وصیت نامہ تحریر کرتے ہیں

جامع حالات فقیر ظفر الدین قادری رضوی غفرلہ کہتا ہے وصال شریف ۲ بج کر ۳۵ منٹ پر ہوا، گویا یہ وقت پہلے سے معلوم کرایا گیا تھا اور ایک ایک منٹ کر کے اس کا انتظار فرمارہے تھے، اسی لیے گھڑی بالکل مواجہہ اقدس میں رکھوالی تھی۔ اس جگہ نفع عام کے لیے مناسب سمجھتا ہوں کہ ''رسالہ وصایا شریف مولفہ مولانا مولوی حسنین رضا خان صاحب خلف اوسط برادر اوسط اعلیٰحضرت امام اہلِ سنّت گرامی جناب مولانا مولوی حسن رضا خان صاحب قدس سرّہ کی پوری نقل کردوں'' اگرچہ بعض مضامین مکرر ہوجائیں گے مگر اس میں مضائقہ نہیں والشک ماکرر لت یتضوع

مؤلف کتاب (ف) کی زبانی اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کی زندگی کے آخری لمحات کا تذکرہ

الحمد للّٰہ و کفی: والصلاۃ والسلام علی عبادہ الذین اصطفی وعلٰی آلہ حزبہ وصحبہ وابنہ یدا الدھر ابداً ابدا

بحیثیت اس کے یہ رسالہ اعلیٰحضرت قدس سرّہ العزیز کے وصایا پر مشتمل ہے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ''مکتوب وصایا'' کے ساتھ بعض ان ''ملفوظ وصایا'' کو بھی جمع کردوں جو زمانۂ علالت میں وقتاً فوقتاً ارشاد ہوئے۔ یوں تو ان کی ہر مجلس میں بیٹھنے والا نصائح کے انمول موتیوں سے دامن مراد بھر کر اُٹھا مگر خوشخبری ہے اس کو جس نے ان نصائح کو گوش دل سے سُنا اور ان پر عمل کیا۔ افسوس اور سخت افسوس ہے کہ وہ زواہر جواہر اس درفشانی کے ساتھ ہی سلک تحریر میں نہ آسکے جو دو چار باتیں میرے خیال میں ہیں۔ حوالہ قلم کرتا ہوں اسی اثنا کے بعض ضروری حالات بھی اضافہ کروں گا، اعلیٰحضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۴ محرم الحرام ۱۳۴۰ھ کو بھوالی سے واپس تشریف لائے، مسلمانانِ بریلی نے بڑا شاندار استقبال کیا حضور والا کے تشریف لاتے ہی بریلی میں

(ف) حیات اعلیٰحضرت/ظفر الدین بہاری

چہل پہل ہوگئی۔ بھوالی میں اعلیٰحضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو درد پہلو کا دورہ پڑ چکا تھا، اس سے ضعف شدید ہوگیا تھا، وطن اور بیرونجات کے دور دراز مقامات سے مسلمان عیادت و بیعت کے لیے گروہ در گروہ آتے جاتے رہے۔ باوجود نقاہت ان کی ہر مجلس عیادت تذکیر و نصائح کا ذخیرہ ہوتی۔ ان کی کبھی کوئی مجلس سرکار دو عالم تاجدار مدینہ ﷺ کے ذکر شریف سے خالی نہ گئی، مگر اس دوران علالت میں بکثرت ذکر شاہ رسالت علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیہ فرماتے اور خصوصیت کے ساتھ اپنے اور تمام مسلمانوں کے لیے حسن خاتمہ کی دعا فرماتے۔ تضرع وخشیت کی یہ حالت تھی کہ اکثر احادیث رقاق ذکر فرماتے خود اپنی نیز حاضرین کی رُوتے رُوتے ہچکی بندھ جاتی۔ اکثر اوقات فرماتے جس کا خاتمہ ایمان پر ہوگیا اس نے سب کچھ پالیا۔ کبھی فرماتے اگر بخش دے اس کا فضل ہے نہ بخشے تو اس کا عدل ہے۔ حضرت پیر و مرشد سیّدنا شاہ سیّد آلِ رسول قدس سرہ العزیز کے عرس شریف میں جو سال بسال بتواریخ ۱۷، ۱۸، ۱۹ ذی الحجۃ الحرام ہوا کرتا تھا، مگر اس مرتبہ بوجہ علالت اعلیٰحضرت قبلہ اوقات مقررہ پر نہ ہوسکا۔ بلکہ بعد واپسی حضور پرنور یہ عرس شریف ہوا۔ اس عرس شریف میں کہ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کے حیات میں آخری عرس تھا۔ قل کے وقت لوگوں کو مکان میں طلب فرمایا۔ وعظ و نصیحت کی آخری صحبت تھی اور رشد و اشارد کا دور، مولانا مولوی امجد علی صاحب نے کچھ ''وصایا شریف'' قلمبند کیے تھے، جو خود حضور اقدس نے القا فرمائے تھے۔ افسوس ہے کہ وہ کہیں کاغذات میں مل گئے کہ ان کا اب تک پتا نہ چلا، روز عرس کچھ کلمات طیبات جو بطور وصایا ارشاد ہوئے، ان کی برکات سے حصّہ لینے کے لیے گوش گزار ناظرین کیے جاتے ہیں۔ (ملفوظ وصایا)

وصایا شریف

پیارے بھائیو! لا ادری مابقائی فیکم، مجھے معلوم نہیں کہ میں کتنے دن تمہارے اندر اور ٹھہروں، تین ہی وقت ہوتے ہیں بچپن، جوانی، بڑھاپا، بچپن گیا، جوانی آئی، جوانی گئی بڑھاپا آیا، اب کون سا چوتھا وقت آنے والا ہے جس کا انتظار کیا جائے ایک موت ہی باقی ہے اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ ایسی ہزار مجلسیں عطا

فرمائے اور آپ سب لوگ ہوں، میں ہوں اور میں آپ لوگوں کو سُنا تا ہوں مگر اب اس کی اُمید نہیں، اس وقت میں دو وصیتیں آپ لوگوں کو کرنا چاہتا ہوں ایک تو اللہ و رسول ﷺ کی اور دوسری خود میری ''تم مصطفیٰ ﷺ کی بھولی بھیڑیں ہو، بھیڑیے تمہارے چاروں طرف ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں بہکا دیں، تمہیں فتنہ میں ڈال دیں، تمہیں اپنے ساتھ جہنم میں لے جائیں، ان سے بچو ان سے دور بھاگو، دیو بندی ہوئے، رافضی ہوئے، قادیانی ہوئے، چکڑالوی ہوئے، غرض کتنے ہی فرقے ہوئے اور ان سب سے نئے اب گاندھوی ہوئے، جنھوں نے ان سب کو اپنے اندر لے لیا ہے۔ یہ سب بھیڑیے ہیں، تمہارے ایمان کی تاک میں ہیں، ان کے حملوں سے اپنا ایمان بچاؤ۔ حضور اقدس ﷺ رب العزۃ جل جلالہ کے نور ہیں حضور اکرم ﷺ سے صحابۂ کرامؓ روشن ہوئے، صحابۂ کرامؓ سے تابعین روشن ہوئے، تابعین سے تبع تابعین روشن ہوئے، ان سے ائمۂ مجتہدین روشن ہوئے، ان سے ہم روشن ہوئے، اب ہم تم سے کہتے ہیں یہ نور ہم سے لو، ہمیں اس کی ضرورت ہے کہ تم ہم سے روشن ہو، وہ نور یہ ہے کہ اللہ و رسول کی سچی محبت ان کی تعظیم اور ان کے دوستوں کی خدمت اور ان کی تکریم اور ان کے دشمنوں سے سچی عداوت جس سے اللہ و رسول کی شان میں ادنیٰ توہین پاؤ پھر وہ تمہارا کیسا ہی پیارا کیوں نہ ہو۔ فوراً اس سے جُدا ہو جاؤ جس کو بارگاہِ رسالت میں ذرا بھی گستاخ دیکھو، پھر وہ تمہارا کیسا ہی بزرگ و معظم کیوں نہ ہو، اپنے اندر سے اسے دودھ سے مکھی کی طرح سے نکال کر پھینک دو۔ میں ہمیشہ تمہیں بھی بتا تا رہا اور اس وقت بھی یہی عرض کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ضرور اپنے دین کی حمایت کے لیے کسی بندہ کو کھڑا کر دے گا، مگر نہیں معلوم میرے بعد جو آئے کیسا ہو اور تمہیں کیا بتائے، اس لیے ان باتوں کو خوب سُن لو۔ اب میں قبر سے تمہارے پاس بتانے نہ آؤں گا۔ جس نے اُسے سُنا اور مانا قیامت کے دن اس کے لیے نور و نجات ہے اور جس نے نہ مانا اس کے لیے ظلمت و ہلاکت یہ تو خدا اور رسول ﷺ کی وصیت ہے جو یہاں موجود ہیں سُنیں اور مانیں اور جو یہاں موجود نہیں تو حاضرین پر فرض ہے کہ غائبین کو اس سے آگاہ کر دیں اور دوسری میری وصیت ہے۔ آپ حضرات نے مجھے کبھی کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچے دی۔ میرے کام آپ لوگوں نے خود کیے مجھے نہ کرنے دیے اللہ تعالیٰ آپ سب صاحبوں کو جزائے خیر دے مجھے آپ صاحبوں سے اُمید ہے کہ قبر میں بھی اپنے جانب سے کسی قسم کی تکلیف کے باعث نہ ہوں گے۔

''میں نے تمام اہلِ سنّت سے اپنے حقوق لوجہ اللہ معاف کردیے ہیں، آپ لوگوں سے دست بستہ عرض ہے کہ مجھ سے جو کچھ آپ کے حقوق میں فروگزاشت ہوئی ہو وہ سب معاف کردیں اور حاضرین پر میرا فرض ہے کہ جو حضرات یہاں موجود نہیں، ان سے میری طرف سے معافی کرالیں۔ ختم جلسہ کے وقت فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کے کرم سے اس گھر سے فتویٰ نکلتے۔ نوے برس سے زائد ہوگئے۔ میرے دادا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مدت العمر یہ کام کیا۔ جب وہ تشریف لے گئے تو اپنی جگہ میرے والد ماجد قدس سرّہ العزیز کو چھوڑا، میں نے چودہ سال کی عمر میں ان سے یہ کام لے لیا۔ پھر چندروز بعد امامت بھی اپنے ذمہ کرلی غرض کہ میں نے اپنی صغرسنی میں کوئی باران پر نہ رہنے دیا۔ جب اُنہوں نے رحلت فرمائی، تو مجھے چھوڑا اور اب میں تم تینوں کو چھوڑتا ہو، تم ہو (یہ خطاب خلف اکبر مخدومنا مولانا مولوی شاہ محمد حامد رضا خان صاحب سے ہے) ''مصطفیٰ رضا'' ہیں تمہارا ''بھائی حسنین'' ہے سب مل کر کام کروگے، تو خدا کے فضل سے کرسکو گے۔ اللہ تمہاری مدد فرمائے گا۔ اس کے بعد اپنے پس ماندوں کے حق میں خدمت دین وترقی علم کی دعا فرمائی کہ اے اللہ تو ان ناتواں ہاتھوں کی لاج رکھ لے، جو ہمیشہ تیرے ہی آگے پھیلے ہیں۔''

ان مبارک وصایا نے مجمع پر ایسا گہرا اثر ڈالا کہ لوگ دھاڑیں مار کر رو ئے۔ لوگوں کا اس روز بلک بلک کر رونا عمر بھر یاد رہے گا۔ کچھ اس روز ہی اپنے رحلت کی تصریح نہ فرمائی بلکہ اس کے بعد سے یوم وصال تک لگا تار خبریں اپنی وفات شریف کی دیں اور ایسے وثوق سے کہ گویا منٹ منٹ کی خبر ہے۔ میں نے تو تمام واقعات اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں، یہ کہنے کے لیے بالکل مجبور ہوں کہ اعلیٰحضرت قبلہ قدس سرّہ العزیز جو تفرد وامتیاز، دور جدید کے علماء ظاہر میں رکھتے تھے وہی علاوہ برتری انہیں طبقۂ اولیا میں بھی حاصل تھی ان کثیر اخبار میں سے بعض حوالہ قلم کرتا ہوں۔ (اخبار ارتحال) (۱)

(۱) ایضاً ص:۱۰۲۲

اعلحضرت علیہ الرحمۃ کے وصال کی لحہ بہ لحہ کہانی

رمضان المبارک ۱۳۳۹ھ میں اعلحضرت علیہ الرحمۃ قبلہ بھوالی میں تشریف رکھتے تھے اس وجہ سے کہ فرائض الٰہیہ کی عظمت اعلحضرت علیہ الرحمۃ کا قلب ایسا محسوس کرتا تھا جو اولیاء کاملین کا مخصوص حصّہ ہے گونا گوں امراض اور فراساں ضعف سے یہ طاقت نہ رکھتے تھے کہ موسم گرما میں روزہ رکھ سکیں اس لیے آپ نے اپنے حق میں یہ فتویٰ دیا تھا کہ پہاڑ پر سردی ہوتی ہے وہاں روزہ رکھ لینا ممکن ہے تو روزہ رکھنے کے لیے وہاں جانا استطاعت کی وجہ سے فرض ہوگیا اسی فتویٰ کی بنا پر اعلحضرت علیہ الرحمۃ متعدد سال سے آخر شعبان المعظم کو بھوالی تشریف لے جاتے تھے اور رمضان المبارک کے روزے پورے فرما کر عید کا چاند دیکھتے ہی بریلی شریف تشریف لے آیا کرتے اور نماز عید الفطر بریلی شریف اپنی مسجد میں ادا فرمایا کرتے تھے چنانچہ اس سنہ میں بھی حضور کوہ بھوالی ماہ رمضان المبارک شریف میں تشریف رکھتے تھے اور آپ کی منجھلی صاحبزادی مرحومہ بغرض علاج نینی تال میں مقیم تھیں۔ یہ کم وبیش تین برس سے علیل تھیں اور ایسی سخت کہ بارہا مایوسی ہو چکی تھی۔ جب نماز عید الفطر پڑھانے کے لیے اس سال نینی تال تشریف لانا ہوا تو صاحبزادی صاحبہ نے اشتداد مرض کی کیفیت عرض کی، سُنا، چلتے وقت فرمایا کہ میں ان شاء اللہ تعالیٰ تمہارا داغ نہ دیکھوں گا حالانکہ وہ بہت زیادہ بیمار تھیں اور حضور والا کے بعد صرف ۲۷ ہی روز زندہ رہیں ۲۳ ربیع الاوّل شریف ۱۳۴۰ھ میں سفر آخرت اختیار کیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خان صاحبؒ نے ان مرحومہ کی تاریخ وصال فی البدیہہ یہ کہی ''رحمۃ اللہ علیہا رحمۃ واسعہ'' وصال شریف سے دو روز قبل چہارشنبہ بڑی شدت سے لرزہ ہوا۔ جناب بھائی حکیم حسنین رضا خان صاحب کو نبض دکھائی۔ بھائی صاحب قبلہ کو نبض نہ ملی، دریافت فرمایا نبض کی کیا حالت ہے اُنہوں نے گھبراہٹ و پریشانی میں عرض کیا ضعف کے سبب نہیں ملتی، اس پر دریاست فرمایا آج کیا روز ہے لوگوں نے عرض کیا چہارشنبہ ہے ارشاد فرمایا جمعہ پرسوں، یہ فرما کر دیر تک حسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل

پڑھتے ہے میں اس وقت حاضر تھا۔ کہنے والے نے میرے دل میں فوراً کہہ دیا کہ امام اہلِ سنت جمعۃ المبارک کوہم میں رہنے والے نہیں شب پنجشنبہ کو اہل بیت نے چاہا کہ جاگیں۔ شاید کوئی ضرورت ہو، منع فرمایا، جب اُنہوں نے زیادہ اِصرار کیا تو اِرشاد فرمایا ان شاء اللہ یہ رات وہ نہیں ہے جو تمہارا خیال ہے، تم سب سو رہو۔ وصال کے روز اِرشاد فرمایا۔ ''پہلے جمعۃ المبارک میں کرسی پر جانا ہوا آج چار پائی پر جمعہ ہوگا'' پھر فرمایا میری وجہ سے نماز جمعہ میں تاخیر نہ کرنا۔ عالی جناب چودھری عبدالحمید خان صاحب رئیس سہاور مصنف کنز الآخرت (جو اعلیحضرت علیہ الرحمۃ کے عقیدت کیش مخلص ہیں) وصال شریف کے کچھ قبل ملنے کے لیے تشریف لائے، اعلیحضرت علیہ الرحمۃ سے عرض کیا کہ حکیم واجد علی کوثر، سیتاپور کے ایک پُرانے طبیب ہیں صحیح العقیدہ سنی اور فقیر دوست ہیں۔ میرے خیال سے اُنہیں بلا لیا جائے اِرشاد فرمایا کہ انسان آخر وقت تک تدبیر نہیں چھوڑتا اور یہ نہیں سمجھتا کہ اب تدبیر کا وقت نہیں رہا۔ جمعہ کے روز کچھ تناول نہ فرمایا، بھائی حکیم حسنین رضا خان صاحب حاضرِ خدمت تھے، اعلیحضرت علیہ الرحمۃ کو خشک ڈکار آئی اِرشاد فرمایا، خیال رہے معدہ خالی ہے، ڈکار خشک آئی ہے، اس پر بھی احتیاطاً وصال سے کچھ قبل چوکی پر تشریف لے گئے، جمعہ کے روز صبح سے سفرِ آخرت کی تیاریاں ہوتی رہیں۔ جائیداد کے متعلق وقف نامہ تکمیل فرمایا جائیداد کی چوتھائی آمدنی مصرف خیر میں رکھی۔ باقی اپنے ورثا پر بہ حصص شرعی وقف علی الاولاد فرما دی پھر وصیت نامہ مرتب فرمایا جو درج ذیل ہے:

اس جگہ یہ بات بھی ذہن نشین کرنا چاہیے کہ جب سے حضور والا کو ضعف لاحق ہوا اور چلنے سے معذوری ہوئی کرسی پر نماز پنجگانہ نماز پڑھنے کو تشریف لاتے رہے اور تمام فرائض با جماعت ہی ادا فرماتے رہے اس مرتبہ بھوالی سے واپسی پر بے انتہا ضعف لاحق ہوا، تو صرف جمعہ ہی با جماعت ادا فرمایا کیے حتیٰ کہ ''جمعۃ الوصال'' کے قبل والا جمعہ بھی با جماعت مسجد میں کرسی پر تشریف لے جا کر ادا فرمایا۔ مکتوب وصایا جو وصال شریف سے دو گھنٹہ ۱۵ منٹ قبل قلمبند کرائے اور آخر میں درود شریف و دستخط وغیرہ خود دست اقدس سے تحریر فرمائے حسبنا اللہ ونعم الوکیل

زندگی کے آخر لمحات کی باتیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہٗ و نصلی علی رسولہ الکریم

۱۔ شروع نزع کے قریب کارڈ لفافے روپیہ سے کوئی تصویر اس دالان میں نہ رہے جنبی یا حائض نہ آنے پائے، کتا مکان میں نہ آئے۔

۲۔ سورۂ یٰسین و سورۂ رعد بآواز پڑھی جائیں، کلمۂ طیبہ سینہ تک دم آنے تک متواتر بآواز بلند پڑھا جائے۔ کوئی چلا کر بات نہ کرے، کوئی رونے والا بچہ مکان میں نہ آئے۔

۳۔ بعد قبض روح فوراً نرم ہاتھوں سے آنکھیں بند کر دی جائیں، بسم اللّٰہ وعلیٰ ملۃ رسول اللّٰہ کہہ کر نزع میں نہایت سرد پانی ممکن ہو تو برف کا پلایا جائے، ہاتھ پاؤں وہی پڑھ کر سیدھے کر دیے جائیں، پھر اصلاً کوئی نہ روئے، وقت نزع میرے اور اپنے لیے دعاء خیر مانگتے رہو، کوئی کلمہ بُرا زبان سے نہ نکلے کہ فرشتے آمین کہتے ہیں جنازہ اُٹھتے وقت خبردار کوئی آواز نہ نکلے۔

۴۔ غسل وغیرہ سب مطابق سنت ہو، حامد رضا خان وہ دعائیں جو فتاویٰ میں لکھی ہیں خوب ازبر کرلیں تو وہ نماز پڑھائیں ورنہ مولوی امجد علی۔

۵۔ جنازہ میں بلا وجہ شرعی تاخیر نہ ہو جنازہ کے آگے آگے اگر پڑھیں تو تم پر کروڑوں درود اور ذریعہ قادریہ (یہ دونوں نظمیں اعلیٰحضرت کی ہیں) اول کا مطلع یہ ہے۔

کعبہ کے بدر الدجیٰ تم پہ کروڑوں درود　　　طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود

اور دوسرے کا مطلع یہ ہے۔

واہ کیا جود و کرم ہے شہ بطحا تیرا　　　"نہیں" سُنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

۶۔ خبردار کوئی شعر میری مدح کا نہ پڑھا جائے، یونہی قبر پر۔

۷۔ قبر میں بہت آہستگی سے اُتاریں، دہنی کروٹ پروہی دعا پڑھ کرلٹائیں، پیچھے نرم مٹی کا پشتارہ لگادیں۔

۸۔ جب تک قبر تیار ہو سبحن اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللھم ثبت عبدک ھذا بالقول الثابت بجاہ نبیک صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم پڑھتے رہیں، اناج قبر پر نہ لے جائیں، یہیں تقسیم کردیں، وہاں بہت غل ہوتا ہے، اور قبروں کی بے حرمتی ہوتی ہے۔

۹۔ بعد تیاری قبر سرہانے الم تا مفلحون پائنتی امن الرسول تا آخر سورۃ پڑھیں اور سات بار باآواز بلند حامد رضا خان اذان کہیں، پھر سب واپس آئیں اور ملقن میرے مواجہہ میں کھڑے ہو کر تین بار تلقین کریں، پیچھے ہٹ ہٹ کر پھر اعزہ واحبا چلے جائیں اور ڈیڑھ گھنٹے میرے مواجہہ میں درود شریف ایسی آواز سے پڑھتے رہیں کہ میں سنوں، پھر مجھے ارحم الرحمین کے سپرد کر کے چلے آئیں اور اگر تکلیف گوارا ہو سکے تو تین شبانہ روز کامل پہرے کے ساتھ دو عزیز یا دوست مواجہہ میں قرآن شریف و درود شریف ایسی آواز سے بلا وقفہ پڑھتے رہیں کہ اللہ چاہے تو اس نئے مکان میں دل لگ جائے (جس وقت سے وصال فرمایا اس وقت سے غسل شریف تک گھر میں قرآن عظیم باآواز پڑھا گیا پھر تین شبانہ روز مواجہہ شریف میں مسلسل تلاوت قرآن عظیم جاری رہی والحمدللہ)

۱۰۔ کفن پر کوئی دوشالا یا قیمتی چیز یا شامیانہ ہو کوئی بات خلاف سنّت نہ ہو۔

۱۱۔ فاتحہ کے کھانے سے اغنیا کو کچھ نہ دیا جائے۔ صرف فقرا کو دیں اور وہ بھی اعزاز اور خاطر داری کے ساتھ، نہ کہ جھڑک کر، غرض کوئی بات خلافِ سنّت نہ ہو (اعلٰحضرت قبلہ ان ابرار میں سے تھے جو آیہ کریمہ وفی اموالھم حق للسآئل والمحروم کے مصداق ہیں حضور والا کو مدت العمر غربا سے محبت رہی ان کی امداد واعانت فرماتے رہے اور وقت وصال بھی انہی کا خیال ہے کہ اپنے مرغب کھانے انہیں پہنچاتے رہیں، شان کرم یہ ہے)

۱۲۔ اعزہ سے اگر بطیبِ خاطر ممکن ہو، فاتحہ میں ہفتہ میں دو تین بار ان اشیاء سے بھی کچھ بھیج دیا کریں۔ دودھ کا برف خانہ ساز، اگرچہ بھینس کے دودھ کا ہو، مرغ کی بریانی، مرغ پلاؤ، خواہ بکری کا ہو، شامی

کباب، پراٹھے اور بالائی فیرنی، اردکی بھری دال مع ادرک ولوازم، گوشت بھری کچوریاں، سیب کا پانی، انار کا پانی، سوڈے کی بوتل، دودھ کا برف اگر چہ روزانہ ایک چیز ہو یوں کرو یا جیسے مناسب جانو مگر بطیب خاطر ہو۔ میرے لکھنے پر مجبور انہ ہو(دودھ کا برف دوبار، پھر بتایا، چھوٹے مولانا نے عرض کیا اسے تو حضور پہلے لکھا چکے ہیں فرمایا پھر لکھوان شاء اللہ مجھے میرا رب سب سے پہلے برف ہی عطا فرمائے گا اور ایسا ہی ہوا کہ ایک صاحب وقت دفن بلا اطلاع دودھ کا برف خانہ ساز لے آئے۔)

۱۳۔ ننھے میاں سلمہ کی نسبت جو خیالات حامد رضا خان کے ہیں میں نے تحقیق کیا سب غلط ہیں اور وہ احکام بے اصل، یہ شرعی مسئلہ ہے۔ میں کہتا ہوں نہ رو رعایت سے ان کی غلط فہمی سے ان پر ان کی اطاعت ومحبت واجب ہے اور ان پر بھی ان سے محبت وشفقت لازم، جو اس کے خلاف کرے گا اس سے میری روح ناراض رہے گی۔

۱۴۔ رضا حسنین، حسنین اور تم سب محبت واتفاق سے رہو اور حتی الامکان اتباع شریعت نہ چھوڑ و اور میرا دین ومذہب جو میری کتب سے ظاہر ہے اس پر مضبوطی سے قائم رہنا، ہر فرض سے اہم فرض ہے اللہ توفیق بخشے والسلام۔

۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ روز جمعہ مبارکہ ۱۲ بج کر ۲۱ منٹ پر یہ وقتی وصایا قلمبند ہوئے (دستخط) فقیر احمد رضا قادری غفرلہ بقلم خود بحالت صحت وحواس واللہ شهيد وله الحمد وصلى الله تعالىٰ و بارک وسلم علی شفيع المذنبين و آله الطيبين وصحبه المكرمين و ابنه وحزبه الى ابدً ازا بدين والحمد لله رب العلمين

اعلحضرت علیہ الرحمۃ کی زبان سے آخری حمد اور آخری درود

یہ درود آخری درود اور یہ حمد پہلی حمد ہے اور تحریر آخری تحریر ہے جو حضور پرنور اعلحضرت قبلہ نے اپنی آخری عمر شریف میں تحریر فرمایا اس کے بعد پھر کچھ نہ تحریر فرمایا اور رضا حسنین یہ عرف میرے برادر مکرم جناب

حکیم حسین رضا خان صاحب کا ہے جو عرصہ دراز تک اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کی خدمت میں علاج کرتے تھے اور اخیر تک کرتے رہے۔ حضرت کے پہاڑ سے آنے پر بعض اعزہ کی رائے تبدیل معالج کی ہوئی، حضرت نے سُن کر ہندی کی مثل فرمائی (گھر کا جوگی جوگیا ان گاؤں کا سدھ) اور فرمایا جب سے اس نے میرا علاج شروع کیا ہے اس وقت سے اس وقت تک اس کی کسی دوا نے مجھے نقصان نہیں پہنچایا، اپنا عزیز ہونے کی وجہ سے کوئی اس کو نہیں سمجھتا اور نہ قدر کرتا ہے میرے خیال میں تبدیل علاج اور معالج کی حاجت نہیں۔

مجدد مائۃ حاضرہ اعلیٰحضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی ولادت ووفات کی تاریخیں خود تحریر فرمائی ہیں۔

مجدد مائۃ حاضرہ کون تھا؟

بتاؤں وہ مجدد کون ہے؟ سنو اور گوش ہوش سے سنو، وہ وہی مقدس مفتی ہے جس کی زبان پر قدرت نے تاریخ ولادت کے لیے اس آیہ کریمہ کی تلاوت کرالی اولٓئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منه یعنی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش فرمادیا اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی کچھ سمجھے کہ اولٓئک یعنی وہ لوگ کن کی طرف اشارہ ہے دیکھو آئیہ کریمہ مذکورہ کے پہلے کی آیت میں فرماتا ہے لا تجد قوما یومنون باللّٰہ والیوم الاخر یو آدون من حآد اللّٰہ ورسوله ولو کانوا آبائوھم او ابنآئھم او اخوانھم او عشیرتھم یعنی تو نہ پائے گا انہیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ و قیامت پر ان کے دل میں ایسے کی محبت آنی پائے جنہوں نے خدا اور رسول کی مخالفت کی چاہے وہ ان کے باپ بیٹے یا بھائی یا عزیز ہی کیوں نہ ہوں یہ ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش کردیا اور اپنی طرف کی روح سے ان کی تائید کی۔ تم ہمارے ممدوح کی پاکیزہ زندگی پر ایک نظر کر جاؤ اور کفر، ومرتدین وفرقِ ضالین کا جوردو استیصال فرمایا ہے اس پر نظر ڈالو تو بے ساختہ کہہ اُٹھو گے کہ آیۂ کریمہ کا خلعت فاخرہ تن اقدس پر کیسا زیب دیتا ہے اب آیہ کریمہ کے بعد کی آیت تلاوت کرو ویدخلھم جنت تجری من تحتھا الانھر خالدین فیھا

رضی اللّٰہ عنھم ورضوا عنہ اولٓئک حزب اللّٰہ الا ان حزب اللّٰہ ھم المفلحون٥

یعنی انہیں باغوں میں اللہ تعالیٰ لے جائے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں ہمیشہ رہیں گے اس میں اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی، یہی لوگ اللہ والے ہیں، خبردار اللہ والے ہی مراد کو پہنچے۔ بتاؤں کہ وہ اللہ والا مجدد کون ہے؟ جس کو آیہ کریمہ کی بشارت کا وہ حق وہ استحقاق ہے کہ اگر اولٓئک میں بعد لام کے الف کو کتابت میں ظاہر کردو تو اس کی عمر شریف کی تعداد ۶۸ برس کا پتا چلتا ہے اب اولٓـئک کی جگہ ممدوح کا تصور کرو اور پاکیزہ حیات کو سوچ کر بعونہ تعالیٰ کہہ سکتے ہو کہ وہ ارسٹھ برس والا کامل الایمان و موید من اللہ تھا۔ بتاؤں کہ وہ مؤید من اللہ مجدد کون ہے؟ بے دینوں کا ستیاناس ہو، حاسدوں کا بُرا ہو، وہ وہی مبارہستی ہے جس کے علم وکمال وفضل بے مثال نے دشمنوں کی آنکھیں خیرہ کردیں اور اسلام واہل اسلام کی موجودہ حالت پرشور و شر زمانہ میں بچپن برس تک مدد ومحافظت فرما کر دین کو تازہ زندگی عطا کر کے ۱۳۴۰ھ کو ارسٹھ برس کی عمر شریف میں ہماری نگاہوں سے پوشیدہ ہو گیا اور ۲۵ صفر یوم جمعۃ المبارک اپنے رب سے جاملا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

محدث سورتی کے پوتے کا بیان

نبیرہ حضرت محدث سورتی مولانا قاری احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں۔ وصال شریف کے بعد جب اعلحضرت علیہ الرحمۃ کو غسل دینے کے لیے بستر سے اُٹھایا گیا تو سرہانے سے ایک کاغذ برآمد ہوا جس پرسورۂ دہر کی یہ آیت کریمہ لکھی ہوئی تھی ویطاف علیھم بآنیۃ من فضۃ واکواب نیچے لکھا ہوا تھا اگر اس آیت کو واؤ سمیت پڑھا جائے تو میرے انتقال کی تاریخ نکلتی ہے اور اگر بغیر واؤ کے پڑھیں تو حضرت مولانا شاہ وصی احمد صاحب محدث سورتی کے انتقال کی تاریخ نکلتی ہے۔ حضرت محدث سورتی علیہ الرحمۃ کا انتقال اعلحضرت علیہ الرحمۃ کے وصال سے ۶ سال قبل ۱۳۳۴ھ میں ہوا تھا۔

اعلحضرت مولانا شاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کی وفات پر اخبارات میں اظہارِ ملال

حضرت امام اہلِ سنّت مجدد مائۃ حاضرہ مؤیدملت طاہرہ قدس سرّہ العزیز کے انتقال پر ملال کے نہ صرف ہندوستان بلکہ بیرون ہند حرمین طیبین مصر و شام بیروت کے اخباروں میں بھی اس حادثۂ ارتحال کی خبریں نہایت ہی حسرت و افسوس کے ساتھ شائع اخباروں میں بکثرت مضامین اس قسم کے لکھے گئے اگر ان سب کو جمع کیا جائے تو مستقل کتاب ہو جائے مولانا ظفر الدین کہتے ہیں کہ میں صرف یہاں ''اخبار دبدبۂ سکندری'' ریاست رامپور جلد ۵۸ سے ان کو نقل کر کے ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں۔

دبدبۂ سکندری جلد ۵۸ نمبر ۹۔ عالم بے بدل امام اہلِ سنّت کی وفات

اس حادثہ کو لکھتے ہوئے قلم تھراتا اور کلیجہ منہ کو آتا ہے کہ نہ صرف بریلی بلکہ تمام ہندوستان کے ایک زبردست عالم بے بدل اعلحضرت مجدد مائۃ حاضرہ مؤیدملت طاہرہ مولانا مفتی حاجی قاری شاہ احمد رضا خان صاحب قبلہ قادری برکاتی بریلوی نے ۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم جمعہ کو ۲ بجے انتقال فرمایا مرحوم ایک عرصہ سے علیل و کمزور رہتے آتے تھے، یہ افسوسناک خبر شہر میں برقی رو کی طرح پھیل گئی اور جس نے سُنا اس پر کوہ الم ٹوٹ پڑا اور جوق در جوق مسلمان آستانہ رضویہ پر جمع ہونے لگے اس روز مسلمانوں میں ایک سناٹے کا علام تھا ۲۶ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ کو دن کے ۴ بجے مسجد رضوی کے پہلو میں مطبع والا جو مکان تھا اس میں دفن کیے گئے نماز جنازہ خلائق کے اژدھام کے باعث عیدگاہ کے وسیع میدان میں شاندار طریقہ سے پڑھی گئی اور اس طرح یہ غیر معمولی ہستی ہمیشہ کے لیے ہم سے پردہ فرما گئی اس حادثہ پر مسلمان بہت روئیں گے کیونکہ اعلحضرت فاضل بریلوی کی ذات والا صفات دین کے لیے سپر تھی اور معاندین اہلِ سنّت کے اس صادق جانباز عاشق رسول کے سامنے چراغ گل تھے دنیائے سنّت کے اس بڑے حادثہ میں ہمیں ان کے

صاحبزادگان سعید جناب مولانا مولوی مفتی حاجی شاہ حامد رضا خان صاحب قادری اور جناب مولانا مولوی مفتی شاہ مصطفیٰ رضا خان صاحب قادری اور صاحبزادیوں اور دیگر اعزہ سے غیر معمولی ہمدردی ہے مفصل ہم آئندہ شمارے میں لکھیں گے اور اُمید کرتے ہیں کہ بعض خصوصی احوال سے صاحبزادگان گرامی قدر مشرف فرمائیں گے۔(اخبار دبدبۂ سکندری، بریلوی انڈیا)

دبدبۂ سکندری نمبر ۱۰۔ ۷ نومبر ۱۹۲۱ء ''موت العالم موت العالم''

۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء جمعہ کے روز ۲ بج کر ۳۸ منٹ پر اسلام کے پیشوائے اعظم مقتدائے فضلائے عالم، مائۂ حاضرہ کے مجدد، ملت طاہرہ کے مؤید، اعلیٰحضرت جلیل المرتبت مولانا مولوی مفتی حاجی شاہ قاری محمد احمد رضا خان صاحب قادری برکاتی قدس سرّہ نے ذکر الٰہی کے ساتھ عالم بقا کی طرف رحلت فرمائی اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ مسلمانانِ عالم کے قلوب بے چین ہیں بریلی میں گھر گھر ماتم کدہ بنا ہوا ہے، جا بجا سے افاضل و اماثل دین جمال کے دیوانے کی وہ کثرت تھی کہ سوائے عیدگاہ کے کسی اور مقام میں نماز جنازہ کا ادا کرنا ممکن نہ معلوم ہوا، وسیع سڑکوں اور بلندیوں پر چڑھ کر دیکھنے سے جہاں تک نظر جاسکتی تھی انسانوں کا انبوہ ہی انبوہ نظر آتے تھے۔ ایک بجے عیدگاہ پہنچے اور بعد نماز ظہر حضرت مولانا مولوی مفتی حاجی شاہ محمد حامد رضا خان صاحب قبلہ دامت برکاتہم نے بعد تلقین ترکیب نماز حسب نماز جنازہ اور تکبیر سوم کے بعد وہ ادعیہ کہ اعلیٰحضرت امام اہلِ سنت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ''فتاویٰ مبارکہ'' میں تحریر فرمائیں اور معمولہ حضور اقدس تھیں، حسب وصیت پڑھیں، مقتدیوں کو بعد دعا معمول کے آہستہ آمین آمین کہنے کی ہدایت فرمادی تھی۔ پھر وہاں سے اسی شان و شوکت کے ساتھ واپس ہوئے جنازہ کے سامنے نعت خوانی اور درود شریف پڑھتے ہوئے محلہ سوداگران لائے اور حضرت مولانا مفتی شاہ محمد حامد رضا خان صاحب کے مکان میں اس سرالٰہی اور ودیعت ربانی نے پردہ فرمایا، قریب مغرب دفن سے فراغ ہوا اور ابھی تک شیدایانِ صادق العقیدہ کے غول کے غول مرقد اقدس کا طواف کررہے ہیں۔

سرکارِ اعظم اجمیر شریف میں اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کی فاتحہ سوم

زیر اہتمام سیّد غلام علی صاحب، خادم درگاہ اجمیر شریف۔ رپورٹ دبدبۂ سکندری نمبر ۱۰۔ ۷ نومبر ۱۹۲۱ء

۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم جمعہ کو بوقت شب سیّد حسین علی صاحب ولد سیّد صدیق علی صاحب وکیل جناب نواب صاحب بہادر، والی ریاست جاورہ، خادم سرگاہِ معلیٰ سرکار اعظم اجمیر شریف کے نام ایک تار مرسلہ، حضرت قبلہ مولانا مولوی شاہ محمد حامد رضا خان صاحب بریلی سے آیا جس میں تحریر تھا کہ اعلیٰحضرت قبلہ کا وصال ہو گیا اس حادثہ ہوش ربا کو معلوم کر کے تمام مریدین و معتقدین کو جو اور جتنا رنج والم ہوا اس کا حال تو عالم الغیب ہی خوب جانتا ہے اس حادثہ کی سب احباب کو اطلاع دی گئی اور سیّد حسین علی صاحب نے فاتحہ سیوم کا انتظام کیا اور اوّل بروز اتوار ۲۷ صفر المظفر کو آستانہ عالیہ حضور خواجہ خواجگان سرکار اعظم خواجہ غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازہ جنوب واقع دالان نواب اڑکاٹ، بعد نماز صبح قرآن خوانی ہوئی، جس میں چند صاحبزادگان و چند مدرسین وطلباء مدرسہ معینیہ عثمانیہ و مدرسین معینیہ اسلامیہ ہائی اسکول شریک رہے اس کے بعد ڈھائی بجے موافق قاعدہ صاحبزادگان درگاہِ معلیٰ ختم فاتحہ سوم کے واسطے شرقی دروازہ صحن درگاہ معلیٰ میں آ کر ختم کیا گیا۔ اس وقت علاوہ صاحبان مذکور کے حضرت جناب میر سیّد نثار احمد صاحب قبلہ متولی درگاہ عرس پناہ اور چند اشخاص مدرسہ حنفیہ صوفیہ ویامئی، اجمیر شریف بغداد کثیر شریک تھے بعد ختم، تبرک تقسیم ہوا اور اس طرح اعلیٰحضرت مجدد مائۃ حاضرہ مولانا مولوی شاہ احمد رضا خان صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کی فاتحہ سوم سرکار اعظم اجمیر شریف میں کی گئی۔

دبدبۂ سکندری نمبر ۱۰ ص ۵ کا ایک نوٹ

اخباری دنیا میں فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کا ماتم انتقال پر ملال مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی، اخبار ''مخبر عالم'' مراد آباد میں یوں ہوا۔

اجل لگا ہوئے گھات ہر کسی پر ہے
بہوش باش کہ عالم روا روی پر ہے

بریلی کے ایک تار سے معلوم ہوا کہ حضرت مولانا مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی نے ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ حضرت مولانا مرحوم، سنی، حنفی، علما میں ایک غیر معمولی قابلیت ولیاقت کے عالم تھے۔ جن کی تصانیف کثیرہ سے نہ فقط ہندوستان بلکہ ممالک غیر بھی فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ اس خبر وحشت اثر نے افسوس کی جا بجا صف ماتم بچھادی۔ چنانچہ مراد آباد سے مولوی نعیم الدین صاحب اور بہت سے حضرات جو آپ کے شاگردان و مریدان میں ہیں، فوراً بریلی روانہ ہوگئے۔ جن کے آنے پر مفصل حالات معلوم ہوں گے کل ہی کی بات ہے کہ مولانا مرحوم کے صاحبزادہ مولوی حامد رضا خان صاحب کے نام سے ایک چٹھی جعلی اخبارات میں چھپ چکی تھی جس کی فوراً تردید ہوئی تھی اور اُمید تھی کہ اس افترا پردازی کا کیا گل کھلے گا۔ کہ یکا یک یہ خبر آگئی کہ مولانا مرحوم کے بے وقت انتقال سے قوم کو ایک غیر معمولی صدمہ ونقصان برداشت کرنا پڑا، کیونکہ آپ کے ''دار الفتاویٰ'' سے مسلسل اشاعت دین ہوتی رہتی تھی مگر اُمید ہے کہ آپ ہی کے نقش قدم پر آپ کے سچے جانشین چلیں گے اور ان مفید علمی و مذہبی اشاعتوں کا باب بند نہ ہوگا آخر میں ہم مرحوم کے لیے دعاء مغفرت اور ان کے پسماندگان سے اظہار افسوس و ہمدردی کرتے ہیں۔

''روزانہ اخبار'' بریلی

نہ کوئی رہا ہے نہ کوئی رہے گا
فقط ایک نام نکوئی رہے گا

سچ ہے اس عالم ناپائیدار میں بجز ذات باری تعالیٰ باقی سب فانی نہیں۔ کل نفس ذائقۃ الموت کے مصداق ہیں۔ سب ہی کو ذائقہ موت چکھنا پڑے گا۔ مگر بعض انسانی ہستیاں ایسی داعی اجل کو لبیک کہتی ہیں جن سے پس ماندگان کی چشم پرنم اور دل ہمیشہ متاسف رہا کرتا ہے اور رہ رہ کر عدم کو سدھارنے کی یاد آیا کرتی

ہے بریلی میں بھی ایک نہایت المناک حادثہ گزرا ہے جس نے بھی اس حادثہ روح فرسا کوسنا اس پر کوہِ الم ٹوٹ پڑا ہے۔ آہ وہ حادثہ جانگداز کیا ہے یہ لکھتے ہوئے قلم تھراتا ہے تاہم نہایت مختصر پیرایہ میں یہ تاسف انگیز خبر شائع کی جاتی ہے کہ بریلی کے مشہور زبردست عالم فاضل مجدد مائۂ حاضرہ عالی جناب مولانا مولوی احمد رضا خان صاحب نے کل بروز جمعہ بوقت سہ پہر ایک طویل علالت شدید کے بعد وفات پائی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ آج تجہیز و تکفین عمل میں آنے کے بعد اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ مرحوم مغفور بعد از فراغت نماز سوداگری محلہ، متصل مسجد ایک مقام پر دفن کیے گئے۔

وہی دھوم ان کی ہے ماشاء اللہ الا ان اولیاء اللّٰہ لا یموتون

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت ست بر جریدۂ عالم دوام

اللہ اللہ! جولوگ محبوب حقیقی ہیں فنا ہو جاتے ہیں۔ پھر انہیں حیات جاودانی ہے۔ انہیں موت نہیں آتی۔ الا ان اولیاء اللّٰہ لا یموتون۔ انہیں تو ان کے محبوب جلیل سے وصال میسر ہوتا ہے اس لیے وہ موت کی تمنا کیا کرتے ہیں "ان زعمتم انکم اولیآء اللّٰہ فتمنوا الموت ان کنتم صدیقین" ان کی موت حقیقۃً ان کے وصال الی الحبیب کا نام ہے کُن اللہ

جان تو جاتے ہی جائے گی قیامت یہ ہے

کہ یہاں مرنے پہ ٹھہرا ہے نظارا تیرا

انہیں میں ہیں امام اہلِ سنت مجدد مائۂ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ، حضور پر نور، مرشد برحق سیّدنا اعلیٰحضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ جب تک دنیا میں قیام فرمایا، کوئی وقت، کوئی ساعت، کوئی آن، کوئی لمحہ، حمایت دین سے خالی نہ چھوڑا اپنے پیارے آقا حضور پرنور سیّدنا احمد کی رضا میں غرق رہے، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم، غیر کی طرف التفات نہ کیا خود بدولت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں

انہیں جانا، انہیں مانا، نہ رکھا غیر سے کام

للہ الحمد کہ دنیا سے مسلمان گیا!

''رضی اللہ تعالیٰ'' اللہ اکبر ۲۵ صفر یوم جمعہ مبارک ۱۳۴۰ھ کو ۱۲ بج کر ۲۱ منٹ پر قبض روح شریف سے صرف دو گھنٹے سترہ منٹ پیشتر جو'' وصایا مبارکہ'' قلمبند کرائے ان کے مطالعہ سے اس کا بین ثبوت ملتا ہے کہ جو ایسا متبع سنّت، پابند شریعت ہے اپنی زندگی میں کیا حال ہوگا اس کی اتباع شریعت و پابندی شریعت کا رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کے آخری کلمات

جامع حالات فقیر ظفر الدین قادری رضوی غفرلہ کہتا ہے یہ وہی'' وصایا شریف'' ہیں جو اس کتاب میں مذکور ہیں، وصال سے تھوڑی دیر پیشتر فرمایا، تصویریں ہٹاؤ، مجدد ملت کے گھر تصویر کا کیا کام! فرمایا روپے، پیسے، کارڈ، لفافے، ان سب پر تصاویر ہیں، انہیں ہٹاؤ، تعمیل ارشاد کی گئی، یہ غایت احتیاط و نہایت تقویٰ تھا، پھر فرمایا بیٹھے کیا ہو۔ سورۂ یٰسین شریف پڑھو، حضرت شاہزادہ اعظم مولانا حامد رضا خان صاحب مدظلہم العالی نے وضو کر کے یٰسین شریف پڑھی، پھر سورۂ رعد شریف سُنائی، ایک آیت صاف سُننے میں نہ آئی دوبارہ پڑھوایا ایک جگہ سبقت لسان سے عملو کا عملونکل گیا بتایا عملو جب ختم ہوگئی، تو وہ دعائیں پڑھنا شروع فرمائیں جو سفر کے وقت تمام و کمال پڑھا کرتے تھے منجملہ ان پیارے الفاظ کے یہ بھی ہے اللھم اطولنا بعدہ اللھم ارزقنا سعدہ اے اللہ اس سفر کی درازی کو میرے لیے مختصر فرمادے اور اے اللہ اس سفر میں ہمیں کامیابی عطا فرما، اللہ اکبر! جب سینے پر دم آیا اس وقت کلمۂ طیبہ پڑھا۔ جب ہمارے آقا و مولیٰ کو بولنے کی طاقت نہ رہی اس وقت بھی لبہائے مبارک جنباں تھے۔ کان لگا کر سُنا تو'' اللہ اللہ'' فرما رہے تھے۔ یہاں تک کہ ہر سانس میں اللہ نکلتا تھا۔ اسی طرح اپنے محبوب حقیقی کا ذکر کرتے ہوئے اس دار فنا سے دار بقا کو تشریف لے گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ و رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم

بہت مخلصین کو تار دیے گئے، جس جس مسلمان کو خبر ہوئی کوہِ غم اس کے دل پر ٹوٹ پڑا اور کیوں نہ ہو کہ آج وہ خورشید جہاں تاب مصطفائی افق قرب میں غائب ہوا جس کی پیاری روشنی سے اہلِ سنّت کے دل

منور، آنکھیں روشن، جگر ٹھنڈے، جانیں سیراب تھیں جس کے روئے منور میں ایمان والوں کو جمال بغداد کے جلوے ملتے تھے جس کے چہرۂ انور میں حسن مصطفیٰ ﷺ کی جھلک نظر آتی تھی، رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور کیوں نہ ہو خود حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں "من صافح عالماً تقیا فکانما صافحنی" جس نے کسی پرہیزگار عالم سے مصافحہ کیا، گویا اس نے مجھ سے مصافحہ کیا، جس کی خوشبو سے گلشن اسلام مہک رہا تھا جس کے نور سے بزمِ شریعت جھلک رہی تھی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ و ارضاہ عنا۔

اعلحضرت علیہ الرحمۃ کو غسل دیا جاتا ہے

دوسرے روز شنبہ کو ۱۰ بجے غسل شریف عمل میں آیا۔ ہر بات مطابق سنت وموافق ارشاد حضور ہوئی باوجود اس قدر دیر گزرنے کے، جسم شریف نہایت نرم ونازک ہی تھا۔ پائے اقدس کو مس کرنے والوں کا بیان ہے کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ ریشمیں باریک کپڑوں کی تہ کردی گئی ہے اور کیوں نہ ہو وہ سچے وارث ونائب انبیاء تھے۔ اپنے پیارے آقا ﷺ منظورِ نظر تھے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "نہیں مس کیا میں نے کسی ریشمیں کپڑے یا دیبا کو کہ حضور اقدس ﷺ کے کف اقدس سے زیادہ نرم ہو۔" رواہ البخاری فی صحیحہ، تو اس وصف کریم کا پرتو بھی ہمارے مرشد برحق آقا ومولیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کامل تھا، بعد غسل وکفن جنازہ شریف تیار ہوا اللہ اکبر

عاشق کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے اٹھے

اطراف وجوانب حتیٰ کہ پیلی بھیت، مراد آباد، رامپور، علی گڑھ، شاہجہانپور اور بیپور، میواڑ وغیرہ مقامات کے حضرات اہل سنت آ گئے تھے ایک عالم تھا عشاق کا۔ تخمینہ گیارہ ہزار آدمیوں کا کیا جاتا ہے۔ جنازہ مبارکہ کے آگے آگے یہ سلام موافق وصیت پڑھا جا رہا تھا

کعبہ کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود

اعلیحضرت علیہ الرحمۃ کے جنازے کا منظر

اللہ اکبر! یارسول اللہ! یاغوث الوریٰ! کے نعروں سے گلی کوچے گونج رہے تھے یہ کرامت جلیلہ آنکھوں دیکھی گئی کہ کل جولوگ اس رہنمائے دین کی مخالفت پر کمر بستہ تھے آج اس نائب مصطفیٰ ﷺ کے حضور سر نیاز خم کیے کھڑے ہیں۔ بہت کوشش کندھا دینے میں کی، جب نہ میسر ہوا اپنی ٹوپی ہی جنازہ شریف سے مس کرکے چومتے اور سر پر رکھتے تھے۔

الفضل ما شهدت به الاعداء

حق وہ ہے جو باطل پرستوں سے اپنا کلمہ پڑھوا چھوڑے، اسی شان وشوکت کے ساتھ جنازہ عیدگاہ پہنچا، نماز جنازہ ہوئی، پھر اسی شان وشوکت کے ساتھ جنازہ واپس ہوا، مسجد کی جانب شمال محلہ سوداگران، میں جو حضرت شاہزادہ اعظم مدظلہ العالی کا مکان مبارک ہے، قربان اس تقدیر کے جو اس مجدد ملت حبیب محبوب خدا ﷺ کی آرامگاہ بنا۔

اعلیحضرت علیہ الرحمۃ کے وصایا کی تعمیل کی

بعد دفن وصایا کی تعمیل ہوئی ڈیڑھ گھنٹہ مواجہہ شریف میں صلاۃ رضویہ کا حلقہ رہا پھر تین شبانہ روز علی الاتصال بلا انقطاع، مواجہہ شریف میں تلاوتِ قرآن مجید جاری رہی۔ اب تک حضور کے شیدائی و سچے فدائی دیار وامصار سے برابر شد رحال کر کے آستانۂ عالیہ پر حاضر ہوکر طوافِ مزار سے بڑے شوق وذوق سے استقاضۂ خیرات و برکات کر رہے ہیں۔ ہر پنجشنبہ کو مواجہہ شریف میں مجلس میلا دشریف منعقد ہوتی ہے اور بارگاہ رضویہ پر ہر پنجشنبہ کو چادر نذر لاتے ہیں اور چادر شریف کے ساتھ نعت خوانی ونعرہائے اللہ اکبر و یارسول اللہ کی گونج اور ہجوِ عاشقان ہوتا ہے۔ دبدبۂ سکندری نمبر ۱۱،۱۲ص:۱۱

ریاست اودیپور میواڑ میں اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کی تعزیت

مکرمی جناب قاضی یعقوب محمد صاحب، جوائنٹ سکریٹری، مدرسہ اسلامیہ اودیپور نے لکھا کہ اعلیٰحضرت صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ بریلوی (مولانا مولوی شاہ احمد رضا خان صاحب قبلہ) کے حادثہ انتقال پر ملال سے یہاں کے تمام مسلمانوں کو غیر معمولی رنج وافسوس ہوا۔ اور اظہار الم کے لیے تمام شہر کے مسلمان اور تمام اراکین انجمن تعلیم الاسلام (مدرسہ اسلامیہ) گزشتہ اتوار کو مسجد ہاتھی پول میں جمع ہوئے اور ایصال ثواب کے لیے چارسو قرآن ختم کیے جس کے بعد مخدومی جناب مولانا عبدالکریم صاحب قادری نقشبندی جتوری مدرس مدرسہ اسلامیہ اودیپور میواڑ نے اپنی فاضلانہ اور پُر اثر تقریر میں اعلیٰحضرت، صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ کے حالات طیبات اور ان کی دینی خدمات اور ملی جذبات بیان کیے جس کو سن کر تمام حضرات حاضرین جلسہ گریاں و نالاں تھے اور نہایت درجہ رنج وغم کا اظہار کر رہے تھے آخر میں اس دعا پر اختتام جلسہ ہوا کہ خدا تعالیٰ اعلیٰحضرت صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ کی مغفرت فرما کر درجات عالیات عطا فرمائے اور ان کے اعزہ واحبا کو ان کے حادثۂ وفات پر صبر کی توفیق بخشے اور حضرت مولانا مولوی مفتی حاجی شاہ حامد رضا خان صاحب قبلہ سجادہ نشین اعلیٰحضرت صاحب قبلہ کو ہم تشنگانِ علوم شریعت وطریقت کے سروں پر تا دیر فیض بخش رکھے جن کی ذاتِ بابرکات سے تمام متوسلین آستانہ رضویہ کی دینی اُمیدیں قدرت نے وابستہ کردی ہیں اراکین مدرسہ اسلامیہ خاص طور سے اسلامی دنیا کے اس اہم حادثہ میں خاندان والا دودمان سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں اور تجویز کرتے ہیں کہ براہِ راست ایک تعزیت نامہ سجادہ نشین صاحب قبلہ موصوف کی خدمت والا درجت میں بریلی شریف ارسال کیا جائے اور ایک اطلاع اخبار ''دبدبۂ سکندری'' میں شائع کرنے کے لیے بھیج دی جائے۔

بہرائچ میں اعلیٰحضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کا جلسہ تعزیت

۴ نومبر ۱۹۲۱ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد درگاہ حضرت سیّد سالار مسعود غازی علیہ الرحمۃ واقع بہرائچ میں اعلیٰحضرت مجدد مایۂ حاضرہ، مولانا مولوی مفتی حاجی قاری شاہ احمد رضا خان صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ کی وفات حسرت آیات پر ایک شاندار جلسۂ تعزیت منعقد ہوا مجمع بہت کثیر تھا اور ہر شخص رنج وغم میں ڈوبا ہوا تھا صدر جلسہ حضرت مولانا مولوی احسان الحق صاحب نعیمی، مفتی درگاہ معلیٰ نے ایک پُر زور تقریر میں اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کے فضائل ومحامد بیان کیے اور یہ بات ثابت کی کہ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کی وفات نہ صرف سنیوں کے لیے بلکہ مسلمانانِ عالم کے لیے ایک صدمۂ عظیمہ ہے۔ جسلہ فاتحہ خوانہ پر ختم ہوا اور تجویز ہوا کہ حضرت مولانا مولوی مفتی قاری حاجی شاہ حامد رضا خان صاحب، سجادہ نشین و دیگر اعزہ کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا جائے۔

احمد آباد گجرات میں اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خان صاحب کے لیے ایصالِ ثواب کا عظیم الشان جلسہ

(مطبوعہ ''دبدبۂ سکندری'' نمبر ۱۱، ۱۲اص: ۱۱ کالم دوم)

مرسلہ جماعت کارکنان جلسہ عید میلاد النبی ﷺ ٹیمبا پول احمد آباد۔ بتاریخ ۳ ربیع الاوّل بروز جمعۃ المبارک ۸ بجے شب کے میدان ٹیمبا پول میں جلسہ عید میلاد النبی ﷺ منعقد ہوا۔ حضرت مولانا ابوالکمال صاحب نے جن کو اس جلسہ کے لیے مراد آباد سے مدعو کیا گیا تھا ایک عجیب وغریب پیرایہ میں بیان ولادت شریف فرمایا...... فلسفیانہ دلائل زبان کی سلاست، کلام کی رنگینی، اظہارِ نکات ایک نیا لطف دکھا رہی تھیں، معلوم ہوتا تھا کہ انوار الٰہیہ کا مینہ برس رہا ہے اثنائے بیان میں خلافت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ غازی مصطفیٰ کمال نے بہت سی تدابیر کیں مگر کافی طور سے کامیاب نہ ہونے کے بعد انگورا کی مسجد میں لاکھوں آدمیوں کے

اجتماع کے ساتھ میلا داقدس پڑھا، اس کے ذریعہ سے دربار رسالت میں دعا کی کہ مجھے سلاح وافواج پر بھروسا نہیں ہتھیار وآلات پر گھمنڈ نہیں، حضور کی ذات پر اعتماد ہے میں حضور کے کرم پر نظر کر کے کھڑا ہوں۔ اس میلا داقدس کا صدقہ مجھے دشمنوں پر فتح ونصرت مرحمت ہو اس دعا کا کرنا تھا کہ فتح پر فتح شروع ہوگئی۔ میں ہندوستان کے مسلمانوں سے تحریک کرتا ہوں کہ وہ بھی اس سے سبق حاصل کریں اور ہندوستان کے ہر گوشہ میں میلا دشریف کی مجالس منعقد کر کے سلطنت اسلامیہ کی فتح ونصرت کی دعائیں مانگیں۔

اس کے بعد مولانا نے خلافت کے لیے دعا مانگی اور تقریر ختم کر کے پنج آیات تلاوت کیں اور اس کا ثواب اعلیحضرت مولانا احمد رضا خان صاحب کی روح کو پہنچایا اور دعا کی کہ پروردگار عالم ان کے جانشین و خلیفہ وصاحبزادہ حضرت مولانا حامد رضا خان صاحب جو حقیقۃً مولانا کے نمونہ ہیں اور فاضل ضلیل، عالم نبیل، حامی دین، مفتی شرع متین، حضرت مولانا حکیم حافظ نعیم الدین صاحب مراد آبادی جو معقول ومنقول کے زبردست ومستند عالم اور اسلام کے کامل مناظر ہیں ان کی عمروں میں برکت عنایت فرمائے کہ یہ حضرات بھی خدمت مذہب سرگرمی ومصروفیت کے ساتھ انجام دیں اور اسلام ومسلمین کو اپنی ذات سے بے شمار منافع پہنچائیں! آمین! جلسہ آمین ومرحبا کی صداؤں سے گونج رہا تھا۔

اعلیحضرت علیہ الرحمۃ کی وفات کے ایام

عصر کے آخری وقت میں قل کے بعد فاتحہ ہوئی، سات قرآن عظیم ختم ہوئے اور اسی جلسہ میں مولانا برہان میاں صاحب نے باوجود بخار وضعف کے حضرت امام اہلِ سنّت اقدس سرّہ العزیز کے وہ دونوں مبارک صحیفے پڑھ کر سنائے جو مولانا اور حضرت قبلہ کے نام بچوں کی تعزیت میں تشریف لائے تھے اور یہی آخری صحیفے تھے، مجلس مبارک میں کوئی فرد نہ تھا کہ آنکھیں اشکبار نہ ہوں۔ بعد میں معلوم ہوا کہ یہاں جس وقت قل و فاتحہ ہوئی، وہی وقت حضور پر نور اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دفن کا وقت تھا، الحمد للہ یہ ہم وابستگان دامن اہلِ سنّت، جبلپور پر خاص توجہ والطاف روحانی کی مبارک علامت ہے، اس کے بعد متواتر تین

دن تک بعد نماز فجر مسجد ارمنی، مسجد پھوٹا تال، مسجد خانساماں مرحوم گڑھا پھاٹک میں اور دوسرے ہفتہ میں سنیچر کو مسجد مومناں (پارچہ بافاں) مدار ٹیکری اور تیسرے ہفتہ میں سنیچر کو مسجد بھان ملیا میں قرآن خوانی اور فاتحہ ہوئی اور اس طرح ہم حلقہ بگوشان سلسلہ مبارک ''قادریہ رضویہ اسلامیہ'' نے اپنی نیاز کیشی، غلامی، عقیدت مندی کا اظہار کر کے اپنی عاقبت کے مبارک وسیلہ کو مضبوط کر لیا اگر چہ وہ ذاتِ اطہر ہم گنہگاروں سے اس بات کی محتاج نہ تھی ثنا الله تعالیٰ وسائر المسلمین علی الصراط المستقیم وصلی اللّٰہ تعالیٰ علی خیر خلقہٖ و نور عرشہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وابنہٖ وحزبہٖ و اولیاء امتہٖ وعلماء ملتہٖ اجمعین وعلینا معھم وبھم امین۔

وفات کی رات اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کو خواب میں دیکھا

عشاء کے وقت کچھ خبر نہ ملی شب کو اسی پریشانی میں سوگیا، اعلیٰحضرت قبلہ کی زیارت سے مشرف ہوا کہ مسجد میں نہایت ہی سفید صاف شفاف لباس زیب بدن فرمائے تشریف رکھتے ہیں، چاروں طرف لوگ حاضرین اور بدستور مسئلے مسائل پوچھ رہے ہیں، لیکن میں بالکل خاموش اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کو حیرت کی نگاہ سے دیکھ رہا ہوں کہ خود اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ مولانا آپ اس قدر حیرت میں کیوں ہیں، میں نے عرض کیا حضور مولانا صاحب کا تار میرے پاس پہنچا کہ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کا وصال ہوگیا اور میں آپ کو زندہ دیکھ رہا ہوں، اس پر مسکرا کر فرمایا تو آپ نے اس تار پر یقین کرلیا، میں نے کہا مجھے یقین تو نہیں ہوا اسی لیے میں نے تار دے دیا کہ کیا آپ نے کوئی تار میرے نام بھیجا ہے لیکن اس کا جواب نہ پہنچا تو مجھے پریشانی ہوئی اور اسی پریشانی میں حضور کو دیکھنے خود چلا آیا ہوں الحمد للہ حضور کو دیکھ کر ایسی مسرت ہوئی کہ بیان سے باہر ہے اور اسی لیے میں مبہوت ہو کر آپ کو دیکھ رہا ہوں کہ ایسا تار کیوں دیا گیا۔

اسی حالت میں آنکھ کھل گئی تو مجھے یقین ہوگیا کہ تار سچا ہے اس لیے کہ حضور اگر چہ برابر سفید ہی پارچہ پہنا کرتے تھے مگر اس جوڑے کی سفیدی اور براقی دوسرے قسم کی ہے، رہا زندہ دیکھنا تو اس کا مصداق ہے

ان الا حباء احیاء وان ماتوا
وانما النقل من دار الی دار

صبح کے وقت دوسرا تار بھی بریلی شریف سے آ گیا کہ اعلٰحضرت علیہ الرحمۃ کے وصال کی خبر صحیح ہے اسی وقت ''مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ'' میں اس کی شہرت ہوگئی لیکن اوقات مدرسہ کی پابندی کی وجہ سے مدرسین اس وقت نہ آ سکے، جب ۴ بجے مدرسہ میں تعطیل کی گھنٹی بجی اسی وقت پرنسپل و جملہ مدرسین مدرسہ میرے کمرہ میں تشریف لائے اوراس حادثۂ جانکاہ پرغم وافسوس کا اظہار کیا چنانچہ میری استدعا پرسب حضرات نے ۳-۳ مرتبہ درود شریف ایک ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی ۳-۳ مرتبہ سورۂ اخلاص پھر ۳-۳ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اعلٰحضرت قدس سرّہ العزیز کے روح پرفتوح کو ایصال کیا اور پنجشنبہ کا دن ۲ ربیع الاوّل شریف کہ مدرسہ صرف تین گھنٹہ اور صبح کے وقت ہوا کرتا ہے ختم قرآن شریف کے لیے مقرر کیا گیا چنانچہ پنجشنبہ کے دن پہلے ہی گھنٹے میں پھر میں نے جملہ مدرسین وطلبہ کو یاد دہانی کر دی کہ گھنٹی ہونے کے ساتھ ہی سب حضرات نوری مسجد میں جمع ہوکر ختم قرآن شریف کرکے ایصال ثواب کریں، خداوند عالم کا ہزار ہزار شکر ہے کہ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے میں سات ختم قرآن شریف ختم ہوگئے اس کے بعد قل ہوا اور سب لوگوں کو ایصال ثواب کے لیے شیرینی تقسیم کی گئی اس کے بعد میں نے حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خان صاحب شاہزادہ اکبر سجادہ نشین اعلٰحضرت علیہ الرحمۃ کی خدمت میں تعزیت کا خط لکھا۔

ونعم من قال ۔

تو زندہ ہے واللہ، تو زندہ ہے واللہ!
میرے چشم عالم سے چھپ جانے والے!

دعا ہے کہ مولٰی تعالٰی حضور کا سایہ ہم غلاموں کے سروں پر تادیر قائم رکھنے اور رشد وہدایت کا باڑا جس طرح اس در سے بٹتا تھا ہمیشہ بٹتا رہے اور ہم جیسے بھکاری ہمیشہ اپنی جھولیاں بھرتے رہیں۔ آمین ثم آمین (۱)

(فقیر رضوی محمد ظفر الدین قادری)

(۱) ماخذ، حیات اعلٰحضرت/مولفہ مولانا ظفر الدین بہاری، (جدید ایڈیشن) ص:۱۰۵۰

قطعات تاریخ ارتحال حسرت اشتمال

حافظ حاجی محمد خلیل الرحمٰن صاحب

حامی دین متین جناب مولوی قاضی حافظ حاجی محمد خلیل الرحمٰن صاحب حافظ وکیل اونریری مجسٹریٹ، پیلی بھیت دامت افضالہ۔

اُف وقت جمعہ مولوی احمد رضا خاں کی وفات
تاریک ہے اہل نظر کی آنکھ میں کل کائنات
نامِ خدا ہوتی ہے، ایسی بھی حیات، ایسی ممات
قالب سے نکلی روح اشاروں سے ادا کرکے صلات
حادث ہے عالم، حادثے ہوتے ہی رہتے ہیں یہاں
اس حادثے کا نام سچا ہے "اشد الحادثات"
کعبہ سیہ پوش آج ہے، غمناک ہے، ہر حق پرست
خوش پڑے پاپوش سے لات و منات و سومنات
حیرت ہے کیا؟ ندرت ہے کیا؟ مدحت سرائی پر اگر

مولانا مولوی ابو یوسف محمد شریف صاحب کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ

دادر یغا حسرتا، صد حسرتا، صد حسرتا	راہی ملک بقا، شد مولوی احمد رضا
قامع اعناق مبتدعین و ناصر اہل دین	پیشوائے اہل سنت آہ از ما شد جدا

مولانا مولوی ابوالیاس، محمد امام الدین صاحب قادری رضوی کوٹلی لوہاراں

میرے قبلہ حضرتِ احمد رضا — وہ وحید الدہر یکتائے زماں
ناصر ملت، امامِ اہلِ دیں — وہ مجدد پیشوائے عارفاں
ہائے دنیا سے وہ رحلت کر گئے — ان کی فرقت میں ہیں سب نالہ کناں
اہلِ سنت پر بڑا صدمہ ہوا — ان کی فرقت میں ہیں سب نالہ کناں
بدل ان کا کوئی اب ملتا نہیں — ہائے پھر نعم البدل ہوگا کہاں
ان کا مرنا ''ثلمہ فی الدین'' ہے — یہ کمی سب اہل دیں پر ہے عیاں
مصرعِ تاریخ ہاتف نے کہا — ''داخل جنت ہوا قطب زماں''

۱۳۴۰ھ

سر شکن بد مذہبان آن کا سر نجدی جنود — قامع خبث قدیمہ قاطع راہِ جحیم
وارثِ سلطانِ جیلان، ماہِ تاباں دستگیر — جانشین محبوبِ اعلیٰ نائب نورِ کریم
مراتِ برکات وحمزہ نقشۂ اچھے میاں — نائب عشقی ست مارہری کہ آن قطب کریم
آں معین ما مجدد مرشدی احمد رضا — منبع فقہ و ذکاوت صاحب عقل سلیم
اے بصفر لامعہ خود بود در ہندوستان — در یکے ہمچو نشد علامۂ واللہ العظیم
شد وصالش سیزدہ چہل ہجری سالخوان — یومِ جمعہ بست و پنجم از صفر شہر الکریم
ایں بگونامم حمیداً غیبی بگفت — آن سراجِ جاں و ایماں، رفت در قصر نعیم

نوٹ: مندرجہ بالا قطعہ کے ہر مصرع سے سالِ رحلت ۱۹۲۰ء برآمد ہوتا ہے۔

مصطفیٰ محمد حمید الرحمٰن بریلوی قادری رضوی

ابن اُستاذ مداح الحبیب عفی عنہ ۱۳۴۰ھ

مولانا سیّد شاہ ابوسلیمان محمد عبدالمنان صاحب مظہر قادری چشتی

مولوی احمد رضا خان مقتدائے سنیاں | از ہمہ اسرارِ قرآن و حدیث آگاہ بود
جان نثار احمد مختار و آلِ پاک او | محترز از ماسوا و عاشق اللہ بود
ہادیِ اہلِ ضلال و پیرو دین مبین | بہر گمراہان دشت و دہر خضر راہ بود
کہربا کے جذب یزدانی بسوئے خود کشید | واصل حق گشت او حقا کہ حق آگاہ بود
گفت مظہرؔ مصرعۂ سالِ وفاتِ آنجناب | ''او بجان و دل پرستارِ رسول اللہ بود''

۱۳۴۰ھ

اخباری دنیا میں فاضل بریلوی کی وفات پر تاثرات

اخبار روہیلکھنڈ دہلی مطبوعہ یکم نومبر ۱۹۲۱ء

سب سے بڑا حادثہ اس ہفتہ کا جناب مولوی حاجی حافظ قاری احمد رضا خان صاحب کی وفاتِ حسرت آیات ہے، وہ ایک مشہور عالم تھے اور حقیقۃً مختلف علوم میں کامل دستگاہ رکھتے تھے ندوۃ العلماء کی مخالفت سے پہلے عام علماء اہلِ اسلام میں مقبولِ انام تھے مگر اس کارروائی سے ایک بڑا حصّہ آپ سے علیٰحدہ ہو گیا تھا پھر علم غیب اور اذان کے مسئلہ نے اور بھی کشیدگیاں پیدا کر دی تھیں۔ آپ کی پُرمعنی جدت پسندیوں اور مخالفت وموافق اشتہار بازیوں سے دور دور آپ کی شہرت ہو چکی تھی، اخباری دنیا بھی اچھی طرح آپ سے واقف ہو چکی ہے علاوہ پیرانہ سالی کے آپ مدت سے علیل تھے کچھ عرصہ سے موسم گرما پہاڑ پر گزارنے لگتے تھے، جہاں سے حال ہی میں واپسی ہوئی تھی، جمعہ کے دن بعد نماز یکا یک یہ خبر شہر میں مشہور ہوگئی مگر جنازہ دوسرے روز اُٹھایا گیا اور بعد نمازِ ظہر عیدگاہ میں ہزاروں آدمیوں کے ساتھ نماز جنازہ پڑھی گئی اور پھر مجمع عام اور نعت خوانی کے ساتھ مکان پر لاکر دفن کیا گیا، جہاں خاص طور پر میونسپلٹی سے دفن کی اجازت حاصل کر لی گئی تھی۔

جہان مرگیا

اخبار الفقیہ امرتسر مطبوعہ ۵/ ۱۹۲۱ء کی سرخی سے اراکین جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی کا مرسلہ جو ''دبدبۂ سکندری'' میں بھی شائع ہو چکا ہے اور اسی کے حوالہ سے اس کتاب میں پہلے درج ہو چکا ہے، اس کو ۵ نومبر کی اخبار میں شائع کر کے جناب ایڈیٹر صاحب ''الفقیہ امرتسر'' حسب ذیل الفاظ میں امام اہل سنت کی تعزیت کر رہے ہیں۔ہم نے مندرجہ بالا خط کو جس رنج سے لکھا ہے اور اس سے جس قدر صدمہ ہمارے دل پر ہوا ہے اس کا اظہار بذریعہ تحریر ناممکن ہے''موت العالم موت العالم''ایک سچا مقولہ ہے۔ایسے عالم حقانی کا دنیا سے اُٹھ جانا درحقیقت دنیا کی موت ہے اس پرفتن زمانہ میں جب کہ فرقہائے جالہ، دین اسلام کو خراب کرنے کے لیے بڑی جدوجہد سے کام لے رہے ہیں، ایسے وقت میں اس سیف صارم کا فوت ہونا مذہب اسلام کو ایک نا قابل تلافی نقصان پہنچانے والا ہے، تاہم ان کی بے شمار تصنیفات تمام گمراہیوں کا قلع قمع کرنے کے لیے ان کی قائم مقام ہیں۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے فرزندان سعید جناب مولانا مولوی حامد رضا خان صاحب و جناب مولانا مولوی مصطفیٰ رضا خان صاحب کو ان کا صحیح جانشین بنائے اور ان کو توفیق دے کہ ان کے نقش قدم پر چل کر اور حمایت دین متین میں سرگرم رہ کر ماحی ضلالت ثابت ہوں۔اللہ تعالیٰ مرحوم و مغفور کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مدارج عطا فرمائے اور پسماندگان و متعلقین کو صبر جمیل کی توفیق دیوے۔آمین! مذکورہ بالا خط ایسے وقت پہنچا جب کہ ۵ نومبر کی کاپیاں تیار ہو کر پریس میں پہنچ چکی تھیں صرف اسی قدر درج ہو سکا باقی ان شاء تعالیٰ آئندہ اشاعت میں درج ہوگا۔معراج الدین عفی عنہ۔

اخبار مشرق گورکھپور، مطبوعہ ۳ نومبر ۱۹۲۱ء ''موت العالم، موت العالم''

اسلام کی زبردست تعلیم اور سنت نبویہ کی مستحکم تلقین اور اشدآء علی الکفار پر شدت سے عمل کرنے والے حامی شریعت محمدیہ، جناب مولانا حافظ قاری مفتی شاہ احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۸ اکتوبر کو بریلی میں رحلت فرمائی دوسرے دن نماز جنازہ عیدگاہ میں اس لیے ہوئی کہ ہجوم بہت زیادہ تھا۔ گھر پر جگہ نہ تھی۔ بعد نماز جنازہ جناب حامد رضا خان صاحب خلف الصدق حضرت کے امکان میں دفن کیے گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

اخبار علی گڑھ گزٹ، مطبوعہ ۱۱ نومبر ۱۹۲۱ء ''موت العالم موت العالم''

یعنی ایک عالم کی موت ایک جہان کی موت ہے نہایت دُرست ارشاد ہے اور اس زمانہ میں اس کا مصداق حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی کی رحلت سے بہتر پایا نہیں جاتا جو ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ بمطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء روز جمعہ کو پونے تین بجے سہ پہر کے قریب واقع ہوئی، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ مرحوم اپنے عہد کے فقید المثال فقیہ تھے لیکن اس کے ساتھ آپ کو تفسیر، حدیث، معقول، ریاضی، فلسفہ اور ہیئت وغیرہ علوم کثیرہ میں یدطولی حاصل تھا آپ کی تصنیفات سیکڑوں کی تعداد میں ہیں۔ جن میں سے بعض نہایت ضخیم وجیم کئی کئی جلدوں میں ہیں۔ آپ کے شاگردوں کی تعداد بھی بہت کثیر ہے۔ جو عراق، عرب، ترکستان، افغانستان وغیرہ تک میں پھیلی ہوئی ہیں ''البیرونی'' کی کتاب قانون مسعودی (جو ہیات قدیم میں ایک نایاب کتاب ہے) اس کے سمجھنے والے دنیا میں ایک دو ہی ہیں اور ان میں آپ بھی تھے۔ آپ کا فتویٰ ہمیشہ بے لاگ اور سیف قاطع ہوتا تھا کبرسنی اور امراض گونا گوں کے باعث کچھ عرصہ سے صاحب فراش چلے آتے تھے۔ ضعف روز بروز بڑھتا جاتا تھا۔ مگر مطالعہ وتحریر کا شغل آخری وقت تک جاری رہا بفضل خدا، فکر معاش سے فارغ البال تھے اور معقول زمینداری رکھتے تھے حدیث شریف میں آیا ہے ان اللّٰـہ لا یقبض العلم

انتزا عـا فيتـرعـه مـن العبـاد لكن يقبض العلماء حتىٰ اذا لم يبق عالما اتخذ الناس رؤسا جهالا فسئلو افافتوا بغير علم فضلوا و اضلوا ''یعنی خداتعالیٰ علم کو بندوں کے دلوں سے محو کر کے نہیں چھینے گا بلکہ علما کو اُٹھالے گا حتیٰ کہ جب کوئی عالم نہ رہے گا، تو لوگ جاہلوں کو سردار بنائیں گے۔ جن سے مسئلے پوچھے جائیں گے اور وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے تو جس طرح خود گمراہ ہیں دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے'' افسوس کہ مسلمانوں میں علما واکابر کی تعداد روز بروز کم ہو رہی ہے اور جو فرد اُٹھ جاتا ہے اپنی نظیر نہیں چھوڑتا۔ مرحوم ''سلسلۂ قادریہ'' میں بیعت بھی کرتے تھے خدا ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

اخبار ''ذوالقرنین بدایون'' مطبوعہ ۷ نومبر ۱۹۲۱ء

حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی عرصہ سے علیل تھے، آخر ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ بمطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء، جمعہ کے روز ۲ بج کر ۳۸ منٹ پر اس جید عالم باعمل نے رحلت فرمائی فوراً آپ کے انتقال کی خبر آپ کے تلامذہ و مریدین کو جو دور دور پھیلے ہوئے ہیں دی گئی۔ ۲۶ صفر کی صبح کو ۹ بجے کے بعد جنازہ اُٹھا۔ آدمیوں کی وہ کثرت تھی کہ سوائے عیدگاہ کے کسی اور مقام میں جنازہ کی نماز کا ادا کرنا ممکن نہ معلوم ہوا، لوگ وسیع سڑکوں اور بلندیوں پر چڑھ کر دیکھتے، جہاں تک نظر جاسکتی تھی انبوہ انبوہ ہی نظر آتے تھے ایک بجے عیدگاہ پہنچے اور بعد نماز ظہر حضرت مولانا مولوی شاہ محمد حامد رضا خان صاحب دامت برکاتہم نے بعد تلقین ترکیب نماز، حسب ذیل وصیت نماز جنازہ اور تکبیر سوم کے بعد ادعیہ جو معمولہ مولانائے مرحوم تھیں، مقتدیوں کو بعد دعاء معمولی کے آہستہ آہستہ آمین کہنے کی ہدایت فرمائی۔ پھر وہاں سے اسی شان وشوکت کے ساتھ واپسی ہوئی، جنازے کے سامنے نعت خوانی و درود شریف پڑھتے ہوئے محلہ سوداگران لائے۔ اور حضرت مولانا مولوی شاہ حامد رضا خان صاحب خلف اکبر مولانا مرحوم کے مکان میں سپرد خاک کیے گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ مولانا کے انتقال نے ہندوستان کے ایک بڑے شخص کی جگہ خالی کر دی ہے جس کا پر ہونا مشکل ہے آپ ہر معاملہ میں مستقل رائے رکھتے تھے۔ حق کے مقابلہ میں آپ کسی چیز سے مرعوب نہ ہوتے تھے واقعات حاضرہ

میں آپ نے جورائے غور و خوض کے بعد قائم کی تھی اس کو کوئی قوت بدل نہ سکی۔ یہاں تک کہ مخالفین نے آپ پر طرح طرح کے ناواجب الزام لگائے لیکن آپ اپنی رائے پر جس کو اپنے نزدیک حق سمجھتے تھے، آخر دم تک قائم رہے۔

اخبار مخبر عالم، مراد آباد، انتقال پر ملال مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی

اجل لگائے ہوئے تاک ہر کسی پر ہے
بہوش باش کہ عالم روا روی پر ہے

بریلی کے ایک تار سے معلوم ہوا کہ حضرت مولانا مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی نے ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو انتقال کیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ حضرت مولانا مرحوم سنی حنفی علما میں ایک غیر معمولی قابلیت و لیاقت کے عالم تھے۔ جن کی تصانیف کثیرہ سے نہ فقط ہندوستان بلکہ ممالک غیر بھی فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ صف ماتم بچھادی۔ چنانچہ مراد آباد سے مولوی نعیم الدین صاحب اور بہت سے حضرات جو آپ کے شاگردان اور مریدین ہیں فوراً بریلی روانہ ہوگئے، جن کے واپس آنے پر مفصل حالات معلوم ہوں گے کل ہی کی بات ہے کہ مولانا مرحوم کے صاحبزادہ مولوی حامد رضا خان صاحب کے نام سے ایک چٹھی جعلی اخبارات میں چھپ چکی تھی۔ جس کی فوراً تردید ہوئی تھی اور اُمید تھی کہ خدا جانے اس افترا پردازی کا کیا گل کھلے گا کہ یکا یک یہ خبر آ گئی مولانا مرحوم کے بے وقت انتقال سے قوم کو ایک غیر معمولی صدمہ و نقصان برداشت کرنا پڑا۔ کیونکہ ان کے ''دارالفتاویٰ'' سے مسلسل اشاعت دینی ہوتی رہتی تھی۔ مگر اُمید ہے کہ آپ ہی کے نقش قدم پر ان کے سچے جانشین چلیں گے اور ان مفید علمی و مذہبی اشاعتوں کا باب بند نہ ہوگا۔ آخر میں ہم مرحوم کے لیے دعاء مغفرت اور ان کے پسماندگان سے اظہارِ افسوس و ہمدردی کرتے ہیں۔

اخبار ''دبدبۂ سکندری'' ریاست رامپور
امام احمد رضا کے بغیر بریلی میں جشن میلاد شریف

بریلی میں جس شاندار طریقہ سے بارہویں ربیع الاوّل شریف کو سوداگری محلّہ میں عید میلاد النبی ﷺ ہوتی تھی اس کی کیفیت ان شرکاء کے قلوب سے پوچھنا چاہیے جو اس میں شریک ہوتے رہے ہیں، ہونے کو اب بھی یہ عید ہوگئی لیکن آہ وہ ذات گرامی موجود نہیں۔ جس کو اس عید کی حقیقی خوشی ہوتی تھی وہ کون تھے۔ ''اعلیٰحضرت مجدد مائۃ حاضرہ مولانا مولوی مفتی حاجی قاری شاہ احمد رضا خان صاحبؒ'' خدا ہی جانتا ہے اس دن عقیدت مندوں اور عزیزوں کے دلوں پر کیا صدمہ گزرا ہوگا اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کو جو اس دن اہتمام کرنا ہوتا تھا وہ ایک تفصیل طلب بات ہے مختصر یہ ہے کہ آپ نہایت قابلیت سے حالات طیبات ولادت باسعادت ومحامد حسنہ محمد یہ بیان فرماتے اور ہر سال کی بارہویں کو ایک نئے انداز کا بیان ہوتا تھا خدا تعالیٰ ایسی ہستی کو قرب خاص عطا فرمائے۔ جس نے اپنی زندگی کو خدمت دین متین سرکار رسالت علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے وقف کر دیا تھا اور باقیات الصالحات کو توفیق رفیق ہو کہ وہ اعلیٰحضرت قبلہ کے مسلک حقہ پر عزم کامل کے ساتھ ثابت قدم رہیں۔

جامع حالات فقیر ظفر الدین قادری رضوی غفرلہ عرض کرتا ہے کہ اس سال کے ربیع الاوّل شریف کا مختصر حال ''دبدبۂ سکندری'' میں طبع ہوا ہے۔ بعض باتیں بہت ہی کارآمد ہیں اس لیے ان کو اس جگہ نقل کر دینا مناسب جانتا ہوں۔ دوازدہم ربیع الاوّل شریف کو حضور پرنور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنّت کریمہ حضرت شاہزادہ عالی وقار مولانا حامد رضا خان صاحبؒ نے ادا فرمائی اور مسند ارشاد پر جلوہ گر ہوئے۔ خدام بارگاہ کو مرشد برحق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جمال حضرت شاہزادہ اعظم کے روئے مبارک میں نظر آرہا تھا، ابتدائے بیان اس آیت کریمہ سے فرمائی وما الحیوۃ الدنیا الا لھو ولعب وان الدار الآخرۃ لھی الحیوان لو کانوا

یعلمون بیان پاک میں حضرت مدظلہم العالی نے حیاتِ دنیا کی بے ثباتی حیاتِ آخرت کی بقا، حضرات اولیاء کرام کے حالاتِ تصوف کے نکات، حضور پرنور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعۂ وصال شریف وغیرہ نہایت خوبی و وضاحت سے ارشاد فرمائے۔ نیز حضور کا وہ اِرشاد پاک یاد دلایا۔ جو عرس شریف میں ۲۷ محرم الحرام کو اِرشاد فرمایا تھا کہ ''پیارے بھائیو تم مصطفیٰ ﷺ کی بھولی بھیڑیں ہو، تمہارے چاروں طرف بھیڑیے تمہاری تاک میں ہیں، ان سے دور بھاگو، غیر مقلد، شیعہ، نیچری، قادیانی، چکڑالوی اب ''نیا فتنہ گاندھوی'' ہے یہ سب بھیڑیے ہیں۔ ان کے حملے سے اپنا ایمان بچاؤ، اللہ توفیق دے آمین وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ وسراج افقہٖ و قاسم رزقہٖ ونور عرشہٖ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وابنہٖ و حزبہٖ ومجدد ملتہٖ وارث علومہ الفانی فیہ والباقی بہ وعلینا وبارک وسلم

فقیر ظفر الدین قادری غفرلہٗ جامع حالات، نے سیکڑوں ملکی اخبارات ورسائل کو دیکھا ہے جس میں اعلٰحضرت عظیم البرکت کی وفاتِ حسرت آیات پر اظہار ملال کے طور پر اداریے، شذرے اور مقالے لکھے گئے۔ مگر ہم تمام کو ضبطِ تحریر میں لائیں تو ایک دفتر تیار ہو جائے۔ اسی طرح آپ کی وفات پر دنیا بھر سے جو خطوط موصول ہوئے تھے وہ ایک علیحدہ کتاب کے متقاضی ہیں۔

اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کے وصال پر معاصر شعرا کے قصائد و مناقب (۱)

جناب منشی ہدایت یار خان صاحب، قیس بریلوی، صدر جماعت رضائے مصطفیٰ

کوئی سپنے میں درس دکھا کے سکھی جیارا مورا ترپاوت ہے
موری رین کٹت ہے ترپ ترپ، موری نین، نیند نہ آوت ہے
برہا کی آگ لگی تن میں، جیارا مورا کلپاوت ہے
کوئی من موہن میں برلینوتس دن سے چین نہ آوت ہے
اوڑ جا پپہیا اونچی اٹریاں کا ہے شور مچاوت ہے
من برہا کی آپ ہی ماری کا ہے موکو ستاوت ہے
بالم تم ہو اونچی اٹریاں ہم چریاں کھا میں لڑکیاں
بہیان پکڑ لو بیتاں پڑوں میں تم بن چین نہ آوت ہے
پتیم اپنے دیس سدھارے جگ کو سونا کر پیارے
مورے کلیجہ ہوک اوٹھت ہے جب تمری یاد آوت ہے
سکھیاں اپنی اپنی کنور سے اپنی اپنی کہت سناوت
اپنی پیت میں کا سے کہوں جیارا مورا للچاوت ہے
پتیم کل کل موے تیئں بن پل بھر کل نہ پرت
ہر روز دلاسے دے دے کر موری ٹوٹی آس بندھاوت ہے

(۱) ماخوذ حیات اعلیٰحضرت مولفہ مولانا ظفر الدین بہاری ص: ۱۰۶۸، ۱۰۷۶ جدید ایڈیشن

بالم نیچو گھونگھٹ کھینچو نیناں ترس گئے درشن کو
کیوں ری سکھی میں کیسے مناؤں پی تو روٹھو جاوت ہے
قادری رنگت رنگ برنگی ستھری رضوی مکھ پر نکھری
برکاتی رینی میں رچکر اور ہی رنگ رچاوت ہے
اعلیٰحضرت سگرے باجے دنیا وا کو مجدد جانے
ناؤ ضیاء الدین احمد ہے جگت امام کہاوت ہے
رین اندھیری، دور نگریا، ندیا گہری، نیا بالے
ایسی کٹھن میں رب کی دیا سے، بیڑا پار لگاوت ہے
داتا ایسی بھتیا دیجیو، جو بھرپور ہو دو وجگ کو
قیس بھکاری تورے آگے، اب جھولی پھیلاوت ہے

مولانا محبّ الرضا حافظ علی خان صاحب قادری رضوی لکھنوی

مصطفیٰ کا دلآرا ہمارا رضا
غوث اعظم کا پیارا ہمارا رضا

اپنے مرشد کا پیارا ہمارا رضا
رضویوں کا ہے مولا! ہمارا رضا

قادریت کا سہرا، رہا جس کے سر
قادریوں کا دولہا! ہمارا رضا

علمائے حرم جن سے بیعت ہوے
ایسا مرشد ہے اعلیٰ ہمارا رضا

نظر آتا نہیں اب کوئی ہند میں
ہند میں ہے، وہ یکتا! ہمارا رضا

رضویوں کو نہیں غم ذرا حشر میں
ہے مدد کرنے والا! ہمارا رضا

جس کو سب اچھے کہتے ہیں، اچھے میاں
ہے اس اچھے کا اچھا! ہمارا رضا

غم نہیں حشر سے مجھ کو کچھ اے محبّ
ہے مدد کرنے والا! ہمارا رضا

جناب مولانا محمود الحسن صاحب الوری المتخلص بہ ضیا اودےپور

از گروہِ اولیاء احمد رضا
تاجدارِ اتقیا، احمد رضا

حامل علم خدا و مصطفیٰ
مخزن و بحرِ ہدیٰ، احمد رضا

از علوم حضرت خیر الوریٰ
بود قلبت پر ضیا، احمد رضا

از فیوضِ دین اصحاب رسول
بہرہ ہم حاصل ترا، احمد رضا

حضرتِ محبوبِ سبحان دستگیر
درد فیض خود، ترا احمد رضا

باعث فخر حنفیہ گشتۂ!
فخر اسلامِ ہدیٰ، احمد رضا

از میاں نوری تو نوری گشتۂ!
با خدا یا سرورا، احمد رضا

اے محی ملت اے سبحان زماں!
دیگرے ملت کجا، احمد رضا

عامل سنت نبی محترم
بعد ذاتت یا شہا، احمد رضا

در تمامی علم وفن فاضل بدی!
مرحبا صد مرحبا، احمد رضا

''کنت کنزاً مخفیاً'' را راز دان
واقف رازِ خدا، احمد رضا

در علومِ دینیہ سر آمدی!
اہل حق را پیشوا، احمد رضا

اے مقرب بارگاہِ کبریا
سالک راہِ خدا، احمد رضا

معدنِ جود و عطا مہر و کرم
مصدرِ حلم و حیا، احمد رضا

قادریاں تو بعدی سرورا
باعث عز و علا، احمد رضا

اہل سنت والجماعت را توئی
منبع راہِ صفا، احمد رضا

ہر کہ تابع گشت برفرمانِ تو
گشت آں تابع خدا، احمد رضا

لیک آں سرچشمۂ فیض و عطا
باعث رُشد و ہدیٰ، احمد رضا

وادریغا حسرتا وا حسرتا — شد ازیں دنیا جدا، احمد رضا
جنت الفردوس شد او را مقام — نیز مقبولِ خدا، احمد رضا
با خدا برذات آں خاک جناں — راہی راہِ رضا، احمد رضا
رحمت باشد بر و لطف و کرم — بر وجودِ سعدزا، احمد رضا
از غلامانت شدہ بیکس ''ضیا'' — فخر حاصل ایں مرا، احمد رضا

(ولہٗ)

اہل حق کے پیشوا احمد رضا — رہبر صدق و صفا احمد رضا
ماحی کفر و دجل بطلان و زیغ — حامی حکم خدا، احمد رضا
آسمانِ معرفت اور علم کے — تھے تمہیں شمس الضحیٰ، احمد رضا
مصطفائی فیض تم میں تھا بھرا — تھے سراپا مرتضیٰ، احمد رضا
حضرتِ صدیق اور فاروق کی — پوری تم میں تھی ضیا، احمد رضا
مخزنِ اسرار یزداں غوث سے — فیض تم کو تھا ملا، احمد رضا
اس زمانہ تیرہ و تاریک میں — تھے تمہیں بدر الدجیٰ، احمد رضا
قادری اور سنیوں کے واسطے — صاحب جود و عطا، احمد رضا
غرض عالم کے لیے تھے بے شبہ — ہادیِ راہِ خدا، احمد رضا
جستجو میں نے جو کی تاریخ کی — دی فرشتے نے ندا، احمد رضا
تم تھے ''مرغوبِ محمد'' بالیقین — اور محبوبِ خدا، احمد رضا
التجا مسکین ''ضیا'' کی ہو قبول — میرے حق میں ہو دعا، احمد رضا
کہ خدا مجھ کو بچائے دہر میں — جملہ آفت سے سدا احمد رضا

(۱۳۴۰ھ)

مولوی ابوالاشرف حافظ محبوب علی خان، سنی، حنفی، قادری، رضوی لکھنوی

پلایا ہے خدا نے مجھ کو جام احمد رضا خاں کا
ہمارا کعبۂ دل ہے مقام احمد رضا خاں کا
ہوا حوروں میں غل وہ نائب غوث الوریٰ آیا
ذرا جنت میں دیکھو، احترام احمد رضا خاں کا
جنابِ غوث اعظم کا ہے سایہ اہل سنت پر
غلامِ غوث اعظم ہے غلام احمد رضا خاں کا
شبیہ احمد رضا خاں کی مری آنکھوں میں پھرتی ہے
میرے سینہ میں جلوہ گر ہے نام احمد رضا خاں کا
حقیقت ایک ہے دونوں کا اندازِ سخن دیکھو
بیانِ حضرتِ حامد، کلام احمد رضا خاں کا
جنابِ غوث اعظم کا ہے جلوہ ان کے چہرے پر
اسی سے قادری لیتے ہیں نام، احمد رضا خاں کا
لگا ہے قادری میلہ کھڑے ہیں سامنے منگتے
مرادیں دے رہا ہے جو دوام احمد رضا خاں کا
نہ آکے مرقد میں جو پوچھیں گے تو کس کا ہے
ادب سے سر جھکا کر لوں گا نام احمد رضا خاں کا
مہ و خورشید حیراں ہیں پتا اب تک نہیں چلتا
کہ ہے کس چرخ پر ماہِ تمامِ احمد رضا خاں کا

شفا بیمار پاتے ہیں، مسیحائی کا ہے جلوہ
ہے زندہ کر رہا مردے خرام احمد رضا خاں کا

''وہابی گاندھیویہ'' اب خیر مانگیں اپنی جانوں کی
کہ تیغہ ہو رہا ہے بے نیام احمد رضا خاں کا

لیا جب ہم نے نام ان کا تو دشمن پر چلی سیفی
ہمارے پاس رہتا ہے کلام، احمد رضا خاں کا

بفضل اللہ شیطاں لے نہیں سکتا میرا ایماں
کہ میں تو ہوں محبّ دل سے غلام، احمد رضا خاں کا

(ولہٗ)

امامِ برحق احمد رضا سلام علیک
جنابِ نائب غوث الوریٰ، سلام علیک

کبھی جو تیرا گزر ہو رضا کے روضے پر
تو عرض کرنا میرا بھی صباء سلام علیک

غلام تیرے جو ہیں آپ کو ہے نہیں کچھ غم
تو ان کا حامی ہے احمد رضا، سلام علیک

ستائے حشر میں گر مہر کی تپش ہم کو
چھپا لے ہم کو تو زیر ردا، سلام علیک

جو نجدیوں نے نہ دیکھا تیرا جمال و کمال
تو کعبہ والوں نے دیکھا شہا، سلام علیک

رہیں یہ دائم و قائم غلاموں کے سر پر
یہ جانشین تیرے حامد رضا، سلام علیک

غلام جو ہوا ان کا وہ بندہ ہے تیرا
یہ ہاتھ ہے تیرا دست عطا، سلام علیک

یہ ہاتھ ان کا تیرے دست جود کا نائب
تیرا ہے نائب غوث الوریٰ، سلام علیک

تیرا ہی جلوہ ہے ''حامد رضا'' کے چہرے میں
تیرے جمال کے ہیں آئینہ، سلام علیک

دعا ''محبّ'' کی ہے یارب رضائے احمد سے
کہ وقت مرگ ہو لب پر رضا، سلام علیک

جناب عنایت احمد خان صاحب غوری قادری رضوی قیصر فیروزی

کیا بہار باغ عالم ہے گلستاں رضا ۔ چہچہازن ہیں ہر اک سو عندلیبانِ رضا

دیکھتے ہی میں نے پہچانا مہ و خورشید کو ۔ ضوفگن ہے چار سو رخسار تابانِ رضا

سجدہ گاہِ اہل عرفان حق تعالیٰ نے کیا ۔ صدقے جائیں اللہ اللہ شان ایوانِ رضا

بے پیے سرشار ہیں مے کی ضرورت ہی نہیں ۔ جھومتے ہیں بادۂ عرفاں سے مستان رضا

آپ کے روضہ سے نسبت روضۂ رضواں کو کیا ۔ وہ پرانا باغ ہے، یہ حسن بستانِ رضا

اللہ اللہ اس کی بو سے دونوں عالم بس گئے ۔ باغ رضوان درحقیقت ہے گلستانِ رضا

ہے زبان ریختہ میں حق تعالیٰ کا کلام ۔ ترجمہ قرآن کا ہے صاف دیوانِ رضا

حضرت خیر الوریٰ کا سر پر سایہ کیوں نہ ہو ۔ سنت خیر الوریٰ ہو جب کہ ایمانِ رضا

فیض غوثِ پاک کا اپنے کرشمہ دیکھیے ۔ کس قدر پھولا پھلا عالم میں بستانِ رضا

بوستانِ قادریت، یا خدا پھولے پھلے! ۔ لہلہائے تا ابد، نخل گلستانِ رضا

مہر و مہ کو رخ اٹھاتے شرم آتی ہے یہاں ۔ واقعی ہے نورِ حق شمع شبستانِ رضا

مصطفیٰ، برہان، وحشمت، حضرتِ عبدالسلام ۔ ہیں گل و لالہ و ریحاں باغ دبستانِ رضا

حضرت مختار، و حسین اور مولانا نعیم ۔ اپنے اپنے ہاتھ سے تھامے ہیں، دامانِ رضا

مرشدی مولائی قبلہ حضرت ''حامد رضا'' ۔ چشم بد دور آپ ہی ہیں زیب دیوانِ رضا

دیکھتے ہیں چشم حسرت سے شبیہ پاک کو ۔ آپ ہی سے لیتے ہیں، تسکین جویانِ رضا

منقبت سن کر مری کہتے ہیں ارباب سخن ۔ ''قیصر رضوی'' تو ہی ہے، آج حسانِ رضا

جناب حاجی قاسم حسین خان صاحب ہاشمی مصطفائی مداح الحبیب

غوث، اعظم والے ہیں احمد رضا
مصطفیٰ کے پالے ہیں احمد رضا

اللہ اللہ شانِ اقدس سے تیری
دونوں جگ کے جیالے ہیں احمد رضا

ہے تصور میں جمالِ مصطفیٰ
ایسے رنگت والے ہیں احمد رضا

اللہ اللہ مصطفیٰ و غوث کی
گودیوں کے پالے ہیں احمد رضا

بد دعا جس نے عدو کو بھی نہ دی
ہاں وہ اللہ والے ہیں احمد رضا

اہل سنت کے دلوں کو ہے خبر
جیسے رحمت والے ہیں احمد رضا

حشر میں تجھ کو دکھا دیں گے عدو
کیسے عظمت والے ہیں احمد رضا

لو خبر محشر کے غم نے کھا لیا
لب پہ آہ و نالے ہیں احمد رضا

جاں لبوں پر آگئی فریاد ہے
زندگی کے لالے ہیں احمد رضا

خوش ہو قاسم دونوں عالم میں تیرے
سر پہ دامن ڈالے ہیں احمد رضا

(ولہٗ)

فیض پاتا ہے جہاں وہ آپ کی سرکار ہے
اے رضا، باغِ شریعت آپ سے گلزار ہے

مجھ سے بیکس کا نہیں کوئی بھی اب غمخوار ہے
اے رضا جو چشم رحمت ہو تو بیڑا پار ہے

مصطفیٰ حامی ہیں تیرے غوث ہے امداد پر
اے رضا نقصان پہنچانا تجھے دشوار ہے

در پہ تیرے اڑ گیا ہے لے کے جائے گا ضرور
دیجیے سرکار خادم مفلس و نادار ہے

ہو کرم اب رنج وغم نے ناک میں دم کر دیا
خادمِ در کو، تمہاری، زندگی دشوار ہے

جو پھر اتم سے میرے مولا ضلالت میں پھنسا
دو جہاں میں آپ کا دشمن ذلیل وخوار ہے

پھول سونے کے بنانا یہ نچھاور کے لیے — کیا کرے سرکار خادم مفلس و نادار ہے

دشمن احمد رضا خان کا ٹھکانا ہے کہاں — مصطفیٰ ناراض ہیں اس سے خدا بیزار ہے

میرا بیڑا پار ہو ہی جائے گا روزِ شمار — میرے مولیٰ آپ کی سیدھی نظر درکار ہے

تیرا دشمن جو ہوا دنیا میں رسوا ہوگیا — اے ''رضا سچا'' ہے تو سچی تیری سرکار ہے

وہ گھڑی آئے مبارکباد دیں یہ اولیاء — دیکھیے سرکار قاسم حاضر دربار ہے

(ولہٗ)

علمیت وہ ہے کہ قائل ہے زمانہ تیرا — علماء مدنی پڑھتے ہیں کلمہ تیرا

دودھ کا دودھ رہا پانی کا پانی ہی ہوا — دیکھ دشمن یہیں منہ ہوگیا کالا تیرا

مل گئی اس کو اسی وقت نجاتِ کونین — ہوگیا آج کے دن جو کوئی بندہ تیرا

جو پھرا تجھ سے اس سے پھرا خدا اور رسول — میرے آقا میرے مولیٰ وہ ہے رتبہ تیرا

تو وہ عالم ہے نہیں جس کی زمانہ میں نظیر — ہفت کشور میں بجا کرتا ہے ڈنکا تیرا

بے ادب ہے جو تیری شان میں پائے گا سزا — حشر کے روز کیا جائے گا بدلا تیرا

ان کا دشمن ہے وہی تجھ سے عداوت ہے جسے — مصطفیٰ وہی پیارا ہے جو پیارا تیرا

حشر کے دن وہ دیا جائے گا رتبہ تجھ کو — خلق دیکھے گی ان آنکھوں سے تماشا تیرا

کس میں طاقت ہے اتارے تیرے سر سے اس کو — غوث اعظم کا ہے باندھا ہوا سہرا تیرا

تیرے صدقے میں ملا کرتی ہے منہ مانگی مراد — ناز قاسم کو ہے اس پر کہ ہے بندہ تیرا

(ولہٗ)

وہ رتبہ ہے اے میرے مولیٰ تمہارا
کہ بجتا ہے ہر سمت ڈنکا تمہارا

اسے ہر جگہ ہے سہارا تمہارا
سفر سے ہے آزاد بندہ تمہارا

یہ کہہ دے کوئی منکرانِ نبی سے
کھلے گا قیامت میں پردا تمہارا

عدو نے تمہارے یہیں منہ کی کھائی
رضا ہوگیا بول بالا تمہارا

مبارک سلامت کی دھومیں ہیں ہر سو
ہے ایمان والوں میں شہرا تمہارا

جلیں دیکھ کر یہ قیامت میں دشمن
یہاں پر بھی ہے دَور دَور تمہارا

جلا کرتے ہیں اور جلتے رہیں گے
عدو دیکھ کر ایسا رتبہ تمہارا

جو جیسا ہوا اس کے منہ پر سنایا
یہ احمد رضا خان ہے حصہ تمہارا

گئے جب زیارت کو تم مصطفیٰ کی
مدینے میں تھا دَور دَورا تمہارا

نہ مداح کیونکر تمہارا ہو قاسم
شب و روز پاتا ہے صدقہ تمہارا

(ولہٗ)

جب ہوئے جلوہ کناح احمد رضا خاں قادری
جگمگا اٹھا جہاں احمد رضا خاں قادری

اہل سنت کی تواں احمد رضا خاں قادری
خسرو والا نشان احمد رضا خاں قادری

ہم غلاموں کے سروں پر آپ کا سایہ رہے
رہبر ہندوستاں، احمد رضا خاں قادری

کیوں شریعت میں نہ یکتا ہوں کہ کس پلہ کے ہیں
آپ کے اچھے میاں احمد رضا خاں قادری

جانشین مصطفیٰ ہو دشمن اسلام کا
بند کردی ہے زبان احمد رضا خاں قادری

ہر طرف یہ کہہ رہے ہیں اہل ایماں شوق میں
ہم بھی دیکھیں ہیں کہاں؟ احمد رضا خاں قادری

یا الٰہی تا قیامت دہر میں زندہ رہیں
قاسم بیکس کی جاں احمد رضا خاں قادری

از نتیجہ فکر عالی جناب نواب وزیر احمد خاں صاحب قادری نوری رضوی
تلمیذ اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اب اس دعا کی آڑ میں لکھنا ہے تاریخ وفات
تاریخ کا جو شعر ہو، مطلع بھی ہو، مقطع بھی ہو
مطلب یہ ہے وہ بات کہیے جس سے نکلے کوئی بات
حافظ کو مصرع غیب سے تاریخی آیا ہے یہ بات
''مال و بنون و دودمان الباقیات الصالحات''

۱۳۴۰ھ

باب دوم

(الف) جمعیۃ العالیہ المرکزیہ کا قیام اور مقاصد (۱۹۲۵ء)
اور بعض مشاہیر علماء معاصرین

باب دوم

(الف) جمعیۃ العالیۃ المرکزیۃ کا قیام اور مقاصد (۱۹۲۵ء)

جیسا کہ سابقہ صفحات میں تحریر کیا جا چکا ہے کہ اٹھارھویں صدی میں ہندوستان برطانیہ کے زیر اقتدار آیا۔ اس کی پوری تاریخ میں تقریباً پہلی بار ایک پردیسی ملک کے افراد نے جن کا اپنا وطن ہندوستان سے کئی ہزار میل کے فاصلے پر تھا۔ ہندوستان کی حکومت کی باگ اپنے ہاتھ میں لی اور اس کی تقدیر کے رہبر بنے۔ ملک پر اس طرح کا قبضہ ایک نیا تجربہ تھا۔ اگرچہ ماضی میں ہندوستان پر بہت سے حملے ہوئے تھے اور کبھی کبھی ملک کا کچھ حصہ عارضی طور پر فاتحین کی حکومت میں چلا گیا۔ ہندوستان کی آزادی کو کھونے اور اسے پھر سے حاصل کرنے کی داستان انسانی تاریخ میں مطالعہ کا ایک نہایت دلکش مضمون ہے۔

بلاشبہ تحریک آزادی کی ابتدائی سو سالوں میں جدوجہد کے میدان میں قائدانہ کردار صرف علماء اہلسنت ہی ادا کرتے رہے ہیں بعد میں دوسرے لوگ بھی سامنے آئے مگر علماء نے اپنا امتیازی کردار آزادی کی صبح تک جاری رکھا۔ برطانوی اقتدار و استعمار کی بیخ کنی اور مذہبی اقدار کی حفاظت علماء کا نصب العین تھا۔ ہندوستان میں مسلمانوں نے طویل مدت تک کم تعداد ہونے کے باوجود حکومت کی اور کسی بڑی بغاوت کا ان کو سامنا نہیں کرنا پڑا۔ اس لئے کہ انہوں نے ہی ہندوستان کو علمی، تمدنی، اخلاقی لحاظ سے اعلیٰ تصور حیات عطا کیا۔

آزادی کی یہ تحریک جس کا سب سے زیادہ مظاہرہ ۱۸۵۷ء میں ہوا اور اس میں مسلمانوں نے ہی قیادت کی۔ انگریزوں سے نفرت اور سامراج سے عداوت، علماء کی نفسیات میں شامل ہے۔

امت اسلامیہ اپنی چودہ سو سالہ تاریخ میں عروج و زوال کے مختلف مراحل سے گزرتی رہی۔ اس میں ان کے عروج کا دور بڑا تابناک رہا۔ ایک طرف دنیاوی ترقی میں بام عروج تک پہنچی اور دوسری طرف اعلیٰ انسانی کردار اور اعلیٰ اخلاقی معیار کی مثال قائم کی۔ یہ ان کا وہ دور تھا جب انہوں نے زندگی کا ثبوت دیا اور علمی لحاظ سے کوتاہی نہیں کی اور اپنے دین کی اعلیٰ قدروں کو اختیار کیا اور عملی طور پر اپنے دین سے مخلصانہ وابستگی رکھی۔ چنانچہ ان کو طویل مدت تک عروج و کمال حاصل ہوا۔

۲۰ ویں صدی کے شروع ہی میں اسلامی عقائد کے خلاف ایک ایسی منظم کاروائی کی ابتدائی ہوئی۔ کہ مسلمہ اجماعی عقاید کو مسخ کیا جانے لگا۔ دین اسلام پر طرح طرح کے الزامات نکالا گیا۔ اولیاء کی عظمت کو ختم کیا جانے لگا۔ غیر اسلامی شعار مسلمانوں کو اپنانے کیلئے مجبور کیا جانے لگا۔ ماتھے پر تلک لگوانا، مساجد کو ہندوؤں کی پامال گاہ بنادیا گیا۔ ہندوؤں کو منبر پر اعزاز کے ساتھ بٹھایا جانا۔ انہی دنوں مسلمانوں کے مرکز عقیدت و محبت حرمین شریفین پر ظالموں نے گولہ باری کی مقابر صحابہ واولیاء کو زمین بوس کردیا بے شمار علماء اور جلیل القدر مشائخ عظام کو صرف اس لئے تہ تیغ کیا گیا کہ وہ نجدیوں کے ہم عقیدہ نہ تھے۔ (۱)

حرمین الشریفین، مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ، مقامات مقدسہ، بیت المقدس اور آثار بغداد و نجف و کربلا (معلیٰ) کی حفاظت بھی ترکی کے خلفاء کے سپرد تھی؟ مسلمان سلاطین ترکی حرمین الشریفین سے انتہائی عقیدت رکھتے تھے۔

بغاوت اور انگریزوں کے عمل دخل اور بالخصوص فلسطین میں یہودیوں کو وطن دینے کے بعد حرمین الشریفین کی حفاظت کی کیا ذمہ داری تھی یہ وہ چیز ہے جو ہر مسلمان کو جان سے زیادہ عزیز ہے۔ چنانچہ مسلمانان عالم کا مضطرب ہوجانا لازمی تھا۔

برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کو دھوکا دیا جانے لگا اور ہندوستان کے ہنود کے مفادات کے حصول کیلئے فتویٰ دیا گیا کہ ہندوستان دارالحرب بن چکا ہے۔ اس سے ہجرت فرض ہے۔

(۱) تاریخ آل انڈیا سنی کانفرنس، محمد جلال الدین قادری، ۱۹۹۹ء، ص: ۵

دوسری طرف کچھ فکر مند لوگ تھے جو علماء مفتیاں کرام سے سرزمین ہند کی حیثیت معلوم کرنے کے درپے ہوئے کہ آیا وہ دارالاسلام باقی ہے یا دارالحرب میں تبدیل ہوچکی ہے۔ تاکہ اس سے شرعی مسائل اور معاملات زندگی میں جو فرق پڑتا تھا اس کے مطابق عمل کرسکیں۔ اس کے علاوہ ایسے باشعور اور حساس علماء بھی تھے جو حالات کا بہت باریکی اور گہرائی سے مطالعہ کررہے تھے تاکہ اس سرزمین کی شرعی سیاسی حیثیت متعین کرکے مستقبل کے بارے میں کوئی فیصلہ کرسکیں اور کوئی عملی قدم اٹھاسکیں۔

علماء و مشائخ میں ایسے لوگ جو زیادہ زیرک تھے انہوں نے ہندوستانی مسلمانوں کی حیثیت میں آنے والے تغیر کو بہت پہلے بھانپ لیا تھا۔

جن لوگوں نے برصغیر کو ''دارالحرب'' قرار دے کر مسلمانوں کو مشورہ کیا کہ وہ افغانستان ہجرت کرجائیں ان میں ایک نام مولانا ابوالکلام آزاد (المتوفی ۱۸۸۸ء۔۱۹۵۸ء) کا ہے ایک اندازے کے مطابق ۵ لاکھ سے ۲۰ لاکھ تک مسلمان اس واقع سے متاثر ہوئے۔ (۱)

تحریک ہجرت اا ور تحریک خلافت میں برصغیر کے مسلمانوں کا کافی نقصان ہوا۔ مسلمانوں کو مزید کمزور کرنے کیلئے ان کو انگریزوں سے ترک سوالات کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ اس وقت برصغیر کے علماء میں سب سے زیادہ فعال شخصیت حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کی تھی جنھوں نے ترک موالات کے نتیجے میں ہندو مسلم اتحاد کو، جو وطنیت پرستی اور دین سے بے خبری پر مبنی تھا۔ سخت مخالفت فرمائی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ترک موالات کے خلاف آواز اٹھانا خود کو انگریز حاکموں کا حمایتی ظاہر کرنے کے مترادف تھا۔ مگر فاضل بریلوی نے اظہار حق میں ملامت کرنے والوں کی پروانہ کی اور فقیہانہ شان کے ساتھ اپنے فیصلے صادر فرمائے اور بالآخر جو کچھ فرمایا تھا وہ ہی آنے والے دنوں سچ ثابت ہوا۔

برصغیر کے مسلمانوں کی بربادی کی وہ عظیم سازش تھی کہ اگر اس کا بروقت تدارک نہ کیا جاتا تو اس کا نقصان جہاد آزادی، ۱۸۵۷ء کے ہنگامہ سے بھی زیادہ ہوتا۔

(۱) فاضل بریلویؒ، اور ترک موالات، پروفیسر محمد مسعود احمد، ۱۹۸۸ء، ص:۴۱

پھر مسلمانوں کو بزور طاقت ہندو بنانے کیلئے شدھی اور سنگھٹن کی تحریکیں شروع کیں اور ساتھ ہی ساتھ مسلمانوں کو لالچ، دباؤ، اور ڈرا دھمکا کر مسلمانوں کو بتایا جانے لگا کہ ہندوستان ہندوؤں کا ملک ہے۔ مسلمانوں کیلئے دو ہی راستے ہیں یا تو وہ ہندو بن جائیں یا ملک چھوڑ کر عرب چلے جائیں۔ یہ وہ تمام حالات، اسباب اور واقعات تھے جس نے دردمندان ملت ومشائخ اہل سنت کو مضطرب کر دیا۔ یہ حضرات اگر چہ اس سے پہلے بھی اپنی سی کوششوں میں مصروف تھے لیکن جب دن کا آرام راتوں کی نیند اڑ گئی، دل اضطراب میں آ گئے تو علماء و مشائخ اہلسنت ملت اسلامیہ کے دکھوں کا علاج کرنے پر کمربستہ ہو گئے۔

ان مقاصد کے حصول کیلئے ایک ہمہ گیر اور موثر تنظیم و تحریک کے ذریعے ہی مسلمانوں کو بدحالی سے نکالا جا سکتا ہے اس مقصد کیلئے مذہبی وسماجی تنظیموں کو ایک تحریک میں پرونا، مساجد، مدارس اور خانقاہوں کو ایک تنظیم کے پروگرام کے تحت چلانا، دشمن کے حملہ کو مل کر ناکام بنانا، خالص مذہبی، روحانی اور فلاحی اصلاح کے کاموں کو اولیت دینا وغیرہ۔ اس دور میں حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی علیہ رحمہ کی کی ذات تھی جنہوں نے اس وقت کئی تنظیمیں قائم کر کے نمایاں کردار ادا کیا ان تنظیموں میں جمعیۃ انصار الاسلام، اور جمعیۃ رضائے مصطفیٰ نمایاں تھیں مولانا احمد رضا خان بریلوی ۱۹۲۱ء میں دنیا سے رخصت ہو گئے لیکن ان کے بعد ان کے خلفاء اور تلامذہ و محبین ومعتقدین نے ان مقاصد کے حصول کیلئے برعظیم کے جلیل القدر علماء، اور مشائخ کرام اہل سنت۔ مارچ ۱۹۲۵ء کو مراد آباد (انڈیا) میں جمع ہوئے اور ایک عالمگیر تنظیم بنام ''الجمعیۃ العالیۃ المرکزیۃ'' (آل انڈیا سنی کانفرنس) کی داغ بیل ڈالی۔ اس کیلئے پہلے ناظم اعلیٰ صدر الا فاضل مولانا نعیم الدین مراد آبادی مقرر کئے گئے اور صدر حضرت محدث علی پوری پیر سید جماعت علی شاہ صاحب علیہ الرحمہ جو حضرت فاضل بریلوی کے محبین میں سے تھے۔ (۱)

اہل سنت و جماعت کی یہ عالمگیر تنظیم الجمعیۃ العالیۃ المرکزیۃ (آل انڈیا سنی کانفرنس) کے حسب ذیل مقاصد رکھے گئے تھے۔

(۱) تحریک آزادی ہند اور السواد الاعظم / پروفیسر محمد مسعود احمد / ۱۹۸۷ء، ص: ۲۳۵

۱۔ ہندوستان کے سنی مسلمانوں کی کثیر تعداد کے انتشار کو دور کر کے ان کی تنظیم کرنا اور انفرادی طور پر مذہبی کام کرنے والوں میں ایک ربط پیدا کر کے متحدہ قوت بنانا۔

۲۔ ہندوستان کے ہر شہر اور قصبات و دیہات میں اسلامی انجمنیں قائم کرنا اور موجودہ انجمنوں کو جمعیت عالیہ کے ساتھ مربوط کرنا۔

۳۔ تبلیغی کام کو ایک نظم محکم کے ساتھ، وسیع کرنا اور اس کے لئے مفید ذرائع اختیار کرنا۔

۴۔ تبلیغ کی تعلیم دینے کیلئے خاص مدارس کھولنا۔

۵۔ مذہبی تعلیم عام کر کے مسلمانوں کے ہر طبقے کو مذہب سے باخبر اور شائستہ بنانا۔

الف۔ انگریزی خواہ طلبہ کیلئے مذہبی تعلیم کا خاص اہتمام اور آسان ذرائع بہم پہنچانا۔

ب۔ مزدوروں اور پیشہ وروں کی تعلیم کیلئے مدارس شبینہ جاری کرنا۔

۶۔ مسلمانوں کو تجارت کی طرف مائل کرنا اور ان کی معاشرت میں اصلاح کرنا۔

۷۔ مسلمانوں سے قرض کی عادت چھوڑوانا اور ایسی تدابیر کرنا کہ مسلمان اپنی ضرورتیں اور خود پوری کریں اور غیر اقوام کے سامنے قرض کیلئے ہاتھ پھیلانے کی ذلت سے محفوظ رہیں۔

۸۔ مقروض مسلمانوں کیلئے وہ تدابیر اختیار کرنا کہ وہ ایک محدود مدت میں قرض سے سبکدوش ہو جائیں۔

۹۔ بے کار مسلمانوں کیلئے ذریعہ معاش تجویز کرنا اور انہیں کام پر لگانا۔ (۱)

چنانچہ الجمعیۃ العالیۃ المرکزیۃ کی تشکیل کے بعد ہندوستان کے طول وعرض میں اس کے کئی اور متعدد اجلاس ہوئے اور اس اجلاسوں میں بہت سی مفید قرار دادیں پاس کی گئیں۔ ۱۶ مئی ۱۸ مئی ۱۹۲۷ کو پوکھیرا (مظفر پور ضلع، صوبہ بہار) میں آل انڈیا سنی کانفرنس کا سہ روزہ اجلاس ہوا جس کے مستقل صدر مولانا حامد رضا خان صاحب علیہ الرحمہ تھے اور صدر جلسہ مولانا سید محمد شاہ محدث کچھوچھوی علیہ الرحمہ اس میں مذہبی، اقتصادی اور سیاسی اہمیت کی بہت سی قرار دادیں پاس ہوئیں۔ (۲)

---

(۱) السواد الاعظم، ذیقعدہ ۱۳۴۵ھ (دار العلوم نعیمیہ)

(۲) السواد الاعظم، ذی الحجہ ۱۳۴۵ھ، ۱۳۴۵۔

۱۸ستمبر۱۹۲۸ء کومرادآباد ہی میں ایک اوراجلاس ہوا جس میں نہرو کمیٹی کے خلاف قرارداد پاس ہوئی اور لازمی تعلیم کے ساتھ جزوی طور پر مذہبی تعلیم کو لازمی قرارداد دینے کے حق مین بھی قرار پاس ہوئیں۔(۱) ۱۳۴۹ھ کے اجلاس میں آل انڈیا سنی کانفرنس کی شاخ قائم کرنے کی قرارداد منظور کی گئی۔آل انڈیا سنی کانفرنس کے اجلاس ملک کے طول وعرض میں کیئے گئے اوراس کا مقصد وحید وہ تھا جس کا اظہار تاج العلماء حضرت مولانا مفتی محمد عمر نعیمی صاحب نے اس طرح کیا ہے۔

''ہندوستان کیلیئے مراعات طلب کرنے میں اگر ہندوؤں نے مسلمانوں کی پروانہیں کی تو مسلمان اپنی آواز خود علیحدہ کیوں نہ اٹھائیں۔اپنے لئے ضروری اور مناسب مراعات کیوں نہ طلب کریں اپنے حقوق کے مطالبہ سے کیوں زبان روکیں'' (۲)

(۱) السوادالاعظم، جمادی الاوّل، ۱۳۴۷ھ

(۲) ایضاً

آل انڈیا سنی کانفرنس کا آغاز ۱۹۲۵ء میں مراد آباد کی سرزمین پر جس سادگی سے ہوا۔ اس کا انجام ۱۹۴۶ء میں سرزمین بنارس میں نہایت ہی شاندار ہوا۔ جس نفسانفسی کے عالم میں آل انڈیا سنی کانفرنس قائم کی گئی۔ یوں کہہ لیجیے کہ اس عرصہ میں سنی کانفرنس کے رہنما حضرات نے جمہور مسلمانوں کو تعلیم، معاشیات، معیشت، روحانیت اور پیش آنے والے سیاسی معاملات میں قابل قدر خدمات انجام دیں۔

۱۹۲۵ء کے بعد جب مطالبہ پاکستان ایک خواب کی حد سے نکل کر حقیقت کا روپ اختیار کر رہا تھا۔ اس وقت آل انڈیا سنی کانفرنس کے اکابر رہنماؤں نے وقت کی نزاکت کو محسوس کیا اور تنظیم کو از سرِ نو منظم مؤثر اور ہمہ گیر بنانے میں دن رات ایک کر دیا۔ جس کے نتیجے میں آل انڈیا سنی کانفرنس کا بنارس کا اجلاس منعقدہ اپریل ۱۹۴۶ء اہلِ سنت و جماعت کے علماء و مشائخ اور جمہور مسلمانانِ برِ عظیم کی بے مثال تنظیم کا اظہار تھا۔ اسی اجلاس نے قرار دادِ پاکستان کی پُر زور حمایت کی۔ (۱) جس کے نتیجے میں ایک سال بعد اسلامی ریاست پاکستان کا عمل ممکن بلکہ واقع ہوا۔ تاریخ پاکستان میں یہ اجلاس خاص اہمیت کا حامل ہے۔ حیرت ہے کہ اب تک محققین نے اس طرف توجہ نہیں کی۔

آل انڈیا سنی کانفرنس کے ناظم اعلیٰ صدر الافاضل مولانا نعیم الدین مراد آبادیؒ اور اس سنی کانفرنس کے دوسرے اکابر و کارکنان نے ۳ سال سے ہندوستان کی سیاسی حالات کا گہری نظر سے مطالعہ کرنے کے بعد سنی کانفرنس کی تکمیل کا آغاز کیا اور ہر صوبہ میں اس کی شاخیں قائم کی۔ جس سے سنی کانفرنس کی اہمیت و ضرورت کا احساس ہر طبقہ خاص کر اہلِ سنت میں پیدا ہوا۔ آل انڈیا سنی کانفرنس کا نقطۂ عروج بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس منعقدہ ۱۹۴۶ء جو تقریباً چار روز تک جاری رہا۔ تحریکِ پاکستان میں نہایت مؤثر اور انقلاب انگیز ثابت ہوئے۔

---

(۱) تاریخ آل انڈیا سنی کانفرنس/جلال الدین قادری/۱۹۹۹ء لاہور ص:۱۴

ذیل میں اس کانفرنس کی مختصر حالات اور روداد پیش کیے جا رہے ہیں۔

۲۷ تا ۳۰ اپریل ۱۹۴۶ء بنارس میں آل انڈیا سنی کانفرنس کے اجلاس منعقد ہوئے۔ اس کانفرنس کی صدارت محدث علی پوری حضرت پیر جماعت علی شاہ صاحب (المتوفی ۱۹۵۱ء) نے فرمائی۔

ان اجلاس میں پاک و ہند کے تقریباً دو ہزار علماء کرام اور ۶۰ ہزار دوسرے عام حاضرین شریک تھے۔(۱)

اس اجلاس کی خطبہ صدارت حضرت مولانا شاہ سیّد محمد محدث کچھوچھویؒ (المتوفی ۱۹۶۱ء) نے دیا۔ یہ خطبہ تاریخی اور سیاسی حیثیت سے نہایت ہی اہم ہے۔ حیرت ہے کہ ابھی تک کوئی سنجیدہ مورخ وسیاست داں گہری نظر سے اسی کا مطالعہ کر کے اس کی اصل قدر و قیمت سے محبانِ وطن کو آشنا کرے۔ حالانکہ اس میں پاکستان اور مسلمانوں کے معاشی وعلمی و سیاسی مسائل کے بارے میں جو انقلاب انگیز اور صاف ستھرے خیالات کا اظہار کیا گیا ہے۔ وہ تو سب سے زیادہ توجہ کے قابل ہیں۔

آل انڈیا سنی کانفرنس میں جو تجاویز منظور ہوئیں ان میں نظریۂ پاکستان کی خاص طور پر حمایت کی گئی ہے۔ چنانچہ ۲۹ اپریل ۱۹۴۶ء کو باغ فاطمہ میں جو اجلاس ہوا۔ اس میں پاکستان کے بارے میں مندرجہ ذیل قرارداد منظور کی گئی جو باتفاق آراء منظور ہوئیں۔

- آل انڈیا سنی کانفرنس کا یہ اجلاس مطالبۂ پاکستان کی پُر زور حمایت کرتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ علماء و مشائخ اہل سنت اسلامی حکومت کے قیام کی تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے ہر امکانی قربانی کے واسطے تیار ہیں اور یہ اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ایک ایسی حکومت قائم کریں جو قرآن اور حدیث نبویہ کی روشنی میں فقہا اُصول کے مطابق ہو۔
- اسلامی حکومت کے لیے مکمل لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے حسب ذیل حضرات کی ایک کمیٹی بنائی جاتی ہے۔

---

(۱) تاریخ آل انڈیا سنی کانفرنس/ جلال الدین قادری/ ۱۹۹۹ء لاہور ص:

- حضرت مولانا شاہ سیّد ابوالحامد سیّد محمد صاحب محدث اعظم ہند کچھوچھوی
- حضرت مولانا صدر الا فاضل محمد نعیم الدین صاحب
- حضرت مفتی اعظم ہند مولانا شاہ مصطفیٰ رضا خان صاحب
- حضرت صدر الشریعہ مولانا محمد امجد علی اعظمی صاحب
- حضرت مبلغ اعظم مولانا عبد العلیم صدیقی میرٹھی صاحب
- حضرت مولانا عبد الحامد قادری بدایونی صاحب
- حضرت مولانا سیّد شاہ دیوان ال رسول علی صاحب (اجمیر شریف)
- حضرت مولانا ابو اسیر کات سیّد احمد صاحب (لاہور)
- حضرت مولانا شاہ قمر الدین صاحب (سیال شریف)
- حضرت پیر سیّد شاہ عبد الرحمٰن صاحب (سندھ)
- خان بہادر حاجی بخشی مصطفیٰ اعلیٰ (مدارس)
- حضرت مولانا ابو الحسنات سیّد محمد احمد صاحب (لاہور)
- یہ اجلاس کمیٹی کو اختیار دیتا ہے کہ مزید نمائندوں کا حسب ضرورت و مصلحت اضافہ کرے۔ یہ لازم ہوگا کہ اضافہ میں تمام صوبجات کے نمائندے لیے جائیں۔(۱)

(۱) تحریک آزادی ہند اور السواد الاعظم/ ڈاکٹر مسعود احمد/ ۱۹۸۷ء ص: ۲۹، ۲۵۸

ہم عصر علماء اور بعض مشاہیر علماء معاصرین

علامہ سیّد مغفور القادریؒ

سندھ کے ''پیر پگارا'' خاندان نے تحریک پاکستان میں جو نمایاں خدمات انجام دی ہیں اُن کے ذکر کیے بغیر پاکستان کی تاریخ نامکمل رہ جاتی ہے۔ اسی خاندان کے پیروکاروں میں بھر چونڈی شریف ضلع سکھر کی خانقاہ بھی ہے۔ اس خانقاہ کے شیخ ثالث حضرت پیر عبدالرحمٰن کے خلیفہ خاص علامہ سیّد مغفور القادریؒ نے اپنے مرشد کی میت میں جو نمایاں خدمات سرانجام دیں ان سے اغماض کسی بھی طرح ممکن نہیں۔

حضرت علامہ سیّد مغفور القادریؒ ۱۳۲۶ھ میں گڑھی اختیار خاں ضلع رحیم یار خان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی حضرت سیّد سردار احمد قادری اور جد امجد حضرت سیّد محمد جعفر شاہؒ تھا۔(۱) جن کا سلسلۂ نسب حضرت شیخ الشیوخ سیّد عثمان مروندی المعروف ''لعل شہباز قلندر'' مدفون سیہون شریف (سندھ) تک جا پہنچتا ہے۔ مادری سلسلۂ نسب ''اوچ شریف'' کے مشہور زمانہ بخاری خاندان سے ملتا ہے۔

آپ کے آباؤ اجداد شکار پور سندھ سے نقل مکانی کر کے ریاست بہاولپور میں وارد ہوئے اور بعد میں آپ کے جد امجد ''نوابین گڑھی'' کے اصرار پر یہاں آ کر آباد ہو گئے تھے اور حکومت بہاولپور کے ایک قاضی کی ایک دختر سے آپ کی نسبت طے ہوگئی اس وقت سے لے کر آج تک یہ گھرانہ ''گھڑی اختیار خاں ضلع رحیم یار خان ہی میں سکونت پذیر ہے اور یہاں کے لوگوں کی عقیدت کا مرکز ہے۔

ابتدائی طور پر والد ماجد نے آپ کو قرآن مجید کی تعلیم کے لیے مکتب میں داخل کیا اور خود سفر حجاز پر روانہ ہو گئے۔ نو برس کی عمر میں آپ نے قرآن مجید حفظ کر لیا اور پھر دینی تعلیم کا سلسلہ شروع ہوا۔ کتب فارسی مولانا محمد

---

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری/ ۱۹۹۲ء فیصل آباد ص: ۲۴۰

حیات گڑھی والے اور جامع معقول ومنقول مولانا عبدالکریم ہزاروی ثم بھرچونڈی سے پڑھ کر ''ریاست بہاولپور'' کی مشہور علمی درس گاہ مدرسہ شمس العلوم میں اور پھر سراج الفقہاء مولانا سراج احمد مکھن بیلوی سے تکمیل علوی فرمائی۔ تقریباً بائیس برس کی عمر میں تمام علوم عقلیہ ونقلیہ سے فارغ ہو کر حضرت بھرچونڈی کے دست حق پرست پر بیعت کی۔

آپ اپنے مرشد کے حکم کے مطابق بھرچونڈی شریف کی درس گاہ میں تدریس وافتاء کی مسند سنبھالی اور اس طرح سندھ اور بیرون سندھ کے ہزاروں طلباء ان سے فیض یاب ہوئے۔ بھرچونڈی شریف کے چوتھے سجادہ نشین حضرت پیر عبدالرحیم شہید نے بھی آپ ہی سے تکمیل علوم فرمائی علاوہ ازیں آپ پیر عبدالرحمٰن بھرچونڈی کے ساتھ سندھ میں تبلیغی دوروں کے سلسلے میں ان کے رفیقِ سفر رہے۔

حضرت علامہ سیّد مغفور القادریؒ نہ صرف ماہر تعلیم تھے بلکہ بہت بڑے انشاء پرداز اور بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ آپ نے جب حضرت محدث اعظم ہند سیّد محمد شاہ الجیلانی کچھوچھویؒ کو فارسی زبان میں خطوط لکھے تو حضرت محدث کچھوچھویؒ بہت متاثر ہوئے اور بھرچونڈی شریف آتے ہی حضرت سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا اور فرمایا حضرت آپ کی ادبی تحریروں اور خوش نویسی کے بلند پایہ معیار نے تو متقدمین کی یاد تازہ کر دی ہے۔

آپ کی زندگی بہت فعال اور مجاہدانہ تھی آپ کی سرشت میں مجاہدانہ زندگی کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔

تحریکِ پاکستان میں حصہ

تحریکِ پاکستان کا شور بلند ہوا تو کانگریسی علماء (مولانا حسین احمد دیوبندی مدنی اور ابوالکلام آزاد وغیرہ) ''ملت از وطن است'' کا نغمہ الاپ رہے تھے کہ اُدھر علمائے اہلِ سنت ومشائخ عظام دوقومی نظریہ کی تبلیغ و حمایت میں کمربستہ ہو کر سردھڑ کی بازی لگانے پر آمادہ تھے۔ (۱) آپ نے اپنے مرشد پیر عبدالرحمٰن بھرچونڈی

(۱) اکابر تحریکِ پاکستان/محمد صادق قصوری/ ۱۹۹۲ء ص:۲۵۴

کو آمادہ کیا کہ سندھ میں کانگریس کا زور توڑنے کے لیے مسلمانوں کی تنظیم کی جائے چنانچہ سندھ کے دردمند اصحاب کی میٹنگ بلا کر جماعت ''احیاء الاسلام'' کا اعلان کر دیا گیا دستور کو مستقل قومی حیثیت دے کر اسلامی ریاست کے اُصول پر ساری مساعی کا دارومدار رکھا گیا جماعت کے پروگرام اور تعارف کے لیے دھڑا دھڑ لٹریچر چھاپ کر تقسیم کیا گیا۔ اسی سلسلے میں سندھ پرنٹنگ پریس خریدا اور جماعت کا اخبار ''الجامعۃ'' کے نام سے شکار پور سندھ سے جاری کیا جس میں نہایت حکیمانہ انداز میں مضامین لکھ کر رائے عامّہ کو اندرونی طور پر مسلم لیگ کے حق میں ہموار کرنا شروع کر دیا۔ پھر باقاعدہ پروگرام کے تحت جماعتی سطح پر کانفرنسوں کے انعقاد اور وفود کے ذریعہ نشر و اشاعت کا اہتمام کیا۔ جیکب آباد سندھ میں ایک تاریخی کانفرنس ہوئی۔ جس کی صدائے بازگشت اب بھی جیکب آباد کے گلی کوچوں میں سنی جاتی ہے۔ سکھر، لاڑکانہ، شکار پور ایسے مرکزی مقدمات پر تاریخی جلسے کیئے ہزاروں کی تعداد میں پمفلٹ اور ہینڈ بل تقسیم کیے۔ آپ کی ان کاوشوں اور سیاسی بصیرت نے سندھ کے عوام کو آپ کی جماعت کا گرویدہ بنا دیا ابھی تک جماعت کے ریکارڈ میں ایسے پمفلٹ وغیرہ موجود ہیں جو آپ کی حکمت اور سیاسی سوجھ بوجھ کی منہ بولتی تصویر ہیں۔

سندھ میں لوگ ابھی تک مسلم لیگ سے پوری طرح متعارف نہیں ہوئے تھے کہ محمد ایوب کھوڑو، الحاج عبداللہ ہارون اور مولانا عبدالحامد بدایونی نے مسلم لیگ کی طرف سے کراچی میں ایک عظیم الشان جلسہ انعقاد کیا۔ جس میں قائداعظم، قائد ملت لیاقت علی خاں اور نواب اسمٰعیل خاں مرحوم کے علاوہ بہت سے اکابرین ملت شریک ہوئے۔ ''احیاء الاسلام'' کے نائب صدر کی حیثیت سے آپ کو بھی مدعو کیا گیا آپ نے اعلان فرمایا کہ:

''مسلم لیگ برصغیر میں مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے لہٰذا ہم اپنی تمام تر قوت و طاقت اور جماعت ''احیاء الاسلام'' کو مسلم لیگ میں مدغم کرتے ہیں اور احیاء الاسلام کے ٹکٹ پر منتخب ہونے والے پانچ ممبران اسمبلی بھی مسلم لیگ میں شامل ہوتے ہیں۔'' (۱)

(۱) اکابر تحریک پاکستان/ صادق قصوری/ ۱۹۹۲ء ص: ۲۵۵

یہ اعلان آپ نے قائد اعظم کی اس یقین دہانی اور گفت وشنید کے بعد کیا تھا کہ ہمارا یہ پاکستان ایک صحیح اسلامی ریاست ہوگا جہاں صرف کتاب وسنت کی حکمرانی ہوگی۔

مسلم لیگ میں شمولیت کے بعد آپ عملی طور پر مسلم لیگ کی کامیابی کے لیے دامے درمے قدمے، قلمے اور سخنے میدان میں نکل آئے۔ آپ نے حیدر آباد کو اپنا مسکن بنایا اور ''تنظیم المشائخ'' کے نام سے مشائخ کی ایک جماعت میں بنائی تا کہ سندھ کے مشائخ کو اکٹھا کر کے مسلم لیگ کے جھنڈے تلے لایا جا سکے آخر کار ایک کنونشن میں سندھ کے تمام سجادہ نشین حضرات کو بلایا اور مسلم لیگ کا منشور پیش کیا چنانچہ آپ کی کوششوں سے اکثر سجادہ نشین حضرات مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔

۱۹۴۶ء میں حضرت صدر الافاضل مولانا سیّد نعیم الدین مراد آبادی اور محدث اعظم ہند مولانا سیّد محمد الجیلانی کچھوچھوی کی کوششوں سے ۲۷ تا ۳۰ اپریل بنارس میں حضرت محدث علی پوری کی زیر صدارت ''آل انڈیا سنی کانفرنس'' منعقد ہوئی جس کا مقصد دو قومی نظریہ اور مطالبہ پاکستان کی حمایت تھا۔(۱) آپ حضرت پیر عبدالرحمٰن بھرچونڈیؒ کے ساتھ ایک سو افراد کا وفد لے کر سندھ کی نمائندگی کے لیے کانفرنس میں شریک ہوئے۔ خصوصی میٹنگوں اور ضروری مشوروں میں شرکت فرمائی اور مفید تجاویز پیش کیں۔ بعد ازاں ہندوستان کے مختلف علاقوں کا دورہ فرمایا اور اسی دوران بریلی شریف حاضر ہوئے اور سیّدی وسندی اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کے آستانہ مبارکہ پر حاضری دی۔

قیام پاکستان سے قبل سکھر میں دریائے سندھ کے کنارے پر واقع مسجد منزل گاہ پر ہندوؤں نے قبضہ کرنا چاہا تو یہ مسئلہ آگ کی طرح پھیل گیا اور سیاسی کشیدگی نے فضا کو مزید خراب کر دی۔ حکومت نے ہندوؤں کی حمایت میں مداخلت کرنا چاہی تو مجاہدین اسلام کے صف اوّل کے رہنما جن میں پیر عبدالرحمٰن بھرچونڈی اور سیّد علامہ مغفور القادری شامل تھے۔ میدان میں آ کر مردانہ وار انگریزی حکومت کا مقابلہ کیا حکومت نے ہر طرح سختی سے کام لیا مگر حق پرستوں نے بھی سر نہ جھکایا اور پھر تنگ آ کر حکومت نے ایک تحقیقاتی بورڈ قائم کیا

(۱) تاریخ آل انڈیا سنی کانفرنس/جلال الدین/فیصل آباد ص:

جس نے رپورٹ دی کہ یہ مسجد ہے اور مسلمانوں کو ملنی چاہیے۔ چنانچہ یہ مسجد مسلمانوں کے قبضے میں آ گئی یہ آپ کی دلیری، شجاعت اور فہم وفراست کی ایک اعلیٰ مثال ہے۔

انتہائی مصروفیات کے باوجود آپ نے بہت سی کتابیں بھی لکھیں ان میں سے چند ایک کا تعارف پیش خدمت ہے۔

- بنام/عبادالرحمٰن

(تذکرہ مشائخ بھرچونڈی شریف) یہ خانقاہ بھرچونڈی شریف کے مشائخ پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں جہاں علمی وادبی چٹخارہ موجود ہے وہاں تصوف کی تاریخ میں ایک قابل قدر اضافہ ہے حکیم محمد موسیٰ امرتسریؒ نے اس کا دیباچہ لکھا ہے۔

- تنویر العینین فی تقبیل الابہامین (غیر مطبوعہ) سندھی زبان میں احادیث اور اقوال سلف سے ثابت کیا گیا ہے کہ اذان میں انگوٹھے چومنا مستحب اور سنت صدیقی ہے۔ آپ نے مذکورہ مسئلے کے ثبوت میں قوی استدلالات کے ذریعے مخالفین کو لاجواب کر دیا ہے۔
- الرسول ﷺ (غیر مطبوعہ) حضور سیّد عالم ﷺ کے مقام رسالت اور عظمت رسول پر ایک مجمل مگر مکمل رسالہ ہے۔
- کلام مغفور (غیر مطبوعہ) اس میں عربی فارسی، اُردو سرائیکی زبانوں میں آپ کا منظوم کلام ہے۔
- اس کے علاوہ مختلف مضامین بعض کتب پر حواشی، پسندیدہ شعراء کا منتخب کلام غیر مطبوعہ صورت میں آپ کے صاحبزادے کے پاس محفوظ ہیں۔

آپ ایک جادو بیان خطیب بھی تھے۔ آپ کی تقاریر کا موضوع عشق مصطفیٰ ﷺ ہی ہوتا تھا۔ مثنوی مولانا روم کے حافظ تھے اور مثنوی شریف پڑھتے وقت آپ پر ایک کیفیت طاری ہو جاتی تھی تقریر میں ایسا سوز وگداز ہوتا تھا کہ سخت سے سخت دل انسان بھی اپنے آنسو ضبط نہ کر سکتا تھا ہر سال عید میلاد النبی ﷺ بڑے تزک واحتشام سے مناتے تھے۔ زمانہ طالب علمی ہی سے شعر کہتے تھے نعت گوئی کے لیے نہایت موزوں طبع پائی تھی ابتدائی دور میں آپ کا تخلص ساغر تھا پھر مغفور اور غفیر تخلص فرمانے لگے تھے۔

آپ کو اللہ تعالیٰ نے چار فرزند عطا فرمائے جو سب کے سب باصلاحیت اور علوم دینیہ سے بہرہ ور ہیں۔

- علامہ سیّد کاظمی القادری
- سیّد فاروق القادری ایم اے عربی، اسلامیات (گولڈ میڈلسٹ)
  (موجودہ سجادہ نشین گڑھی اختیار خاں)
- سیّد سرمد منصور
- سیّد بوعلی شبلی وغیرہم

حضرت کے وصال سے دس سال قبل (ذیابیطس) ایسا موذی مرض لاحق ہو گیا علاج جاری رہا مگر آپ کی صحت بحال نہ ہو سکی اور بالآخر اسی مرض میں ۵ صفر المظفر ۱۳۹۰ھ مطابق ۱۲ اپریل ۱۹۷۰ء بروز اتوار پانچ سترہ منٹ پر آپ نے اپنی جان جاں آفریں کے سپرد کر دی اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن (۱)

---

(۱) اکابر تحریک پاکستان/محمد صادق قصوری/ ۱۹۹۲ء ص:۲۵۶

شیخ الاسلام خواجہ محمد قمر الدین سیالویؒ

حضرت شیخ الاسلام والمسلمین خواجہ محمد قمر الدین سیالوی خواجہ محمد ضیاء الدین بن خواجہ محمد الدین بن خواجہ شمس العارفین شمس الدین ۱۵ جمادی الاولی ۱۳۲۴ھ کو سیال شریف ضلع سرگودھا پنجاب میں پیدا ہوئے۔(۱) ابتدائی تعلیم خانقاہ کے مدرسہ ضیاء شمس العلوم کے اساتذہ اور والد گرامی سے حاصل کی۔اس کے بعد ۱۳۴۶ھ میں اجمیر شریف پہنچے اور دارالعلوم معینیہ میں داخل ہو کر مولانا معین الدین اجمیری سے تلمذ حاصل کیا۔ ۱۳۴۶ھ ہی میں چند ماہ کے لیے حضرت خواجہ صاحب کے والد ماجد نے مولانا اجمیری کو سیال شریف بلا لیا تو آپ بھی ساتھ آ گئے اور پوری توجہ سے تعلیم حاصل کرنے لگے۔۱۳۵۱ھ میں تکمیل درسیات میں دورہ صحاح ستہ کے بعد سند فراغت پائی۔۱۳۵۶ھ میں حج بیت اللہ کے موقع پر علماء حرمین سے بھی اسناد حدیث و فقہ حاصل کیں۔

تحریک پاکستان میں خدمات

خواجہ صاحب نے مسلمانوں کی روحانی تربیت کے علاوہ سیاسی رہنمائی بھی فرمائی آپ نے علماء حق کے ساتھ مل کر آزادی وطن کے لیے تن من دھن کی بازی لگا دی اور ۱۹۴۶ء میں بنارس کی ''آل انڈیا سنی کانفرنس'' میں شرکت کے بعد حصول آزادی کی منزل کو قریب تر لانے میں مصروف ہو گئے۔(۲)

(۱) اکابر تحریک پاکستان/محمد صادق قصوری/ ۱۹۹۲ء ص:۲۰۰

(۲) تذکرہ علماء اہل سنت مولانا محمود احمد قادری مطبوعہ کانپور ۱۳۹۱ھ ص:۲۱۱

اس تحریک سے پہلے انگریز نے آپ کو طرح طرح کی لالچ دے کر کلمۂ حق سے باز رکھنے کی کوشش کی مگر آپ ان کے دام تزویر میں نہ آسکے حکومت پنجاب کی سفارش پر ملک معظم نے آپ کو ہائی نس کا اعلیٰ خطاب پیش کیا مگر آپ نے اس چٹھی ہی کو نذر آتش کر دیا جس میں یہ پیش کش کی گئی تھی۔

جب انگریزی حکومت لالچ دے کر آپ کا ایمان نہ خرید سکی تو پھر آپ کو گرفتار کر کے گوبر اور گندے پانی سے بھری ہوئی کوٹھڑی میں بند کر دیا جس میں نہ بیٹھا جاسکتا تھا اور نہ ہی نماز پڑھی جاسکتی تھی پھر آپ کی ساڑھے گیارہ مربع اراضی ضبط کر لی گئی جب اس پر بھی مردحق نے سر نہ جھکایا تو طرح طرح سے اذیتیں دی گئیں تا کہ آپ تحریک پاکستان کی حمایت سے دستبردار ہو جائیں لیکن آپ نے انگریز کی ساری کوششوں پر پانی پھیرتے ہوئے فرمایا:

''عزت صرف اللہ کے اختیار میں ہے اگر میں نے ایک لحہ کے لیے بھی یہ سوچا کہ مجھے اللہ کے سوا کوئی مٹا سکتا ہے تو میں مشرک ہو جاؤں گا۔(۱)

سرگودھا کے ''ٹوانوں'' کے ساتھ آپ کے مراسم بہت اچھے تھے مگر ۱۹۴۶ء کے الیکشن میں آپ نے مسلم لیگ کا ساتھ دے کر انہیں بھی ورطۂ حیرت میں ڈال دیا چنانچہ حکیم آفتاب احمد قریشی یوں رقمطراز ہیں۔

''مشائخ میں سیال شریف (سرگودھا) کے سجادہ نشین حضرت خواجہ قمر الدین صاحب سیالوی نے تحریک پاکستان کی بڑی سرگرم حمایت کی۔ سیال شریف سرگودھا کی مشہور گدی ہے جس کے عقیدت مند تمام ملک میں پھیلے ہوئے ہیں اس خاندان کا سرگودھا میں بڑا اثر تھا ''ٹوانے'' تو کئی پشتوں سے اس خاندان کے مرید چلے آرہے تھے اور ان کے خواجہ صاحب سے بڑے گہرے روابط تھے تحریک پاکستان کا دور آیا تو ٹوانے مسلم لیگ کے شدید مخالف تھے۔ ۱۹۴۶ء کے انتخابات میں ٹوانے یونینسٹ پارٹی کے ٹکٹ پر الیکشن لڑ رہے تھے۔ آپ کے ''ٹوانوں'' سے ذاتی مراسم تھے مگر آپ نے ان ذاتی مراسم کی کوئی پروانہ کی اور انتخابات میں مسلم لیگی اُمیدواروں کی پُر زور حمایت کی اور صوبہ بھر کا دورہ کیا اور اپنے مریدوں کو ہدایت کی کہ وہ مسلم لیگی اُمیدواروں کو ووٹ دیں۔

(۱) ماہنامہ ضیاء حرم لاہور دسمبر ۱۹۷۴ء ختم نبوت ص:۹۵

پاکستان بنا تو آپ نے قائداعظم کو ایک خط لکھا کہ پاکستان میں فی الفور اسلامی قوانین نافذ ہونے چاہئیں اس پر قائداعظم نے جواب میں تحریر فرمایا کہ ''پاکستان کی تحریک میں مشائخ عظام کی خدمات بڑی عظیم اور قابل قدر ہیں آپ اطمینان رکھیں پاکستان میں یقینی طور پر اسلامی قانون ہی نافذ ہوگا۔(۱)

شہید ملت لیاقت علی خاں جب آپ سے ملنے سرگودھا تشریف لائے تو آپ نے دو گھنٹے تک ان سے اسلامی آئین کے بارے میں گفتگو کی اور اپنی بات چیت کے دوران ان سے استفسار کیا کہ اسلامی آئین کے نفاذ میں تاخیر کیوں ہو رہی ہے اس پر لیاقت علی خاں مرحوم نے فرمایا:

''مشرقی اور مغربی پاکستان میں رابطہ اور تعلق اسلام ہی سے ہے دنیا کے تمام مسلمان ایک لڑی میں منسلک ہیں۔ہم نے یہ ملک اسلام کے نام پر ہی الٰہی حاصل کیا ہے اس لیے ہم اسلامی آئین یہاں نافذ کر کے ہی دم لیں گے۔

لیکن افسوس قائداعظم اور شہید ملت لیاقت علی خاں یہ حسرت دل ہی میں لیے اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔

تحریکِ پاکستان کے لیے جدوجہد

تحریک پاکستان کے سلسلے میں ۳ مئی ۱۹۴۶ء کو شاہی مسجد لاہور میں مرکزی انجمن نعمانیہ ہند کا ساٹھواں سالانہ اجلاس آپ ہی کے زیر صدارت شروع ہوا۔ مولانا عبدالحامد بدایونی قادری ناظم نشر و اشاعت آل انڈیا سنی کانفرنس نے اس جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کی تمام خرابیوں کا واحد حل قیام پاکستان میں مضمر ہے۔ پاکستان اب دس کروڑ مسلمانوں کی زندگی اور موت کا سوال بن چکا ہے ہم آزادانہ زندگی بسر کرنے کے لیے یا تو پاکستان حاصل کریں گے اور یا مٹ جائیں گے دوٹوک فیصلہ کی گھڑی

(۱) حوالہ بالا ص: ۵۹ قائداعظمؒ کے اس واضح قول کے بعد اب پھر کیا شبہ باقی رہ جاتا ہے کہ آپ پاکستان کو ایک اسلامی مملکت نہیں بنانا چاہتے تھے؟

آ پہنچی ہے ہم پاکستان کی راہ کے ہر روڑے کو ہٹا دینے کا عزم بالجزم کر چکے ہیں۔ وزارتی مشن کو تنبیہ کرتے ہوئے مولانا نے فرمایا کہ اگر دس کروڑ مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت (مسلم لیگ) کو نظر انداز کرنے کی کوشش کی گئی تو اس کے نتائج نہایت المناک ہوں گے۔(۱)

۴مئی ۱۹۴۶ء کو انجمن نعمانیہ کے سالانہ اجلاس کی نشست اسلامیہ کالج ہی کے میدان میں منعقد ہوئی حضرت پیر صاحب مانکی شریف (صوبہ سرحد) نے سہ پہر کی نشست کی صدارت کی اس اجلاس میں حضرت مولانا عارف اللہ صاحب میرٹھی اور مولانا عبدالحامد صاحب بدایونی نے تقریریں کیں اور پاکستان کی حمایت میں قراردادیں پاس کرائیں۔

حضرت شیخ الاسلام کی نمایاں خوبی یہ تھی کہ آپ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحیح عاشق صادق تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات سے آپ کے قلبی تعلق کا اندازہ ان دو واقعات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے جو ۱۹۸۳ء کے مجلّہ ضیائے حرم میں محمد اشرف چشتی ملتانی رقمطراز ہیں۔ کہ ایک مرتبہ حضرت شیخ الاسلامؒ ممتاز آباد کالونی میں اپنے ایک منظورِ نظر مرید خادم حاجی قمر الدین اعوان کے صاحبزادے ملک نور حسین اعوان کے ہاں ملتان تشریف لائے۔ مجھے اور دیگر احباب کو توفیق ہوئی تو خدمت عالیہ میں حاضر ہوئے۔ دوران گفتگو مدینہ منورہ کی حاضری اور وہاں نجدیوں کی گستاخیوں اور بے ادبیوں کا تذکرہ ہوا تو میں نے عرض کیا۔ جناب وہ حضور اکرم ﷺ کے روضۂ پاک اور مبارک جالیوں کا کیا ادب کریں گے؟ وہ تو بیت اللہ کا بھی احترام نہیں کرتے۔

میں نے دیکھا کہ میرے ان الفاظ پر شیخ الاسلام کے چہرۂ انور پر جلال کے آثار ظاہر ہوئے پھر فرمایا مولوی صاحب غور کرو، کیا کہہ رہے ہو؟ تمہارے ان الفاظ سے شبہ ہوتا ہے کہ شاید تمہارے نزدیک بیت اللہ کا مرتبہ محبوب پاک ﷺ کے روضۂ پاک سے زیادہ ہے؟ خدا کی قسم لاکھوں کعبے ہوں تو بھی حضور اکرم ﷺ کے روضۂ پاک کے برابر نہیں ہو سکتے۔ تجھے پتہ نہیں کہ محبوب پاک ﷺ کے روضۂ پاک کا مرتبہ تو عرشِ الٰہی سے بھی زیادہ ہے۔

(۱) اخبار دبدبہ سکندری رامپور، مطبوعہ ۱۰ مئی ۱۹۴۶ء ص:۵

ابوالکرم محمد برکات ضیائے حرم کے اسی شمارے میں ایک دوسرے عنوان ''مرے خواجہ سراپائے شفقت'' کے تحت رقم طراز ہیں۔۲۴ جون ۱۹۸۱ء کو فیصل آباد میں پنجاب میڈیکل کالج میں انجمن طلباء اسلام کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان معراج النبی ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔حضور پیر سیال مہمان خصوصی تھے میں بھی اس مقدس تقریب میں حاضر تھا۔آپ کی آمد پر جونہی میں نے جلسہ گاہ کے پیچھے دیکھا تو میرے خواجہ ہزاروں پروانوں کے ساتھ تشریف لا رہے تھے۔آپ نے اس جلسے میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا: میرے وصال کا وقت قریب آ پہنچا ہے آج میرا جی چاہ رہا ہے کہ ان نوجوانوں کے ہاتھ چوم لوں جنہوں نے حضور پرنور شافع یوم النشور حضرت محمد ﷺ کی خاطر اتنی بڑی تقریب منعقد کی ہے۔

وفات

شیخ الاسلام حضرت خواجہ محمد قمر الدین سیالوی ۱۸ جولائی ۱۹۸۱ء کو ٹریفک کے حادثے میں شدید زخمی ہو گئے اور ۲۰ جولائی ۱۹۸۱ء بمطابق ۱۷ رمضان المبارک کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔(۱)

(۱) اکابر تحریک پاکستان/صادق قصوری/ ۱۹۹۲ء ص:۲۰۱

مفتی سیّد مسعود علی قادریؒ

مفتی سیّد مسعود علی قادریؒ ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء میں یوپی کے مشہور شہر علی گڑھ میں متولد ہوئے۔(۱) آپ کے والد ماجد حافظ سیّد احمد علی بن سیّد قاسم علی بن سیّد ہاشم علی نے آپ کو ابتدائی تعلیم کے لیے مدرسہ میں بٹھادیا۔آپ نے ابتدائی تعلیم مارہرہ شریف میں حاصل کی اور عربی تعلیم ۱۹۱۹ء میں مدرسہ لطفیہ جامع مسجد علی گڑھ میں شروع کی ۱۹۲۱ء میں ضلع علی گڑھ میں نواب ابوبکر خاں شیروانی کے قائم کردہ مدرسہ عربی میں اکتساب علم کیا اور ۱۹۲۸ء تا ۱۹۳۱ء مدرسہ عالیہ رام پور میں جامع المعقول والمنقول علامہ عبدالحق خیر آبادیؒ اوران کے صاحبزادے مولانا افضال الحق خیر آبادی سے تعلیم حاصل کر کے سند فراغت حاصل کی۔(۲)

فارغ التحصیل ہونے کے بعد ۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۴ء تک مدرسہ نعمانیہ دہلی اور ۱۹۳۴ء سے ۱۹۴۱ء تک مدرسہ عالیہ قادریہ بدایوں اور ۱۹۴۱ء سے ۱۹۵۰ء تک مدرسہ عربیہ حافظیہ سعیدیہ دادوں ضلع علی گڑھ میں تدریس وافتاء اور انتظامی اُمور کے فرائض سرانجام دیے۔ ۱۹۵۱ء میں پاکستان آگئے اور ۱۹۷۰ء تک آپ مدرسہ عربیہ انوار العلوم ملتان میں تدریس وافتاء کے علاوہ انتظامی خدمات بھی سرانجام دیے۔ ۱۹۷۰ء میں پُرانے مرض ذیابیطس کی زیادتی کے باعث اپنے صاحبزادے حضرت علامہ مفتی ڈاکٹر جسٹس سیّد شجاعت علی قادریؒ کی گزارش پر مع اہل وعیال کراچی منتقل ہوگئے۔ یہاں دار العلوم امجدیہ میں مسند تدریس وافتاء سنبھالی اور ساتھ ہی مسجد قصاباں صدر میں خطابت کے فرائض انجام دینے شروع کیے جو آخر حیات تک باقی رہے۔

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت/ محمود احمد قادری/ ۱۹۹۲ء ص:۲۳۶

(۲) ماہنامہ ترجمان اہل سنت کراچی ۱۹۷۳ء ص:۱۸

تحریکِ پاکستان سے کردار

حضرت مفتی صاحب نے تحریک پاکستان میں بھی بھرپور حصّہ لیا۔ ۱۹۳۴ء سے ۱۹۴۱ء تک مدرسہ عالیہ قادریہ بدایوں میں تدریسی فرائض سرانجام دیے تھے۔ اسی نسبت سے مولانا عبدالحامد بدایونی کے رفیقِ کار ہے اکثر جلسوں میں مولانا موصوف کے ساتھ تقریریں فرمایا کرتے آل انڈیا سنی کانفرنس سے منسلک ہوتے ہوئے بھی آپ کٹر مسلم لیگی تھے آپکے بڑے صاحبزادے مبلغ اسلام حضرت مولانا سیّد سعادت علی قادری مدظلہٗ لکھتے ہیں:

ایک مرتبہ اُنہوں نے تحریک پاکستان کے واقعات بیان کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ ''اس زمانہ میں مجھے ان علماء اور مسلمانوں پر حیرت ہوتی تھی جو اسلام کا دعوٰی کرتے اور اپنی کوششوں سے ہندوؤں (کانگریس) کو فائدہ پہنچاتے تھے۔ (۱)

حضرت مفتی صاحب ۱۹۴۱ء میں دادوں ضلع علی گڑھ تشریف لے گئے تھے وہاں آپ درس وتدریس کی ذمہ داریاں پوری کرنے کے ساتھ ساتھ دیہاتوں میں جاکر مسلم لیگ کے لیے کام کرتے تھے اور قیام پاکستان تک آزادی حاصل کرنے کے لیے میدان عمل میں مصروف کار رہے اس دوران نامعلوم کتنی رکاوٹیں ان کی راہ میں حائل ہوئیں مگر آپ کے آہنی عزائم کو متزلزل نہ کرسکیں۔

۱۹۵۰ء میں جب آپ ملتان تشریف لے آئے سنیوں کی نمائندہ تنظیم جمعیت علماء پاکستان کے احیاء کی کوششیں ہوچکی تھیں آپ بھی ان میں شامل ہوگئے۔ چنانچہ جمعیت علماء پاکستان ۱۹۷۰ء میں جب از سرِ نو میدان میں آئی تو آپ کو مرکزی مجلس شوریٰ کا رُکن اور ملتان جمعیت کا صدر منتخب کیا گیا۔ ۱۹۷۰ء کے عام انتخابات ملتان کے وقت مولانا حامد علی خاںؒ رام پوری آپ ہی کی تحریک پر قومی اسمبلی کا انتخاب لڑنے کے لیے آمادہ ہوئے اور آپ ان کے تمام انتخابی جلسوں میں علالت کے باوجود شریک ہوتے رہے اور انتخابی اُمور کے لیے شب وروز کام کرتے رہے۔

---

(۱) حوالہ بالا ص:۲۹۳

آپ نے ۹ فروری ۱۹۷۳ء مطابق ۵ محرم الحرام ۱۳۹۳ھ کو مسجد قصابان صدر میں نمازِ جمعہ پڑھائی اور حسبِ معمول تقریر بھی فرمائی۔ جمعہ کے بعد حسبِ عادت کھانا تناول فرمایا تھوڑی دیر کے بعد دل کا دورہ پڑا اور بغیر کسی اضطرابی کیفیت کے پُرسکون انداز میں جانِ جان آفریں کے سپرد کردی اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

خلش آب غم مولانا مفتی سیّد مسعود علی قادری ۱۹۷۳ء ۱۳۹۳ھ

آپ نارتھ ناظم آباد سخی حسن قبرستان میں مدفون ہوئے۔(۱)

(۱) ترجمانِ اہلِ سنّت کراچی مارچ ۱۹۷۳ء

مولانا آزاد سبحانی

مولانا کا اصل نام عبدالقادر تھا۔ آپ کی پیدائش ۱۸۸۲ء میں سکندر پور ضلع بلیا (یوپی) میں ہوئی۔ آپ فلسفۂ الٰہیات کے فاضل، وسیع النظر عالم، سحر بیان خطیب اور شاعر تھے پہلے پہل ان کے نام کو شہرت اس وقت حاصل ہوئی جب آریہ سماجیوں نے ہندوستان میں فتنہ ارتداد بپا کیا۔ اس فتنہ کو کچلنے میں آپ نے شب و روز بڑی محنت سے کام کیا۔ یہ وہی فتنہ تھا جس کو ۱۹۲۳ء میں دوبارہ شدھی کے نام سے سوامی شردھانند نے اُبھارا۔ اس فتنہ کے استیصال کے لیے آپ نے کانپور میں ۱۳ ستمبر ۱۹۰۸ء کو مدرسہ الٰہیات قائم کر کے بے شمار مبلغ پیدا کیے۔(۱)

آپ نے تحریکِ خلافت، ترکِ موالات اور مسلم لیگ میں شامل ہو کر آزادیٔ وطن کے لیے سرگرم حصہ لیا۔ ۱۹۱۲ء میں جب اٹلی نے طرابلس پر حملہ کر دیا۔ ابھی یہ جنگ جاری تھی کہ طبقان کی ریاستیں متحد ہو کر ترکیہ پر حملہ آور ہوئیں تا کہ اسلام اور مملکت ترکی کو یورپ کے نقشہ سے مٹا ڈالیں۔ دوسری طرف ہند میں برطانوی راج کے ہاتھوں مسلمان پستے چلے جا رہے تھے۔ انگریزوں کے خلاف نفرت کا جذبہ پیدا ہو چکا تھا۔ اسی زمانے میں مسجد مچھلی بازار کانپور کے منہدم کرنے کا واقعہ پیش آیا۔

قصہ یوں ہوا کہ شہر کی میونسپلٹی نے ایک نئی سڑک نکالی جس میں مسجد کا ایک حصہ جو وضو خانہ تھا بیچ میں آ گیا اور مسلمانوں کی مرضی کے خلاف سے زبردستی منہدم کر دیا گیا حالانکہ مسجد کے پاس ایک چھوٹا سا مندر بھی تھا جس کو بچا کر یہ سڑک نکالی گئی۔ اس واقعہ نے مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکا دیا۔ ۱۳ اگست ۱۹۱۳ء کو جب رمضان المبارک کی دسویں تاریخ تھی۔ مسلمانانِ کانپور نے مولانا عبدالقادر آزاد سبحانی کی سرکردگی میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا۔ آپ کی تقریر سے جلسہ میں کافی جوش وخروش پیدا ہوا جلسہ کے بعد پر جوش

(۱) ماہنامہ نقوش لاہور، مکاتیب نمبر،ص: ۹۴۰

مسلمانوں نے جن میں بچے بوڑھے سبھی شامل تھے مسجد کا رُخ کیا اور مسجد کی منہدم دیوار پر اینٹیں چن چن کر رکھنے لگے۔

مسٹر بٹلر ڈپٹی کمشنر کانپور نے سکھ فوج کو حملہ کرنے کا حکم دیا۔ فوج اور پولیس کے سپاہیوں نے نہایت بے رحمی سے گولیاں برسائیں اور قریب سے بوجھے مارے شہیدوں اور زخمیوں میں ننھے ننھے بچے بھی شامل تھے شہداء کی صحیح تعداد کا پتہ نہ چل سکا، سرکاری اندازہ بیس آدمیوں کا تھا۔ اس خونی سانحہ نے تمام ہندوستان میں آگ لگا دی اس سانحہ کے موقع پر آزاد سبحانی سب سے پہلے ملک میں متعارف ہوئے۔ مولانا آزاد سبحانی اور دیگر بہت سے مسلمان علماء کرام اور رہنما گرفتار کر لیے گئے جس کی وجہ سے ملک گیر مظاہرے شروع ہو گئے۔ مسلمانوں کا مطالبہ تھا کہ مسجد کے اس حصّے کو جو شہید کیا گیا ہے قائم رکھا جائے مگر حکومت نے اپنے وقار کا مسئلہ بنالیا۔

مسلمانوں کا ایک وفد انگلستان گیا تاکہ حکومت برطانیہ کو تمام حالات سے آگاہ کیا جا سکے اس وفد میں مولانا محمد علی جوہر اور وزیر حسن (جو بعد میں جج بنے) شامل تھے۔ ان کی کوششوں سے لارڈ ہارڈنگ (وائسرائے) اور سر علی امام (لاءممبر) کانپور پہنچے اور اس مسئلہ کا تصفیہ کیا حکومت نے مولانا کو معافی نامہ پیش کرنے کی شرط پر رہائی کا پیغام بھیجا مگر اُنہوں نے اسے اپنی توہین سمجھتے ہوئے ٹھکرا دیا اور قید و بند کی صعوبتوں کو گلے لگایا، آپ کی جائیداد کو نیلام کر دیا گیا۔ آپ نے سب کچھ برداشت کیا مگر راہِ حق کو کسی قیمت پر بھی نہ چھوڑا۔(۱)

کلکتہ میں جب سیاسی اختلافات کے سبب مسلمانوں کی اکثریت نے مولانا ابوالکلام آزاد کی اقتدار میں نمازِ عیدین پڑھنے سے انکار کر دیا تو ان کی جگہ مولانا آزاد سبحانی نے دو سال تک امامت و خطابت کے فرائض سرانجام دیے۔ مولانا کے خطبے عام طور پر ظالمانہ اور محققانہ ہوتے تھے۔(۲)

---

(۱) حیات شبلی سید سلیمان ندوی مطبوعہ اعظم گڑھ ۱۹۴۳ء، ص:۶۰۱، ۶۰۲۔ دید و شنید از رئیس احمد جعفری مطبوعہ لاہور ۱۹۴۸ء، ص:۵۸ - ۶۰۔ مطبوعہ دہلی ۱۹۳۹ء، ص:۳۱۰۔ ہفتہ وار المدینہ کراچی ۲۷ اگست ۱۹۷۱ء

(۲) ذکر آزاد از عبدالرزاق ملیح آبادی مطبوعہ کلکتہ ۱۹۶۰ء، ص:۴۱۹، ۴۲۰، نقوش لاہور مکاتیب نمبر ص:۹۴۰

۱۹۴۵ء میں آپ نے حکومتِ ربانیہ کے نام سے ایک روحانی اور اصلاحی تحریک شروع کی اور گورکھپور سے ایک رسالہ روحانیت کے نام سے نکالا جو ڈیڑھ سال بعد بند ہوگیا۔ آپ نے سیاسی موضوع پر آزادی اور مالا بار دو پلا نامی دو کتابیں لکھیں۔ روحانیت اور مذہب کے موضوع پر بھی متعدد کتابیں لکھیں۔(۱)

آپ کی زندگی نہایت سادہ مگر پُر وقار تھی، حق گوئی و بیباکی آپ کا شیوہ تھا۔ تحریکِ آزادی میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ آپ کی تقاریر نہایت پُر تاثیر ہوتی تھیں، جب آپ میلاد کی محفلیں پڑھا کرتے تھے تو مخالفین بھی شریکِ محفل ہوا کرتے تھے۔(۲)

۱۹۳۵ء (ذوالحجہ ۱۳۵۳ھ) میں آپ کو حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی اس سال ہندوستان سے مندرجہ ذیل مشاہیر بھی حج کی سعادت سے بہرہ ور ہوئے:

- مولانا معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ (اُستاذ حضرت شیخ الاسلام سیالوی مدظلہٗ)
- مولانا عبدالقدیر بدایونی رحمۃ اللہ علیہ
- مولانا حسرت موہانی رحمۃ اللہ علیہ
- مولانا مظہر الدین ایڈیٹر الامان وغیرہم (۳)

آپ ۲۴ جون ۱۹۵۷ء کو لکھنؤ کے بلرام پور ہسپتال میں اس دنیائے فانی سے رُخصت ہوئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ، کچی باغ گورکھپور میں مدفن بنا۔(۴)

---

(۱) ماہنامہ معلومات، لاہور، شمارہ نمبر ۱۵

(۲) قومی زبان کراچی، ۱۶ جولائی یکم اگست ۱۹۵۷ء، دید و شنید از رئیس احمد جعفری، مطبوعہ لاہور، ۱۹۵۸ء، ص: ۵۸، ۶۰

(۳) معین المنطق از مولانا معین الدین اجمیری، مطبوعہ کراچی ۱۹۶۷ء، ص: ۶۶

(۴) ماہنامہ نقوش لاہور (مکاتیب نمبر) ۱۹۵۷ء، ص: ۹۴۰

مولانا محمد ابراہیم علی چشتی

حضرت مولانا محمد ابراہیم علی چشتی ۱۶ اگست ۱۹۱۷ء کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تاریخی نام افتخار احمد تھا۔ (۱) والدِ گرامی کا نام مولوی محرم علی چشتی تھا جو لاہور کے بہت بڑے سیاستدان، وکیل اور اخبار نویس تھے۔ ان کی ایک کتاب اسلامی زندگی کا دینوی پہلو شرتِ دوام حاصل کر چکی ہے ۸ دسمبر ۱۹۳۴ء کو لاہور میں مدفون ہوئے۔ (۲)

مولانا محمد ابراہیم علی چشتی رحمۃ اللہ علیہ نے لاہور نے بی اے کرنے کے بعد ۴۲، ۱۹۴۱ء میں شعبۂ صحافت پنجاب یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن میں ڈپلوما اِن جرنلزم حاصل کیا اور اوّل پوزیشن حاصل کی، پھر ایل ایل بی کیا (۳) طبیعت شروع ہی سے سیست کی طرف مائل تھی چنانچہ آپ نے ۱۹۳۶ء میں انٹر کالجیٹ مسلم برادوہڈ قائم کی اور ۱۹۳۷ء میں اس کا نصب العین خلافتِ پاکستان قرار دیا۔ خلافتِ پاکستان کا نقشہ پنجاب، سندھ، سرحد، بلوچستان اور کشمیر سے شروع ہو کر دہلی، آگرہ لکھنؤ گنگا جمنا کا طاس ایک کاریڈور یعنی خطۂ اتصال کی شکل میں بنگال اور آسام سے مل کر مکمل ہوتا تھا۔ انٹر کالجیٹ مسلم برادر ہڈ لاہور کے کالجوں میں تعلیم پانے والے مسلم طلبہ کی تنظیم تھی، علامہ اقبال اس کے روحانی سرپرست تھے اور چشتی صاحب مرحوم اس کے جنرل سیکریٹری تھے۔ نیز اس زمانے میں ان کا تعارف بطور ایک بہترین Debator کے ہوتا تھا۔ ۱۹۳۸ء میں جب مولانا عبدالستار خاں نیازی نے پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کی صدارت سنبھالی تو چشتی صاحب اس کے سیکریٹری جنرل اور ناظمِ اُمورِ خارجہ مقرر ہوئے۔ ۱۹۳۹ء میں مولانا نیازی نے ان کے مشورہ

(۱) تاریخ جلیلہ از پیر غلام دستگیر نامی مطبوعہ لاہور، ۱۹۶۰ء (تکملہ) ص ۱۵۔ مکتوب گرامی مولانا عبدالقدیر نعمانی بنام راقم الحروف محررہ از لاہور ۱۰، ۴، ۷، ۱۲

(۲) نقوش لاہور نمبر، ص: ۹۴۴

(۳) مکتوب گرامی ڈاکٹر عبدالسلام خورشید بنام راقم الحروف از لاہور، محررہ ۲۶، ستمبر ۱۹۷۷ء

سے آل انڈیا مسلم لیگ کے سامنے خلافتِ پاکستان اسکیم پیش کی۔(۱) ۱۹۴۱ء میں فیڈریشن کی سالانہ کانفرنس منعقد کی جس میں خلافتِ پاکستان کا منشور اور حصول کا طریقۂ کار پیش کیا گیا۔ ۱۹۴۴ء میں چشتی صاحب مرحوم کی رہنمائی میں ایک مشہور کتاب پیر پاکستان کی تعبیر پاکستان (پاکستان کیا ہے؟ کیسے بنے گا اور ہوگا کیا؟ میاں محمد شفیع (م ش) مولانا نیازی نے شائع کی اور وہ ۱۹۴۸ء میں تحریکِ خلافتِ پاکستان کے اسامی رُکن بن گئے اور ہفتہ وار اخبار خلافتِ پاکستان جاری کیا۔ چشتی صاحب اس اخبار کے ایڈیٹوریل اسٹاف میں ممتاز درجہ رکھتے تھے، نیازی صاحب مدیر مسؤل اور چشتی صاحب نگرانِ اعلیٰ تھے۔ پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے ممتاز قائدین میں چشتی صاحب مرحوم کے علاوہ مولانا عبدالستار خاں نیازی جناب حمید نظامی، میاں محمد شفیع، شیخ انوار الحق حال جسٹس سپریم کورٹ ذکی الدین پال (حال جج ہائی کورٹ)، چوہدری نصر اللہ خاں ایڈووکیٹ، ملک ظفر اللہ خاں، حکیم محمد انور بابری، ڈاکٹر عبدالسلام خورشید اور مولانا عبدالقدیر نعمانی نے طلبہ کی تنظیم کے ذریعے تحریکِ پاکستان کو آگے بڑھایا۔ برّصغیر پاک و ہند میں خلافتِ پاکستان کے نظریہ کو مقبول بنانے میں شبانہ روز کوشش کی۔ خلافتِ پاکستان اسکیم پر مشتمل نقشہ انٹر مسلم برادر ہڈ نے شائع کر کے تمام ہندوستان میں پھیلا دیا تھا جو عرصہ تک ملک کے بڑے بڑے اخباروں میں خبروں اور تبصروں کا موضوع بنا رہا۔(۲)

۱۹۴۱ء میں آپ نے تحریکِ رفاقت کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ ہندوؤں اسکیموں اور مسلمانوں میں سیاسی اختلافات کی موجودگی میں بھائی چارہ اور رفاقت پیدا کیا جائے۔ چند سال تک اس تحریک کو بڑے زور شور سے چلایا تا کہ سیاسی اور مذہبی اختلافات بجائے خود رکھتے ہوئے بھی صلح و آشتی کے ماحول میں ایک دوسرے کا نقطۂ نگاہ سمجھا جائے۔ ۱۹۴۶ء کے عمومی انتخابات کے موقع پر خضر حیات نے تحریکِ رفاقت کو اپنے سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہا، لالہ بھیم سین سچر وزیر خزانہ نے بھی دباؤ ڈالا۔ مگر چشتی صاحب نے مخالفت کی اور بالآخر اس تحریک کو ختم کر کے مسلم لیگ میں شامل ہو گئے اور قیامِ پاکستان تک مسلم لیگ کی دل و جان سے خدمت کی۔

---

(۱) مکتوب مولانا عبدالستار خاں نیازی بنام راقم الحروف، محررہ لاہور

(۲) روزنامہ کوہستان ۱۳ جولائی ۱۹۶۸ء ص:۳ نوائے وقت لاہور ۷ اگست ۱۹۶۸ء، ص:۲

۱۹۴۶ء میں مسلم لیگ نے علماء و مشائخ کی حمایت حاصل کرنے کے لیے مشائخ کمیٹی بنائی جس کا صدر آپ کو بنایا گیا چنانچہ بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس میں آپ نے مسلم لیگ کی صرف سے شرکت فرما کر پاکستان کے حق میں مشہور قرار داد پاس کرائی جس کی رُو سے ملک کے علماء و مشائخ اہلِ سنّت نے نظریۂ پاکستان کے لیے کام کرنا شروع کیا اس تحریک میں آپ حضرت محدث علی پوری، محدث کچھوچھوی مولانا ابو الحسنات قادری اور حضرت مولانا سیّد محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہم کے ساتھ کام کرتے رہے۔(۱)

۱۹۴۶ء میں جب مسلم لیگ اور یونی نسٹ پارٹی کی کشمکش کٹھن مرحلہ میں داخل ہوگئی تو مولانا چشتی نے اپنے احباب سے مشورہ کے بعد (جس میں مولانا عبدالستار خاں نیازی مدظلہٗ، عمید نظامی مرحوم، باری مرحوم اور میاں محمد شفیع (م ش) شامل تھے) ایک مرتبہ پھر میدان میں آنے کا فیصلہ کیا چنانچہ جب صوبائی مسلم لیگ کی ہائی کمانڈ کے تمام اراکین کو گرفتار کرلیا گیا تو چشتی صاحب تحریکِ سول نافرمانی کی رہنمائی کرتے ہوئے جیل بھیج دے گے، سلسلہ چشتیہ کی معروف گدیوں تونسہ شریف، سیال شریف اور گولڑہ شریف کے قابلِ احترام سجادہ نشینوں کے بے پناہ اثر و رسوخ کو مسلم لیگ کے لیے حاصل کرنے میں آپ کا بہت زیادہ دخل ہے۔(۲)
غرضیکہ مولانا کی ذات سے مسلم لیگ کو بہت زیادہ تقویت ملی۔

حضرت مولانا چشتی ایک عظیم سیاستدان ہونے کے علاوہ بلند پایہ صحافی بھی تھے چنانچہ مشہور صحافی جناب ڈاکٹر عبدالسلام خورشید لکھتے ہیں:

''۱۹۴۱ء میں صحافت کی کلاس کا آغاز ہوا تو (مولانا) ہم جماعت تھے وہ فرسٹ آئے اور میں سیکنڈ، جب باہر نکلتے تو ڈگری کا سیاہ گاؤن ضرور پہنتے وہ کسی اخبار سے منسلک نہیں رہے لیکن ''مفکر اور مبصر'' کے عنوان سے ان کے مقالات اخباری قارئین سے خراجِ تحسین حاصل کرتے رہے وہ انگریزی اور اُردو دونوں زبانوں میں دسترس رکھتے تھے اور دونوں میں لکھتے تھے غالباً کچھ عرصہ بعض غیر ملکی اخبارات کے کالم نویس بھی رہے، انہیں جرمنی کے ڈکٹیٹر ہٹلر کی شخصیت میں عسکریت بہت پسند تھی اس لیے اس کی خودنوشت سوانح کا

(۱) کوہستان لاہور ۱۳ جولائی ۱۹۶۸ء، ص: ۳، نوائے وقت لاہور ۱۳ جنوری ۱۹۷۳ء
(۲) نوائے وقت لاہور، ۷ اگست ۱۹۷۳ء، ص: ۲

ترجمہ کیا(۱) جو تزکِ ہٹلری اور تورۂ ہٹلری کے نام سے مشہور ہے۔

قیامِ پاکستان کے بعد مولانا چشتی محکمہ اسلامیات کے ڈائریکٹر مقرر ہوئے لیکن آپ کی مذہبی و ملی خدمات اور حق گوئی و بیباکی میں ذرّہ بھر فرق نہ آیا اور اتنے بڑے عہدہ پر فائز ہوتے ہوئے بھی ان کی زندگی سادگی کا نمونہ بنی رہی۔ آپ نے اپنے والد کی طرح عنفوانِ شباب ہی میں ڈاڑھی رکھ لی تھی۔ انگریزی لباس کبھی نہ پہنا، آپ کے ہاتھ میں ہمیشہ ایک خوبصورت اور موٹا ڈنڈا رہتا تھا جو آپ کو ورثے میں ملا تھا اور اس ڈنڈے کو ''مولا بخش'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

آپ کی شخصیت کے بارے میں آپ کے رفیقِ خاص جناب (م ش) کی رائے ملاحظہ ہو۔

''قبلہ چشتی'' صاحب کے حالاتِ زندگی میں سب سے اہم معاملہ عقائد کی صحت اور پختگی تھا۔ اُنہوں نے روزِ اوّل سے اپنی سیاسیات اور اپنی جملہ مصروفیات کو اپنے غیر متزلزل عقائد کی روشنی میں استوا کیا۔ وہ ایک عظیم انسان تھے، بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ وہ اپنے دور کے عظیم ترین انسان تھے لیکن اُنہیں جو دور میسّر آیا وہ بقولِ اقبال

وہ محفل اُٹھ گئی جس وقت مجھ تک دورِ جام آیا

ان کی عظمت کے مطابق انہیں ساتھی نہ ملے

لیکن مجھے پیدا کیا اِس دیس میں تو نے

جس دیس کے بندے میں گلامی پہ رضا مند

انگریزی کا ایک لفظ Ambition ہے جسے اُردو میں تمنا، تڑپ، آرزو وغیرہ سے تعبیر کیا جا سکتا ہے، میرا ایک Ambition ہے کہ حضرت قبلہ مولوی محمد ابراہیم علی چشتی پر کچھ لکھ سکوں، اس کے لیے قلب و جگر کی پاکیزگی شرطِ اوّل ہے لیکن میں مکروہاتِ دنیا میں گل گل تک دھنسا ہوں۔ (۲)

---

(۱) روزنامہ مشرق لاہور ۱۴ اگست ۱۹۶۸ء، ص: ۴

(۲) مکتوب جناب میاں محمد شفیع بنام مخدومی حکیم محمد موسیٰ امرتسری، محررہ ۲۷ جولائی ۱۹۷۴ء، لاہور

تحریکِ ختم نبوت چلی تو حضرت مولانا چشتی بھی دیگر علماء اہلِ سنت کی طرح میدان میں کود پڑے اس دوران میں آپ نے جس اولوالعزمی اور بلند حوصلگی کا ثبوت دیا وہ اپنی مثال آپ ہے انکوائری رپورٹ میں آپ کے مقدمہ کی روئیداد آپ کے استقلال کی بہت بڑی دلیل ہے، آپ اس تحریک میں قید و بند میں بھی رہے۔(۱)

عشقِ رسول آپ کے رگ و پے میں سمایا ہوا تھا چنانچہ حضور اکرم ﷺ کی اتباع میں اُنھوں نے ہمیشہ کھدّر پہنا اور مٹی کے برتنوں میں کھانا کھایا، وہ چار پائی پر ہمیشہ کھجور کی چٹائی ڈال کر سوتے تھے، ان کی دوستی اور دشمنی کا معیار اسلام اور صرف اسلام تھا، وہ عقائد میں پختگی کے لحاظ سے چٹان اور میدانِ عمل کے شاہسوار تھے، وہ بھرپور جوان تھے اور ساری زندگی مجرد رہے مگر ان کا دامن جوانی کی لغزشوں اور آلودگیوں سے سراسر پاک تھا۔(۲)

حضرت مولانا چشتی اعتقادی طور پر اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرّہ کے مسلک کے پیروکار تھے ان کے افکار کی تبلیغ و اشاعت میں خاصا وقت دیتے تھے، روپے پیسے کی بالکل لالچ نہ تھا، انہوں نے فقر و فاقہ، تنگ دستی و عسرت کو بہ طیبِ خاطر قبول کیا اور اپنے انتقال کے وقت ایک پیسہ کی جائیداد منقولہ و غیرہ منقولہ نہ چھوڑی۔ ۱۹۳۵ء میں پیسہ اخبار کے جس کرایہ کے مکان میں رہتے تھے۔ ۱۹۶۸ء میں وہیں سے ان کا جنازہ اُٹھا۔ یہ حال اس شخص کا تھا جس کا شمار پاکستان کے معماروں میں کیا جاتا ہے۔(۳)

---

(۱) روزنامہ کوہستان لاہور، ۱۳ جولائی ۱۹۶۸ء، ص: ۲

(۲) روزنامہ کوہستان لاہور، ۱۳ جولائی ۱۹۶۸ء، ص: ۲

(۳) ایضاً ایضا ،نوائے وقت لاہور، ۷ اگست ۱۹۶۸ء

گوناگوں مصروفیتوں کے باوجود مولانا چشتی مرحوم نے کئی ایک کتابیں بھی لکھیں، چند ایک کے نام یہ ہیں:

- تزکِ ہٹلری دتورۂ ہٹلری (ہٹلر کی خودنوشت سوانح حیات کا اُردو ترجمہ، دو جلدوں میں چھپ چکا ہے)۔
- ملفوظاتِ بابا بلند کوہی۔
- منشور خلافتِ پاکستان
- انگریز کا راج کیوں کر ختم ہوا؟ (انگریزی سے ترجمہ)

علامہ سیّد احمد سعید شاہ کاظمی

آپ ۱۹۱۳ء میں امروہہ ضلع مراد آباد میں پیدا ہوئے والدِ ماجد کا اسمِ گرامی سیّد محمد مختار کاظمی تھا۔ سلسلۂ نسب حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔ بچپن ہی میں آپ سایۂ پدری سے محروم ہو گئے آپ کی پرورش، تعلیم وتربیت آپ کے برادرِ معظم سیّد محمد خلیل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائی اور سولہ سال کی عمر میں سندِ فراغت حاصل کر کے انہی کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے پھر جامعہ نعمانیہ لاہور میں تدریسی خدمات انجام دینے لگے۔ ۱۹۳۱ء میں واپس امروہہ تشریف لے گئے اور چار سال تک امروہہ کے مدرسہ محمدیہ حنفیہ میں تدریس فرماتے رہے۔

۱۹۳۵ء میں آپ ملتان تشریف لے آئے اور مدرسہ انوار العلوم کی بنیاد رکھی۔ ملتان میں غیر مقلدین اور بد مذہبوں نے آپ کو طرح طرح سے ناکام بنانے کی کوشش کی، قاتلانہ حملے کیے، مگر آپ کے غیر متزلزل عزم کے سامنے ان کی تمام سازشیں ناکام ہو گئیں، علم وعرفان کی ندیاں بہنے لگیں، طالبانِ حق آ آ کر شرابِ توحید ورسالت کے جام لنڈھانے لگے۔ الحمدللہ! آج یہ دار العلوم پاکستان کے مثالی اداروں میں سے ایک ہے اور یہاں سے فارغ التحصیل ہونے والے ہزاروں علماء ملک کے کونے کونے میں خدمتِ دینِ متین میں مصروف ہیں۔

آپ نے تحریکِ پاکستان بھی گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ مسلم لیگ کے اسٹیج سے قیامِ پاکستان کے لیے جلسے کرتے رہے۔ ۱۹۴۶ء میں قراردادِ پاکستان کی توثیق کے لیے بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس میں شرکت کی جس زمانہ میں کانگریسی اور احراری علماء سر دھڑ کی بازی لگا کر پاکستان کی مخالفت کر رہے تھے۔ اس وقت حضرت امیرِ ملت پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوری مولانا ابو الحسنات پیر صاحب مانکی شریف، مولانا عبد الحامد بدایونی، مولانا عبد الغفور ہزاروی (رحمہم اللہ) اور حضرت خواجہ محمد قمر الدین سیالوی مدظلہٗ کی رفاقت

میں الگ قومیت اور آزاد پاکستان کے لیے سعی مسلسل اور جہد پیہم کر رہے تھے۔ کانگریسی واحراری مقررین کے لچر اعتراضات کے جوابات دینے میں آپ کا کوئی ثانی نہیں تھا۔

قیامِ پاکستان کے بعد آپ نے جمعیت علماء پاکستان کی بنیاد رکھنے کے لیے ملتان میں علماء اہلِ سنت کا کنونشن بلایا۔ جس میں مولانا ابوالحسنات کو صدر اور آپ کو جمعیت کا ناظمِ اعلیٰ منتخب کیا گیا۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کی بناء کردہ جمعیت ملکی سیاست میں اہم مقام کی حامل ہے اور دن بدن ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ ۱۹۶۳ء تا ۱۹۷۶ء جامعہ اسلامیہ بہاولپور میں شیخ الحدیث رہے۔ (۱)

آپ کی بہت سی تصانیف ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:

- تسبیح الرحمٰن عن الکذب والنقصان
- مزیلہ ''انزاع عن مسئلہ'' اسماع
- تسکین الخواطر
- حیات النبی
- معراج النبی
- تقریر منیر
- حجیتِ حدیث
- مکالمہ کاظمی ومودودی
- تحقیقِ قربانی
- نفی الظل والفی
- کتاب التراویح
- الحق المبین
- التحریر اور اس کی شرح التقریر
- اسلام اور سوشلزم
- طلباء کا اسلامی کردار
- التبشیر برد التحذیر
- میلاد النبی
- اسلام اور عیسائیت
- فتویٰ حنفی
- آئینہ مودودیت

(۱) ماہنامہ ضیائے حرم لاہور، جون ۱۹۷۵ء، ص: ۴۹

امیرِ ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوری

مغل شہنشاہ جلال الدین اکبر کے عہد میں سیّد محمد حنیف نامی ایک بزرگ شیراز سے ہندوستان میں وارد ہوئے اور علی پور سیداں میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ شہنشاہ نے ایک گرانقدر جاگیر نذر گزاری، اسی بزرگ کے خاندان میں چوتھی جگہ سیّد کریم شاہ صاحب کے ہاں ۱۸۴۰ء، ۱۸۴۵ء میں وہ مبارک بچہ ہوا جو آگے چل کر امیر ملت اور محدث علی پوری کے نام سے مشہور ہوا۔ (۱)

حضرت امیر ملت نے ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں ہی میں حاصل کی سات سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کرلیا۔ عربی و فارسی کی ابتدائی کتب میاں عبدالرشید سے پڑھیں اور تکمیل مولانا عبدالوہاب امرتسری سے کی بعد ازاں لاہور میں مولانا غلام قادر بھیروی اور مولانا فیض الحسن سہارنپوری (تلمیذ شہید انڈیا ن علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ) سے مولوی عالم اور مولوی فاضل کا کورس پڑھا۔ پھر مفتی محمد عبداللہ ٹونکی پروفیسر اور مینٹل کالج لاہور سے مزید استفادہ کیا مگر تشنگیٔ علم ہنوز باقی تھی چنانچہ یہی تشنگی کشاں کشاں آپ کو حضرت مولانا محمد مظہر سہارنپوری (بانی مدرسہ مظہریہ) اور مولوی محمد علی (ناظم دارالعلوم ندوہ اعظم گڑھ) اور مولانا احمد حسن کانپوری کی خدمت میں لے گئی اور ان سے آپ نے تمام علوم عقلیہ ونقلیہ میں دسترس حاصل کی پھر شاہ فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی کی خدمت میں حاضر ہوئے شاہ صاحب نے اپنی کلاہِ مبارک اُتار کر آپ کے سر پر رکھ دی۔ (۲) اور پس خوردہ پانی پلا کر بہت سے اوراد و وظائف کی اجازت مرحمت فرما کر رُخصت کیا۔

علوم ظاہریہ میں مہارت تامہ حاصل کرنے کے بعد روحانی تربیت کے لیے حضرت بابا فقیر محمد چوراہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت بابا صاحب آپ کی آمد سے بے حد مسرور ہوئے

---

(۱) پنج گنج علی پوری، بار دوم، مطبوعہ لاہور، ص:۲۳

(۲) برکات علی پور بار دوم ۱۹۶۷ء، مطبوعہ راولپنڈی، ص:۴

اور زبانِ حال سے یوں گویا ہوئے ۔

اے آتشِ فراقت دلہا کباب کردہ
سیلابِ اشتیاقت جانہا خراب کردہ

چند روزہ صحبت کے بعد بابا جی نے آپ کو اجازت و خلافت سے نوازا (۱) تو دوسرے مریدوں نے اعتراض کیا کہ ہم عرصہ سے حاضرِ خدمت ہیں، ہمیں ابھی تک اس نعمتِ عظمیٰ سے سرفراز نہیں کیا گیا جب کہ جماعت علی شاہ صاحب کو آتے ہی سب کچھ عطا فرما دیا گیا ہے! اس پر بابا جی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جماعت علی شاہ کے پاس چراغ بھی تھا، تیل بھی تھا اور بتی بھی! ہم نے تو صرف آگ ہی جلائی ہے۔ پھر بابا جی نے آپ کے حق میں دعا فرمائی۔

پیر و مرشد کی اس دعا کا یہ اثر تھا کہ پشاور سے راس کماری اور کشمیر سے مدراس تک آپ کا سلسلۂ عقیدت خوب پھیلا۔ برصغیر ہی نہیں بلکہ کابل، بوما، سعودی عرب اور دیگر ممالک میں بھی حضرت کے عقیدت مند موجود ہیں۔ آغا خلیل کنجی (۲) بردارِ دربارِ رسالت مآب ﷺ، نادر شاہ (۳) والیٔ افغانستان اور میر عثمان علی خاں نظام دکن بھی آپ کے عقیدت مند تھے۔

خرقۂ خلافت ملنے کے بعد آپ نے سب سے پہلے علی پور شریف کی مسجد ہی کو وعظ و نصیحت کا مرکز بنایا، بعد ازاں پشاور، بمبئی، کلکتہ، کراچی، میسور، حیدر آباد، دکن، دہلی، بھوپال، کوہ نیلگوھی، کشمیر اور کابل وغیرہ دور دراز علاقوں کے تبلیغی دورے کیے بے شمار لوگوں کو راہِ ہدایت دکھائی، سینکڑوں غیر مسلموں نے آپ کے دست حق پرست پر اسلام قبول کیا۔ آپ نے کئی جگہ مدرسے، مسجدیں اور کنوئیں بنائے اور تبلیغ اسلام میں انتہائی تن وہی سے کوشاں رہے۔

(۱) ماہنامہ عارف لاہور، اکتوبر ۱۹۶۰ء، سہ ماہی العلم کراچی، اپریل تا جون ۱۹۷۴ء

(۲) پیچ گنج علی پوری، ص:۳۱، سہ ماہی العلم کراچی، اپریل تا جون ۱۹۷۴ء

(۳) ماہنامہ انوار الصوفیہ قصور، جنوری ۱۹۶۳ء، ص:۵

عشقِ رسول ﷺ آپ کے رگ و پے میں سمایا ہوا تھا۔ سرکارِ مدینہ حضور سیّد عالم ﷺ کا نام نامی سن کر آپ کی آنکھیں پُرنم ہو جاتیں اور چہرے کا رنگ متغیر ہو جاتا تھا۔

مندرجہ ذیل اشعار اکثر پڑھتے اور زار و قطار رونے لگتے۔

سب کچھ ملا جو مل گئی اس در کی حاضری
گو ملک و مال و خویش و وطن سے جُدا ہوا
قابل تھا نار کے مجھے جنت ہوئی نصیب
اس در کی حاضری سے تو قسمت بدل گئی

آپ ہر سال حج بیت اللہ کے لیے حاضری دیتے اور زیادہ وقت مدینہ طیبہ ہی میں گزارا کرتے۔ مدینہ شریف کے چرند پرند اور درندوں تک کا احترام کرتے۔ عرب لوگوں کی مالی امداد اس قدر کرتے کہ وہ لوگ آپ کو ابوالعرب کہا کرتے تھے۔

آپ کے جذبۂ عشق کا اعتراف مخالفین نے بھی کیا ہے چنانچہ مولانا حسین احمد مدنی (۱) سابق صدر جمعیت علمائے ہند آپ کے نکتہ چینوں کے جواب میں کہا کرتے تھے کہ: ''عشقِ رسول ﷺ میں شاہ صاحب کے مقام کو کوئی نہیں پہنچ سکتا۔'' سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری بھی آپ کے اس جذبہ کا ذکر کیا کرتے تھے۔ مشہور اہلِ حدیث عالم مولانا سیّد محمد داؤد غزنوی کا بیان ہے کہ میں نے یہ واقعہ بچشم خود دیکھا ہے کہ:

''ایک دفعہ مدینہ منورہ میں باب السلام کے قریب چند کتے لیٹے ہوئے تھے۔ ایک ناسمجھ نے جاتے جاتے ایک کتے کو لاٹھی ماری، کتا لنگڑاتا اور چیختا چلاتا ہوا جا رہا تھا کہ اچانک آپ وہاں تشریف لے آئے جب حقیقتِ حال معلوم ہوئی تو کتے کو پاس بٹھا لیا اور اس شخص سے کہا ظالم! تو نے یہ نہ دیکھا کہ مدینہ شریف کا کتا ہے! پھر اپنا عمامہ پھاڑ کر کتے کی زخمی ٹانگ پر پٹی باندھی اور بازار سے کھانا منگوا کر کھلایا۔'' (۲)

(۱) انوار الصوفیہ قصور جنوری ۱۹۶۱ء، ص: ۱۴، ہفت روزہ الہام بہاول پور۔ ۱۲۴ اکتوبر ۱۹۷۱ء ہفت روزہ پاک جمہوریت لاہور۔ ۵ جون ۱۹۷۲ء

(۲) ایضاً ص: ۱۴ و ایضاً اکتوبر ۱۹۷۱ء

ایک مرتبہ سرزمینِ عرب میں قحط پڑ گیا۔ آپ کو اس سے سخت صدمہ ہوا فوراً ایک لاکھ روپیہ کی رقم بھجوائی۔(۱) آپ جب تک مدینہ شریف حاضر رہتے تھے آپ کی مجلس میں اکثر و بیشتر نعت خوانی ہوتی رہتی تھی۔ ایک دفعہ آپ کی مجلس میں ابوالاثر حفیظ جالندھری نے یہ شعر پڑھا۔

کہاں ایسے نصیب اللہ اکبر سنگِ اسود کے
یہاں کے پتھروں نے پاؤں چومے ہیں محمد ﷺ کے

آپ نے یہ شعر سنتے ہی فوراً اپنی گرم واسکٹ بمع نقدی نذر کر دی (۲)

حکیم الامت علامہ اقبال کو آپ سے بہت زیادہ عقیدت و محبت تھی۔ اکثر و بیشتر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ اس سلسلے کے چند ایک واقعات پیش ہیں:(۳)

ایک مرتبہ حضرت امیر ملت انجمن حمایتِ اسلام کے جلسہ کی صدارت فرما رہے تھے کہ علامہ ذرا دیر سے پہنچے کرسیاں بھری ہوئی تھیں، فرش پر بھی لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ علامہ حضرت کے قدموں میں بیٹھ گئے اور کہنے لگے کہ اولیاء اللہ کے قدموں میں جگہ پانا موجب فخر ہے۔ حضرت نے تبسّم فرمایا اور کہا اقبال جس کے قدموں میں آ جائے اس کے فخر کا کیا کہنا!

۱۹۳۷ء کا واقعہ ہے کہ ایک مجلس میں حضرت امیر ملت نے علامہ سے کہا کہ آپ کا ایک شعر تو ہمیں بھی یاد ہے اور یہ شعر پڑھ دیا۔

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

علامہ یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے کہ میری نجات کے لیے یہی کافی ہے۔

---

(۱) ماہنامہ ضیائے حرم لاہور فروری ۱۹۷۴ء، ص:۶۳، سہ ماہی العلم کراچی اپریل تا جون ۱۹۷۴ء

(۲) صوفیائے نقشبند مطبوعہ لاہور ۱۹۷۳ء، ص:۳۵۲، ۳۵۳

(۳) سیرت اقبال از پروفیسر محمد طاہر فاروقی مطبوعہ لاہور ۱۹۶۶ء، ص:۱۰۳، ۱۰۸، صوفیائے نقشبند، ص:۳۵۳، ۳۵۴

۱۹۲۳ء میں جب صوبہ یوپی میں شدھی تحریک کا آغاز ہوا تو چند ہندو سرمایہ داروں اور بالخصوص سوامی شردھانند وغیرہ نے انگریز حکمرانوں کی سازش سے مسلمانوں کو مرتد بنانے یا ختم کرنے کا منصوبہ بنایا۔ اس صورتِ حال سے آپ کو سخت صدمہ ہوا چنانچہ آپ نے اس فتنہ کے انسداد کا عزم صمیم کرلیا اور ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء کے سالانہ جلسۂ انجمن خدام الصوفیہ ہند میں بمقام علی پور سیداں اپنے جذبات کا اظہار یوں فرمایا:

''یہ ایک ایسا نازک موقع ہے کہ اس کی نظیر تاریخ اسلام میں نہ ملے گی، اسلام کی دنیاوی وجاہت کو نہیں تاکا جاتا بلکہ مرے سے اسلام کی ہستی پوز دلگائی جاتی ہے۔ کوئی مسلمان ایسا نہیں ہے جس کا دل اس صدمہ سے متاثر نہ ہوا ہو، بانیٔ اسلام ﷺ کا تو یہ حکم ہے کہ اپنے مردے بھی اغیار کے ہاتھ میں نہ جانے دو اور یہاں یہ حالت ہے کہ ہمارے زندوں کو اغیاء لیے جائیں اور ہم دیکھا کریں!

اس وقت حمیت تو یہ ہے کہ جب تک اس فتنہ کا انسداد نہ ہو ہر مسلمان خواب وخور اپنے اُوپر حرام کرلے اور دامے درمے قلمے الغرض ہر ذریعہ سے جو خدمت اسلام کی اس سے ممکن ہو، اس سے ریغ نہ کرے اور جب تک یہ فتنہ فرو نہ ہو جائے اپنی سعی کو مسلسل جاری رکھے۔

میں نے عزم بالجزم کرلیا ہے کہ اس اہم مقصد کی خاطر سیکڑوں مبلغ میدانِ ارتداد میں بھیجوں گا اور خود بھی موقع پر پہنچ کر حصّہ لوں گا اور جب تک گم گشتگانِ دین متین کو حلقہ اسلام میں واپس نہ لے آؤں چین سے نہ بیٹھوں گا سردست ایک ہزار روپیہ نقد دیتا ہوں اور ایک سو روپے ماہوار اس کارِ خیر میں دیتا رہوں گا اور اپنے تمام ذرائع ووسائل کو انسداد فتنۂ ارتداد کے لیے وقف کردوں گا۔(۱)

اس کے بعد آپ نے فوری طور پر اس فتنہ کی سرکوبی کے لیے مہم شروع کردی آپ کے علاوہ صاحبزادگان ودیگر اہلِ خاندان نے بھی بھرپور حصّہ لیا۔ آپ نے پہلا وفد مئی ۱۹۲۳ء میں روانہ کیا اور خود رہتک تک اس کے ساتھ تشریف لے گئے تین ماہ میں آپ نے ۸۶ وفد بھیجے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آپ کی کوششیں بارآور ثابت ہوئیں اور ہزاروں مرتد دوبارہ مسلمان ہوگئے آپ نے باری باری تمام

(۱) ماہنامہ انوارالصوفیہ قصور اپریل مئی ۱۹۶۱ء، ص:۲۹، سہ ماہی العلم کراچی اپریل تا جون ۱۹۷۸ء

علاقوں کا دورہ کیا۔ آگرہ، متھرا، ریاست بھرت پور، ریاست بڑودہ، گڑگاواں، فرخ آباد اور رہتک میں وفود کے ساتھ کام کیا۔

دوآبہ گنگ وجمن علاقہ برج میں آگرہ شہر سے ایک ہزار بااثر ہندو وکلاء، بیرسٹر اور بڑے بڑے تاجر اور زمیندار موٹروں اور تانگوں کے ذریعے سکندر پورہ پہنچے اور مسلمانوں کو مرتد بنانے کی پوری پوری کوشش کی۔ آپ نے مردانہ وار مقابلہ کر کے ان کو میدان چھوڑنے پر مجبور کر دیا، اس طرح یہ علاقہ اس عظیم فتنہ سے محفوظ رہا اس تحریک کے دوران آپ نے اپنا ہیڈ کوارٹر آگرہ میں بنا رکھا تھا۔ آپ نے اکیس جلسوں کی صدارت فرما کر مذکور فتنہ کو چلّ دیا کئی دینی مدارس، مسجدیں اور کنوئیں ہوائے، لاکھوں روپے غرباء میں تقسیم کے اس تحریک میں حضرت صدر الافاضل مولانا سیّد محمد نعیم الدین مرادآبادی اور میر غلام بھیک نیرنگ انبالوی وغیرہم نے بھی حضرت امیر ملت سے پورا تعاون کیا۔

۱۹۱۰ء میں جب خلیفۂ اسلام سلطان ترکی غازی عبدالحمید خاں نے حجاز ریلوے لائن کی تعمیر کے لیے مسلمانانِ عالم سے چندہ کی درخواست کی تو آپ نے اپنے اور اپنے متوسلین کی جانب سے چھ لاکھ روپے نقد امداد فرمائی بنا بریں سلطان المسلمین نے اپنے دستخط خاص کے ساتھ حضرت کو چھ تمغہ جات اور سنہری فرامین جاری کیے اور عمدۃ الاماثل والافاضل کے جلیل القدر خطابات سے سرفراز فرمایا۔(۱)

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے لیے جب چندہ جمع کرنے کی مہم شروع ہوئی تو لاہور میں عظیم الشان جلسۂ خلافت منعقد ہوا جس میں حضرت کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ نواب وقار الملک نے اپنی ٹوپی اُتار کر حضرت کے قدموں میں رکھ دی اور اپیل کی کہ یہ معاملہ مسلمانوں کی عزت کا ہے آپ ہاتھ بٹائیں۔ آپ نے استفسار فرمایا کہ کیا یونیورسٹی میں دینیات کی تعلیم لازمی ہوگی؟ نواب وقار الملک نے یقین دلایا کہ انگریزی کے ساتھ ساتھ دینیات کی تعلیم لازمی ہوگی۔ اس پر آپ نے تین لاکھ روپے کی گرانقدر رقم بطور چندہ مرحمت فرمائی اور اس کے بعد بھی تعاون فرماتے رہے۔

---

(۱) فیضان امیر ملت مطبوعہ حیدرآباد دکن بار اول، ص:۹، ۱۰، صوفیاء نقشبند، ص:۳۵۴، مہر منیر، ص:۴۰۶، روزنامہ کوہستان لاہور ۱۲، ۱۹۶۶ء ماہنامہ انوار الصوفیہ قصور مارچ ۱۹۷۰ء

تحریکِ خلافت میں بھی آپ کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں آپ نے خلافت فنڈ میں لاکھوں روپے چندہ دیا دورانِ تحریک ان علاقوں کا بھی دورہ کیا جہاں پہنچنا مشکل ہی نہیں ناممکن تھا مثلاً ریاست کورک (علاقہ مدارس) مرکارہ، ویراجند پیٹ اسی بلکنڈہ اور کوہ نیلگوھی وغیرہ وغیرہ۔

ایک مرتبہ آپ بمبئی سے حیدر آباد دکن کے لیے روانہ ہو رہے تھے کہ مولانا شوکت علی اور احمد صدیق جنرل سیکریٹری خلافت کمیٹی اسٹیشن پر آپ کو خدا حافظ کہنے کے لیے آئے مولانا موصوف نے آپ کو ایک مالا پہنائی جس پر لفظ خلافت اور ایک تمغہ جس پر نصر من اللہ وفتح قریب کندہ تھا پیش کیا اور کہا کہ میرے پاس صرف یہی چیز تھی جسے پیش کرتا ہوں اس کے ساتھ خلافت کمیٹی کی طرف سے پانچ سو روپے کی رسیدیں بھی دیں۔ آپ نے ان رسیدوں کو حیدر آباد میں فروخت کرا دیا اور مبلغ پانچ سو تیس روپے سیکریٹری خلافت کمیٹی حیدر آباد کی وساطت سے بمبئی روانہ فرما دیے جس پر مولانا نے کہا کہ مجھے اصل بھی مل گیا ہے اور سود بھی۔ (۱)

ایک بار مولانا شوکت علی نے یہ تجویز پیش کی کہ ہندوستان کے ہر مسلمان سے فی کس ایک روپیہ خلافت فنڈ کے لیے وصول کیا جائے تو آپ نے نیلگوھی سے اپنا اور اپنے متعلقین کا چندہ بمبئی بھیج دیا اور ساتھ ہی اعلان فرمایا کہ فقیر کے سب محبت والے ایک ایک روپیہ فی کس اپنا اور اپنے متعلقین کا خلافت فنڈ میں داخل کریں۔

مولانا نے اس اعلان کو قد آدم اشتہارات کے ذریعے تمام ہندوستان میں مشتہر کیا جس کے نتیجے میں ملک کے گوشے گوشے سے زرِ کثیر وصول کیا گیا۔ اس کے علاوہ آپ کے اکثر معتقدین نے اپنے اپنے طور پر ہزاروں روپیہ خلافت فنڈ میں دیا۔ مثلاً نورانی سیٹھ بمبئی نے آپ کے ارشاد پر ۲۵ ہزار روپے اور اہل کوہاٹ نے ۲۷ ہزار روپے کی گرانقدر رقوم خلافت فنڈ میں داخل کیں لیکن آپ نے ہرگز ہرگز یہ گوارا نہ کیا کہ آپ کے ارشاد پر عامۃ المسلمین تو عمل کریں اور خود اس کارِ خیر میں شامل نہ ہوں چنانچہ آپ نے علی پور سیداں میں منعقدہ انجمن خدام الصوفیہ ہند کے سالانہ جلسہ کے موقع پر ایک مرتبہ تیرہ سو روپیہ ملک لال

(۱) ماہنامہ انوار الصوفیہ قصور جنوری ۱۹۶۱ء، ص:۱۰، حضرت امیر ملت کے قومی کارنامے مطبوعہ آگرہ، ۱۹۲۵ء، ص:۹،۱۰

دیں صاحب سیکریٹری خلافت کمیٹی لاہور کی وساطت سے اور دوسری مرتبہ اٹھارہ سو روپے جیب خاص سے خلافت فنڈ میں عطا فرمائے۔(۱)

۳،۴ مارچ ۱۹۲۱ء کو لائل پور میں خلافت کانفرنس شروع ہوئی حضرت امیر ملت نے صدارت قبول فرما کر کانفرنس کو رونق بخشی۔ آپ نے خطبۂ صدارت میں فرمایا کہ جس کو خلافت سے محبت نہیں ہے اسے اسلام سے سروکار نہیں جو لوگ مجھ پر بہتان باندھتے ہیں کہ میں خلافت میں دلچسپی نہیں لیتا وہ کذاب اور مفتری ہیں، پڑھو مسلمانو، لعنۃ اللہ علی الکاذبین! آپ نے خطبۂ صدارت میں وہ ولولہ اور جوش پیدا کیا کہ عوام خدمت خلافت کے لیے ایسے تیار ہوئے کہ ہزاروں روپے کے خلافت نوٹ موقع پر ہی فروخت ہو گئے۔(۲)

مولانا ظفر علی خاں نے مخالفت کے باوجود اپنے اخبار زمیندار میں حضرت کو ہدیۂ تبریک پیش کیا چنانچہ لکھتے ہیں:

۳،۴ مارچ ۱۹۲۱ء کو لائل پور میں جو عظیم الشان جلسۂ خلافت منعقد ہوا اس میں پنجاب کے مشہور و معروف صوفی حضرت پیر جماعت علی شاہ صاحب قبلہ صدر تھے۔ آپ نے اپنے فی البدیہ خطبۂ صدارت میں جس جوشِ اسلامی اور بے نظیر جرأتِ ایمانی سے مسلمانانِ عالم کی صحیح رہنمائی فرمائی وہ اس قابل ہے کہ ہمارے تمام مشائخ اور پیرزادگان اس سے سبق حاصل کریں۔ آپ نے اپنے خطبۂ صدارت میں ان تمام غلط فہمیوں کا ازالہ کر دیا ہے جو بعض سیاہ باطن لوگ حضرت ممدوح کے متعلق پھیلاتے تھے اور صاف صاف کہہ دیا کہ جو مسلمان خلافت سے محبت نہیں رکھتا وہ بے ایمان ہے اور ہرگز مسلمان کہلانے کا مستحق نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میں خلافتِ اسلامیہ اور مقاماتِ مقدسہ کے تحفظ کے لیے اپنی جان تک نثار کرنے کو تیار ہوں اور میرا جو مرید تحریک خلافت میں حصہ نہیں لیتا، اس کو میں یارانِ طریقت میں سے نہیں سمجھتا کیونکہ خلافت خدا اور رسول کی ہے، جو مسلمان خدا اور رسول کی خلافت سے بیزار ہے یا بعض دنیاوی مصلحتوں کے تحت صداقت سے خوف کھاتا ہے وہ میرے نزدیک مسلمان نہیں۔

---

(۱) ایضاً ص: ایضاً ص:۱۰

(۲) انوار الصوفیہ قصور، جنوری ۱۹۶۱ء، ص:۱۰، حضرت امیر ملت کے قومی کارنامے، ص:۱۰

ہم حضرت قبلہ شاہ صاحب کی خدمت میں ہدیۂ تہنیت پیش کرتے ہیں کہ خدائے بزرگ و برتر نے حضرت ممدوح کو اعلائے کلمۃ الحق اور صداقت کی وہی جرأت و بیبا کی عطا فرمائی ہے جو قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کا طرۂ امتیاز تھی ہمیں یقین ہے کہ آپ جیسی متقی شخصیت اور پیشوائے ملت کی رہنمائی سے تحریک خلافت کو تقویت پہنچے گی۔

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ پنجاب خلافت کانفرنس عنقریب بمقام راولپنڈی منعقد ہونے والی ہے۔ اس کی صدارت بھی مشائخ ہی سے کسی روشن ضمیر بزرگ کی خدمت میں پیش کی جائے گی۔ اگر انہوں نے منظور کی تو یقیناً مسلمانانِ پنجاب کی خوش قسمتی ہوگی۔

اگر ملک کے تمام مشائخ عظام اور پیرزادگان حضرت حافظ حاجی پیر جماعت علی شاہ صاحب علی پوری کی تقلید کریں اور خلافتِ مقدسہ اسلامیہ کی حمایت و اعانت پر کمر بستہ ہو جائیں تو خلافت اور آزادیٔ وطن کے مسائل کا حل بہت جلد ہو سکتا ہے۔ ہم حضرت ممدوح کا پورا خطبۂ صدارت عنقریب ہی کسی آئندہ اشاعت میں شائع کر دیں گے۔(۱)

مولانا شوکت علی مرحوم نے اس خطبہ کا انگریزی میں ترجمہ کر کے اس کی پچیس ہزار کا پیاں یورپ بھیجنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا مگر معلوم نہیں کہ ان کی یہ خواہش پوری ہوئی یا نہیں دورانِ جلسہ جب مولانا شوکت علی نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کوئی ہے جو راہِ خدا میں اپنی جان فدا کرے؟ تو اس وقت بارہ ہزار کے مجمع میں سے صرف حضرت قبلہ ہی کھڑے ہوئے تھے اور آپ نے نہایت جلال و استقلال سے فرمایا تھا کہ میں حاضر ہوں اور راہِ خدا میں اپنی جان فدا کرنے کو تیار ہوں۔ آپ کی اس اولوالعزمی اور سرفروشی کا حال معلوم کر کے شملہ میں ایک بزرگ نے آپ کو سنوسیٔ ہند کا خطاب دیا تھا۔

حیدر آباد دکن میں مرزا محمد اصغر بیگ اصغر یار جنگ بیرسٹر کی تحریک سے ارکانِ خلافت حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جلسۂ خلافت کی صدارت کی درخواست کی۔ آپ نے ان کے معروضہ کو شرفِ قبولیت بخشا حالانکہ اس روز واپسی کا ٹکٹ خرید اتھا۔ حضرت نے ٹکٹ واپس کر دیا اور بڑی جرأت و دلیری سے

(۱) روزنامہ زمیندار، لاہور ۱۰ مارچ ۱۹۲۱ء

صدارت فرمائی۔ اس جلسہ میں بڑے بڑے نامور بزرگوں نے شرکت کی تھی۔ آپ نے صدارتی تقریر اس مؤثر انداز سے کی کہ آپ کی تحریک پر ۳۰ ہزار روپے چندہ جمع ہوا۔

اس جلسہ کے بعد حکومت کے اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ نے بڑی بوکھلاہٹ کا مظاہرہ کرتے ہوئے لکھا کہ:

''حکومت کو اس قدر خطرہ گاندھی جی سے نہیں جتنا جماعت علی شاہ صاحب سے ہے''۔ (۱)

گوجرہ ضلع لائل پور میں سیّد مہدی (ممبر کونسل) کے خوف سے ارکانِ خلافت داخل نہیں ہوتے تھے۔ حضرت امیر ملت کو جب یہ معلوم ہوا تو آپ خود تشریف لے گئے اور اپنے ہمراہ غازی عبدالرحمٰن (سیکریٹری خلافت کمیٹی لائل پور) کو لے جا کر خلافت کمیٹی قائم کی اور عہدیدار مقرر کیے۔ جب حکومت نے محسوس کیا کہ آپ کی کوششوں سے خلافت کا ثمر بار آور ہو رہا ہے تو آپ کو صوبہ سرحد سے نکل جانے کا حکم دے دیا گیا، بلوچستان میں داخلہ بند کر دیا گیا اور کشمیر میں بھی دو سال تک داخلہ کی اجازت نہ دی گئی۔ (۲)

۱۹۱۴ء میں آپ نے تحریکِ ترکِ موالات کی مخالفت کی (۳) اور اعلان کیا کہ ہندو مردے کو جلا کر خاک کر دیا جاتا ہے اور وہ ہوا میں اُڑ جاتی ہے، اگر مسلمان مرے تو دو گز زمین تا قیامت اس کی جاگیر ہوتی ہے، مسلمانو! ہجرت نہ کرو، آپ کا وطن آپ کا جدی ورثہ ہے اسے ہاتھ سے نہ جانے دو، مگر پھر بھی دو لاکھ کے قریب مسلمان افغانستان اور عرب ممالک جا پہنچے اور بعد ازاں پریشاں حالت میں واپس ہندوستان آئے، اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی بھی حضرت امیر ملت کے ہمنوا تھے۔ (۴)

۱۹۳۰ء میں شاردا ایکٹ کا نفاذ ہوا (۵) جس کی رُو سے نابالغ بچوں کی شادی ممنوع قرار پائی جس دن اس ایکٹ کے نفاذ کا اعلان کیا گیا اس وقت آپ پشاور میں تھے۔ آپ نے متعدّد نکاح پڑھائے اور

---

(۱) انوار الصوفیہ قصور جنوری ۱۹۶۱ء، ص: ۱۰، قومی کارنامے، ص: ۱۱

(۲) ایضاً

(۳) مہر منیر ص: ۴۰۶، صوفیہ نقشبند، ص: ۳۵۵، انوار الصوفیہ قصور جنوری ۱۹۶۱ء، ص: ۱

(۴) تفصیل کے لیے دیکھیے فاضل بریلوی اور ترکِ موالات از پروفیسر محمد مسعود احمد، شائع کردہ مرکزی مجلس رضا لاہور

(۵) صوفیہ نقشبند، ص: ۳۲۲، انوار الصوفیہ قصور اپریل مئی ۱۹۶۱ء، ص: ۶۳

ٹیلی فون پر پولیس کواطلاع دے دی کہ میں نے اتنے نکاح پڑھا دیے ہیں اور قانون توڑ دیا ہے۔ حضرت کے ارشاد پر پورے ہندوستان میں ہزاروں نکاح پڑھائے گئے اور مجبور ہو کر حکومت کو اس ایکٹ میں ترمیم کرنا پڑی۔

۱۹۳۵ء میں تحریکِ شہید گنج چلی تو حضرت امیر ملت پھر مردانہ وار میدان میں نکل آئے مسجد شہید ہوگئی تو واگزاری کے لیے راولپنڈی میں کانفرنس ہوئی جس میں آپ کو امیر ملت منتخب کیا گیا۔ بیعت امارت سب سے پہلے علامہ عنایت اللہ مشرقی نے کی۔ آپ نے ایک اعلان جاری فرمایا جو مندرجہ ذیل ہے:

- مجھے ایک لاکھ سرفروش جانباز درکار ہیں۔
- ایک روپیہ فی کس کے حساب سے ایک لاکھ روپیہ بیت المال کے لیے درکار ہے۔
- تمام بازاری عورتیں پیشہ ترک کر دیں اور شرعی نکاح کر کے رمضان المبارک سے پہلے پہلے اپنے گھروں میں بیٹھ جائیں۔
- مسلمان، تجارت اپنے ہاتھ میں لے لیں۔(۱)

افسوس کہ صرف صوبہ سرحد ہی نے نقد رقوم اور جانباز پیش کیے اور ملک کے دوسرے حصوں نے خاموشی اختیار کی۔

امیر ملت منتخب ہونے کے بعد آپ کو لاہور میں گولی چلنے کی خبر ملی تو آپ سخت بے چین ہو گئے آپ فوراً لاہور روانہ ہو گئے راولپنڈی اسٹیشن پہنچے تو مسلمانوں میں زبردست جوش و خروش پیدا ہوا فضا، نعرۂ تکبیر و رسالت سے گونج اٹھی۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے آپ کو روکنا چاہا مگر ایس پی نے اسے سمجھایا کہ راولپنڈی کو لاہور نہ بناؤ، حضرت کو لاہور جانے دو، لاہور والے جانیں اور ان کا کام! حضرت ٹرین پر سوار ہو کر بادامی باغ لاہور اسٹیشن پر اتر کر سیدھے کوچہ فقیر خانہ گئے اور باقی ہمراہی لاہور اسٹیشن پر پہنچ گئے۔

(۱) صوفیاء نقشبند، ص: ۳۵۵، ماہنامہ انوار الصوفیہ سیالکوٹ اپریل مئی ۱۹۵۸ء، امیر حزب اللہ مطبوعہ ۱۹۶۶ء، ص: ۳۴۵، سہ ماہی العلم کراچی اپریل تا جون ۱۹۷۴ء

۸نومبر ۱۹۳۵ء کو بادشاہی مسجد سے آپ کی سرکردگی میں پانچ لاکھ مسلمان جانبازوں نے ننگی تلواریں لے کر ایک عظیم الشان جلوس نکالا جب آپ صحن مسجد سے جلوس کی قیادت کے لیے اُترے تو مسلمان خیر مقدم کے لیے دیوانہ وار آپ کی طرف بڑھتے۔حکومت اور غیر مسلموں کو خدشہ تھا کہ کہیں فساد نہ ہو جائے مگر ایسا نہ ہو سکا۔

تحریکِ پاکستان میں اگر قائداعظم اور مسلم لیگ کو ان حضرات کا تعاون حاصل نہ ہوتا تو شائد پاکستان کا نقشہ یہ نہ ہوتا۔ جب بڑے بڑے جبہ و دستار پوش علماء ہندوؤں کے حاشیہ بردار اور کاسہ لیس بن کر ''ملت از وطن است'' کا نعرہ لگا رہے تھے، آپ نے ببانگ دہل مسلم لیگ اور نظریۂ پاکستان کی حمایت کی اور قائداعظم کو بھرپور تعاون کا یقین دلایا جس کی پاداش میں آپ کو اپنوں کی مخالفت کا سامنا بھی کرنا پڑا۔(۱)

۱۹۴۴ء میں آپ سری نگر تشریف فرما تھے کہ چوہدری غلام عباس جو حضرت کے مرید صادق تھے، قائداعظم کو ساتھ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔آپ نے قائداعظم کی پرتکلف دعوت کی اور انواع واقسام کے ۴۵ کھانے دسترخوان پر چنے گئے۔کشمیری رواج کے مطابق آخر میں گشتابہ یا گشتاپہ نامی کھانا پیش کیا گیا،اس کے لیے گوشت کو میٹھے میں پکایا جاتا ہے۔

دعوت سے فارغ ہوئے تو آپ نے قائداعظم کی کامیابی کی پیشینگوئی کی اور دو جھنڈے عطا فرمائے۔ان میں سے ایک جھنڈا سبز تھا۔فرمایا سبز جھنڈا مسلم لیگ کا ہے اور دوسرا کفر کا پھر قدآور اشتہارات کے ذریعہ اعلان فرمایا:

''مسلمانو! مسلم لیگ کے جھنڈے سے تلے جمع ہو جاؤ۔میرا جو مرید مسلم لیگ کی حمایت نہیں کرے گا وہ مسلمان نہیں ہے۔اس وقت دو جھنڈے ہیں،ایک ہلالی پرچم مسلم لیگ کا اور دوسرا کفر کا،اب فیصلہ کرو کہ تم کس کے ساتھ ہو؟''(۲)

---

(۱) ماہنامہ انوار الصوفیہ قصور اکتوبر ۱۹۷۱ء،ص:۱۲،۱۳، سہ ماہی العلم کراچی اپریل تا جون ۱۹۷۴ء

(۲) صوفیہ نقشبند،ص:۳۵۵،۳۵۶، انوار الصوفیہ مئی ۶۱ء، مارچ ۷۰ء

چنانچہ آپ کے تمام مریدوں نے مسلم لیگ کا ساتھ دیا۔

مسلم لیگ کے بارے میں فرمایا:

''یہی ایک اسلامی جماعت ہے، مسلمانو! سب اس میں شامل ہو جاؤ، کانگرس سے اس بات کی توقع کرنا کہ وہ مسلمانوں کی حمایت کرے گی، فضول ہے۔''(۱)

تحریکِ پاکستان کے دوران آپ مسلم لیگ کی حمایت کے لیے کوہاٹ تشریف لے گئے یہاں احرار کا زور تھا، یارانِ طریقت مسلم لیگ میں شامل ہونے سے پس و پیش کر رہے تھے کارکنانِ مسلم لیگ نے حاضر ہو کر درخواست کی کہ یارانِ طریقت کو مسلم لیگ میں شامل ہونے کا حکم دیں۔ کسی نے اعتراض کیا تو آپ نے جوش میں آ کر فرمایا کہ اگر مسلم لیگ میں شامل نہ ہوں تو کیا کفر لیگ میں شامل ہوں؟ کسی نے کہا کہ اس پر خاکسار چھائے ہوئے ہیں، فرمایا وہ مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع ہوں گے یا علیٰحدہ ہو جائیں گے۔ چنانچہ سب یارانِ طریقت مسلم لیگ میں شامل ہو گئے اور چند دنوں میں مسلم لیگ دیگر تمام جماعتوں پر چھا گئی۔(۲)

۱۹۴۵ء میں حضرت امیر ملت حیدر آباد دکن سے واپس پنجاب تشریف لائے تو رہتک شہر میں مسلم لیگ کے عہدیدار مقرر کرنے کے لیے خطاب فرمایا اور مندرجہ ذیل عہدیدار مقرر کیے

- راؤ خورشید علی
- چوہدری حسین علی
- محبوب الٰہی وغیرہ وغیرہ (۳)

۱۹۴۶ء میں آپ کے صاحبزادے سیّد محمد حسین شاہ نے بھی مسلم لیگ میں حصّہ لیتے ہوئے بھرپور اور وسیع و عریض دورے کیے تمام یارانِ طریقت کو بالخصوص اور جملہ مسلمانوں کو بالعموم مسلم لیگ کا ہمنوا بنایا۔

---

(۱) ماہنامہ انوار الصوفیہ لاہور اپریل ۱۹۴۰ء، ص:۶

(۲) انوار الصوفیہ قصور اپریل مئی ۱۹۶۱ء، ص:۶۳

(۳) ایضاً اگست ۱۹۶۱ء، ص:۳۵

دیگر صاحبزادگان نے بھی اپنی پوری کوشش کی اور مسلم لیگ کو شایانِ شان کامیابی نصیب ہوئی۔(۱)

مشہور مؤرخ اور ادیب جناب رئیس احمد جعفری کی زبانی بھی ایک واقعہ سن لیجیے:

''جمعیت العلماء اسلام پنجاب کے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے الحاج پیر سیّد جماعت علی شاہ صاحب محدث علی پوری نے فرمایا: حکومت اور کانگرس دونوں کان کھول کر سن لیں کہ اب مسلمان بیدار ہو چکے ہیں اُنہوں نے اپنی منزل مقصود متعین کر لی ہے اب دنیا کی کوئی طاقت ان کے مطالبۂ پاکستان کو ٹال نہیں سکتی۔ بعض دین فروش نام نہاد لیڈر مسٹر جناح کو برملا گالیاں دیتے ہیں، لیکن اُنہوں نے آج تک کسی کو بُرا نہیں کہا، یہ ان کے سچا راہنما ہونے کا ثبوت ہے، خاکساروں نے مجھے قتل کی دھمکیاں دی ہیں، میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ میں سیّد ہوں، سیّد موت سے کبھی نہیں ڈرتا، اس کے بعد موصوف نے اپنے مریدوں اور حلقہ بگوشوں سے فرمایا کہ وہ مسلم لیگ کے اُمیدواروں کو ووٹ دیں۔(۲)

۱۹۴۶ء ہی میں بنارس میں آل انڈیا سنی کانفرنس (جو برصغیر کی تاریخ میں ایک مثالی کانفرنس تھی) آپ کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں پانچ ہزار سے زائد علماء ومشائخ نے شرکت کی۔ آپ نے خطبۂ صدارت میں پاکستان کی حمایت کا اعلان کیا اور پھر تحریکِ پاکستان کی حمایت میں ملک گیر دورے کیے۔ آپ ہر جگہ دورانِ تقریر فرماتے:

''مسلمانو! یہاں دو جھنڈے ہیں، ایک اسلام کا اور دوسرا کفر کا بتاؤ کس جھنڈے کے نیچے جانا چاہتے ہو!'' لوگ کہتے: ''اسلام کے جھنڈے کے نیچے۔'' چنانچہ لاکھوں مسلمانوں نے محض آپ کی ہدایت پر پاکستان کے حق میں ووٹ دیا۔(۳)

---

(۱) انوار الصوفیہ قصور، اگست ۱۹۶۱ء، ص:۳۵

(۲) قائد اعظم اور ان کا عہد، از رئیس احمد جعفری مطبوعہ لاہور ۱۹۰۰ء، رضائے مصطفیٰ گوجرانوالہ مئی ۱۹۷۴ء، ص:۱۶، ۱۷ اسہ ماہی العلم کراچی یہ اجلاس جنوری ۱۹۴۶ء میں اسلامیہ کالج لاہور میں منعقد ہوا تھا۔ اپریل تا جون ۱۹۷۴ء

(۳) صوفیاء نقشبند، ص:۳۵۶

آپ دین کے کاموں کو بڑی تن دہی سے انجام دیا کرتے تھے۔ خود فرمایا کرتے تھے کہ جب تک میں دین کا کوئی کام نہ کرلوں، ایک لقمہ کھانا حرام سمجھتا ہوں''۔(۱) چنانچہ قادیانی فتنہ کی سرکوبی کے لیے بھی آپ کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔

مرزا قادیانی کا مقابلہ ہر وقت علماءِ طواہر کے ساتھ رہتا تھا، اگر چہ وہ ان سے بھی ہر وقت شکست کھاتا اور ذلیل ہوتا رہتا تھا مگر ۱۲۷کتوبر۱۹۰۴ء کو سیالکوٹ میں حضرت کے ساتھ مناظرہ کا ارادہ کیا لیکن جب یہ مردِ حق سامنے آیا تو مرزا بھاگ کھڑا ہوا اور جس قدر لوگ اس کی بیعت کے لیے تیار تھے، اس کی ذلت و رسوائی دیکھ کر بدظن ہو گئے اور آپ کے حلقہ بگوش ہو گئے۔(۲)

۶ مئی ۱۹۰۸ء کو مرزا قادیانی اپنی اہلیہ کے علاج کے لیے لاہور میں خواجہ کمال الدین کے مکان پر وارد ہوا تو اپنا دامِ فریب پھیلانا شروع کیا۔(۳) مسلمانانِ لاہور نے حضرت کو مدعو کیا۔ آپ لاہور تشریف لائے اور آتے ہی بادشاہی مسجد میں ۲۲ مئی کو ایک شاندار جلسہ منعقد کیا۔ آپ کے علاوہ دیگر علماءِ اہلِ سنّت بھی کثیر تعداد میں موجود تھے۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی بھی حضرت سے تعاون اور مدد کے لیے تشریف لائے (۴) آپ نے اس تاریخی اور عدیم المثال جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا اگر مرزا اپنے دعویٰ نبوت میں سچا ہے تو سامنے آکر ثابت کرے اگر مباحثہ نہ کر سکے تو مباہلہ ہی سہی، مگر چونکہ مرزا اپنے مکائد سمیت حضرت کے ہاتھوں ۱۹۰۴ء میں ذلیل و خوار ہو چکا تھا اس لیے آپ کے سامنے آنے کی جرأت نہ کر سکا۔ آپ نے فرمایا کہ ہم نے اس کا بہت انتظار کیا ہے لیکن وہ سامنے نہیں آیا، پیشینگوئی کرنا میری عادت نہیں لیکن میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ:

''مرزا جی کا خدائی فیصلہ ہو چکا ہے لہٰذا تین روز کے اندر کیفرِ کردار کو پہنچے گا۔''

---

(۱) خطبہ صدارت ڈسٹرکٹ خلافت کمیٹی لائل پور مطبوعہ لاہور ۱۹۲۲ء بحوالہ انوار الصوفیہ قصور اپریل مئی ۶۱ء ص:۲۳

(۲) برکات علی پور، اپریل ۶۷ء مطبوعہ راولپنڈی، ص:۹، صوفیاءِ نقشبند، ص:۳۵۵، مہر منیر، ص:۴۰۶

(۳) ایضاً

(۴) مہر منیر، ص:۴۰۶

یہ بات آپ نے رات دس بجے فرمائی اور ۲۶ مئی کو صبح دس بج کر دس منٹ پر مرزا جی آنجہانی ہو گئے ۔ مرنے سے چھ گھنٹے قبل زبان بند ہو گئی، خدا جانے ہیضہ تھا یا کچھ اور، نجاست منہ سے نکلتی رہی اور اسی حالت میں خاتمہ ہو گیا۔'' (۱)

جس وقت آپ نے مرزا جی کو موت کی پیشنگوئی فرمائی تو لوگوں نے اسے اہمیت نہ دی مگر جب پوری ہو گئی تو حد درجہ حیران ہوئے، اس پیشنگوئی کا مرزائیوں نے آج تک ذکر نہیں کیا۔ (۲) (تفصیل کے لیے دیکھیے ''الکاویہ علی الغاویہ جلد دوم'' از مولانا محمد عالم آسی امرتسری)

گوشۂ کرامت کو یہ کہہ کر واضح کرتا ہوں کہ آپ کی سب سے بڑی کرامت سنت رسول کی اتباع اور دینِ اسلام پر قربان ہونے کا وہ لازوال جذبہ تھا جس نے عمر بھر آپ کو مجاہدانہ کردار پر کمر بستہ رکھا۔

قیامِ پاکستان کے بعد آپ نے اسلامی آئین کے نفاذ کی بھرپور کوشش کی۔ (۳) جگہ جگہ جلسوں اور یادداشتوں کے ذریعہ حکومت کو اسلامی آئین کے نفاذ کا وعدہ یاد دلایا۔ پیر صاحب مانکی شریف اور مولانا عبدالستار خاں نیازی (حال جنرل سیکریٹری جمعیت علماء پاکستان) نے آپ کی معیت میں تمام ملک کا دورہ کیا مگر افسوس کہ حکومت نے اپنا وعدہ پورا نہ کیا جس کا حضرت کو تا دمِ زیست سخت صدمہ رہا۔

علی پور شریف میں آپ نے سنگِ مرمر کی ایک خوبصورت مسجد تعمیر کرائی تھی جو آج بھی اپنے صوری کمالات کی بنا پر تمام ملک میں مسجد نور کے نام سے مشہور ہے۔ آج سے ساٹھ ستر برس قبل ارزانی کے دور میں اس پر چھ لاکھ روپیہ صرف ہوا تھا۔ درواز سے صندل کی لکڑی کے اور ہاتھی دانت سے مرصع ہیں، مسجد میں چھت پر ویل مچھلی کا ۲۱ فٹ لمبا کانٹا خوبصورتی کے لیے لگایا گیا ہے۔ (۴)

---

(۱) برکاتِ علی پور، ص:۸

(۲) صوفیۂ نقشبند، ص:۳۵۶

(۳) فیضانِ امیر ملت، ص:۸۵، العلم کراچی، اپریل تا جون ۱۹۷۶ء

(۴) ہفت روزہ الہام بہاول پور ۲۴ اکتوبر ۱۹۷۱ء، سہ ماہی العلم کراچی اپریل تا جون ۱۹۷۶ء

آخرِ کار ۲۶ ذیقعد ۱۳۷۰ھ/۳۱ اگست ۱۹۵۱ء کو حضرت امیرِ ملت قدس سرّہ ایک سو سے زائد برس کی عمر میں واصل بحق ہوئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ(۱)

آپ کے مرید صادق جناب پروفیسر حامد حسن قادری نے درجِ ذیل آیت سے آپ کی تاریخ وصال نکالی:

اَیَّتُھَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّۃُ ارۡجِعِیۡۤ اِلٰی رَبِّکِ

پیر غلام دستگیر نامی مرحوم نے یہ تاریخ وصال کہی:

دین پناہ علی پور جماعت علی شاہ

آپ کی یاد میں قصور سے ماہنامہ انوارالصوفیہ تا حال جاری ہے، اور آپ کا عرس مبارک ہر سال ۲۸، ۲۹ بیساکھ کو علی پور شریف ضلع سیالکوٹ میں بڑے تزک و احتشام سے منایا جاتا ہے۔

نوٹ: آپ کی سوانح حیات سیرتِ امیرِ ملت کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔

---

(۱) تاریخ پیدائش میں اختلاف کی وجہ سے عمر شریف کا صحیح اندازہ نہ ہو سکا، بعض ایک سو اٹھارہ اور بعض ایک سو گیارہ سال لکھتے ہیں، سہ ماہی العلم کراچی، اپریل تا جون ۱۹۷۴ء

مولانا ظہور الحسن صدیقی

آپ کی ولادت باسعادت ۹ فروری ۱۹۰۵ء میں کراچی کے نامور عالم دین حضرت مولانا عبدالکریم درس رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں ہوئی۔ حضرت پیر سید ظہور الحسن بٹالوی قدس سرہ نے کان میں اذان کہی اور پھر اپنے ہی نام نامی پر ظہور الحسن نام تجویز فرمایا۔ والدِ گرامی سے معقولات اور حضرت مولانا صوفی عبداللہ درس سے منقولات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ ایک جادو بیان مقرر اور خوشنویس محرر کی حیثیت سے پورے ملک میں متعارف ہوئے۔

تحریکِ پاکستان میں آپ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ۱۹۴۰ء تک آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے رُکن اور پراونشل مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر اور اہم عہدوں پر فائز رہے صوبہ سندھ میں مسلم لیگ کو مقبول بنانے میں آپ کے کردار کی شہادت حکومت کے فائل دیں گے۔ کراچی کی تاریخ میں بہت کم ایسے جلسے ہوئے ہوں گے جس میں قائدِاعظم کے ساتھ آپ نے تقریر نہ کی ہو۔

۱۲ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو بزم سنیہ صوبہ سندھ (جس کے آپ جنرل سیکریٹری تھے) کے زیر اہتمام بمقام عیدگاہ بندر روڈ کراچی، ایک عظیم الشان آل انڈیا سنی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں مبلغ اسلام حضرت مولانا عبدالعلیم میرٹھی (والد ماجد مولانا شاہ احمد نورانی مدظلہٗ) مجاہدِ ملت مولانا عبدالحامد بدایونی و دیگر مقتدر علماء اہلِ سنت نے شرکت کی اس موقع پر آپ نے بحیثیت جنرل سیکریٹر آل انڈیا سنی کانفرنس، ایک حقیقت افروز خطبہ اِرشاد فرمایا، اس کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو۔

''پاکستان کے ہم حامی ہیں لیکن آپ سنیں اور غور سے سنیں، دل کے کانوں سے سنیں، ہم وہ پاکستان چاہتے ہیں جہاں قرآن حکیم کے احکام نافذ ہوں، ہم وہ پاکستان چاہتے ہیں جہاں محمد رسول اللہ ﷺ کی پیروی واجب العمل ہو اور شریعت مقدسہ کے مطابق فیصلے ہوں، ہم وہ پاکستان چاہتے ہیں جہاں پاک لوگ بسیں،

نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ ارکان اسلام کی توہین نہ ہو، ہم وہ پاکستان چاہتے ہیں جہاں مقابر و مساجد کی حرمت کو ملحوظ رکھا جائے، ہم وہ پاکستان چاہتے ہیں جہاں لامذہبیت اور دہریت کی جڑیں اُکھاڑ کر پھینک دی جائیں ایسے پاکستان کو حاصل کرنے کے لیے اگر جان تک بھی کام آئے گی تو ہم دریغ نہیں کریں گے اور انشاء اللہ العزیز لے کر رہیں گے۔

لب پہ ساقی کے ہے جاری نامِ پاکستان پاک
اب کوئی دم میں ملے گا جامِ پاکستان پاک
میں نے پاکستان کی وہ رٹ لگائی ہے ظہورؔ
لوگ کہتے ہیں مجھے بدنامِ پاکستان پاک

آپ کی زندگی قرونِ اولیٰ کا بہترین نمونہ تھی۔ جرأت و مردانگی، حق گوئی و بے باکی آپ کا طرۂ امتیاز تھا اور اسلامی اُصولوں کی دل و جان سے پابندی ان کا شعار تھا۔ قائداعظم ہمیشہ کراچی میں قیام کے دوران آپ ہی کی اقتداء میں نماز ادا فرماتے تھے قیامِ پاکستان کے بعد حسب دستور قائداعظم نے آپ سے نمازِ عید کے اوقات منگوائے (یہ وہ زمانہ تھا کہ کراچی شہر میں نمازِ عید کا مرکزی اجتماع صرف عیدگاہ میدان بندر روڈ پر ہوتا تھا اور نمازِ عید آپ ہی پڑھاتے تھے اور یہاں علماء و مشائخ و حفاظ کا اچھا خاصا اجتماع ہوتا تھا) مگر قائداعظم وقت پر عیدگاہ نہ پہنچے۔ آپ نے وقت کی پابندی کے ساتھ تقریر ختم کی اور نمازِ عید پڑھانے کے لیے مصلّٰے پر بیٹھ گئے۔ نوابزادہ لیاقت علی خاں، سردار عبدالرب نشتر، محمد ایوب کھوڑو اور دیگر سیاسی اکابرین نے قائداعظم کی آمد تک نماز میں تعطل کے لیے کہا تو آپ نے گرج کر فرمایا میں ان علماء کرام و حفاظِ عظام کے علم کا احترام کروں یا جناح صاحب کا؟ میں نے جناح صاحب کو اوقات سے مطلع کر دیا تھا، میں اپنے وقت کا پابند ہوں، اور دوسرے یہ کہ میں جناح صاحب کی نماز پڑھانے نہیں آیا بلکہ خدائے اعظم جل جلالہ کی نماز پڑھانے آیا ہوں۔

یہ کہہ کر صفوں کو دُرست کروا کر تکبیر فرما دی۔ نمازِ عید کے بعد احکامِ عید پر ایک جامع خطبہ اِرشاد فرمایا بعد میں قائداعظم جو پچھلی صفوں میں پہنچ چکے تھے، تشریف لائے اور تقریر فرمائی جس میں آپ کی اس جرأت ایمانی کی تعریف فرمائی اور اِرشاد فرمایا کہ ''ہمارے علماء کو ایسے ہی کردار کا حامل ہونا چاہیے جس کا مظاہرہ آج

مولانا درس نے فرمایا ہے۔''

سیاسی خدمات انجام دینے کے علاوہ آپ نے دینی حلقوں میں بھی پوری تندہی سے کام کیا۔ بحیثیت سیکریٹری جنرل جمعیۃ العلماء پاکستان و جمعیۃ اہلِ سنّت و جماعت رجسٹرڈ و بانی جمعیۃ علماء و مشائخ ایک عرصہ تک کام کرتے رہے۔ ۱۹۴۸ء میں جب جمعیۃ علماء پاکستان کی تشکیل ہوئی تو آپ بانی ارکان میں شامل تھے۔

آپ کی تصانیف مندرجہ ذیل ہیں:

- بہ چشمِ تلطف پنجتن
- معاون ظہور الحسن
- خون کے آنسو
- تحقیق الفق، بانی کلمۃ الحق

مذہب وملت کی گرانقدر خدمات انجام دینے کے بعد آپ ۷ شوال المکرم ۱۳۹۲ء بمطابق ۱۴ نومبر ۱۹۷۲ء کو کراچی میں ہمیشہ کے لیے میٹھی نیند سو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

مادۂ تاریخ وصال خود استخراج کیا

''نگاہ داشت ان اللہ مع الصابرین'' (۱)

(۱) ماہنامہ ترجمان اہلِ سنت کراچی، ماہ اپریل ۱۹۷۵ء، ص:۳۹، اکتوبر ۱۹۷۶ء، ص:۷۰

مولانا ابوالکلام آزاد

ہندوستان کے عظیم قائد، جنگِ آزادی کے سپہ سالار صاحب طرز انشاء پرداز اور ایک عہد آفریں انسان تھے۔ مولانا ابوالکلام آزاد ۱۷ اگست ۱۸۸۸ء کو پیدا ہوئے۔(۱) آپ کے والد گرامی کا نام خیرالدین تھا۔ جو ایک جید عالم اور صوفی باعمل تھے۔ کولکتہ (کلکتہ) میں پرورش ہوئی اور ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ مجتہدانہ دماغ کے مالک تھے۔ علوم وفنون پر گہری نظر تھی اور ساتھ ساتھ سحر بیاں خطیب و مقرر بھی تھے۔ مولانا ابو الکلام آزاد نے اپنے زبان وقلم سے ہزاروں لاکھوں سینوں میں آزادی وطن کی آگ لگا دی۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے اخبار ''الھلال'' ۱۹۱۲ء نے ملک کے گوشے گوشے میں آزادی کو بگل بجا دیا۔ ۱۹۱۵ء میں آپ کی سیاسی سرگرمیوں کی وجہ سے حکومت بنگال نے جلاوطن کر کے رانچی میں نظر بند کر دیا۔

۱۹۲۰ء میں رہائی ملی۔ مولانا نے تحریک خلافت میں شرکت کی۔ تحریک عدم تعاون اور تحریکِ ہجرت میں بھی حصّہ لیا۔ آپ ابتداء ہی سے جمعیۃ علماء ہند کی ورکنگ کمیٹی کے رُکن رہے۔ اجلاس عام لاہور (۱۹۲۱ء) اور کراچی (۱۹۳۱ء) کے صدر رہے۔ آزادی سے پہلے سات سال کانگریس کے صدر رہے۔

نہرو رپورٹ پر قومی رہنما دو طبقوں میں بٹ گئے۔ جن میں مولانا محمد علی، مولانا شوکت علی اور مولانا ظفر علی خاں وغیرہ تو عام جماعت مسلمین کے ساتھ مسلمانوں کی جداگانہ حیثیت برقرار رکھنے والے راستہ پر گامزن ہو گئے تھے۔ جب کہ مولانا ابوالکلام آزاد قوم پرست مسلمانوں یعنی کانگریس کے مسلم ہمنواؤں میں شامل ہو گئے تھے۔(۲)

---

(۱) چالیس بڑے مسلمان/

(۲) موج کوثر۔ محمد اکرام شیخ۔ ۱۹۹۱ء۔ ص: ۲۷۳

مولانا ابوالکلام آزاد ۱۹۳۹ء میں کانگریس کے صدر منتخب ہوئے۔ مولانا موصوف کی سیاسی زندگی کا آغاز تو ''الہلال'' اور ''البلاغ'' کی اشاعتوں کے ساتھ ساتھ ہی شروع ہوگیا تھا۔

جب کانگریس کی انڈیا چھوڑ دو تحریک شروع ہوئی تو مولانا دیگر کانگریس نمائندے اور علماء کے ساتھ گرفتار ہوئے۔

۲۳ مارچ ۱۹۴۶ء کو کیفیت مشن ہندوستان آیا تو مولانا ابوالکلام آزاد نے بحیثیت نمائندہ کانگریس اس کیبنٹ مشن سے ملاقاتیں کیں۔ (۱) نیز مولانا ابوالکلام آزاد ۱۹۴۷ء میں برصغیر کی تقسیم پر بھی کانگریس کی ہائی کمان میں تقسیم کی سخت مخالفت کی اور آخر وقت تک تقسیم کے فارمولے کو قبول نہیں کیا۔ (۲)

مولانا ابوالکلام آزاد تقسیم ہند سے پہلے وزیر تعلیم (انڈیا) مقرر ہوئے اور ۲۲ فروری ۱۹۵۸ء تک یعنی اپنی وفات تک اسی عہدہ پر فائز رہے۔ (۳)

---

(۱) جدوجہد پاکستان، ص: ۲۳۸

(۲) تقسیم ہند، ص: ۲۷۹

(۳) چالیس بڑے مسلمان، ص: ۷۰۹، موج کوثر، ص: ۲۷۳

باب سوم

(الف) خلفاءمولاناشاہ احمد رضاخاں فاضلِ بریلویؒ

(ب) تحریک پاکستان اور خلفاءمولاناشاہ احمد رضاخانؒ

باب سوم

(الف) خلفاءمولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ جیسی مایہ ناز شخصیت جس نے ایک عہد کو متاثر کیا۔ بلکہ یوں کہیے کہ ایک زمانے کو کئی زمانوں تک کے لیے مسخر کرلیا۔ یہ ہمہ گیر شہرت اور مقبولیت غالباً معاصرین علماء وصوفیہ میں کسی کو حاصل نہ ہوسکی۔

خلفاء کی ایک کثیر تعداد نے آپ کی طرح آپ علمی دینی وسیاسی وادبی بھی دنیا میں اور تحریکِ پاکستان کے حوالے سے سیاست میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان خلفاء میں بعض تو ایسے بھاری بھرکم ہیں ان کے حالات وخدمات کا جائزہ لیا جائے تو ضخیم کتابیں تیار ہوجائیں۔

اُن کا دائرہ اتنا وسیع ہے کہ ایک طرف صوبہ مدارس میں، صوبہ بنگال اور صوبہ بہار میں آپ کے خلفاء پھیلے ہوئے نظر آتے ہیں۔ تو دوسری طرف صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد اور بلوچستان اور تیسری طرف صوبہ سندھ اور صوبہ راجستھان میں، صوبہ سی پی (C.P) اور یوپی (U.P) تو گویا آپ کے زیرِ نگیں تھے۔ دائرہ خلفاء کی یہ ہمہ گیری شاید معاصرین صوفیہ میں کس کو حاصل نہ ہوسکی۔ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے خلفاء (برصغیر پاک و ہند) کے شہروں میں موجود تھے۔ مثلاً عظیم آباد، پٹنہ بہار، اعظم گڑھ، کچھوچھ، پیلی بھیت، بنگلور، مدارس، کلکتہ، جبل پور، آرہ، محمود آباد، میرٹھ، مراد آباد، بجنور، نگینہ باندہ، الور، پرتاب گڑھ، کوٹلی لوہاران، کراچی، کھروڑہ، سیالکوٹ، لاہور، آگرہ اور بلاد عرب، افریقہ اور انڈونیشیا وغیرہ میں بھی آپ کے خلفاء موجود تھے۔ (۱)

(۱) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری۔ ۱۹۹۳ء ص:

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے بے شمار خلفاء تھے جو پاک و ہند اور حرمین شریفین میں پھیلے ہوئے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد نے اپنی کتاب حیات حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ میں لکھا ہے کہ ''ہندوستان و پاکستان اور ممالک اسلامیہ خصوصاً حرمین شریفین میں حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے بکثرت خلفاء تھے۔ جن کی تعداد ۱۰۰ سے متجاوز ہے۔''(۱)

اسمائے گرامی خلفاء

- مولانا حامد رضا خان (المتوفی ۱۷، جمادالداول ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء)
- مولانا مصطفٰی رضا خان (المتوفی ۱۴ محرم الحرام ۱۴۱۳ھ/۳ نومبر ۱۹۸۱ء)
- مولانا محمد ظفر الدین بہاری (المتوفی ۱۳۸۲ھ/۱۹۶۳ء)
- مولانا سیّد دیدار علی شاہ الوریٔ (المتوفی ۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء)
- مولانا امجد علی اعظمی (المتوفی ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء)
- مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی (المتوفی ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء)
- مولانا شاہ احمد مختار صدیقی میرٹھی (المتوفی ۱۳۵۷ھ/۱۹۳۸ء)
- مولانا شاہ سیّد احمد اشرف جیلانی (المتوفی ۱۳۴۴ھ/۱۹۵۵ء)
- مولانا عبدلاحد قادری پیلی بھیت (المتوفی ۱۳۴۸ھ/۱۹۲۹ء)
- مولانا عبدالعلیم صدیقی میرٹھی (المتوفی ۱۳۷۴ھ/۱۹۵۴ء)
- مولانا محمد رحیم بخش آروی شاہ آبادی (المتوفی ۱۳۴۳ھ/۱۹۲۵ء)
- مولانا لعل محمد خاں مدارسی (المتوفی ۱۳۳۹ھ/۲۱ جولائی ۱۹۲۱ء)

(۱) ڈاکٹر مسعود احمد/ حیات حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ۔ مطبوعہ سیالکوٹ ۱۹۸۱ء ص:

- مولانا عمر بن ابوبکر کہتری (شہر پوربندر) (س.م.ن)
- مولانا ضیاء الدین احمد مہاجر مدنی (التوفی ۱۴۰۱ھ/۱۲/۱۱اکتوبر ۱۹۸۱ء)
- مولانا محمد شفیع بیل پوری (التوفی ۲۴رمضان المبارک ۱۳۳۱ھ)
- مولانا محمد حسنین رضا خان (التوفی ۱۴۰۱ھ/۱۴ دسمبر ۱۹۸۱ء)
- مولانا محمد شریف کوٹلی لوہاراں (التوفی ۱۳۷۰ھ/۱۵جنوری ۱۹۵۱ء)
- مولانا امام الدین کوٹلی لوہاراں (التوفی ۱۳۸۱ھ/۱۲اگست ۱۹۶۱ء)
- مولانا مفتی غلام جان ہزاروی (التوفی ۱۳۷۹ھ/۱۹۵۹ء)
- مولانا احمد حسین امروہوی (التوفی ۱۳۶۱ھ/۱۱اگست ۱۹۵۹ء)
- مولانا اسلام صدیقی جبل پوری (۱۳۷۲ھ/۳ فروری ۱۹۵۳ء)
- مولانا برہان الحق محمد عبدالباقی جبل پوری (التوفی ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء)
- سیّد فتح علی شاہ (التوفی ۱۳۷۷ھ/۱۸جنوری ۱۹۵۸ء)
- مولانا ابوالبرکات سید احمد قادری (التوفی ۱۳۹۸ھ/۲۴ستمبر ۱۹۷۸ء)
- مولانا عمر الدین ہزاروی (التوفی ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء)
- مولانا شاہ محمد حبیب اللہ قادری میرٹھی (التوفی ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء)
- مولانا سیّد مومن علی مومن جنیدی (التوفی ۱۳۸۵ھ/۱۹۳۹ء)
- پروفیسر سیّد سلیمان اشرف بہاری (التوفی ۱۳۸۵/ ۱۲۵پریل ۱۹۳۹ء)
- قادری محمد بشیر الدین جبل پوری (التوفی ۱۳۲۶ھ/)
- مولانا عبدالسلام باندوی (التوفی ۱۳۲۲ھ/۱۹۲۳ء)
- مولانا سیّد نور الحسن (التوفی ۱۳۹۴ھ/۱۹۴۳ء)
- مولانا حکیم غلام احمد شوق فریدی (التوفی ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء)
- مولانا محمد حبیب الرحمٰن پیلی بھیت (التوفی ۱۳۶۳ھ/۱۹۴۳ء)

- قاضی عبدالوحید عظیم آبادی (المتوفی ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء)
- مولانا احمد بخش صادق (المتوفی ۱۳۶۴ھ/۱۳ جون ۱۹۴۵ء)
- مولانا جمیل الرحمٰن قادری بریلوی س۔م۔ن
- مولانا سیّد محمد حسین بریلوی س۔م۔ن
- مولانا حامد علی فاروقی (المتوفی ۱۳۸۸ھ)(س.م.ن)
- مولانا رحم الٰہی منگوری (المتوفی ۱۳۶۳ھ/)
- مولانا ضیاء الدین پیلی بھیت (المتوفی ۱۳۶۴ھ/)
- مولانا عبدالحق پیلی بھیت (المتوفی ۱۳۶۱ھ/)
- مولانا عبدالحسن پیلی بھیت (المتوفی جون ۱۹۴۰ء)
- مولانا عزیزالحسن پھپھوندی (المتوفی ۱۳۶۲ھ)
- مولانا عبدالعزیز بجنوری (المتوفی ۱۳۴۹ھ)
- مولانا سیّد عبدالرشید مظفر پوری س۔م۔ن
- سید غلام جان جام جودھپوری س۔م۔ن
- مولانا محمد اسمٰعیل فخری (المتوفی ۱۳۷۱ھ)
- سیّد محمد محدث کچھوچھوی (المتوفی ۱۳۸۱/ ۲۵ دسمبر ۱۹۶۱ء)
- مولانا مشتاق احمد کانپوری (المتوفی ۱۳۶۰ھ/۱۹۴۱ء)
- مولانا نثار احمد کانپوری (المتوفی اپریل ۱۹۳۱ء)
- مولانا یقین الدین بریلوی (المتوفی ۱۳۷۰ء)
- مولانا ہدایت الرسول قادری لکھنوی (المتوفی ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۰ء) (۱)

(۱) حیات حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ/ ڈاکٹر مسعود احمد/ ۱۹۸۱ء سیالکوٹ ص:

خلفاء کے ضمن میں ڈاکٹر مسعود احمد نے اپنی کتاب حیات مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ میں چھ فہرست تحریر کیے ہیں وہ ۱۹۸۱ء کے عرصے تک محیط ہے۔(۱)

تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت مرتبہ میاں محمد صادق قصوری اور پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری میں خلفاء کے نام سامنے آئے ہیں۔

ڈاکٹر مجید اللہ قادری لکھتے ہیں:

لیکن ان کے حالات میسر نہ ہو سکے۔ تحقیق جاری ہے۔(۲)

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے خلفاء نے تحریک پاکستان میں جو کارنامے انجام دیئے اس کا آغاز خود کو حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے کیا تھا۔ جس کا ذکر ہم یہاں اول میں کر آئے ہیں۔

اب اس باب مولانا کے ان خلفاء کا ذکر کیا جاتا ہے جنہوں نے تحریک پاکستان میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اور وہ مندرجہ ذیل ہیں:

---

(۱) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری/ ۱۹۸۲ء کراچی۔ص:

(۲) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/ صادق قصوری/ ۱۹۸۲ء کراچی۔ص:

(ب) تحریکِ پاکستان اور خلفاء

مولانا محمد ظفر الدین بہاری علیہ الرحمہ

آپ کا تاریخی نام محمد ظفر الدین غلام حیدر تھا۔ والد ماجد کا نام عبدالرزاق تھا۔ مولانا موصوف ۱۴محرم الحرام ۱۳۰۳ھ، ۱۸۸۵ء میں ضلع عظیم آباد پٹنہ (صوبے بہار) میں پیدا ہوئے۔ (۱) ابتداء کتب والدِ ماجد سے پڑھیں۔ دس برس کی عمر میں اپنی ننھیال موضع بین کے مدرسہ غوثیہ حنفیہ میں داخل ہو کر مولانا معین الدین اشرف، مولانا بدر الدین اشرف اور مولانا معین الدین از ہر سے در یاست کی متوسط کتابیں پڑھیں۔ (۲)

قاضی عبدالوحید رئیس پٹنہ کے قائم کردہ مدرسہ حنفیہ میں مولانا شاہ وصی الدین محدث سورتی سے ۱۳۲۰ھ میں استفادہ علمی کیا۔ ۱۳۲۱ھ میں کانپور میں مولانا احمد حسن کانپوری سے معقول کی تعلیم حاصل کی۔ درسِ حدیث پیلی بھیت میں محدث سورتی سے حاصل کیا۔ یہاں سے بریلی پہنچے یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ مولانا ظفر الدین کی کوششوں سے ہی ۱۹۰۵ھ میں مدرسہ منظر اسلام بریلی قائم ہوا۔ (۳) منظر اسلام بریلی کے ابتدائی طالب علم مولانا ظفر الدین اور مولانا عبدالرشید عظیم آبادی تھے۔ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ سے بخاری شریف اور مسلم شریف از اوّل تا آخر پڑھیں۔ اس کے علاوہ تشریح الافلاک، شرح چغمینی (مکمل)، علم توقیت، جعفر و تکسیر کا علم حاصل کیا اور شعبان المعظم ۱۳۲۵ء میں کثیر علماء کی موجودگی میں دستارِ فضیلت اور سند فراغت سے ممتاز ہوئے۔ (۴)

---

(۱) حیاتِ اعلیٰحضرت، ظفر الدین قادری، مکتبہ نبویہ لاہور، ۲۰۰۳ء، ص: ۸،۹

نوٹ:

(۲) تذکرہ علماء اہلِ سنت/ مولانا محمود احمد قادری/ فیصل آباد، ۱۹۹۲ء ص: ۱۱۰

(۳) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری/ کراچی، ۱۹۹۲ء ص: ۳۰۰

(۴) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری/ کراچی، ۱۹۹۲ء ص: ۲۰۰

مولانا ظفر الدین تدریس خدمات کی ابتداء مدرسہ منظر اسلام بریلی سے ہی کیا۔ ۱۳۲۹ھ تک وہیں مدرس رہے۔ بعدازاں مولانا حکیم عبدالوہاب الہ آبادی کے مدرسہ حنفیہ آرہ، ضلع آرہ (صوبے بہار) میں صدر مدرس مقرر ہوئے۔ اعلٰحضرت مولانا فاضل بریلویؒ کے کہنے پر آپ لاہور میں مدرسہ نعمانیہ میں کچھ عرصہ تدریس کے فرائض سرانجام دیئے۔ اس کے بعد ۱۹۱۳ھ میں پٹنہ (صوبے بہار) میں جامع شمس الہدیٰ قائم ہوا تو آپ کا تقرر بحیثیت مدرس ہوا اس کے بعد مدرس فقہ وتفسیر ہوئے۔ ۱۹۱۶ء میں سہرام میں خانقاہ کبیریہ کے سجادہ نشین حضرت مصلح الدین کے مدرسہ میں اوّل مدرس کی حیثیت سے تدریس میں مشغول ہوئے۔

۱۹۲۱ء میں جامعہ شمس الہدیٰ گورنمنٹ کے زیر اہتمام آیا تو آپ کو سینئر مدرس کا عہدہ دے کہ واپس بلا لیا گیا۔ ۱۹۴۶ء میں جامعہ میں پرنسپل کے منصب جلیلہ پر فائز ہوئے اور ۱۹۵۰ء میں اس منصب سے سبکدوش ہوئے۔ (۱)

۱۹۵۰ء سے ۱۹۵۳ء تک ظفر منزل شاہ گنج پٹنہ میں مقیم رہے۔ ۲۱ شوال المکرم ۱۳۷۱ھ کو حضرت سیّد شاہ شاہد حسن کی استدعا پر کیٹہار میں جامعہ لطیفیہ بحر العلوم کا افتتاح فرمایا اور بحیثیت صدر مدرس ۱۹۶۰ء تک تدریس کے فرائض انجام دیئے۔ (۲)

سیاسی خدمات

مولانا ظفر الدین نے تحریکِ پاکستان کے حوالے سے سیاست میں ایک اہم قردار ادا کیا۔ اعلٰحضرت فاضل بریلی مولانا شاہ احمد رضا خاں علیہ الرحمۃ کے دیگر خلفاء وتلامذہ کی طرح فاضلِ بہار مولانا ظفر الدین نے بھی تحریکِ آزادی ہند اور دیگر تحریکات (جنھوں نے تحریکِ آزادی کی راہ ہموار کی)

(۱) تذکرہ اہلِ سنت/مولانا محمود احمد قادری/فیصل آباد، ۱۹۹۳ء،ص:۱۱۲،۱۱۱

(۲) تذکرہ خلفاء اعلٰحضرت/صادق قصوری/کراچی، ۱۹۹۲ء،ص:۳۰۱

میں بھر پور حصہ لیا۔ آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس منعقدہ ۱۹۴۶ء میں شریک ہوئے اور ان میں سے نصابِ تعلیم بنانے والی کمیٹی، عائلی قوانین مرتب کرنے والی کمیٹی، آل انڈیا سنی کانفرنس کے لیے آئین ساز کمیٹی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

تحریکِ خلافت کے زمانے میں اعلیٰحضرت فاضل بریلی مولانا شاہ احمد رضا خاں علیہ الرحمۃ اور ان کے صاحب زادگان و خلفاء نے مخالفت کے سیلاب سے کس بلند ہمتی سے مقابلہ کیا اور مسلمانوں کو اس راہ پر چلایا جو پاکستان کی منزل تک پہنچی تھی۔(۱) علاوہ ازیں آپ نے دیگر تحریکات میں بھی خدمات انجام دیئے۔

جن میں ۲۲، ۲۳، ۲۴، شعبان المعظم ۱۳۳۹ھ ۱۹۲۰ء کو اہلِ سنت و جماعت کی تنظیم ''انصار الاسلام'' (بانیٔ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ) کی طرف سے بریلی میں شاندار اجلاس ہوئے۔(جن مقاصد کے تحت تنظیم ''انصار الاسلام'' قائم کی گئی تھی اس میں سب سے پہلے حفاظت مقامات مقدسہ وحمایت سلطنت اسلامیہ ترکوں کی ہمدردی جائز ومفید کوشش کرنا اور ناجائز ونامفید راہوں سے مسلمانوں کو بچانا۔ دوسرا مقصد یہ تھا کے اسلام اور مسلمین کو بیرونی دشمنان دین کے حملوں سے بچانے کی حتی الوسع جائز تدابیر کرنا اور بالخصوص دشمنان اندرونی کے حملوں سے بچانا تھا۔ تیسرا مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کو ان کے اخلاقی، معاشرتی، تمدنی، اقتصادی مفاد کی طرف رہنمائی کرنا اور ان میں حقیقی وخالص پابندی احکام شرعی کی راہ بنانا مشکل تھا۔

اس اجلاس میں مولانا محمد ظفر الدین قادری بہاری نے ترکوں کی مدد اماکن مقدسہ کی حفاظت اور ترکِ موالات کے موضوع پر بڑی مدلل تقریر فرمائی۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل حضرات نے بھی اجلاس میں خطاب فرمایا۔(۲)

- مولانا سیّد شاہ محمد میاں قادری برکاتی
- مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی
- پروفیسر سیّد سلیمان اشرف بہاری
- مولانا سیّد دیدار علی شاہ

مخالفین کی طرف سے ان جلسوں کو درہم برہم کرنے کی پوری پوری کوشش کی گئی۔ اس جذباتی دور میں

(۱) تحریکِ آزادی ہند اور السواد اعظم مؤلف ڈاکٹر مسعود احمد، ۱۹۸۷ء ص:۱۹۹

(۲) تاریخ آل انڈیا سنی کانفرنس/ محمد جلال الدین قادری/ گجرات ۱۹۹۹ء ص:۶۰۱

معقولیت اور شریعت کی بات سُننے کے لیے بہت کم لوگ تیار تھے۔ کیونکہ سوء اتفاق کہ مخالفین کے رہبر بھی علماء ہی تھے۔ فرق یہ تھا کہ وہ کفر ومشرکین کے ساتھ تھے اور یہ علیٰحدہ اور یہی بڑا فرق تھا جو اس وقت محسوس نہیں کیا گیا لیکن آج کا پاکستانی مؤرخ اس کو ضرور محسوس کرے گا۔

اس طرح ۱۹۲۰ء کو بریلی شریف میں جو تنظیم انصار الاسلام کی طرف سے شاندار اجلاس ہوا۔ اس جلسے میں قرار دادیں بھی منظور کی گئی اس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

- علمائے اہلِ سنّت اور مسلمانانِ بریلی کا یہ عظیم الشان جلسہ گورنمنٹ برطانیہ سے پُر زور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنا اور تمام اتحادیوں کا اثر جزیرۃ العرب سے اُٹھا کر مسلمانوں کو مذہبی دست اندازی کی تکلیف سے باز رکھے۔
- یہ جلسہ گورنمنٹ سے زبردست مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مظلومین سمرنا وغیرہ کی مالی اعانت وارسال زر کے قابلِ اطمینان ذرائع ہمارے لئے بہم پہنچائے۔
- یہ جلسہ ترک وعرب میں اتحاد پیدا کرنے کے لیے ایک وفد بھیجنا تجویز کرتا ہے اور گورنمنٹ سے پُر زور مطالبہ کرتا ہے کہ عرب میں ہمارے وفود کی ذمّہ داری کرے۔
- یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ ان مطالبات کے لیے گورنمنٹ کے پاس وفد بھیجا جائے۔
- یہ جلسہ مسلمانوں کو پورے زور کے ساتھ ترغیب دیتا ہے کہ اپنے تمام مقدمات کو آپس میں طے کرنے کے مجاز ہیں۔ مطابق شرع شریف فیصلہ کریں اور کچہریوں کی مقدمہ بازی سے بچیں۔
- یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ گورنمنٹ قانون ایسا بنائے جس سے کسی اسلامی مسئلے کو نفرت پہنچے یا پہنچنے کا اندیشہ ہو، اس کی ضرور ترمیم پہنچائے اور اس کے جائز کوشش انتہا تک پہنچائی جائیں۔
- یہ جلسہ اپنے مسلمان بھائیوں کو خاص اپنی تجارت بڑھانے کی ترغیب دیتا ہے اور اس کے ذرائع کی توسیع اور حتی الامکان ان صورتوں کے بہم پہنچانے پر توجہ دلاتا ہے۔ جو مسلمان کبھی کسی غیر مسلم تجارت کے محتاج نہ رہے۔
- یہ جلسہ اپنے مسلمان بھائیوں کو اسلامی بینک کھولنے پر توجہ دلاتا ہے تاکہ مسلمان غیر مسلموں کے

دست بر و سے بچیں۔

- یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ تجارت سے ایک اسلامی خزانہ قائم کرنے کی تحریک کی جائے جس میں ماہ بماہ سال بہ سال کچھ رقم جمع ہوتی رہے کہ وقتاً فوقتاً مسلمانوں کی تجارت کی توسع کی ضرورتوں اور نیز اعانت سلطنت اسلام وضروریات اسلام میں کام آئے۔
- یہ جلسہ مسلمانوں کو علم دین ومذہب اہلِ سنت و جماعت کے مطابق عقائد علماء حرمین شریفین کی اشاعت پر نہایت تاکید سے توجہ دلاتا ہے۔
- یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ جو غلط طریقے، ناجائز راستے، مفرونیزے، بغلط لباس پہنائے گئے ہیں ان کی شناعت پر مسلمانوں کی تحریراً تقریراً مطلع کرے۔(۱)

آل انڈیا سنی کانفرنس منعقد مارچ ۱۹۴۶ء کی تیاری کے لیے بنارس میں سنی کانفرنس کے متعدد اجلاس ہوئے۔ ایک جلسہ نومبر ۱۹۴۵ء کو جناب الحاج جلال الدین ساکن مدن پور کے مکان پر ہوا۔ جس میں مولانا محمد محدث کچھوچھوی، مولانا سیّد نعیم الدین مرادآبادی، مولانا سیّد محمد نعمت اللہ فریدہ سجادہ نشین خانقاہ فریدی پھلواری، حضرت مولانا محمد ظفر الدین رضوی اور مولانا حافظ عبدالعزیز صدر مدرس مدرسہ اشرفیہ نے خاص طور پر شرکت فرمائی جلسہ نہایت کامیاب رہا۔(۲)

وفات

۱۹۴۸ء میں جامعہ شمس الہدیٰ کے پرنسپل ہوئے۔ ۱۹۵۰ء میں پرنسپل کے عہدے سے سبکدوش ہوئے۔ آپ کچھ عرصے شاہ گنج پٹنہ مقیم رہے۔ علالت کی وجہ سے ظفر منزل پٹنہ آگئے۔ ۱۹ جمادی الاخری ۱۳۸۲ھ بمطابق ۱۸ نومبر ۱۹۶۲ء کو اس دنیا فانی سے رخصت ہوئے۔(۳)

---

(۱) تحریکِ آزادی ہند اور السوادِ اعظم مؤلف ڈاکٹر مسعود احمد، لاہور، ۱۹۸۷ء ص:۱۱۴، ۱۱۵

(۲) تاریخ آل انڈیا سنی کانفرنس/محمد جلال الدین قادری/گجرات، ۱۹۹۹ء ص:۲۷

(۳) تذکرہ علماء اہلِ سنت/محمود احمد قادری/ ۱۹۹۲ء، کانپور، ص:۱۱۲

مولانا محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ

مولانا شاہ محمد امجد علی اعظمی بن حکیم جمال الدین بن مولانا خدا بخش بن مولانا خیر الدین ۱۲۹۶ھ / ۱۸۷۸ء میں قصبہ گھوسی محلہ کریم الدین ضلع اعظم گڑھ میں پیدا ہوئے۔(۱) آپ کے والد اور جدا مجد فنِ طب اور علم و فضل میں کافی شہرت رکھتے تھے ابتدائی کتب جد امجد سے پڑھیں پھر اپنے عہد کے مصروف صاحب علم المنطق والفلسفہ مولانا ہدایت اللہ خان رام پوری ثم جونپوری (۲) (۱۳۲۶ھ / ۱۹۰۸ء) سے اکتساب فیض کے لیے مدرسہ حنفیہ جونپوری میں داخل ہوئے۔ اپنے عہد کے عظیم محدث اور فقیہ مولانا شاہ وصی احمد المعروف محدث سورتی" (۱۳۳۴ھ / ۱۹۰۳ء) کی خدمت میں مدرستہ الحدیث (پیلی بھیت) یو پی انڈیا حاضر ہوئے اور ان سے درس حدیث لیا اور ۱۳۲۰ھ / ۱۹۰۲ء میں سند حاصل کی۔ پھر ۱۳۲۳ھ میں حکیم عبدالولی جھوائی ٹولہ، لکھنؤ سے علم طب حاصل کیا۔ (۳)

اس دوران اعلحضرت مولانا شاہ احمد رضا خان قادری بریلوی کو مدرسہ منظر اسلام بریلی کے لیے ایک مدرس کی شدید ضرورت پیش آئی اور آپ نے حضرت مولانا وصی احمد محدث سورتی کو خط لکھا جس پر انہوں نے مولانا امجد علی کو تجویز کیا۔ اس وقت مولانا امجد علی اعظمی پٹنہ (صوبہ بہار) میں مطب کر رہے تھے، مطب

---

(۱) تذکرہ علماء اہلِ سنت محمود احمد قادری ۱۹۷۹ء، ص:۵۲

(ف) اعظم گڑھ، اتر پردیش کا ایک علمی و صنعتی شہر ہے۔ یہاں پر زیادہ تر انصاری برادری کی تعلیمی درسگاہیں ہیں اور صنعتی کارخانے بھی، جو ہندوستان کی ترقی میں پیش پیش ہیں۔ (حسن)

(۲) مؤلف تذکرہ علماء اہلِ سنت اور مؤلف الیواقیت المہریہ کے مطابق مولانا موصوف کے علامہ الدہر مولانا علامہ ہدایت رسول خان رامپوری ثم جونپوری، العزیز اُستاذ الاساتذہ تھے۔ خاتم الحکماء مولانا علامہ فضل حق خیر آبادی کے حلقہ درس میں شریک رہے اور درس حدیث صحاح ستہ مولانا سید عالم نگینوی (۱۲۹۵ھ بمطابق ۱۸۷۸ء) سے حاصل کیا۔ مدرسہ حنفیہ (جونپور) میں مفتی محمد یوسف فرنگی علی لکھنوی کی جگہ صدر مدرس مقرر ہوئے اور تا حیات اسی مدرسہ میں علم و فضل کے خزانے لٹاتے رہے۔ علم و فضل میں فقید المثال تھے۔ آپ کا وصال یکم رمضان ۱۳۲۶ھ بمطابق ۱۹۰۸ء کو جونپور میں ہوا۔ (امام)

(۳) تذکرہ علمائے اہلِ سنت۔ محمود احمد قادری۔ کانپور اشاعت دوم، ۱۹۹۲ء سنی دار الاشاعت فیصل آباد، (ص:۵۲)

چھوڑ کر بریلی شریف چلے گئے۔ اعلٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں نے بریلوی ان کے ذمہ تدریس کے علاوہ مطبع اہلِ سنّت بریلی کا انتظام اور جماعت رضائے مصطفیٰ بریلی کے شعبہ علمیہ کی صدارت بھی آپ ہی کے سپرد کر دیئے۔ نیز افتاء کی مصروفیات اس کے علاوہ تھیں۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں امام احمد رضا خان قادری بریلویؒ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے اور خلافت سے بھی بہرہ ور ہوئے۔

اعلٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خان قادری بریلویؒ، فتاویٰ کے سلسلے میں آپ پر حد درجہ اعتماد فرماتے تھے۔ ایک دفعہ اِرشاد فرمایا:

''آپ کے یہاں موجودین میں تفقہ جس کا نام ہے وہ مولوی امجد علی صاحب میں زیادہ پائیے گا اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ استفتاء سُنایا کرتے ہیں اور جو میں جواب دیتا ہوں لکھتے ہیں۔ طبیعت اخاذ ہے اور طرز سے واقفیت ہو چکی ہے۔'' (۱)

علمی وتدریسی خدمات

بریلی (انڈیا) میں قیام کے دوران حضرت مولانا امجد علی کی مصروفیات حیرت انگیز حد تک بڑھی ہوئی تھیں۔ ایک ذمہ پریس کی نگرانی، تدریس اور فتویٰ نویسی وغیرہ کی تھی کہ آپ پر تھکاوٹ یا اکتاہٹ کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔ اعلٰحضرت کہا کرتے تھے کہ ''مولانا امجد علی صاحب تو کام کی مشین ہیں۔'' (۲)

حضرت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلویؒ کا فقیر المثال ترجمہ قرآن مجید مسمّٰی باسم تاریخی ''کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن (۱۳۳۰ھ/۱۹۱۱ء) آپ ہی کی مساعی جمیلہ سے شروع ہوا اور پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد ایوب قادریؒ (ف) لکھتے ہیں ''اجمیر کے زمانہ قیام میں نومسلم راجپوتوں میں مولانا

---

(۱) مقدمہ فتاوی امجدیہ جلد اول، ۱۹۱۲ء مکتبہ رضویہ کراچی

(۲) ماہنامہ پاسبان الہ آباد (امام شاہ احمد رضا نمبر شمارہ، مارچ ۱۹۶۲ء) انڈیا

امجد علی نے خوب تبلیغ کی اور اس کے بہت مفید نتائج برآمد ہوئے۔''(۱)

مولانا امجد علی کی سیاسی زندگی

حضرت مولانا امجد علی اگرچہ تدریسی آدمی تھے۔لیکن بوقت ضرورت انہوں نے سیاسی طور پر ملتِ اسلامیہ کی صحیح ترجمانی فرمائی۔ چونکہ آپ کے مرشد طریقت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی دوقومی نظریہ کے عظیم مبلغ تھے۔اس نظریہ کی بناپر پاکستان معرض وجود میں آیا۔آپ نے ان کی موافقت میں اس نظریہ کی تبلیغ پورے شدومد سے کی۔

اپریل ۱۹۴۶ء میں سنی کانفرنس کے بنارس میں منعقد ہونے والے فقیہ المثال اجلاس (جس میں علماء و مشائخ پانچ ہزار کی تعداد میں شریک ہوئے تھے۔)اس کانفرنس کو قیام پاکستان کی بنیاد کی حیثیت حاصل ہے اس اجلاس میں اسلامی حکومت کے لیے لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے جلیل القدر علماء و مشائخ کی ایک کمیٹی بنائی گئی تھی۔جس کے ممتاز اراکین میں حضرت مولانا امجد علی اعظمی بھی شامل تھے۔

۱۹۳۹ء کو مراد آباد میں حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں بریلوی کی صدارت میں اجلاس ہوا اور ایک جماعت ''موتمر العلماء'' قائم کی گئی جس کا مقصد مسلمانوں میں پیدا ہونے والے مفاسد کی اصلاح اور خارجی حملوں کا دفاع تھا۔اس اجلاس میں حضرت امجد علی اعظمی نمایاں طور پر شریک ہوئے۔یہی جماعت بعد میں ''آل انڈیا سنی کانفرنس ۱۹۲۵ء'' کے نام سے مشہور ہوئی۔

حضرت مولانا محمد امجد علی کے اہم کارنامے

حضرت مولانا امجد علی صدا بے شمار علمی و عملی کارنامے سے ایسے ہیں جن میں ہر ایک موضوع پر اہلِ قلم ان پر مقالہ لکھنے کی جرأت کی جا سکتی ہے۔

---

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری۔ ۱۹ء فیصل آباد۔ص:۵۳

ان میں سے چند مندرجہ ذیل میں پیش کیے جارہے ہیں۔

- فقہ حنفی کا دائرۃ المعارف (بہارشریعت)
- فتاویٰ امجدیہ
- زبان عربی میں حاشیہ شرح معانی الآثار
- ترجمہ کنز الایمان کا املا
- تلامذہ کا اعظم سلسلہ
- مطبع اہلِ سنّت
- اولاد امجاد کا عالم ہونا
- بیس فنون پر مشتمل دارالمطالعہ

ذیل میں ان کارناموں کی مختصر تشریحات ملاحظہ ہو۔

۱۔ فقہ حنفی کا دائرۃ المعارف

فقہ حنفی کا دائرۃ المعارف یعنی بہارشریعت حضرت مولانا امجد علیؒ کا علمی شاہکار اور آپ کی حیاتِ طیبہ کا نایاب و نادر نمونہ ہے جو رہتی دنیا تک حضرت مولانا محمد امجد علیؒ کو زندہ رکھے گی اور سارا عالم اس فقہ اعظم کا شکر ادا کرنے پر مجبور ہوگیا یہ کتاب سترہ حصّوں پر مشتمل ہے اور امام اعظم ابوحنیفہؒ سے لے کر مجدد اعظم مولانا احمد رضا فاضل بریلویؒ تک کے جملہ فتاویٰ اور تمام فقہی سرمایہ کا نچوڑ اور خلاصہ ہے۔

فقہ حنفی کا ناپیدا کنار سمندر صرف بہارشریعت کے سترہ حصّوں میں موجود ہے جو مقبول خاص و عام ہے۔ اس کتاب کی خصوصیت اور اس کے محاسن کیا ہیں۔ یہ ہاں کے قابلِ احترام علماء جانتے ہیں۔

۲۔ الفتاویٰ الامجدیہ

فقیہ اعظم مولانا امجد علیؒ جب تک باحیات رہے۔ سوال وجواب کا سلسلہ اور استفتاء وفتویٰ نویسی کا اہم ترین مشغلہ رہا۔ چنانچہ جو سوال و جواب اور فتاویٰ نقل کر دیئے جاتے تھے۔ آج وہ فتاویٰ امجدیہ کے نام سے سترہ سو صفحات پر مشتمل دو ضخیم جلدوں میں موجود ہے۔

اس مجموعہ میں بڑے بڑے علمائے کرام مسائل کی حیثیت سے نظر آتے ہیں جن سے فتاویٰ اور صاحب فتاویٰ کی عظمت واہمیت کا پتہ چلتا ہے۔

۳۔ حاشیہ شرح معانی الآثار

کتب حدیث کی ایک اہم اور مستند کتاب شرح معانی الآثار ہے جو امام طحاوی حنفی کی مایہ ناز علمی و تحقیقی تصنیف ہے۔ فقیہ اعظم ہند حضرت مولانا امجد علیؒ نے زبان عربی میں اس کا حاشیہ نہایت جامع اور مستند تحریر فرمایا ہے اور احادیث کی تخریج فرماتے ہوئے دو حدیثوں میں تطبیق، ناسخ و منسوخ اور حوالہ جات کی تشریح نہایت واضح اور دلکش عبارت سے کی ہے۔

۴۔ ترجمہ کنز الایمان

تاریخ کے صفحات شاہد ہیں کہ سرزمین ہند میں قرآن مجید کے اگرچہ متعدد ترجمے ہوئے۔ اعلٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ سے پہلے بھی کئی ترجمے ہو چکے تھے مگر سب میں کچھ نہ کچھ تھے ضرورت تھی کہ قرآن مجید کا ایک صحیح ترجمہ لکھا جائے یہ کارنامہ حضرت مولانا امجد علیؒ ہی کا ہے کہ اُنہوں نے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ سے قرآن مجید کا ترجمہ کنز الایمان کرالیا۔ لیکن وقت کا یہ کیسا عظیم المیہ ہے کہ آج ترجمہ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ کو لوگ بہت کم جانتے ہیں۔

وفات

حضرت مولانا امجد علیؒ بریلی شریف کے قیام کے دوران ۱۳۳۷ھ بمطابق ۱۸۲۲ء میں پہلی مرتبہ حج و زیارت کی سعادت سے مشرف ہوئے۔ دو دفعہ حرمین شریفین کی حاضری کے ارادے سے بمبئی (ف) پہنچے تھے کہ ۲ ذیقعدہ، ۶ ستمبر ۱۳۶۷ھ بمطابق ۱۹۴۸ء رات گیارہ بجے عالم جاودانی کی طرف تشریف لے گئے۔

حضرت مولانا شاہ حامد رضا خان بریلویؒ

آپ اگرچہ قیامِ پاکستان سے قبل یعنی ۱۹۴۳ء میں آپ کا انتقال ہو چکا تھا لیکن پاکستان کا سیاسی و دینی محرکات وعوامل میں آپ نے بھرپور کردار کا مظاہرہ کیا آپ علامہ اقبال کے خطبۂ الٰہ آباد کے مؤید اور حامی تھے۔(۱)

آپ اعلٰحضرت مولانا شاہ احمد بریلویؒ کے بڑے صاحبزادے تھے۔ مولانا حجۃ الاسلام کے لقب سے بھی مشہور تھے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم و تربیت اپنے والد گرامی سے حاصل کی اور جملہ علوم فنون یعنی درسیات کی تکمیل بھی اپنے والد حضرت امام شاہ احمد رضا خاں بریلویؒ سے کی۔

آپ نے برس ہا برس دارالعلوم منظر اسلام بریلی میں درسِ حدیث وتفسیر دیا، پھر بعد میں دارالعلوم منظر اسلام کے مہتمم بھی ہوئے۔ فقہی مسائل اور فتویٰ تحریر کرنے میں بھی آپ کو بہت ملکہ حاصل تھا۔

حضرت مولانا شاہ حامد رضا خان بریلویؒ ایک بلند پایہ خطیب، ادیب اور عالم فاضل تھے۔ نہ تھے بلکہ قوم کی فلاح بہبود اوران کی زندگی کے یہی اصل مقاصد تھے۔

اس وقت مسلمانوں نے حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے ایک بڑا اجتماع لکھنؤ میں بلایا گیا۔ اس میں بریلی سے جماعت رضائے مصطفیٰ کا علماء پر مشتمل بہت بڑا وفد زیر قیادت مولانا شاہ حامد رضا خان بریلویؒ لکھنؤ پہنچا۔ مولانا عبدالباریؒ نے لکھنؤ اپنے مریدین و معتقدین کے ہمراہ حضرت مولانا موصوف کیا استقبال کا اہتمام کیا۔ جب مولانا موصوف ٹرین سے اُتر رہے تھے تو مولانا عبدالباریؒ نے مصافحہ کی کوشش کی مگر آپ نے ہاتھ رُوک لیا اور مصافحہ نہ کیا، بلکہ فرمایا:

''مصافحہ ہوگا، مگر پہلے وہ مسئلہ شرعی طریقہ سے طے کیا جانا چاہیے جس کی وجہ سے آپ کی اور ہماری

(۱) تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ/مولانا عبدالمجتبیٰ رضوی/لاہور، ۱۹۸۹ء، ص:۴۸۳

علیحدگی ہوئی ہے مسئلہ طے ہونے تک آپ کی ہاں قیام نہ کروں گا۔ میرے ایک دوست یہاں پر ہیں، ان کے ہاں میرا قیام ہوگا۔''

اس واقعہ کا پس منظر یہ تھا کہ تحریکِ خلافت اور خلافت تحریک ترکِ موالات کے دور میں مولانا عبدالباریؒ ہندو لیڈر گاندھی سے بہت متاثر ہوئے تھے۔ اس دورے میں آپ نے بھی ایک تقریر کی جس میں دیگر باتوں کے علاوہ یہ بھی فرمایا کہ:

''مسلمانوں کا مقدس فرض ہے کہ وہ قربانی گاؤ سے احتراز کریں نہ صرف اس وجہ سے کہ کروڑوں ہندو بھائیوں کے جذبات کا احترام ضروری ہے بلکہ اس وجہ سے قرآن مجید واجب العمل فرمان یہی ہے۔''

امام موصوف کی رائے میں مولانا عبدالباریؒ کا یہ استدلال کہ قربانی گاؤ نہ کرنا قرآن کریم کا واجب العمل ہے، مناسب نہیں مولانا باری فرنگی سے کچھ اور ایسے کلمات وحرکات صادر ہوئے جو ایک مسلمان کی شان کے خلاف تھے۔ حضرت امام شاہ احمد رضا خان بریلویؒ نے انہیں توجہ دلائی کہ آپ ان کلمات سے توبہ کریں۔

کیونکہ قرآن میں بالصراحت موجود ہے۔ کہ گاؤ کی قربانی جائز ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ اِرشاد فرماتا ہے:

''وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہٖٓ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَۃً''

ترجمہ: ''اور جب کہا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے کہ تحقیق اللہ حکم کرتا ہے تم کو یہ کہ ذبح کرو ایک گائے۔'' (۱)

مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ اور مولانا عبدالباری فرنگی محلیؒ کے درمیان مراسلت جاری رہی، مگر معاملہ طے نہ ہوسکا۔ اس بنا پر علماء اہلِ سنّت ان سے خوش نہ تھے۔

مولانا عبدالباری کی ناگواری دیکھ کر حضرت مولانا سیّد محمد نعیم الدین مرادآبادی اور مولانا عبدالقدیر بدایونی ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ مولانا! آپ کو ناگوار نہ ہوں، اس میں ناراضی کی کوئی بات

(۱) القرآن مجید/ترجمہ/ضیاء القرآن، پیر کرم شاہ الازہری سورۃ البقرہ۔ آیۃ: ۶۷، رکوع: ۸

نہیں۔ چونکہ امام شاہ احمد رضا بریلویؒ کا شرعی فتویٰ آپ کے خلاف موجود ہے۔ آپ نے ان کے انتباہ کے باوجود اپنی غیر شرعی حرکات رجوع نہیں کیا۔ اس لیے حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ نے اس شرعی ذمہ داری کی بناء پر محض دین کی خاطر ایسا کیا ہے۔ اگر انہیں دنیا رکھنی منظور ہوتی تو لکھنؤ میں آپ کی وجاہت اور آپ کے ساتھیوں کی کثرت کو دیکھ کر ضرور آپ سے مصافحہ فرما لیتے مگر انہوں نے اس کی قطعاً کوئی پرواہ نہ کی، بلکہ شرعی فتویٰ کا احترام کیا اور حکم شرعی پر اعلانیہ عمل کر کے دیکھا۔

سیاسی و ملی خدمات

مقتدر عالم کی حیثیت سے حجۃ السلام نے برِصغیر میں مسلمانوں کے مذہبی و سیاسی، معاشرتی، معاشی اور عمرانی حقوق کے تحفظ کی خاطر اُٹھنے والی ہر تحاریک میں نمایاں حصہ لیا۔ لیکن مخالفین نے موصوف کو اپنی قدامت سے منحرف نہ کر سکی۔ جب جمعیت علماء ہند نے کانگریس کے اغراض و مقاصد کی اشاعت و تبلیغ کے لیے بریلی میں مارچ ۱۹۲۱ء میں ایک جلسہ کا اہتمام کیا اور تحریکِ خلافت اور تحریکِ ترکِ موالات کے مخالفین امام شاہ احمد رضا خان بریلویؒ ہم نوا علماء کو مناظرہ کی دعوت دی۔ ابوالکلام آزاد جمعیت علماء ہند کے جلسہ کے روح رواں تھے۔ علماء اہلِ سنت کے وفد نے اپنا موقف واضح کیا اور دو قومی نظریہ کی وضاحت کی۔ کانگریس مسلمانوں کے مفاد کو بالائے طاق رکھ کر ہندوؤں کے غلبہ و تسلط اور سوراج یعنی ہندو راج کے لیے کوشاں ہے۔ اُس وفد میں مولانا موصوف شامل تھے۔ اُنہوں نے اس جلسہ میں تقریر کی اس کا ایک حصہ ملاحظہ ہے۔

''حرمین شریفین و مقامات مقدسہ و ممالکِ اسلامیہ کی حفاظت و خدمت ہمارے نزدیک ہر مسلمان پر بقدر وسعت و طاقت فرض ہے اس میں ہم نہ خلاف ہیں نہ تھے۔ اس طرح سلطانِ اسلام و جماعت اسلامی کی خیر خواہی میں ہمیں کچھ کلام نہ ہے نہ تھا۔ تمام کفار و مشرکین و نصاریٰ و یہودی و مرتدین وغیرہم سے ترکِ موالات ہم ہمیشہ سے ضروری و فرض جانتے ہیں۔ ہمیں خلاف آپ حضرات کی ان خلاف شروع و خلاف

اسلام حرکات سے ہے جن میں سے کچھ مولوی سیّد سلیمان اشرف صاحب نے بیان کیں اور جن کے متعلق جماعت کے ستر سوال بنام اتمام حجت نامہ آپ کو پہنچے ہوئے ہیں۔ ان کے جواب دیجیے جب تک آپ ان تمام حرکات سے اپنی رجوع نہ شائع کر دیں گے ہم آپ سے علیحدہ ہیں۔'' (۱)

تحریکِ ترکِ موالات ۱۹۲۰ء میں کانگریس کے ہمنوا مسلمان لیڈروں نے مسلمانوں کے تعلیمی اداروں کو تباہ کرنے میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھی یہ اقدام مسلمانوں کی ملی تباہی تھا۔ مولانا موصوف نے ہندوؤں کی چیرہ دستیوں کے علاوہ خلافتی لیڈروں کی عدم بصیرت کو بڑے سوز سے محسوس کیا۔ مولانا موصوف کے احساسات اور سوچنے کا انداز یہ تھا کہ:

''انگریزوں کے مقابلہ کا تو نام، مگر مخالفت علماء سے تھی۔ مسلمانوں کے کالجوں اور اسکولوں سے تھی، علی گڑھ یونیورسٹی سے تھی۔'' (۲)

مندرجہ بالا تقریر مولانا موصوف نے آل انڈیا سنی کانفرنس مراد آباد میں خطبہ صدارت میں کیا۔

تحریکِ خلافت اور تحریکِ ترکِ موالات کے ہیجانی دور میں بعض مسلمان لیڈروں نے ہندوؤں کو راضی کرنے کے لیے ذبیحہ گاؤ کے خلاف مُہم چلائی اور ترکوں کی اعانت کے نام سے جو چندہ وصول کیا گیا اس کا بے دریغ استعمال کیا گیا، بعض مصارف ایسے بھی تھے۔ جو بجائے اتحاد کے مسلمانوں میں انتشار کا باعث بنے۔ اس صورت حال میں کے خلاف مولانا حضرت شاہ حامد رضا خان بریلویؒ نے آواز اُٹھائی اور آل انڈیا سنی کانفرنس میں اپنے خطبہ صدارت میں ارشاد فرمایا:

''خلافت کمیٹی کے عروج واقبال کے زمانے میں جب اتحاد کو اتنا ضروری سمجھا گیا کہ اس کے حدود وسیع کرنے کے لیے مذہب کی شہر پناہ کو منہدم کرنا ناگزیر خیال کیا گیا اور اس اتحاد کے لیے ہندوؤں کی طرف سے اس طرح ہاتھ بڑھایا گیا جس سے اپنے مذہبی امتیازات چھوڑ پڑے۔''

---

(۱) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/محمد صادق قصوری/کراچی، ۱۹۹۲ء، ص: ۲۴۵

(۲) آل انڈیا سنی کانفرنس/مؤلفہ جلال الدین قادری۔ گجرات۔ ۱۹۹۹ء

''سورت'' کے ایک پیر نے اپنے مریدوں سے ساٹھ ہزار گائیں چھین کر گئو رکھشا کی تھی۔ نامور لیڈروں نے قشقے لگائے، گلال اوڑائے، ہولیاں کھیلیں، جے پکاری ارتھی اُٹھائی، ہنود لے سرغنہ متعصبوں کو مسجدوں میں ممبروں پر بٹھایا، گائے کے گوشت کے خلاف کتابیں لکھیں رسالے تصنیف کیے ناکردہ گناہ مسلمانوں کو ہندوؤں کی خاطر مجرم قرار دیا، مولویوں پر اظہار نفرت کیا گیا، کلمہ اسلام پڑھانے کو جرم قرار دیا۔ مسلمانوں کو ان کی مرضی کے خلاف دوبارہ کافر ہو جانے پر زور دیا یہ سب کچھ اور اس سے زیادہ بہت کچھ ہو رہا ہے اور ہوا ہے۔(۱)

مولانا موصوف نے برصغیر کے مسلمانوں کی معاشرتی ناگفتہ بہ حالت کو بہتر بنانے کے لیے ۱۹۲۵ء میں ''آل انڈیا سنی کانفرنس'' مراد آباد میں اپنے خطبہ میں مسلمانوں کی معاشی، تعلیمی، تجارتی اور ملازمت کی حوصلہ شکنی کر کے صنعتی اور تعلیم و تجارت پر زور دیا ہے۔ اپنے خطبہ میں ملازمت کا حال یوں بیان کرتے ہیں ''ہمارا ذریعہ معاشی صرف نوکری اور غلامی ہے اور اس کی بھی یہ حالت ہے کہ ہندو نواب مسلمانوں کو ملازم رکھنے سے پرہیز کرتے ہیں۔ رہی گورنمنٹ ملازمتیں ان کا حصول طول عمل ہے۔ اگر رات دن کی تک و دو اور ان تھک کوششوں سے کوئی معقول سفارش پہنچی تو کئی اُمیدواروں میں نام درج ہونے کی نوبت آتی ہے۔ برسوں بعد جگہ ملنے کی اُمید پر روزانہ خدمت مفت انجام دیا کرو۔ اگر بہت بلند ہمت ہوئے اور قرض پر بسا اوقات کر کے برسوں کے بعد کوئی ملازمت حاصل بھی کی تو اس وقت تک قرض کا اتنا انبار ہو جاتا ہے جس کو ملازمت کی آمدنی سے ادا نہیں کر سکتے۔ پھر ہندوؤں کے اکثریت کی باعث آنکھوں میں کھٹکتے رہتے ہیں۔ ہمیں یہ نہ سمجھنا چاہیے کے ہماری نوکری میں منحصر ہے ہمیں ہزاروں پیشے سیکھنا چاہیے۔ نوکری کسی قوم کو معراج ترقی تک نہیں پہنچا سکتی۔

دست کاری اور پیشے اور ہنر سے تعلق پیدا کرنا چاہیے۔(۲) مولانا موصوف کا یہ خیال بالکل صحیح ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کو کبھی سرکاری نوکری ملے۔ موصوف نے ۱۹۳۵ء میں یہ خیال پیش کیا۔ لیکن آج

(۱) تذکرہ خلفاء اعلیحضرت/محمد صادق قصوری/کراچی، ۱۹۹۲ء، ص: ۳۴۵

(۲) تذکرہ مشائخ قادری رضویہ/مولانا عبدالمجتبیٰ رضوی/لاہور، ۱۹۸۹ء ص: ۵۱۳

بھی ہندوستان میں مسلمانوں (محمڈن) کو سرکاری نوکری حاصل کرنے میں وہی دشواری ہے جو پہلے تھی۔ ہندوستانی مسلمان زیادہ تر نوکری کے سلسلے میں عرب جا رہے تھے۔ دور حاضر میں بھی مسلمانوں کے لیے ہندوستان میں سرکاری نوکری حاصل کرنا آسان نہیں۔ یوپی (U.P)، صوبے بہار اور دوسرے چھوٹے شہروں میں مسلمان زیادہ تر ملک سے باہر جا کر نوکری کر رہے ہیں۔ لیکن ۹۸، ۱۹۹۷ء سے اس پر بھی پابندی ہے کہ باہر کی نوکری کے لیے ویزہ چار ہندو اور ایک مسلمان کو دیا جائے گا۔

شعبان ۱۳۴۳ھ مارچ بمطابق ۱۹۲۵ء میں مسلمانوں کی مذہبی علمی و سیاسی ترقی کے لیے مقتدر علماء نے آل انڈیا سنی کانفرنس کی بنیاد رکھی۔ کانفرنس کے پہلے اور تاسیسی اجلاس منعقدہ ۲۰ تا ۲۳ شعبان المعظم ۱۳۴۳ھ بمطابق ۱۶ تا ۱۹ مارچ ۱۹۲۵ء مراد آباد میں بحیثیت صدر مجلس استقبالی فرمایا۔ وقت گزرنے کے باوجود آج بھی وہ خطبہ واضح نشان راہ ہے۔ ۱۹۲۷ء میں آل انڈیا سنی کانفرنس کے صدر کی حیثیت سے مولانا موصوف منتخب ہوئے۔(۱)

مولانا شاہ حامد رضا خان بریلوی نے مسلمانوں کی حفاظت وتبلیغ کی وہ خدمت انجام دی ہیں۔ جیسے کے بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

برصغیر میں شدھی تحریک نے بڑا فتنہ برپا کیا تھا اور مسلمانوں کو اس کے مذہب سے پھرنے کی بڑی بڑی اسکیمیں بنائی تھیں جس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مولانا شاہ حامد رضا خان بریلوی فرماتے ہیں:

''اب تک تو شدھی کی کوششیں راجپوتانہ ہی میں تھیں۔ لیکن اب انہوں نے اپنا میدان عمل وسیع کر دیا ہے اور تمام ہندوستان میں جہاں موقع ملتا ہے ہاتھ مارتے ہیں۔ قومیں کی قومیں ان کی وجہ سے تباہ ہو رہی ہیں۔ مسلمانوں کی مذہبی انجمنیں ہر جگہ نہیں ہیں جو ہیں ان میں رابطہ نہیں جس سرزمین کو خالی دیکھا وہاں آریہ دوڑ پڑے جب تک علمائے اسلام کو کسی جگہ سے بلاتے تب تک کتنے غریب شکار ہو چکے ہوتے راجپوتانہ میں ہمیں تجربہ ہو چکا ہے کہ آریوں کے زر، زور اور دباؤ وغیرہ کی تمام قوتیں اسلامی فضلا کی دعوت کے مقابل بیکار

(۱) ماہنامہ السواد اعظم/مراد آباد/۱۹ء ص:

ہوجاتی ہیں۔''(۱)

۱۹۳۵ء کے درمیان میں مسجد شہید گنج لاہور کے ظالمانہ انہدام کا سانحہ پیش آیا۔سکھوں نے انگریز حکومت کی پشت پناہی میں مسلمانوں کی مقدس عبادت گاہ کو یکا یک منہدم کردیا۔مسجد کی واگزاری کے لیے اسلامیانِ برصغیر تڑپ اُٹھے۔شعارِ اسلام مسجد کی حفاظت وضیانت کے لیے مسلمانوں نے مالی، جانی قربانیاں پیش کیں۔امیر ملت سیّد جماعت علی شاہ، علی پور سیداں، ضلع سیالکوٹ کی زیرِ قیادت جلسے منعقد ہوئے، جلوس نکلے، حکام تک اپنے مطالبات پہنچائے گئے، تنظیمی دورے ہوے ہے۔

۸نومبر۱۹۳۵ءکو دولاکھ مسلمانوں کا ایک پُر امن جلوس شاہی مسجد، حضوری باغ لاہور سے باغ بیرون دہلی دروازہ پہنچا۔مسلمانوں کے ہاتھوں میں ننگی تلواریں تھیں اس جم غفیر اور نازک موقع پر چھوٹا سا بھی نہ خوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا،شرکاءجلوس علماء حضرات اور رہنمایانِ قوم جو جلوس کی قیادت کررہے تھے اس میں سرفہرست حضرت مولانا شاہ حامد رضاخان بریلویؒ کا اسم گرامی نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ایسا نورانی اور پرشکوہ منظر اہلِ لاہور و دہلی نے شاید ہی کبھی دیکھا ہوگا۔نو جوان اپنی سرمستی سے ہوش میں آکر دل لبھانے والی صورت اور مال ومنال کے لالچ دونوں کو نفرت کے ساتھ ٹھوکر مار کر اطاعتِ الٰہی اور دین کے حفاظت کے لئے کمربستہ ہوگئے تھے۔ (۲)

مولانا موصوف نے دوسرے فریقوں کے ساتھ اتحاد کی مضرت اور اس نتائج پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''ہمارے سنی حضرات کے دل میں جب کبھی اتفاق کی اُمنگیں پیدا ہوئی تو انہیں اپنوں سے پہلے مخالف یاد آئے جورات دن اسلام کی بیخ کنی کے لیے بے چین ہیں اور سنیوں کی جماعت پر طرح طرح کے حملے کرکے اپنی تعداد بڑھانے کے لیے مجبور ہیں۔ہمارے برادران کی اس روش نے اتحاد واتفاق کی تحریک کو بھی کامیاب نہ ہونے دیا۔کیونکہ اگر وہ فرقے اپنے دلوں میں اتنی گنجائش رکھتے کہ سنیوں مل سکے تو علیٰحدہ فرقہ

---

(۱) تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ/مولانا عبدالمجتبیٰ رضوی/لاہور،۱۹۸۹ء ص:

(۲) تذکرہ خلفاء اعلیٰ حضرت/محمد صادق قصوری/کراچی، ۱۹۹۲ء ص:۲۴۸

کیوں بناتے اور مسلمانوں کی مخالفت ایک جماعت کیوں بناتے ہیں۔" (۱)

افسوس کہ قیامِ پاکستان کے قبل ہی دنیا سے رخصت ہو گئے لیکن انہوں نے جو خطوط متعین کیے تھے خلفاء اعلیٰحضرت نے انہی خطوط کو ہمیشہ سے نظر رکھا اور کامیابی حاصل ہوئی۔

مولانا موصوف کی جملہ تصانیف

حضرت مولانا شاہ حامد رضا خان بریلویؒ کی متعدد تصانیف ہیں جس سے آپ کی علمی جلالت کا صحیح پتہ اور علم تو آپ کی تصانیف سے زیادہ ممکن ہے۔ ذیل میں آپ کی قلمی یادگار کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

- الصارم الربانی اسراف القادیانی (۱۳۱۵ھ)
- سلامت اللہ لاہل السنۃ من سیل العناد والفتنہ
- سر الفرار (مسئلہ اذان پر لاجواب کتاب ہے)
- حاشیہ رسالہ ملا جلال (منطق کی مشہور کتاب پر حاشیہ نگاری)
- نعتیہ دیوان
- الاجازت المتینہ العلماء بکتہ والمدینہ (۲)
- مجموعہ فتاویٰ (۳)
- ترجمہ الدولہ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ
- ترجمہ حسام الحرمین علی منحر الکفر والمبین (۴)

---

(۱) تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ/مولانا عبدالمجتبیٰ رضوی/لاہور، ۱۹۸۹ء ص:

(۲) خلفاء اعلیٰ حضرت/محمد صادق قصوری/کراچی، ۱۹۹۲ء ص: ۲۴۸، ۲۴۹

(۳) حیات مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ/ڈاکٹر مسعود احمد/ ۱۹ء ص:

(۴) تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ/مولانا المجتبیٰ رضوی/لاہور، ۱۹۸۹ء ص: ۴۹۴

آپ کے تلامذہ

پاک و ہند میں آپ کے مریدین لاکھوں کی تعداد میں تھے۔ مولانا شاہ حامد رضا خان بریلویؒ کے خلفاء وتلامذہ کی بھی ایک بڑی جماعت موجود تھی۔ خاص خاص مشاہیر تلامذہ وخلفاء کے اسماء گرامی مندرجہ ذیل ہیں۔

- حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد سردار احد، مہتمم جامعہ رضویہ مظہر اسلام بریلی لوائل پور
- حضرت شیخ مولانا محمد عبدالغفور ہزاروی، مہتمم جامعہ نظامیہ غوثیہ، وزیر آباد
- حضرت مولانا محمد ابراہیم رضا خان مہتمم جامعہ رضویہ منظر اسلام بریلی
- حضرت مولانا مفتی تقدس علی شیخ الجامعہ، جامعہ راشدیہ پیر جوگوٹھ (سکھر)
- حضرت مولانا مفتی محمد اعجاز ولی بریلوی، شیخ الحدیث جامعہ گنج بخش (لاہور)
- مجاہد ملت حضرت مولانا ابوالحسنات محمد احمد قادری، سابق صدر جمعیت العلماء پاکستان
- حضرت مولانا محمد حشمت علی خان (پیلی بھیت)
- فاضل جلیل حضرت مولانا مفتی ظفر علی نعمانی، مہتمم دارالعلوم امجدیہ (کراچی) وغیرہ

وفات

مولانا شاہ حامد رضا خان بریلویؒ ۱۷ جمادی الاوّل ۱۳۶۳ھ بمطابق ۲۳ مئی ۱۹۴۳ء بعمر ۷۰ سال عین حالت نماز میں دورانِ تشہد میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ" نماز جنازہ آپ کے خلیفہ خاص حضرت محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمدؒ نے مجمع کثیر میں پڑھائی۔ (۱)

(۱) تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ/عبدالمجتبیٰ رضوی/لاہور، ۱۹۸۹ء ص:۵۰۰

حضرت مولانا محمد مصطفیٰ رضا خان نوری بریلویؒ

تحریکِ پاکستان کے حوالہ سے امام شاہ احمد رضا خان بریلویؒ دیگر تلامذہ وخلفاء کی طرح حضرت مولانا مفتی اعظم ہند بریلی کا کردار کچھ کم نہیں۔ آپ امام شاہ احمد رضا خان بریلویؒ کے چھوٹے بیٹے تھے۔ پیدائش کے وقت آپ کا نام محمد رکھا گیا۔ حضرت مخدوم شاہ ابوالحسنین احمد نوری میاںؒ نے آپ کا نام ابوالبرکات محی الدین جیلانی رکھا اور عرف میں آپ کو مصطفیٰ رضا خان کے نام سے پکارا گیا۔ عوام الناس خواص میں مفتی اعظم ہند کے لقب سے مشہور رہے۔

آپ نے اکثر علوم وفنون اپنے والد گرامی مولانا احمد رضا خان بریلویؒ سے حاصل کیے اور اپنے بڑے بھائی مولانا حامد رضا خان بریلویؒ سے بھی کتابیں پڑھیں۔ ان کے علاوہ علامہ شاہ رحم الٰہی منگوریؒ اور مولانا بشیر احمد علی گڑھی سے بھی آپ نے بھرپور استفادہ علمی کیا۔(۱)

آپ نے درسِ نظامی کی جملہ علوم وفنون عقلیہ ونقلیہ سے فراغت کے بعد ۱۳۲۸ھ بمطابق ۱۹۱۰ء سے ۱۳۵۶ھ بمطابق ۱۹۳۷ء تک جامعہ رضویہ منظر اسلام بریلی میں تدریس فرمائی اور پھر اپنی قائم کردہ جامعہ رضویہ مظہر اسلام (مدرسہ بی بی جی بریلی) میں طویل عرصے تک تدریس کا سلسلہ جاری رکھا اور تقریباً ۶۰، ۷۰ برس تک درس وتدریس سے وابستہ رہے۔

آپ کو درس وتدریس نے درس نظامی کا ایک ماہر وفکر ساز مدرس، بالغ نظر محدث اور عظیم فقیہہ اور متکلم بنادیا۔(۲)

---

(۱) تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ/مولانا عبدالمجتبیٰ رضوی، لاہور، ص:۴۰۳

(۲) تذکرہ خلفائے اعلیٰحضرت/ڈاکٹر مجید اللہ قادری، کراچی۔ ص نمبر:۲۸۶

اور اپنے والد حضرت مولانا احمد رضا خان بریلویؒ کی حیات میں فتاویٰ نویسی کا آغاز کیا اور عمر کے آخری ایام تک یہ سلسلہ جاری رکھا۔اس دوران آپ کے تقریباً ہزاروں فتاویٰ جمع ہوگئے جس کے بعد میں آپ کے تمام فتاویٰ کو ایک جگہ جمع کیا گیا اور فتویٰ مصطفویہ کے نام سے شائع ہوا۔

سیاسی بصیرت

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ آپ نے اپنے دور میں مذہب وملت کی عزت وآبرو کے تحفظ کے لیے بڑی بڑی قربانیاں دی ہیں۔اس سلسلے میں آپ نے جابر سے جابر حکمرانوں کے سامنے بھی کلمہ حق کہنے اور حق وصداقت کا علم بلند کرنے سے کبھی گریز نہیں کیا ہے۔اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے منحرف نہیں ہوئے۔

اسلام میں دین وسیاست الگ نہیں۔علمائے حق وارثانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کے بنا پر وارث سیاستِ اسلامی بھی ہیں۔

برصغیر پاک وہند کی تاریخ میں جب بھی کہیں کوئی فتنہ شروع ہوا جو مسلمانوں کے خلاف ہو۔تو اس فتنہ کا جواب آپ نے بہت ہی سلیقہ مندی اور جرأت وبیبا کی سے دیا۔

۱۹۴۶ء میں برصغیر کے ہزاروں علماء ومشائخ نے آل انڈیا سنی کانفرنس کے موقع پر برصغیر کے جن علماء کرام پر مشتمل دارالافتاء کے قیام جن اسماء پر اتفاق کیا گیا۔اِن میں آپ کا نام نامی سرفہرست تھا۔آپ نے آل انڈیا سنی کانفرنس کے ہر اجلاس میں شرکت فرمائی۔

تحریکِ پاکستان کے سلسلے میں آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس کا ایک تاریخ ساز اجلاس جو ۲۴ تا ۲۷ جمادی الاوّل ۱۳۳۵ھ/۲۷ تا ۳۰ اپریل ۱۹۴۶ء کو منعقد ہوا تھا اور اس اجلاس میں تقریباً پانچ سو مشائخ عظام اور علماء کرام اور دو لاکھ سے زائد عوام اہلِ سنت شریک ہوئے تھے۔اس میں حضرت مفتی اعظم نے مرکزی کردار ادا کیا اور کانفرنس کی طرف سے مسلمانوں کی فلاح وبہبود کے لیے جو مختلف کمیٹیاں بنیں ان میں سے بعض

کمیٹیوں کی سربراہی آپ نے قبول فرمائی جن مجالس میں آپ کا انتخاب ہوا وہ یہ ہیں۔ تعلیم، پاکستان، عائلی قوانین، دارالقضاۃ، جمعیت آئین ساز وغیرہ۔

جناب شوکت صدیقی جو ایک غیر جانبدار مؤرخ ہیں آپ نے بھی تحریکِ پاکستان میں حضرت مفتی اعظم ہند کی خدماتِ جلیلہ کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں ''مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ کے فرزند اور ان کے جانشین مولانا مصطفیٰ رضا خان نوری ہمیشہ تحریکِ پاکستان کی کھل کر حمایت کی ہے۔ اُنہوں نے اپریل ۱۹۴۶ء میں تحریکِ پاکستان کی حمایت و تائید میں منعقد ہونے والی آل انڈیا سنی کانفرنس میں نہایت سرگرمی کے ساتھ حصّہ لیا۔

آپ نے اپنے فتاویٰ کے ذریعہ مسلم لیگ کے بارے میں یہ فرمایا کہ اس کی مخالفت بھی نہ کی جائے بلکہ کانگریس کی شرکت حرام ہے اور کانگریس سے بچنا مسلمانوں پر لازم ہے کانگریس اسلام و مسلمین کی دشمن ہے کانگریس سے کبھی مسلمانوں کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

مسلم لیگ جو کہہ رہی ہے وہی ہے جو اہلِ سنّت علماء کے ارشاد ہیں خصوصاً اعلیٰحضرت امام اہلِ سنّت مجدد دین وملت شیخ الاسلام والمسلمین اعلیٰحضرت فاضل بریلویؒ کا آج مسلم لیگ ہماری ہمنوا ہوئی ہے بعد مدت اسے اتنی ہدایت ہوئی ہے۔ خدا کرے کہ وہ اس ہدایت پر قائم رہے اور پوری ہدایت نصیب ہو یعنی خالص اہلِ سنّت کی جماعت ہو جائے آمین۔ مسلم لیگ کا سنی نمائندہ مسلمانوں کی ہمدردی کا مستحق ہے بمقابلہ کانگریسی شخص کے مسلم لیگ کے سنی نمائندہ کی معاونت کی جائے اس کی بھی مخالفت اس لیے کہ وہ مسلم لیگ کا نمائندہ ہے نہ کی جائے ہاں مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ خالص اہلِ سنّت کی اس جمعیت کے رُکن بنیں اور اسے ہر طرح قوت پہنچائیں اس کی ہر ممکن اعانت کریں جس کے مقاصد میں تمام مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کا انتظام کرنا اور فوائد مسلمین کے متعلق صحیح مشرح حالات ہر قسم سے گورنمنٹ وممبران اسمبلی کو آگاہ کرنا۔(۱)

---

(۱) فتاویٰ مصطفویہ۔ص:

وصال

حضرت مفتی اعظم ہند مولانا محمد مصطفٰی رضا خاں نوری بریلویؒ کا وصال بروز بدھ ۱۴ محرم الحرام (۱۴۰۲ھ) بمطابق ۱۱ نومبر ۱۹۸۱ء بریلی شریف میں ہوا اور والد ماجد حضرت امام شاہ احمد رضا خاں محدث بریلویؒ کے پہلو میں دفنایا گیا۔ وصال کے وقت آخری وصیت میں آپ نے فرمایا کہ ہر کڑے وقت میں "حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل" پڑھتے رہنا اور فرمایا کہ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر حال میں عمل پیرا رہنا کہ یہی راہ نجات و کامرانی ہے۔ (۱)

(۱) تذکرہ علماء اہلِ سنت/محمود احمد قادری کانپور، دوم طباعت، فیصل آباد، ۱۹۹۲ء

مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادیؒ

اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ کے خلفاء میں حضرت مولانا حکیم سیّد محمد نعیم الدین مراد آبادیؒ کا بھی نام آتا ہے۔ آپ ۲۱ صفر المظفر ۱۳۰۰ھ بمطابق یکم جنوری ۱۸۸۳ء یوپی مراد آباد میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تاریخی نام غلام مصطفیٰ رکھا گیا۔ آپ کے والد مولانا محمد معین الدین نزہتؔ جو اپنے عہد کے ایک ممتاز عالم دین میں شمار ہوتے تھے اور اپنے دور میں اُردو اور فارسی کے جید اُستاد میں شمار ہوتے تھے۔ حضرت مولانا سیّد نعیم الدین نے آٹھ سال کی عمر میں حفظ قرآن مجید کے بعد اُردو فارسی کی کتابیں والد بزرگوار ہی سے پڑھیں اور بعد ازاں کچھ کتابیں مولانا شاہ فضل احمد سے پڑھ کر مدرسہ امدادیہ مراد آباد سے مولانا سیّد گل محمد سے درسِ نظامی اور دورہ حدیث کی تکمیل کی اور ۱۳۲۰ھ بمطابق ۱۹۰۲ء میں دستار فضیلت حاصل کی۔ (۱) حضرت مولانا نعیم الدین مراد آبادیؒ نے اپنے اُستاد گرامی حضرت شاہ گل محمدؒ سے اور حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ سے خلافت حاصل کی۔ (۲)

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ کو آپ پر بے حد اعتماد تھا۔ مولانا موصوف فاضل بریلویؒ کے رازدار اور رمز شناس تھے۔ آپ نے ان کے مشن کو بڑی کامیابی کے ساتھ آگے بڑھایا۔ مولانا نعیم الدینؒ کو فن مناظرہ میں خاصا عبور حاصل تھا۔ عیسائی، آریہ، روافض، خوارج، قادیانی اور غیر مقلدین کو آپ نے بارہا شکستِ فاش دی۔ ہر میدان میں بفضل تعالیٰ فتح و نصرت نے ان کے قدم چومے۔ آن کی آن میں آپ اپنے مدِ مقابل کو لاجواب کر دیا کرتے تھے۔ (۳)

(۱) محمد صادق قصوری۔ اکابر تحریکِ پاکستان۔ لاہور۔ ۱۹۷۶ء۔ ص: ۱۰

(۲) تذکرہ علماء اہلِ سنت/ محمود احمد قادری/ ۱۹۹۲ء کانپور، ص: ۲۵۳

(۳) معارف رضا۔ شمارہ نہم، مطبوعہ ۱۹۸۹ء۔ کراچی

۱۳۲۸ھ بمطابق ۱۹۱۰ء میں مراد آباد میں ''مدرسہ انجمن اہلِ سنت و جماعت'' کی بنیاد رکھی۔ جس میں علوم عقلیہ ونقلیہ کی تعلیم کا اعلیٰ پیمانے پر بندوبست کیا گیا تھا۔ ۱۳۵۲ھ بمطابق ۱۹۳۳ء میں آپ کی نسبت سے اس کا نام ''جامعہ نعیمیہ'' رکھا گیا۔ جلد ہی یہ مدرسہ یونیورسٹی کی حیثیت اختیار کر گیا اور اس میں ممالک کے طلباء بھی یہاں آکر مستفیض ہوتے تھے۔ اس جامعہ کے فیض یافتہ اور مولانا کے تلامذہ پاک و ہند میں بہت سے جامعات کے بانی بہت سی کتابوں کے مصنف اور بہت سے رسالوں کے مدیر ہیں۔ (۱)

سیاسی زندگی

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلویؒ کے خلفاء کی ایک کثیر تعداد نے علمی دنیا میں اور خاص کر کے تحریکِ پاکستان کے حوالے سے سیاست میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ تحریکِ پاکستان کے حوالہ سے مولانا سیّد محمد نعیم الدین مراد آبادی بھی شامل رہے۔ علاوہ ازیں جو بھی تحاریک ہوں تحریکِ خلافت ہو یا شدھی تحریک ہو، فتنہ ارتد ہو یا تحریکِ پاکستان آپ کی خدمات آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔

۱۹۱۹ء اور ۱۹۲۰ء میں تحریکِ خلافت، تحریکِ ترکِ موالات کے جذباتی دور میں آپ نے تحریر و تقریر کے ذریعہ مسلمانوں تک اسلام کے سچے پیغام کو پہنچایا۔ جب ۱۹۲۰ء میں سلطنت ترکی کے تحفظ اور حمایت میں خلافت کمیٹی قائم ہوئی۔ (۲) اس کمیٹی کے قائم ہونے کے بعد یعنی ۱۹۱۹ء سے ۱۹۲۳ء کے دوران مشترکہ ہندو مسلم جدوجہد کا آغاز ہوا۔ تاکہ ترکی کی وہ علاقے جو ان کے ہاتھ سے نکل گئے ہیں ان کو واپس دلائے جائیں۔

اس دوران ہندو مسلم اتحاد اس حد تک بڑھا کہ ہندو مقتدا اور مسلمان لیڈر مقتدی بن گئے۔ ہندوؤں کی خوشنودی کی خاطر شعائر اسلام کا بھی خیال نہ کیا گیا۔ ایسے موقعہ پر صدر الافاضل مولانا سیّد محمد نعیم الدین

(۱) علامہ ظفر الدین۔ حیات اعلیٰحضرت، جلد اوّل، بریلی، انڈیا

(۲) امام شاہ احمد رضا کانفرنس، ۱۹۹۴ء۔ اسلام آباد

مرادآبادیؒ چپ نہ رہ سکے اور مسلمانوں کی رہنمائی فرمائی۔ آپ نے اس سلسلے میں ارشاد فرمایا:

''سلطنت اسلامیہ کی تباہی و بربادی اور مقاماتِ مقدسہ بلکہ مقبوضاتِ اسلام کا مسلمانوں کے ہاتھ سے جانا ہر مسلمان کو اپنی اور اپنے خاندان کی تباہی و بربادی سے زیادہ اور بدر جہا زیادہ شاق اور گراں ہے اور اس صدمہ کا جس قدر بھی درد ہو کم ہے۔ سلطنت اسلامیہ کی اعانت وحمایت خادم الحرمین کی نصرت و مدد مسلمانوں پر فرض ہے۔ لیکن یہ کسی طرح جائز نہیں کہ ہندوؤں کو مقتدا بنایا جائے اور دین وایمان کو خیر باد کہہ دیا جائے۔ اگر اتنا ہی ہوتا کہ مسلمان مطالبہ کرتے اور ہندو اُن کے ساتھ متفق ہو کر ''بجا ہے، دُرست ہے'' پکارتے، مسلمان آگے ہوتے اور ہندو اُن کے ساتھ ہو کر ان کی موافقت کرتے تو بے جا نہ تھا۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ ہندو امام بنے ہوئے آگے آگے ہیں، کہیں ہندوؤں کی خاطر قربانی اور گائے کا ذبیحہ ترک کرنے کی تجاویز پاس ہوتی ہیں۔ ان پر عمل کرنے کی صورتیں سوچی جاتی ہیں۔ اسلامی شعائر مٹانے کی کوششیں عمل میں لائی جاتی ہیں۔ کہیں پیشانی پر قشقہ (چندر) کھینچ کر کفر کا شعار یعنی کہ ٹریڈ مارک نمایاں کیا جاتا ہے۔ کہیں بتوں پر پھول اور ریوڑیاں چڑھا کر توحید کی دولت برباد کی جاتی ہے۔ کروڑوں سلطنتیں ہوں تو دین پر فدا کی جائیں مگر دین کو کسی سلطنت کی طمع پر برباد نہیں کیا جاسکتا۔'' (۱)

اسی طرح آپ نے تحریر و تقریر کے ذریعے مسلمانوں تک اسلام کے سچے پیغام کو پہنچایا اور صدر جمعیۃ العلماء ہند مولانا حسین احمد مدنی کو ہندو مسلم اتحاد کے خطرات سے آگاہ کر کے مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے سے روکا۔ پھر دہلی جا کر مولانا محمد علی جوہر کو سمجھایا بالآخر وہ ہندو مسلم اتحاد کی دعوت سے دست بردار ہو کر تائب ہو گئے۔

۱۹۲۳ء میں شدھی تحریک چلی جس کا مقصد مسلمانوں کو مرتد کرنا یا قتل کرنا تھا۔ بریلی شریف میں جماعت رضائے مصطفیٰ قائم کی گئی جس کے تحت آپ نے دیگر علماء اہلِ سنت کے ساتھ فتنہ ارتداد کا بھرپور مقابلہ کیا۔ (۲)

---

(۱) دوام العیش فی الائمۃ من القریش۔ امام احمد رضا خان، لاہور

(۲) فاضل بریلویؒ اور تحریک پاکستان۔ مسعود احمد، ڈاکٹر۔ کراچی

۱۹۲۴ء میں آپ نے مرادآباد سے ماہنامہ ''السوادالاعظم'' جاری کیا۔اس پرچے میں دوقومی نظریہ کی بھرپور حمایت کی اور ہندوؤں کی عیاریوں کی خوب قلعی کھولی۔ ربیع الآخر ۱۳۴۷ھ کے شمارے میں مدرسہ اہلِ سنت مرادآباد میں ۱۸ ستمبر ۱۹۲۸ء کو آل انڈیا سنی کانفرنس کے اجلاس میں پاس ہونے والی قرارداد کا ذکر ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ''یہ جلسہ نہرو کمیٹی رپورٹ'' کو مسلمانوں کے حق میں نہایت مضر سمجھ کر اس سے ناراضی کا اظہار کرتا ہے۔(۱)

اقبال اور حضرت صدرالافاضل

۱۹۳۰ء میں علامہ اقبال نے خطبہ الہ آباد میں ان افکار کا اظہار کیا جو ہماری قومی جدوجہد میں ایک نئے موڑ کا پیش خیمہ ثابت ہوئے۔تاہم اس دور میں جب علامہ اقبال اپنے افکار کا اظہار کر رہے تھے ان کی تائید کرنے والا کوئی نہ تھا۔بقول چوہدری خلیق الزماں ''خود الہ آباد مسلم لیگ کے اجلاس میں بھی بے رُخی اور لاتعلقی کی کیفیت پائی جاتی تھی۔تاہم علماء اہلِ سنت چونکہ شروع ہی سے ایسے افکار کے داعی تھے اور مسلمانوں کے الگ وجود کے تحفظ کی ضمانت چاہتے تھے۔اس لیے انہوں نے اقبال کی واضح طور پر تائید کی۔(۲)

علامہ اقبال نے اپنے ایک خطبے میں کہا تھا:

''ہندوستان دنیا میں سب سے بڑا اسلامی ملک ہے اور اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام بحیثیت ایک تمدنی قوت کے زندہ رہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک مخصوص علاقے میں دینی مرکزیت قائم کر سکے۔اس طرح نہ صرف ہندوؤں کا مسئلہ حل ہو جائے گا بلکہ خود اس سے مسلمانوں کے احساسات ذمہ داری قومی ہو جائیں گے اور ان کا جذبہ حب الوطنی بڑھ جائے گا۔''(۳)

حضرت حکیم الامت علامہ اقبال کے انہی افکار پر جہاں دیگر مسلمان لیڈر بے تعلق اور خاموش تھے وہاں دوسری طرف ہندو لیڈروں اور اخبارات نے اقبال کے خلاف اپنے بغض کا اظہار شروع کر دیا۔اس

(۱) روزنامہ جنگ۔پنجاب،۱۳ اکتوبر ۱۹۹۰ء

(۲) روزنامہ جنگ۔۲۳ مارچ ۱۹۹۱ء۔کراچی

(۳) فاضل بریلویؒ اور ترکِ موالات۔مسعود احمد ڈاکٹر۔کراچی

وقت حضرت صدر الافاضل مولانا نعیم الدین مراد آبادیؒ نے اپنے ماہنامہ ''السواد الاعظم''، شعبان المعظم ۱۳۴۹ھ بمطابق جنوری ۱۹۳۱ء مراد آباد کے شمارے میں اقبال کے افکار کی تائید کرتے ہوئے لکھا۔

''ڈاکٹر محمد اقبال کی رائے پر ہندوستان کو دو حصّوں میں تقسیم کر دیا جائے ایک حصّہ ہندوؤں کے زیر اقتدار ہو۔ دوسرا مسلمانوں کے، ہندوؤں کو کس قدر اس پر غصّہ آیا، یہ ہندو اخبارات دیکھنے سے ظاہر ہوگا۔ کیا یہ کوئی ناانصافی کی بات تھی۔ اگر اس سے ایک طرف مسلمانوں کو کوئی فائدہ پہنچتا تھا تو ہندوؤں کو بھی اسی نسبت سے نفع ملتا۔ لیکن ہندوؤں اس وقت خالی بات بھی نوکِ زبان پر لانے کو تیار نہیں ہیں جو مسلمانوں کو اچھی معلوم ہو۔ اس حالت میں بھی کوئی مسلمان کہلانے والی جماعت ہندوؤں کا کلمہ پڑھتی ہے اور اپنی اس پُرانی فرسودہ لے کر کو پیٹا کرے تو اس پر ہزار افسوس! کاش اس وقت یہ حضرات خاموش ہو جائیں اور کام کرنے والوں کو کام کر لینے دیں۔'' (۱)

تحریکِ پاکستان میں موصوف نے دل و جان سے حصّہ لیا اور جہاں جہاں تائید و حمایت کی ضرورت پڑی تو مولانا موصوف اس میں سرفہرست ہوتے۔

۱۹۴۰ء میں جب منٹو پارک (لاہور) میں قرار دادِ پاکستان منظور ہوئی تو علماء اہلِ سنّت نے اس کی پُر زور تائید و حمایت کی، ان علماء کرام میں سے ایک حضرت مولانا نعیم الدین مراد آبادی بھی تھے۔

۱۹۴۶ء میں صدر الافاضل ہی کی کوشش سے بنارس (بھارت) میں آل انڈیا سنی کانفرنس کے چار روزہ تاریخی اجلاس ہوا۔ اس کانفرنس میں پاک و ہند کے دو ہزار علماء و مشائخ اور ۶۰ ہزار دوسرے حاضرین شریک تھے۔ ''قرار دادِ پاکستان'' کی حمایت میں جو تجویز اتفاق رائے سے منظور ہوئی اس کے یہ الفاظ قابلِ توجہ ہیں:

''آل انڈیا سنی کانفرنس کا یہ اجلاس مطالبہ پاکستان کی پُر زور حمایت کرتا ہے۔ (۲) اور اعلان کرتا ہے کہ علماء و مشائخ اہلِ سنّت اسلامی حکومت کے قیام کی تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے ہر امکانی قربانی کے

---

(۱) تحریک آزادی ہند اور السواد اعظم۔ مسعود احمد، ڈاکٹر۔ لاہور

(۲) فاضل بریلویؒ اور ترک موالات۔ مسعود احمد، ڈاکٹر، لاہور۔ ص: ۷۵

واسطے تیار ہیں اور یہ اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ایک ایسی حکومت قائم کریں جو قرآن کریم اور حدیث نبوی ﷺ کی روشنی میں فقہی اُصول کے مطابق ہو۔(۱)

اس کانفرنس کے بعد اس کی غرض وغایت کو عمل جامہ پہنانے کے لیے اور نظریہ پاکستان کی اہمیت واضح کرنے کے لیے آپ نے صوبہ جات مدارس، گجرات، کاٹھیاواڑ، جونا گڑھ، راجپوتانہ، دہلی، یوپی، پنجاب، بہار، کلکتہ، ہگلی، چوبیس پرگند، ڈھاکہ، کرنافلی، چٹا گانگ اور سہلٹ کے مسلسل دورے کر کے قیامِ پاکستان کی راہ ہموار کی موصوف کو تحریکِ پاکستان سے آپ کو عشق کی حد تک لگاؤ تھا۔ چنانچہ مولانا ابوالحسنات قادری کے نام ایک خط میں لکھتے ہیں۔

''پاکستان کی تجویز سے جمہوریت اسلامیہ (آل انڈیا سنی کانفرنس کا دوسرا نام) کو کسی طرح دستبردار ہونا منظور نہیں، خود جناح اس کے حامی رہیں یا نہ رہیں۔'' (۲)

تحریکِ پاکستان کے سلسلے میں ایک اور جگہ فرمایا:

''ہم نے مسلم لیگ کے پلیٹ فارم پر آنا علماء کی شایان شان نہ سمجھا لیکن علماء نے مسلم لیگ کے حریفوں کا سرگرمی کے ساتھ مقابلہ کیا اور یہ مسلم لیگ پر کوئی احسان نہیں بلکہ ہمارا نقطۂ نظر شروع ہی سے اسلامی تعلیمات کے ماتحت تھا۔ اس جماعت نے ہر دور میں کبھی غیر مسلموں پر اعتماد بھروسہ نہیں کیا۔ اب ایک جو قدم مسلم لیگ نے قرآن وسنّت اور اس کے اسلامی احکام کی ترویج کا ذمہ اُٹھایا تو علماء نے اسلام کی سربلندی کے لیے مسلم لیگ کے حریفوں کا مقابلہ کیا اور ان تمام بذلہ خواروں کا پردہ فاش کیا۔ جنھوں نے پہلے سلطنت مغلیہ کے دور میں انگریزوں کی ہمنوائی میں بڑی بڑی رشوتیں لیں جس کے صلے میں ''شمس العلماء'' اور ''خان بہادر'' کے خطابات پائے، جاگیریں لیں اور وہی سب ہندوؤں کے ٹکڑوں پر بک کر مسلمانوں کی پشت پر چھرا مارنے کا کام انجام دے رہے ہیں۔'' (۳)

---

(۱) ایضاً

(۲) حیات صدر الافاضل غلام معین الدین/مطبوعہ لاہور۔ص:۱۸۶

(۳) اکابر تحریک پاکستان/صادق قصوری/۱۹۷۶ء لاہور ص:۲۷

طبقہ علماء میں السوادالاعظم کے ایڈیٹراور ممتاز عالم دین مولانا نعیم الدین مرادآبادی وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے لیگ کے اجلاس میں علامہ اقبال کی جانب سے پیش کیے جانے والے ''علیٰحدہ مسلم وطن'' کے تصوّر کی تائید وحمایت کی تھی۔(۱) مولانا نعیم الدین مرادآبادی نے ڈاکٹر اقبال کی اس تائید کے تقریباً ایک سال بعدلندن میں دوسری اور تیسری گول میز کانفرنسیں ۷ استمبر ۱۹۳۱ءاور ۱۷نومبر ۱۹۳۲ءجاری تھیں اپنے ایک اورادار یہ میں دوقومی نظریہ کی روشنی میں ہندومسلم مناقشات کا حل تجویز کرتے ہوئے لکھا کہ'' جب ہندواپنی حفاظت اس میں سمجھتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کے محلوں سے علیٰحدہ ہو جائیں اوراپنی حدود علیٰحدہ کرلیں تو مسلمانوں کو یقیناً ان کے محلوں میں جانے اور اُن کے ساتھ کاروبار رکھنے سے احتیاط رکھنا چاہیے۔ دونوں اپنے اپنے حدود جُدا گانہ قرار دیں اوراس نکتہ کوملحوظ رکھ کرسیاسی مباحث کو طے کریں یعنی ہندوستان میں ملک کی تقسیم سے ہندومسلم علاقے جُدا جُدا بنالیں تا کہ باہمی تصادم کا اندیشہ اور خطرہ باقی نہ رہے۔ ہرعلاقہ میں اسی علاقہ والوں کی حکومت ہو۔مسلم علاقہ مسلمانوں اور ہندوعلاقوں میں ہندوؤں کی۔(۲)

آپ ۲۳ اکتوبر ۱۹۴۸ءکواس دنیا فانی سے رُخصت ہوئے۔آپ کے مزار مبارک جامع مسجد مرادآباد کے جائیں گوشے میں مرجع خواص وعوام ہے۔(۳)

---

(۱) قرارداد پاکستان تاریخ اور تجزیہ/خواجہ رضی حیدر۱۹۹۰ء۔ص:۱۳۲

(۲) دیکھیے ماہنامہ السوادالاعظم شوال وذیقعدہ۔مرادآباد یوپی متحدہ ہندوستان۔ص:۱۳،۱۴

(۳) اکابرتحریک پاکستان/صادق قصوری/۱۹۷۹ءلاہور۔ص:۲۷۴

حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی میرٹھی ثم المدنی

آپ کی جائے پیدائش میرٹھ ہے۔ آپ ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۱۰ھ بمطابق ۱۸۹۲ء میں دنیا میں تشریف لائے۔ (۱) جب آپ بارہ سال کے ہوئے تو آپ کے والد ماجد مولانا شاہ محمد عبدالحکیم صدیقی (المتوفی ۱۳۲۲ھ) کا انتقال ہو چکا تھا۔ اس کے بعد آپ کی تعلیم وتربیت کی نگہداشت آپ کی والدہ کے حصے میں آئی۔

تعلیمی دور

واضح رہے کہ مولانا عبدالعلیم صدیقی بچپن ہی سے نہایت ذہین اور محنتی تھے۔ آپ نے ابتدائی کتب گھر ہی میں پڑھی اور پھر دارالعلوم عربیہ قومیہ جو کہ میرٹھ کی مشہور دینی درس گاہ تھی وہاں سے سولہ برس کی عمر میں درسِ نظامی کا امتحان اوّل پوزیشن سے پاس کیا۔ اس کے بعد اٹاوہ ہائی اسکول سے میٹرک کیا اور پھر ڈویژنل کالج میرٹھ ہی سے ۱۹۱۷ء میں بی اے کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ (۲) اور میرٹھ ہی میں حکیم احتشام الدین سے فن طبابت میں مشہور تھے۔ ان سے فن حکمت سیکھا، تعلیمی دور میں مولانا موصوف درس گاہ کی تعطیلات کے دوران بریلی (U.P) میں حاضر ہوتے رہتے تھے۔ ۱۹۱۹ء میں زیارتِ حرمین شریفین کے لیے حجاز تشریف لے گئے اور واپسی پر وقت کے عظیم المرتبت عالم دین مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی (المتوفی ۱۹۲۱ء) کے دستِ مبارک پر بیعت کی اور ساتھ ہی خلافت سے نوازے گئے پھر آپ کے

---

(۱) تذکرہ علماء اہلِ سنّت/محمود احمد قادری طبع اوّل کانپور انڈیا، ص: ۱۶۰

(۲) تحریکِ پاکستان اور علماء کرام/محمد قصوری/۱۹۹۹ء لاہور، ص: ۲۳۵

پیر و مرشد مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلویؒ نے آپ کو خرقۂ خلافت پہنا کر بیرونی ممالک میں تبلیغ کے لیے جانے کا حکم صادر فرمایا۔(۱)

دینی اور اصلاحی خدمات

موصوف نے تقریباً ۳۵ برس برِ صغیر اور متعدد ممالک میں تبلیغ اسلام کی دعوت دی اور مختلف ممالک میں مساجد، مکتب، کتب خانے، رسائل، ہسپتال، یتیم خانے اور تبلیغی مراکز قائم کیے۔ اس وقت بھی مولانا موصوف کا قائم کردہ مختلف ممالک میں مکتب، کتب خانے، ہسپتال اور تبلیغی مراکز دینی اور اصلاحی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مورخین کے مطابق آپ کی کوششوں سے مختلف ممالک کے نامور ڈاکٹر، سائنس داں اور دہریے عیسائی، یہودی وغیرہ دین اسلام میں داخل ہوئے۔(۲)

۱۹۳۵ء میں مولانا نے اسلام اور عیسائیت کے موضوع پر مناظرہ کیا۔ اس مناظرے میں مولانا کے مدِ مقابل جنوبی افریقہ کے مشہور مفکر ڈاکٹر برناڈ شاہ، جس پر دورانِ مناظرہ آپ کی شخصیت کا رعب چھایا رہا اور آخر میں انگریز مفکر نے یہ اعتراف کیا کہ'' آئندہ سو سال بعد دنیا کا مذہب صرف اسلام ہی ہوگا۔''(۳)

اس انگریز مفکر سے مولانا موصوف کی گفتگو پر مشتمل کتابچہ بزبان انگریزی میں موجود ہے اب اس کا اُردو میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے۔ جو ماہنامہ ترجمان اہلِ سنت نے مارچ ۱۹۷۲ء میں شائع کیا اور حال ہی میں محترم ڈاکٹر وسیم الدین اُستاد جامعہ اُردو کراچی نے مکالمہ مولانا عبدالعلیم الصدیقیؒ اور برناڈ شاہ کے نام سے شائع کیا ہے۔

---

(۱) اکابر تحریک پاکستان/محمد صادق قصوری/۱۹۷۹ء لاہور، ص:۱۳۲

(۲) ایضاً

(۳) اکابر تحریک پاکستان/محمد صادق قصوری/۱۹۷۹ء لاہور، ص:۱۳۲

مولانا عبدالعلیم صدیقی ؒ ایک جادو بیان اور شعلہ نوا مقرر بھی تھے۔ آپ اُردو کے علاوہ عربی، فارسی اور انگریزی زبان میں بڑی روانی کے ساتھ تقریر کرتے ہر تقریر ایسی مدلل اور مؤثر ہوتی کہ حاضرین پر رقت طاری ہو جاتی۔ مولانا نے ہر درجہ اور طبقہ فکر کے لوگوں سے خطاب کیا۔ کئی بد مذہب تائب ہو جاتے اور غیر مسلم دولتِ اسلام سے مالا مال ہو جاتے۔ مولانا موصوف کی تقاریر اس قدر مؤثر ہوتیں کہ خود اہلِ زبان بھی حیران رہ جاتے۔(۱)

مولانا عبدالعلیم صدیقی ؒ عمر بھر مسلک اہلِ سنّت و جماعت کی حمایت و اشاعت میں بذریعہ تقریر و تحریر سرگرم عمل رہے۔ آپ کا شمار اعلیٰحضرت عظیم البرکت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی ؒ قدس سرّہ کے خاص خلفاء میں ہوتا تھا۔ قدس سرّہ نے آپ کو ''علیم الرضا'' کے لقب سے بھی مشرف فرمایا تھا۔ مولانا موصوف کو عشقِ رسول ﷺ اپنے پیر و مرشد سے ورثہ میں ملا تھا۔ مولانا نے عشقِ رسالت مآب ﷺ کا ہونا قول و فعل سے ثابت کیا۔ اور اللہ تعالیٰ سے جب بھی دعا کی تو یہی کہ مولا تعالیٰ نبی کریم ﷺ کا نیازمند بنا دے۔(۲)

سیاسی خدمات

مولانا عبدالعلیم صدیقی ؒ نے تحریکِ پاکستان میں جو نمایاں خدمات انجام دیں ہیں وتاریخ کے سنہرے صفحات پر ثبت ہیں۔

- مولانا عبدالعلیم صدیقی ؒ مصر، فلسطین، عراق، شام، لبنان اور اردن کا دورہ کر کے وہاں کے حکام سے ملاقاتیں کیں جلسوں میں خطاب دوران اور دانشوروں کے سامنے تقریریں کیں جس سے تحریکِ آزادی کے لیے راہ ہموار ہوئی اور تحریکِ پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا۔

(۱) حوالہ بالا ص:۱۴۳

(۲) تذکرہ خلفائے اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری اور محمد صادق قصوری/ ۱۹۹۲ء، ص:۱۵۸

❁ ۱۹۴۶ء میں بنارس میں آل انڈیا سنی کانفرنس میں شرکت فرما کر تحریکِ پاکستان کی حمایت فرمائی۔ پھر ملک کے طول وعرض میں اس پیغام کو پہنچایا۔عرب ممالک کا کامیاب دورہ کے بعد جب مولانا عبدالعلیم صدیقی ؒ واپس ہندوستان آئے تو مسلمانوں کے کثیر اجتماع نے والہانہ استقبال کیا۔ آپ نے اس اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔

❁ موجودہ کانگریس حکومت کے نظامِ عمل اور ہمارے نظامِ عمل میں ایک ایسا فلک پیما فرق ہے کہ جس کو کسی صورت میں منظور نہیں کر سکتے۔ ہمارا نظامِ عمل ایک مافوق البشر کا لایا ہوا سمجھایا ہوا اور زمانے ہائے ماضی، حال و مستقبل کے قدرتی قوانین پر ہے۔ دنیاوی حکومتوں کے قوانین لحہ بہ لحہ روز و شب ترمیم و اضافہ کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں مگر اس مافوق الفطرت نبی یعنی حضرت سیدنا محمد ﷺ خاتم النبیین والمرسلین کا لایا ہوا قرآن کریم نظامِ عمل اور قوانین حکومت کی ترمیم و تنسیخ سے مبرا، زمانہ ہائے ماضی حال و مستقبل پر حاوی ہے اس لیے میں مسلمانوں کے مجوزہ وطن کو قدرتی پاکستان کا نام دیتا ہوں جس کی بنیادیں احکام قرآن کریم اور ارشادات مصطفوی ﷺ پر ہوں گی۔ ہمارے علماء ومشائخ نے اپنی روحانی قوت سے خانقاہوں میں رہتے ہوئے پاکستانی لشکر کی تعلیم وتربیت کا فریضہ انجام دیا ہے اور اب میدان عمل میں آچکے ہیں اور اب برصغیر کے مسلمانوں کا قدرتی پاکستان مقدر بن چکا ہے۔(۱)

❁ مولانا عبدالعلیم صدیقی صاحب نے ۱۹۴۶ء میں بنارس میں آل انڈیا سنی کانفرنس میں بہت سی قرار دادیں بھی پاس کرائیں۔

❁ آل انڈیا سنی کانفرنس میں جو تجاویز منظور ہوئیں ان میں نظریۂ پاکستان کی خاص طور پر حمایت کی گئی۔

❁ قیامِ پاکستان کے بعد قائد پاکستان محمد علی جناح نے آپ کو اسلامی ممالک میں پاکستان کا نمائندہ بنا کر بھیجا اور آپ کو سفیر پاکستان کا خطاب دیا۔ آپ نے تبلیغی و سیاسی خدمات کے ساتھ ساتھ تحریری خدمات بھی انجام دیئے ان میں آپ کی یہ جملہ تصانیف شامل ہیں۔

---

(۱) حوالہ بالا ص:

- المرأۃ عربی (مطبوعہ مصر)
- ذکر حبیب (دو جلد)
- کتاب تصوف
- بہار شباب
- مسائل انسان کامل
- اسلام میں عورت کے حقوق
- مرزائی حقیقت کا اظہار وغیرہ (۱)
- احکام رمضان
- اسلام کی ابتدائی تعلیمات
- اسلامی اُصول
- اشتراکیت کیا ہے
- انسانی مسائل کا حل
- مکالمہ جارج برناڈ شا

اولاد

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی (سابق سینیٹر قومی اسمبلی پاکستان اور جمعیۃ العلماء پاکستان کے صدر سابق متحدہ مجلس عمل کے صدر) اور بیٹی میں ڈاکٹر فریدہ صاحبہ ہیں۔

وصال

۲۳ ذوالحجہ ۱۳۷۳ھ بمطابق ۲۲ اگست ۱۹۵۴ء کو آپ کا وصال مدینہ منورہ (سعودی عرب) میں ہوا۔ آپ کو سرزمین مدینہ (جنت البقیع) میں سپرد خاک کیا گیا۔ (۲)

---

(۱) تذکرہ اکابر اہلِ سنت مؤلفہ مولانا اشرف القادری لاہور، ص: ۲۴۳

(۲) ماہنامہ ضیاء حرم بھیرہ سرگودھا نومبر ۱۹۷۱ء

حضرت مولانا سیّد محمد محدث اعظم ہند الاشرفی الجیلانی

حضرت سیّد محمد محدث کچھوچھویؒ کی ولادت ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۱۱ھ کو موضع جائس ضلع رائے پور بریلی میں ہوئی۔(۱) آپ کا اسم گرامی سیّد محمد تھا۔ والد گرامی کا نام حکیم سیّد نذر تھا۔(۲) آپ کی تربیت نانا جان حضرت شیخ المشائخ سیّد علی حسین اشرفی کچھوچھویؒ نے کی۔ والد صاحب سے فارسی پڑھنے کے بعد حضرت مولانا عبدالباری فرنگیؒ سے "مدرسہ نظامیہ" فرنگی محلی سے علوم عربیہ کی تحصیل کی۔ مولانا عبدالباری آپ کے سیّد زادے ہونے کی بنا پر آپ کا بہت احترام کرتے۔ آٹھ سال بعد حضرت مفتی لطف اللہ سے شرح تجرید اور افق المبین کا درس لیا۔ مفتی صاحب نے سندِ فراغت میں "علامہ" کا لفظ لکھا۔ پیلی بھیت میں حضرت محدث سورتی اور مولانا شاہ مطیع الرسول عبدالمقتدر بدایونیؒ سے حدیث پڑھ کر سند حاصل کی۔(۳)

جب آپ فارغ التحصیل ہوئے تو اس کے بعد آپ نے دہلی مدرسہ الحدیث قائم کر کے درسِ حدیث دینا شروع کیا۔ آپ اپنے نانا جان حضرت سیّد علی حسین اشرفیؒ کے حکم سے اپنے ماموں حضرت شاہ احمد اشرفؒ نے بیعت کی اور خلقِ خدا کی روحانی تربیت فرمانے لگے۔ آپ نے حضرت امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سے بھی تلمذ حاصل کیا تھا۔ حضرت امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ بھی موصوف کو سیّد ہونے کی وجہ سے بہت محترم جانتے تھے۔ پھر بعد میں حضرت امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے مولانا محدث کچھوچھویؒ کو اجازت وخلافت سے بھی نوازا تھا۔(۴)

سیّد محمد محدث کچھوچھویؒ حضرت امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سے عقیدت ومحبت کرتے تھے۔

---

(۱) تذکرہ علماء اہلِ سنت/ محمود احمد قادری/ کانپور، انڈیا ۱۹۷۲ء ص:۲۳۵

(۲) اکابر تحریک پاکستان/ صادق قصوری/ لاہور، ۱۹۹۲ء ص:۲۰۸

(۳) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری/ کراچی، ۱۹۹۲ء ص:۳۲۲

(۴) اکابر تحریک پاکستان/ صادق قصوری/ لاہور، ۱۹۹۲ء ص:۲۰۹

جب بریلی شریف میں عرس رضوی ہوئی تو ہر سال حاضر ہوتے تھے اور حضرت امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے قائم کردہ جماعت رضائے مصطفٰی کے تاحیات صدر مقرر ہوئے۔ علماءِ اہلِ سنّت کے درمیان اتحاد کے عظیم علمبردار تھے۔

آپ مذہب، تبلیغی اور سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے تھے اور ساتھ ساتھ آپ نے سیاسی تحریکوں میں بھی بھرپور حصّہ لیا۔ پاکستان کی تحریک میں آپ کی کاوشیں اور خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ آپ نے دیگر مشائخ عظام اہلِ سنّت کے شانہ بہ شانہ کام کیا۔ تحریکِ پاکستان کی حمایت میں ملک گیر دورے کیے اور عوام کو مسلمانوں کے مستقبل سے آگاہ کر کے نظریۂ پاکستان کا ہمنوا بنایا۔(۱)

❀ موصوف کی بنارس آل انڈیا سنی کانفرنس اور اجمیر سنی کانفرنس کے خطبے تحریکِ پاکستان کی حمایت میں جیتے جاگتے ثبوت ہیں۔ آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس میں آپ کے خطبۂ صدارتی سے ایک اقتباس آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

❀ ''میرے دینی رہنماؤ! میں نے عرض داشت میں ابھی ابھی ''پاکستان'' کا لفظ استعمال کیا ہے اور پہلے بھی کئی جگہ پاکستان کا لفظ آچکا ہے۔ ملک میں اس لفظ کا استعمال روزمرہ کا معمول بن گیا ہے۔ آپ نے نعروں کی گونج میں ''پاکستان لے کر رہیں گے'' مسجدوں میں، خانقاہوں میں، بازاروں میں ویرانوں میں لفظ پاکستان لہرا رہا ہے اور ملک بھر میں ہر لیگی رہنما ورکن بھی بولتا ہے اور ہم سنیوں کا یہی محاورہ ہو گیا ہے اور جو لفظ مختلف ذہنوں کے استعمال میں ہو اس کے معنی مشکوک ہو جاتے ہیں۔ جب تک بولنے والا اس کو واضح طور پر نہ بولے اُنہوں نے کہا کہ ہندوستان کے ایک حصّہ پر اسلام کی، قرآن کی آزاد حکومت ہو، جس میں غیر مسلم ذمیوں کی جان و مال، عزت و آبرو کو سب حکم شرعاً امان دی جائے، ان کو ان کے معاملات کو ان کے دین پر چھوڑ دیا جائے۔ اگر سنیوں کی اس سمجھی ہوئی تعریف کے سوا لیگ نے کوئی دوسرا راستہ اختیار کیا تو کوئی سنی قبول نہیں کرے گا۔''(۲)

(۱) تذکرہ خلفاءِ اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری/ کراچی، ۱۹۹۲ء ص:۳۲۳

(۲) تذکرہ خلفاءِ اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر صادق قصوری/ کراچی، ۱۹۹۲ء ص:۳۲۳

۵ رجب المرجب ۱۳۶۵ھ کو سنی کانفرنس اجمیر شریف میں آپ نے صدارت کی اور خطبہ صدارت میں سنیوں کو مخاطب کیا اور سنیوں کو عشقِ رسول سے سرشار کیا۔ آپ نے فرمایا ''اے سنی بھائیو! اے مصطفیٰ کے لشکریو! اے خواجہ کے دیوانو! اب تم کیوں سوچو کہ سوچنے والے مہربان آگئے اور تم کیوں رکو کہ چلانے والی طاقت خود آگئی، اب بحث کی لعنت چھوڑ و، اب غفلت کے جُرم سے باز آؤ، اُٹھ پڑو، کھڑے ہو جاؤ، چلے چلو، ایک منٹ نہ رکو، پاکستان بنالو تو جا کر دم لو کہ یہ کام اے سنیوں! سن لو کہ صرف تمہارا ہے۔(۱)

آپ اپنی تقریر آگے مزید جاری رکھتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہمیں کتنا مقدس مقام اور کس قدر اہم ایوان اور کتنی خاص تاریخ میسر ہے۔ زمان و مکان کی پوری پوری ادائیں موجود ہے اور بعونہٖ تعالیٰ اخوان کی شرط بھی موجود ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم گنہگار نہیں، سیہ کار نہیں، خطا شعار نہیں لیکن ہاں ڈنکے کی چوٹ پر کہتے ہیں کہ باغی نہیں، ہم غدار نہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہمارا مقصد بھی نہایت بلند پایہ ہے۔ آج ہمارا اجمیر میں وہی مقصد ہے جو چشت کے راجہ کو صدیوں پہلے اجمیر ہی لا چکا ہے۔ جس نے جیلان والے غوث کو بغداد بھی پہنچایا ہے۔

جس کے لیے اللہ کا حبیب مکہ سے مدینہ اور پھر مدینہ سے فاتحانہ شان کے ساتھ مکہ پہنچا تھا۔ جس کا مقصد مختصر اور نامِ خدا تعالیٰ کے دین کے پیغام اور اس دینداری کی آزادی ہے۔ ذرہ ذرہ کو مسلم بنانا اور اسلام کے پرچم کو آزاد رکھنا ہے، انسان کو پاک کرنا اور انسانی آبادی کو پاکستان بنانا ہے۔

ہمیں اپنے خواجہ سے یہی کہنا ہے کہ زمانہ اب روشنی کی اہلیت و استعداد کو نہیں، بلکہ کیڑے مکوڑوں کی کثرت تعداد کو دیکھتا ہے، گوبر، پیشاب والوں کو پوتر اور اللہ کے پاک بندوں کو ملیچھ کہا جاتا ہے۔ جن غداروں کو زمین پر قدم رکھنے کا حق نہیں، ان کو دیسی اور جن کے لیے زمین پیدا کی گئی ان کو بدیسی کا لقب دیا جاتا ہے۔ فلسطین میں ذلت کے ماروں اور مسکن آواروں کو مسلمانوں کے سینہ پر بسایا جا رہا ہے۔ کعبہ میں فریضۂ حج پر ایک ایک ہزار کا ٹیکس لگایا جا رہا ہے اور بڑا غضب یہ ہے کہ آپ کا پڑھایا ہوا کلمہ پڑھتے ہوئے کچھ ملت فروش

(۱) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/محمد صادق قادری/کراچی۔ ۱۹۹۲ء ص:

دستار کے شملوں کو چوٹیوں پر، شلواروں کے دھاتیوں پر، صرف چندٹکوں کے لیے نچھاور کر چکے ہیں۔ نہروانیوں نے دوبارہ اپنا ایک نہرو بنالیا ہے۔اب ایک جیپال نہیں، بلکہ جیپالوں کی پلٹن ہوگئی ہے۔اوران سب کا مقصد یہ ہے کہ خواجہ والے مسلمان یعنی سنی مسلمان کو زندہ نہ چھوڑا جائے۔

اے میرے خواجہ! آپ کے وفاداروں نے آپ کے اللہ اورآپ کے رسول اورآپ کے اخوان اولیاء کے خلاف آواز سنے تو گستاخوں کے جبہ ودستار سے ڈرے، جوکسی طرح قابلِ برداشت نہ تھا۔شاید ہماری یہی ایک نیکی کام آئی اوراسی وفاداری پر خواجہ کورحم آگیا، کیونکہ بلاشبہ ہندوستان میں یہ ولی الہند ہی کی کرامت ہے کہ ہمارے ان رہنماؤں کو بیداری بخشی۔ وہ رہنما کون ہیں؟ یہی ہمارے پیر ہمارے علماءاہلِ سنّت و جماعت،سارے پیر خانقاہ کی چاردیواری سے نکل پڑے اورمیدان میں ڈٹ گئے۔سارے علماءمدرسوں سے باہرآ کرکھڑے ہوگئے اورارادہ کرلیا کہ نو ۹ کروڑسنیوں میں روٹھے ہوؤں کومنایا جائے، ان کومبلغ بنا کر ذمّہ داری دی جائے۔کہ مرنے سے پہلے فی کس دس (۱۰) نہیں تو ایک غیر مسلم کومسلمان کرنا ہے، ان کوتعلیم دین سے آراستہ کرکے، ان کے علم کوان کے عمل کوان کیا اخلاق کوپاک کردینا ہے، تاکہ جہاں وہ قدم رکھیں پاکستان ہوجائے۔اب ایسے مدارس ناقابلِ برداشت ہیں جوسنیوں کی جیب پرڈاکے ڈالیں اورسنیوں کے مفاد سے لڑتے رہیں اورسنیوں میں انتشار پیدا کریں۔اب تمام سنی مدارس کوایک نظام میں لاکران میں تعلیم وتربیت کی یکسانیت پیدا کرنی ہے۔خانقاہوں کوآراستہ کرنا ہے اوران میں تبلیغ وتعلیم کی رُوح پھونکنی ہے۔ان پاکوں کا پاک عزم یہ ہے کہ رفتہ رفتہ ہندوستان کوپاکستان بنا کردکھادینا ہے۔

میرے سنی بھائیو! اب ہم پر حجت الٰہیہ ختم ہوچکی اوراگر ہم ان رہنماؤں سے بچھڑ گئے تو میدانِ حشر میں ہمارے پاس کوئی جواب نہ ہوگا ہمارے جگانے والے پکار رہے ہیں کہ سنو جاگو جاگو۔ہمیں ہوشیار کرنے والے آواز دے رہے ہیں کہ سنیو ہوشیار،خبردار ہمیں ترقی دینے والے بلارہے ہیں کہ آؤ بڑھے چلے آؤ۔

اے سنی بھائیو! اے مصطفیٰ کے لشکریو! اے خواجہ کے مستو! اب تم کیوں سوچو کہ سوچنے والے مہربان آگئے اورتم کیوں رکو کہ چلانے والی طاقت خودآگئی،اب بحث کی لعنت چھوڑ واب غفلت کے جُرم سے بازآؤ، اُٹھ پڑو،کھڑے ہوجاؤ، چلے چلو،ایک منٹ بھی نہ رکو، پاکستان بنالو،تم جاکردم لو۔کہ یہ کام اے سنیو،سن لوکے

یہ صرف تمہارا ہے۔(۱)

آپ کے تبلیغی خدمات کے نتائج

آپ کا تمام سال تبلیغی دورے میں صرف ہوتا تھا۔ پانچ ہزار سے زائد غیر مسلموں نے آپ کے دستِ حق پرست پر اسلام قبول کیا تھا اور کئی لاکھ مسلمان بیعت مشرف ہوئے تھے۔(۲)

آپ کا وصال

آپ دینی، سیاسی، تبلیغی خدمات انجام دینے کے بعد ۱۶ رجب المرجب ۱۳۸۱ھ بمطابق ۲۵ دسمبر ۱۹۶۱ء بروز شنبہ لکھنؤ میں آپ کا وصال ہوا۔ کچھوچھ شریف ضلع فیض آباد میں آپ کا مزار، آپ کی نماز جنازہ سیّدنا مختار اشرف الجیلانی الاشرفی کچھوچھوی سجادہ نشین سرکار کچھوچھ شریف نے پڑھائی۔(۳)

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری/فیصل آباد ۱۹۹۲ء ص:۲۳۵

(۲) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری/فیصل آباد ۱۹۹۲ء ص:۲۳۶

(۳) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری/فیصل آباد ۱۹۹۲ء ص:۲۳۶

مولانا غلام جان ہزاروی

مولانا مفتی غلام جان ہزاروی ۱۳۱۴ھ بمطابق ۱۸۹۰ء میں روکرہ تحصیل مانسہرہ ضلع ہزارہ میں پیدا ہوئے۔(۱) آپ کے والد کا نام مولانا محمد احمد جی تھا۔ مولانا غلام جان صاحب کا گھرانہ علمی گھرانہ تھا۔ آپ کے دادا جناب محمد عالم اور والد محترم نہایت ہی پاکیزہ نفس اور بہت ہی بلند پایہ عالم تھے۔

مولانا مفتی غلام جان ہزاروی نے قرآن کریم، فارسی، صرف نحو اور فقہ حنفی کی ابتدائی کتب اپنے والد ہی سے پڑھیں اور بعد میں فقہ کی کچھ کتابیں غلام رسول صاحب سے گجرات میں حاصل کی۔ علامہ برکات احمد ٹونکی سے ریاضی کی کتابیں پڑھیں۔ مولانا مفتی غلام جان ہزاروی نے مدرسہ عالیہ ریاست رام پور میں تکمیل کیا۔ پھر علم کی لگن میں مولانا مفتی غلام جان ہزاروی بریلی پہنچے اور مدرسہ منظر اسلام میں دیگر کتب کے ساتھ ساتھ صحاح ستہ مکمل کر کے فارغ التحصیل ہوئے۔ ۱۹۲۲ء میں دستار فضیلت سے مشرف ہوئے۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ سے بیعت ہوئے اور خلافت سے بھی نوازے گئے۔(۲)

دینی واصلاحی خدمات

مولانا مفتی غلام جان ہزاروی ایک سال تک مختلف علوم حاصل کرتے رہے اس دوران ضلع ہزارہ میں ضاء کے عہدے پر فائز ہوئے۔ کچھ عرصے کے بعد لاہور تشریف لے آئے اس کے بعد مولانا مفتی غلام جان ہزاروی دارالعلوم نعمانیہ لاہور میں صدر مدرس ہوئے اور مفتی کی بھی خدمت انجام دینے لگے۔

۱۳۳۵ھ میں مولانا مفتی غلام جان ہزاروی نے سفر حرمین کا ادارہ کیا۔ اس نیک سفر کے موقعہ پر آپ

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری، ۱۹۹۲ء۔ فیصل آباد۔(باب دوم) ص:۱۹۷

(۲) خلفاء اعلیٰحضرت/ڈاکٹر مجید اللہ قادری۔ ۱۹۹۲ء ص:۲۷۹

کے شاگرد بھی ساتھ تھے۔ مکہ مکرمہ پہنچ کر حج کیا اور پھر مدینہ منورہ روانہ ہوئے۔ مدینہ منورہ میں آپ کا عشقِ رسول دیکھنے کے قابل تھا۔ مولانا کو حضور اکرم ﷺ سے عشق و محبت میں حد درجہ قلبی محویت تھا جب بھی حضور اکرم ﷺ کا نام پاک زبان پر آتا تو آنکھوں میں آنسو آجاتے اور رُخساروں پر موتیوں کی لڑی بن جاتی۔ مولانا کا وعظ میں عشقِ رسول ﷺ کا بیان لوگوں کے دلوں اور اعمال میں انقلاب برپا کر دیتا اور وعظ کے دوران لوگوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگ جائے۔

مولونا موصوف شریعت اسلامیہ کے احکام کی خلاف ورزی یا بے حرمتی جب بھی کوئی کرتا اس کو برداشت نہ کرتے اور جوش میں آجاتے اور اس کی خوب اچھی طرح سے تادیب کرتے۔ مولانا ایک بڑے عالم ہونے کے باوجود اپنے ذاتی کام خود کیا کرتے تھے۔ مولانا خاص طور پر یتیموں اور بیواؤں کا بہت خیال رکھتے تھے اور اُن کی ہر طرح سے خدمت کیا کرتے تھے۔

سیاسی خدمت

مولانا نے قرارداد پاکستان کی پُر زور حمایت کی۔(۱) قرادادِ پاکستان کا پس منظر بڑا طویل ہے۔ اس کا آغاز اس وقت ہو چکا تھا جب دسمبر ۱۹۳۸ء کے بعد مسلم لیگ نے وفاقی طرزِ حکومت کی تجویز کو مسترد کر کے لیگ کے صدر کو یہ اختیار دے دیا تھا کہ وہ مسلمانوں کے لیے کوئی بہتر اور متبادل آئینی اسکیم پیش کریں۔ اس سلسلے میں مارچ ۱۹۳۹ء میں مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس میرٹھ (یوپی انڈیا) میں منعقد ہوا۔ جس میں کمیٹی تشکیل دے کر جلد از جلد آئینی تجاویز پیش کرنے کا فیصلہ ہوا تا کہ مسلم لیگ کسی حتمی نتیجہ پر پہنچ سکے۔

قرارداد کی تائید جہاں زعمائے ملت نے کی۔ وہاں مولانا موصوف نے بھی اس قرارداد کی تائید کی۔ قرارداد کی منظوری کے وقت تقریباً ایک لاکھ افراد کا مجمع تھا۔ جنھوں نے ہاتھ اُٹھا کر پُر جوش نعروں سے قرارداد منظور کر لیا اور یہ بات ثابت کردی کہ مسلمانانِ ہند کی جو منزل واضح ہو چکی ہے اب دُنیا کی کوئی طاقت انہیں اس منزل سے دور نہیں کر سکے گی۔ آزادی صرف ہندوؤں کا حق نہیں ہے بلکہ مسلمان بھی اس کے حقدار ہیں۔

(۱) تذکرہ خلفاءِ اعلیٰحضرت/ صادق قصوری۔ ۱۹۹۲ء، ص: ۲۸۱

مولانا مفتی غلام جان ہزاروی آل انڈیا سنی کانفرنس میں بھی شریک رہے۔ (۱)
اس کانفرنس کے انعقاد کے انگریز حکمران اور ہندوؤں پر واضح کر دیا کہ حصولِ پاکستان مسلمانوں کی تمنا اور زندگی کا مقصد ہے۔ علماء اہلِ سنّت نے وقتاً فوقتاً آل انڈیا سنی کانفرنس مختلف شہروں میں انعقاد کرتے رہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جہاں عام مسلمانوں نے بنانے میں اپنا کردار کیا وہیں علماء اہلِ سنّت نے بھی بھر پور جدوجہد اور کردار ادا کیا۔

علماء کی مرکزی سیاسی تنظیم آل انڈیا سنّی کانفرنس کے نام سے ۱۹۴۶ء سے متحرک اور فعال حیثیت سے مسلمانوں کی ترجمانی کر رہی تھی ۱۹۴۰ء سے شروع ہونے والے تحریکی دور جو سیاسی اور تمدنی ضلالت و واقعات سے لبریز و منسلک ہے۔ اس دور میں علماء نے اپنے عمل و کردار سے سیاسی آزادی حاصل کرنے کے لیے اپنے جدوجہد تیز سے تیز کر دی تھی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جہاں عام مسلمانوں نے پاکستان بنانے میں اپنا کردار ادا کیا وہیں علماء اہلِ سنّت و جماعت نے بھی بھر پور کردار ادا کیا۔ مولانا موصوف نے بھی نظریۂ ریاست کو خاطر نظر رکھا۔ ان کے نزدیک اسلامی نظریہ سے مراد وہ لائحہ عمل اور زندگی گزارنے کا طریقہ جو انسان کے لیے اللہ کی طرف سے متعین کیا گیا ہے اسلامی نظریہ حیات کہلاتا ہے۔ اسلامی نظریہ حیات فرد کے کسی ایک پہلو پر نہیں بلکہ پوری زندگی پر مُحیط ہے اور انسانی زندگی کا ہر پہلو اس کے دائرہ اثر میں شامل ہے۔ اسی اسلامی نقطۂ نگاہ سے اس دنیا میں دو قومیں موجود ہیں۔ نظریۂ پاکستان کی بنیاد بھی یہی نظری ہے۔ دنیا کی دیگر اقوام آزادی کے لیے نسل، زبان، معیشت کا سہارا لیتی ہیں۔ لیکن جنوبی ایشیا کے مسلمانوں نے آزادی کے لیے کوئی دنیاوی مسئلہ نہیں ڈھونڈا بلکہ اُنھوں نے اسلامی فلسفہ حیات پر اپنے نظریہ کی بنیاد رکھی۔

مولانا مفتی غلام جان ہزاروی کی وفات پاکستان بننے کے بعد ۱۹۸۹ء بروز ہفتہ کو ہوا۔ مولانا کے مزار کو لاہور میں غازی علم الدین شہید کے مزار کے جنوبی احاطے میں بنایا گیا۔ (۲)

---

(۱) خلفاء اعلیٰحضرت/ صادق قصوری۔ ۱۹۹۲ء ص: ۲۸۱
(۲) تذکرہ علماء اہلِ سنّت/ محمود احمد قادری۔ کانپور ۱۹۷۶ء ص: ۱۹۸

سید فتح علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ

آپ کا اسمِ گرامی فتح علی شاہ آپ کے والدِ محترم کا نام نامی سیّد امیر شاہ بن قیوم زمان شاہ ہے۔ آپ کی پیدائش ۵ مارچ ۱۸۷۹ء بمطابق ۱۱ ربیع الاوّل ۱۲۹۶ھ کو کھڑ سیداں ضلع سیالکوٹ (جو کے صوبے پنجاب میں ہے) میں صبح صادق کے وقت ہوئی۔ (۱) آپ کے والد گرامی اپنے دور کے جید عالم تھے اور آپ کے دادا قرآن وحدیث اور فنِ طب میں رکھتے تھے اور سلسلہ قادریہ میں مرشدِ باکمال تھے۔ حضرت سیّد فتح علی شاہ نے پرائمری تعلیم حاصل کرنے کے بعد علومِ اسلامیہ کی ابتدائی کتب آپ دادا سے پڑھیں اور فقہ وحدیث کی چند کتابیں علامہ عبدالرحمٰن کوٹلوی (المتوفی ۱۲۹۸ھ) سے پڑھیں۔ اس کے بعد آپ جامعہ حنفیہ گجرات کے مولانا محمد عبداللہ سے بھی علم حاصل کی۔ پھر آپ کی علم حاصل کرنے کی لگن آپ کو واپس سیالکوٹ لے آئی اور بعد میں آپ اپنی علمی لگن کی وجہ سے بریلی شریف میں دارالعلوم منظرِ اسلام میں تشریف لے گئے اور وہاں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سے سندِ حدیث کی تعلیم حاصل کی۔ پھر بعد میں علم طب کے حصول کے لیے جامعہ طبیہ، دہلی میں داخل ہو کر سندِ فراغت حاصل کی۔ سیّد فتح علی شاہ ۱۹۲۰ء میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے دستِ مبارک پر سلسلہ عالیہ قادریہ میں بیعت ہوئے اور خلافت واجازت سے نوازے گئے۔ (۲)

دینی خدمات

مولانا سیّد فتح علی شاہ صاحب عالم وفاضل ہونے کے ساتھ ایک اچھے مقرر اور خطیب بھی تھے۔ مولانا کی تقاریر ایمان افروز ہوتی تھیں۔ آپ نے مختلف جید علماء اکرام کے ساتھ مل کر تبلیغی پروگرام بنایا۔ ان علماء اکرام میں مولانا ابو یوسف محمد شریف کوٹلوی (م۔ ۱۹۵۱ء)، مولانا ابوالیاس محمد امام الدین قادری کوٹلوی (م۔ ۱۳۸۱ھ)، حضرت علامہ محمد نور الحسن سیالکوٹی (م۔ ۱۹۵۵ء)، حضرت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی

(۱) تذکرہ خلفاء اعلحضرت/ صادق قصوری۔ ص: ۱۸۷۔ ومابعد/ ۱۹۹۲ء کراچی

(۲) تذکرہ اکابر اہلِ سنّت/ مولانا عبدالحلیم شرف قادری/ ص: ۳۶۷/ لاہور

پوری (م ۔ ۱۹۵۱ء) اور حضرت مفتی محمد عبدالعزیز ہاشمیؒ شامل تھے۔(۱) مولانا سیّد فتح علی شاہ نے سیالکوٹ کے علاوہ جموں و کشمیر کے علاقے میں بھی اپنی تبلیغی سرگرمیاں جاری رکھیں اور لوگوں میں حبِ رسول ﷺ کو اُجاگر کیا اور قریہ قریہ بستی بستی محافلِ میلاد کا انعقاد کرایا۔

مولانا سیّد فتح علی شاہ تقریباً ۴۱ سال تک جامع مسجد سیالکوٹ چھاؤنی میں خطابت کے فرائض انجام دیے۔ اس وقت کے مسلم جوانوں کے دلوں میں فلسفہ جہاد کو اُجاگر کیا۔

سیاسی خدمات

مولانا موصوف نے بھی دیگر خلفاء کی طرح تحریکِ پاکستان میں پُر جوش حصّہ لیا۔ آپ سیاسی پلیٹ فارم سے بھی وابسطہ رہے اور ساتھ ہی ساتھ آل انڈیا سنی کانفرنس سے منسلک رہے۔ ۱۹۴۶ء میں آل انڈیا سنی کانفرنس منعقد بنارس (یو پی انڈیا) کے فقید المثال اجلاس میں شریک رہے اور علماء کرام کے ساتھ تحریک کے کام سرانجام دیے ہیں۔ مولانا موصوف کا اسم گرامی ان حضرات میں شامل ہے کہ جن کی کوشش اور کاوشوں سے تحریکِ پاکستان میں جان پڑی۔ تحریکِ پاکستان کے ایک سرگرم کارُکن کی حیثیت سے مولانا نے قریہ قریہ بستی بستی نظریۂ پاکستان کی حمایت میں راہ ہموار کی۔

اکتوبر ۱۹۳۹ء کو مراد آباد میں حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خاںؒ کی صدارت میں علماء کا اجلاس ہوا۔ آپ علماء سیالکوٹ کے ساتھ اس عظیم الشان اجلاس میں شریک ہوئے۔

قیامِ پاکستان کے بعد بھی آپ نے بہت کام کیا۔ جن میں ایک بڑا کام مہاجرین کی آبادکاری کا تھا۔ آپ نے مہاجرین کی آبادکاری کے لیے بھرپور جدوجہد کی۔ ۱۹۵۳ء کو تحریکِ ختم نبوت میں جوش ایمانی کا مظاہرہ کیا۔

۱۸ جنوری ۱۹۵۸ء کو آپ کا وصال ہوا۔ آپ کا مزار شریف کھروٹہ سیداں ضلع سیالکوٹ میں مرجع خاص و عام ہے۔(۲)

---

(۱) خلفاء اعلٰحضرت/محمد صادق قصوری۔ ۱۹۹۲ء۔ ص: ۱۸۹

(۲) خلفاء اعلٰحضرت/صادق قصوری/۱۹۹۲ء۔ ص: ۱۹۰

مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد قادری علیہ الرحمہ

آپ حضرت مولانا سید دیدار علی شاہ الوری کے فرزند اکبر تھے (۱۳۱۴ھ۔۱۸۹۶ء) ریاست الور (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ (۱) آپ کے آباؤ اجداد مشہد کے سادات گھرانے سے تھے جہاں سے مغلیہ دور حکومت میں بسلسلہ تبلیغ اسلام ہندوستان آئے۔ اس خاندان کے سب سے پہلے بزرگ جو ہندوستان تشریف لائے وہ سید اسمٰعیل شاہ قادریہ رحمتہ اللہ علیہ تھے۔ آپ بڑے ہی باکرامات صاحب علم اور پابند سنت تھے۔ آپ بلگرام فرخ آباد سے ہوتے ہوئے الور میں قیام پذیر ہوئے۔ انہی کے پڑپوتے سید نثار علی شاہ اپنے زمانے کے مشہور عالم دین اور صاحب عرفان بزرگ گزرے ہیں۔

حضرت مولانا ابوالحسنات کی عمر ابھی پانچ سال کی ہی تھی کہ آپ کو مفتی زین الدین مرحوم کے درس میں داخل کرایا گیا جہاں حافظ عبدالحلیم، حافظ عبدالغفور سے حفظ قرآن کیا۔ حفظ قرآن کے ساتھ ساتھ مرزا احمد بیگ مرحوم سے اردو فارسی کی کتب مروجہ کا مطالعہ کرتے رہے فن تجوید قاری قادر بخش صاحب مرحوم الور کے اسباق بنیادحیثیت رکھتے تھے۔ انہی قاری صاحب کی نگرانی میں مولانا نے قرات وتجوید میں مہارت حاصل کی۔

۱۹۰۸ء میں آپ حفظ قرآن، اردو و فارسی، انشا پردازی اور قرات اور تجوید میں خاصی دسترس حاصل کر چکے تھے۔ درس نظامیہ کے باقاعدہ طالب علم بنے۔ صرف ونحو اور دیگر فنی کتب و دینیہ کا مطالعہ والدمکرم سے کیا یہ وہ دور تھا۔ جب یورپ کے سائنسی ایجادات نے دنیا کو متاثر کیا۔ ہندوستان میں انگریزی حکمرانوں نے یورپ کی ایجادات سے ہندوستانیوں کو وقف کرنے کیلئے بڑے بڑے ادارے قائم کئے نواب محمد یار خان

(۱) حیات صدر الافاضل، ۱۸۵، مؤلفہ مولانا غلام معین الدین نعیمی اور تذکرۂ علماء اہل سنت، مؤلفہ صاحب زادہ اقبال احمد فاروقی، مکتبہ گنج بخش نوریہ لاہور۔

صاحب مرحوم مولانا سید دیدار علی شاہ کے مخلصین میں تھے اور ان ایجادات میں خاصی دلچسپی لیتے تھے۔ چنانچہ مولانا ابوالحسنات ایسے ذہین دینی طالب علم نے آپ کی نگرانی میں وقت کی ایجادات میں واقفیت حاصل کرنے میں بڑے دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔

آپ کے والد محترم آپ کو جتنی تیزی سے عالم دین دیکھنا چاہتے تھے اس کا اندازہ ہم اس بات سے لگاتے ہیں کہ مولانا ابوالحسنات نے پندرہ سال کی عمر میں جلالین، تفسیر بیضادی، کتب احادیث، منطق واصول فقہ اور ادب عربی میں سبعہ معلقہ تک کی کتب پر عبور حاصل کرلیا۔

فقہی کتب کا مطالعہ حضرت مولانا حافظ محمد نعیم الدین مرادآبادی اور حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی سے کیا اور اسناد فضیلت حاصل کیں۔ (۱) علم طب آپ نے نواب حامی الدین احمد خان صاحب مرادآبادی سے سیکھا اور تکمیل قرات کیلئے رئیس القراء مولانا عین القضاء سے سند حاصل کی۔ (۲)

دینی وسیاسی خدمات

آپ علوم دینیہ سے فارغ ہوئے ہی تھے کہ الور کی مسجد تریولیہ ہندوؤں نے شہید کردی۔ اس واقعہ نے مسلمانان الور میں رنج واضطراب کی لہر دوڑادی۔ جواں سال ابوالحسنات کو مسجد کی ناموس نے پکارا اور ملکی سیاست میں کود پڑے۔ مسجد کی تعمیر نو اور بحالی کیلئے جدوجہد کرنے لگے اور زور خطابت سے مسلمانوں کے سینوں میں آگ لگادی۔ سٹی پولیس نے آپ کو گرفتار کرلیا مگر مسلمانوں کی منظم جدوجہد نے مہاراجہ الور کو مجبور کردیا کہ مسجد کو دوبارہ تعمیر کرنے کا حکم دے اور پھر اسے سرکاری خرچ پر ازسرنو تعمیر کرایا اور ابوالحسنات کو رہا کردیا گیا۔ (۳)

---

(۱) تذکرہ علمائے اہلسنت، مولانا شاہ محمود احمد قادری، طباعت دوم ۱۹۹۲ء، ص ۵۹، فیصل آباد

(۲) ایضاً

(۳) تذکرہ علمائے اہلسنت، مولانا شاہ محمود احمد قادری، طباعت دوم ۱۹۹۲ء، ص ۶۰، فیصل آباد

یادرہے کہ اس زمانے میں ریاستی عوام کی زندگیاں اور مال و دولت والی ریاست کے رحم وکرم پر ہوا کرتی تھیں۔ان کے کسی حکم یا فیصلہ کے خلاف احتجاج بھی جرم تصور ہوتا تھا۔

چنانچہ اس وقت کے راجاؤں کے ریاستی جور واستبداد کی تاریخ پر نگاہ ڈالی جائے تو ریاستی رعایا کو تو عام انسانی حقوق بھی حاصل نہ تھے۔ایسے دور میں احتجاج کر کے یا ایک منظم تحریک سے ایک مقصد حاصل کر لینا بڑی بات ہے۔

لاہور میں آمد

۱۹۲۰ء میں آپ الور کو چھوڑ کر آگرہ میں قیام پذیر ہوئے اور ایک مطب گلاب خانہ آگرہ میں جاری کیا جو تھوڑے عرصہ میں خدمت خلق کا ارادہ بن گیا۔۱۹۲۲ء میں آپ کے والد سید دیدار علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ آگرہ سے لاہور پہنچے اور مسجد وزیر خاں کے خطیب مقرر ہوئے تو مولانا ابوالحسنات ان دنوں ایک قاری، شعلہ بیان خطیب، شاعر اور ماہر طبیب کی حیثیت سے شہرت حاصل کر چکے تھے۔

والد مکرم کے استعفاء کے بعد مرزا ظفر علی خاں ریٹائرڈ جج متولی مسجد وزیر خاں کے اصرار پر آپ مسجد وزیر خاں کے خطیب اور مفتی مقرر ہوئے۔

ان دنوں آپ نے اپنے خاندان سمیت لنڈے بازار کے ایک مکان میں قیام پزیر ہوئے کچھ عرصہ کہ بعد آپ وہاں سے اندرون یکی گیٹ ایک اچھے سے مکان میں منتقل ہوگئے۔اسی زمانے میں دہلی دروازے کے اندر چنگڑ محلہ میں ایک ویران مسجد کی تعمیر وتوسیع کا منصوبہ بنایا گیا جس میں آپ کے والد اور برادر محترم علامہ ابوالبرکات دامت برکاتہ سے مل کر مسجد تعمیر اور دارالعلوم حزب الاحناف کی تشکیل میں حصہ لیا۔یہ سنیوں کا عظیم دینی ادارہ تھا۔جو نصف صدی تک سنیوں کے علوم وفنون کا مرکز رہا۔یہاں سے بڑے بڑے علماء مفتی، مقرر، خطیب اور ادیب مناظر نکلے اور دنیائے علم وفضل پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اس دارالعلوم کی شاگرد موجودہ دینی درسگاہوں کے شیخ الحدیث اور شیخ

الفقہ کہلا رہے ہیں۔

لاہور کی سیاسی فضا

۱۹۲۶ء سے لے کر قیام پاکستان تک لاہور سیاسی تحریکوں کا مرکز رہا اور اہل لاہور نے سیاسی قیادت پر ہمیشہ اچھے اثرات مرتب کئے یہ بات کسی دلیل کی محتاج نہیں تھی جس تحریک کو اہل لاہور نے قبول کر لیا وہ سارے ہندوستان پر چھا گئے یہ سیاسی تحریکیں اور دینی مباحث انگریز کے پھیلائے ہوئے خیالات اور غلامی کے خلاف ایک احتجاج تھا حضرت مولانا ابوالحسنات ان ایام میں لاہور میں مقیم تھے۔

ہر سیاسی اور دینی تحریک کا جائزہ لیتے اور پھر ان میں اپنا کردار ادا کرتے۔ کشمیر چلو کی مہم، مسجد شہید گنج کی تحریک، خاکسار تحریک، احرار کشمکش، مجلس اتحاد، مولانا ظفر علی خاں کا دم مست قلندر دھر گرا، اور پھر تحریک آزادی ہند اور قیام پاکستان جیسی تحریکیں ابھرتی رہی اور مولانا ہمیشہ حق کی آواز پر لبیک کہتے رہے۔ وہ بلا خوف تنقید اپنے خیالات کا اظہار کرتے پاکستان بننے کے بعد قرار داد مقاصد، تحریک آزادی کشمیر اور پھر تحریک ختم نبوت میں مولانا موصوف مرکزی کردار کی حیثیت سے آگے بڑھے۔ علماء ومشائخ کے علاوہ عوام الناس نے آپ سے پورا پورا تعاون کیا۔ نظریہ پاکستان کی تائید وحمایت میں لاہور کے وہ پہلے عالم دین ہیں جو بنارس سنی کانفرنس ۱۹۲۵ء میں شریک ہوئے۔ (۱) اور ایک تاریخی ریزولیشن پاس کروا کے قائداعظم کو یقین دلایا کہ برصغیر کی عظیم سنی اکثریت مطالبہ پاکستان میں آپ کے ساتھ ہے۔ آپ نے قیام پاکستان کی حمایت میں بڑی تن دہی سے کام کیا اور یہ وہ زمانہ تھا کہ دیو بندی مکتب فکر کے علماء جمعیۃ العلماء ہند اور کانگریس میں شمولیت کی وجہ سے گاندھی اور نہرو کی حمایت میں فتوے دیتے اور مسلمانوں کو اپنی علمی وجاہت سے مطالبہ پاکستان سے روکتے تھے۔ (۲)

---

(۱) آل انڈیا سنی کانفرنس، جلال الدین قادری، ۱۹۹۹ء، ص ۱۵۷۔

(۲) خلفائے اعلٰحضرت، محمد صادق قصوری، ۱۹۹۲ء، ص: ۲۱۹

مولوی شبیر احمد عثمانی کے علاوہ اس دور کا دیوبندی طبقہ مسلمانوں کی اس فکری تحریک سے دور رہا۔ بلکہ مسلمانوں کو دور کرتا رہا۔ مولانا ابوالحسنات اور دوسرے سنی علماء نے ان نام نہاد علماء کا مقابلہ کیا اور عوام پر ثابت کر دیا کہ نیشنلسٹ علماء مقام محمد ﷺ سے کتنے بے خبر ہیں۔ (۱)

آپ نے تحریک قیام پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ علماء مشائخ کے وفد مرتب کئے۔ پنجاب کے ہر شہر ہر قصبہ کی طرف نکل پڑے۔ ساری سختی کے باوجود اپنی مہم میں مصروف رہے آخر کار گرفتار کر لئے گئے اس ملک کی آزادی اور قیام پاکستان کیلئے آپ نے قید و بند کی صعوبتوں کو لبیک کہا۔ یہ آپ کی جدوجہد آزادی کا نتیجہ تھا کہ شیوخ کے لاکھوں مرید اور ہزاروں تلامذہ مطالبہ پاکستان کے حامی بن گئے۔ مسلم لیگ نواب زادوں محلات سے نکل کر عوام میں جا پہنچی۔ قائداعظم نے مولانا کی کوششوں کو بڑا سراہا اور ایک خط میں مولانا کا شکریہ ادا کیا۔

(۱) اکابر تحریکِ پاکستان/ صادق قصوری۔ ۱۹۷۹ء۔ لاہور۔ ص: ۴۷۰

جمیۃ العلماء ہند اور جمیۃ العلماء اسلام

ہندوستانی علماء کا ایک طبقہ مسلم لیگ کے نعرے پاکستان کی اس لئے مخالفت کر رہا تھا کہ ان کے رہنما کانگریس کے ارا کین میں سے تھے مولانا ابوالکلام آزاد کا اثر علماء دیو بند تھا۔

مولوی حسین احمد مدنی کانگریس کے زیر اثر تھے دیو بند مکتب فکر کے سارے علماء اپنے ان اماموں کو دیکھ کر مسلم لیگ کے مطالبہ کے خلاف ہو گئے مسلمان چونکہ فطرتاً مذہب پر جان دیتا ہے۔اس نے علماء کے ایک طبقہ کو پاکستان کے خلاف پا کر بڑا ذہنی اضطراب محسوس کیا۔ چنانچہ ان دیو بندی علماء نے "جمعیۃ العلماء ہند" کے نام سے ۱۹۱۹ء میں ایک سیاسی جماعت کو تشکیل دیا اور دوقومی نظریہ کے خلاف محاذ آرائی کرنے لگے۔ (۱)

اسی جمعیۃ میں ایک ایسا طبقہ بھی جو عقیدہ دیو بندی نہ تھے اور پاکستان کے حامی تھے۔انہوں نے جمعیۃ العلماء ہند کے خلاف آواز اٹھائی اور جمعیۃ العلماء ہند کے کانگریسی سے نجات حاصل کرنے کیلئے ایک اور جمعیۃ کی تشکیل کا فیصلہ کیا چنانچہ نظریہ پاکستان کے حامی دیو بند اور سنی علماء جمعیۃ العلماء اسلام کے نام ۱۹۲۰ء سے ایک نئی سیاسی اور دینی جماعت کے پلیٹ فارم پر جمع ہو گئے۔

نظریہ بنیادوں سے ہٹ کر صرف سیاسی اور پاکستان کے استحکام کے لیے کام کیا جائے چنانچہ جمیۃ العلماء اسلام نے ان لوگوں کو سہارا دیا جو علماء دیو بند کے سیاسی کردار سے مایوس ہو چکے تھے۔اس جماعت میں علماء اہل سنت کے علاوہ علماء دیو بند بھی شریک ہو گئے یہ علماء دیو بند دوقومی نظریہ کے حامی تھے مولوی حسین احمد مدنی، مولوی عبدالکلام آزاد اور مولوی سید الرحمٰن اور میاں محمد صاحبان کے احترام کے باوجود مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا احتشام الحق تھانوی جیسے بااثر علماء، دیو بند جمیۃ العلماء اسلام کے ستون بن گئے۔

---

(۱) اکابر تحریک پاکستان/ صادق قصوری۔ ۱۹۷۹ء۔ لاہور۔ص: ۲۲۶،۲۷۰

اورنظریہ پاکستان کی تائید کرنے لگے۔ یہ جماعت کچھ عرصہ تک محض ابتداء مراحل سے گزرتی رہی مگر ۱۹۴۶ء میں اس تحریک نے ہر قصبہ اور ضلع میں شاخیں قائم کرلیں۔

جمعیۃ العلماء اسلام اور جمعیۃ العلماء پاکستان

دینی رنگ دینے کیلئے ملک کے علماء کرام نے جمعیۃ العلماء اسلام کی تشکیل کی تو مولانا شبیر احمد عثمانی اپنے ہم فکر علماء سے بددل ہو کر تحریک پاکستان کے زبردست مبلغ بن گئے۔ علماء نے انہیں صدر منتخب کرلیا چونکہ اس جمعیت میں دیوبندی علماء کی اکثریت تھی جن میں بیشتر حضرات جمعیۃ العلماء ہند اور کانگریس سے نظریات سے بڑے قریب تھے اس لئے وہ علماء اہل سنت کو صحیح معنوں میں کام نہ کرنے دیتے۔ بعض حضرات نے تو یہاں تک تجویز پیش کی تھی کہ جمعیۃ العلماء اسلام کی دو شاخیں بنادی جائیں۔ ایک میں سنی اور دوسری میں دیوبندی جمع ہو کر کام کریں۔ ایک شاخ کی صدارت مولانا عبدالحسنات کے سپرد کردی جائے اس طرح دیوبندیوں کا کھویا ہوا وقار بحال ہونا شروع ہوگیا۔ چنانچہ قیام پاکستان کے چند ہفتے پیشتر جمعیۃ العلماء اسلام کی ایک عظیم الشان کانفرنس اسلامیہ کالج لاہور کے گراؤنڈ میں ہوئی جس میں مولانا شبیر احمد عثمانی نے پاکستان کے حق میں زبردست تقریر کی۔ دوسرے اجلاس کی صدارت مولانا ابوالحسنات نے کرنا تھی مگر اہل سنت کے اکابر نے جن میں حزب الاحناف کے سرکردہ عناصر پیش پیش تھے آپ کو روک دیا اور ان علماء سے مفاہمت اور تعاون سے منع کردیا۔

جو ابھی تک پاکستان کے خلاف زہر چکانی کررہے ہیں۔ جمعیۃ العلماء اسلام سنی علماء کا تعاون حاصل کرنے میں ناکام رہی چنانچہ اس جمعیت کی نظامت کچھ عرصہ کیلئے چودھری عبدالکریم لعل خان صاحب علامہ علاؤالدین صدیقی کے سپرد کردی گئی اسی دوران مولانا عثمانی صاحب تو دستور ساز اسمبلی میں چلے گئے اور جمعیۃ العلماء اسلام علمی اور سیاسی قوت بننے کے بجائے دیوبندی علماء کا مجمع بن کر رہ گئی۔

مولانا عثمانی کے بعد جمعیۃ العلماء اسلام کا ایک اجلاس فیض باغ میں ہوا۔ لاہور کے مولوی مطیع الحق

کی یہ کوشش تھی کہ علماء دیو بندی پرخلاف پاکستان جو الزام ہے اس سے کس طرح نجات حاصل کی جائے اس اجلاس میں متفقہ طور پر مولانا ابوالحسنات کو صدر جمیعۃ منتخب کیا گیا اور اس طرح سنیوں کا اعتماد حاصل کرنے کی ایک اور کوشش کی گئی مگر چند روز گزرنے کے بعد دیو بندی عقیدے کے انتہا پسند علماء نے ایک سنی عالم دین کی صدارت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا وہ صدر کے تعاون سے دست کش ہو گئے باہمت مولانا ابوالحسنات اس بے روح ڈھانچے میں تازہ زندگی پہنچانے کی کوشش کرتے رہے مگر ناکام ہو گئے چنانچہ مستعفیٰ ہو کر جمعیۃ کو ان لوگوں کی ثواب دیدہ پر چھوڑ دیا گیا جو اسے اپنے مقاصد کیلئے چلانا چاہتے تھے۔

واضح رہے کہ مورخین نے مولانا ابوالحسنات کی اس اہم ملی خدمات کو تحریر کرنے سے نظرانداز کر دیا ہے وہ یہ کہ ۹ مارچ ۱۹۴۹ء کو پہلی دستور ساز اسمبلی میں جو قرار داد مقاصد پیش کی گئی تھی اس میں مولانا کی مسائی کا بڑا حصہ تھا آپ نے عوام وخواص کے دلوں پر یہ بات نقش کر دی کہ ہم نے پاکستان کا مطالبہ اسلام اور صرف اسلام کے نام پر کیا ہے لہذا پاکستان کا دستور بھی اسلامی بنیاد پر ہونا چاہئے۔

۴ مارچ ۱۹۴۱ء کو مولانا سید احمد سعد کاظمی ناظم انوار العلوم ملتان (شیخ الحدیث جامعہ پنجاب، بہاول پور) نے مولانا ابوالحسنات کو ایک مفصل خط لکھا اور اہل سنت و جماعت کی بے نظم زندگی پر بڑا دردمندانہ اظہار خیال کیا اور حضرت کو آمادہ کیا کہ ہم مل کر کام کریں اس خط میں مندرجہ ذیل اقتباس مولانا کاظمی صاحب کے درد کی منہ بولتی تصویر ہے۔

اس خط کے بعد ۲۶، ۲۷، ۲۸ مارچ ۱۹۴۸ء کو ملتان میں پاکستان بھر کے سنی علماء کی عظیم کانفرنس بلائی گئی اس کانفرنس میں ملک بھر کے سنی علماء نے جمیعۃ العلماء پاکستان کی بنیاد رکھی اور مولانا ابوالحسنات کو پہلا صدر منتخب کیا گیا۔ (۱)

مولانا نے جمیعت کی صدارت سنبھالتے ہی تمام ملک کا زبردست دورہ کیا ہر ضلع میں ناظم مقرر کیے گئے۔ ہر قصبہ میں شاخیں قائم کیں اور سنیوں کی تنظیم کا کام شروع ہوا۔ مجلس عاملہ نے محسوس کیا کہ جب تک

(۱) خلفاء اعلحضرت، صادق قصوری، ۱۹۹۳ء، ص:

مشائخ کی امداد و تعاون حاصل نہ ہوگا۔اس وقت تک کام صحیح خطوط پر نہیں ہوسکے گا چنانچہ جمعیۃ المشائخ کی تشکیل کی گئی ۷ مئی ۱۹۴۷ء کو ملکر مقتدر مشائخ اور سجادہ نشینان پاکستان کا ایک اجتماع لاہور میں بلایا گیا اس اجتماع مین نہ صرف مشائخ نے ایک تنظیم کی بنیاد ڈالی بلکہ "یوم شریعت" منا کر حکومت پاکستان کو ملک میں اسلامی قوانین کے مفاد پر زور دیا گیا۔

اور ساتھ ہی علماء و مشائخ کو یکجا ہو کر کام کرنے کا اعلان کیا حضرت مولانا ابوالحسنات تاحیات جمعیۃ العلماء پاکستان کے صدر رہے اسی دوران آپ نے تحریک آزاد کشمیر میں بڑا کام کیا اور آپ نے اس سلسلہ میں علماء و مشائخ کی مدد سے نظریہ پاکستان اور جہاد کشمیر کیلئے عوام کو جمع کیا۔

اہل سنت کی بدقسمتی ہے کہ جمعیۃ العلماء بھی چندروز کام کرنے کے بعد سنی اکابر کی بے حسی کا شکار ہوتی گئی اور وہ ساری کوششیں ناکام ہوگئیں۔

ان تکلیف دہ حالات سے ہر فعال تنظیموں کو دوچار ہونا پڑتا ہے تاکہ مقاصد کے حصول میں کوئی راہ نکل آئے اور بالآخر ۱۹۷۰ء میں تمام علماء و مشائخ کرام توبہ ٹیک سنگھ پنجاب میں جمع ہوئے اور حضرت خواجہ قمرالدین سیالوی علیہ رحمتہ کی صدارت میں جمعیۃ العلماء پاکستان کو تشکیل نو میں کامیاب ہوگئے اور جمعیۃ کو ملک کے ایک مرکزی قیادت حاصل ہوگئی۔

وفات

آپ کی وفات ۲ شعبان ۱۳۸۰ھ۔ ۲ جنوری ۱۹۶۱ء میں لاہور میں ہوئی۔(۱) اور آپ کا مزار حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار اقدس کے ساتھ بائیں ہاتھ پر تقریباً ۳۰ فٹ کے فاصلے پر واقع ہے۔

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت۔ مولانا محمود احمد قادری۔ لاہور۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:

مولانا عبدالاحد ابن حضرت شاہ وصی احمد محدث سورتیؒ

مولانا عبدالاحد ابن شاہ وصی احمد محدث سورتیؒ پیلی بھیتی ۱۸۸۳ء بمطابق ۱۲۹۸ھ میں پیلی بھیت (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے چچا مولوی عبدالطیف سورتیؒ (۱) (المتوفی ۱۳۳۶ھ) سے حاصل کی اور بعد میں اپنے والد حضرت شاہ وصی احمد محدث سورتی سے تمام علوم وفنون کی تکمیل کی۔ اور تیرہ برس کی عمر میں اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا احمد رضا خان کی خدمت میں پہنچے۔ جہاں آپ نے باقاعدہ اعلیٰ حضرت سے دورہ حدیث کیا۔ اور اعلیٰ حضرت نے آپ کی اپنے دستِ مبارک سے دستار بندی کی۔ علوم دینیہ سے فراغت پانے کے بعد آپ لکھنو پہنچے اور اپنے والد کے استاد حکیم عبدالعزیز سے تکمیل الطب کالج میں طب کی تعلیم حاصل کی۔ آپ کو اعلیٰ حضرت سے سلسلہ قادریہ میں اجازت وخلافت بھی حاصل کی۔ جب کہ آپ اپنے والد ماجد مولانا وصی احمد محدث سورتیؒ کی طرف سے آپ حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی کے سلسلہ میں بھی بیعت کرنے کے مجاز تھے۔ تعلیم سے فراغت پانے کے بعد آپ نے کچھ عرصہ لکھیم پور میں طبابت کا سلسلہ جاری رکھا۔ پھر اپنے والد کے حکم پر مدرسہ حنفیہ پٹنہ میں مدرس ہو کر چلے گئے۔ جہاں کئی سال آپ کا چشمہ علم فیض رساں جاری رہا مولانا عبدالاحد کو حضرت شاہ فضل رحمان گنج مرادآبادی سے بے پناہ عقیدت تھی۔ چنانچہ آپ اپنے والد کی ہمراہی میں اکثر گنج مرادآباد تشریف لے جاتے۔ حضرت شاہ فضل رحمان گنج مرادآباد کے وصال کے بعد بھی آپ شاہ صاحب کے فرزند مولانا احمد میاں گنج مرادآبادی اور خلیفہ مولانا عبد الکریم گنج مرادآبادی کی خدمت میں برابر حاضری دیتے رہتے تھے۔ ۱۳۲۳ء میں آپ کی شادی حضرت شاہ فضل رحمان گنج مرادآبادی کی نواسی اور مولانا عبدالکریم کی بڑی صاحبزادی محترمہ حمیدہ خاتون سے ہوئی جو علم و فضل سے یکتا اور صاحب سلسلہ خاتون تھیں۔ علامہ محمود احمد قادری نے مولانا عبدالاحد کی شادی کا مفصل

---

(۱) مولانا محمد عبدالطیف سورتیؒ کا شمار پیلی بھیت کے ممتاز علماء دین میں ہوتا تھا آپ اپنے بھائی محدث سورتیؒ کے ہم سبق بھی تھے، دورہ حدیث عبدالحئی لکھنوی فرنگی سے پڑھا اور ارادت حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی سے حاصل تھی۔

احوال تحریر کیا ہے۔آپ نے لکھا ہے کہ " فاضل بریلوی اعلیٰ حضرت عظیم البرکت بھی اس شادی میں شرکت کیلئے باراتیوں کے ہمراہ گنج مراد آباد تشریف لے گئے تھے۔ جب بارات رخصت ہو کر اس زمانے کے ریلوے اسٹیشن مادھو گنج جانے کیلئے روانہ ہوئی تو اسٹیشن پہنچنے سے قبل مغرب کا وقت ہو گیا۔جنگل کا راستہ تھا اور قریب کا گاؤں ڈاکوؤں کی بستی مشہور تھی۔اسی گاؤں کے ایک آدمی نے آ کر اطلاع دی کہ ڈاکو آرہے ہیں۔ اعلیٰ حضرت نے فرمایا اللہ اور اس کا محبوب ہماری مدد فرمائے گا۔ کچھ دیر بعد ڈاکوؤں کا گروہ آتا ہوا دکھائی دیا اعلیٰ حضرت پیش قدمی کر کے اُن کے پاس پہنچ گئے اور فرمایا کہ ہم تمھارے علاقے کے بزرگ۔

حضرت شاہ فضل رحمان کی نواسی بیاہ کر لئے جا رہے ہیں کیا ایسی حالت میں تم ہم کو لوٹنا مناسب سمجھتے ہو؟ آپ کے اس طرز تخاطب کا ڈاکوؤں پر گہرا اثر ہوا اور وہ نہ صرف اپنے ارادے سے باز آ گئے بلکہ تائب ہوئے اور داخل سلسلہ ہونے کا شرف حاصل کیا۔ (۱)

مولانا عبدالاحد کو فن خطابت میں یدطولیٰ حاصل تھا۔آواز نہایت پاٹ دار اور ایسی تھی کہ گھنٹوں ماحول میں گونج برقرار رہتی تھی۔

سیرت النبی ﷺ اور فضائل صحابہ کے بیان پر خصوصی ملکہ حاصل تھا۔تقریر کے دوران اکثر رقت طاری ہو جاتی اور وجد کے عالم میں درود وسلام پڑھنے لگتے تھے۔یہی وجہ ہے کہ نوعمری ہی میں آپ کے مواعظ حسنہ کی پورے برصغیر میں شہرت ہو گئی۔آپ کے واعظ کی اثر پزیری سے متاثر ہو کر اعلیٰ حضرت عظیم البرکت نے بریلی میں ایک خصوصی تقریب کے دوران آپ کو سلطان الواعظین کا خطاب عطا فرمایا اور اپنی طویل نظم الاسمداد میں ایک شعر رقم فرمایا کہ۔

اک اک وعظ عبد الاحد پر
کیسے نتھنے پھیلاتے ہیں یہ (۲)

---

(۱) تذکرہ علماء اہلسنت مولانا محمود احمد قادری ۱۹۹۲ء ص نمبر ۱۲۹

(۲) ایضاً

مولانا غلام مہر علی گولڑوی نے مولانا وصی احمد محدث سورتی کا ذکر خیر کرتے ہوئے ایک مقام پر مولانا عبدالاحد کے بارے میں لکھا ہے کہ واشہرت مواعظہ فی الکناف الھند (آپ کے مواعظ کی شہرت ہندوستان کے اطراف واکناف میں پھیلی ہوئی تھی۔(۱)

سیاسی خدمات

سلطان الواعظین مولانا عبدالاحد کے رگ وپے میں جذبہء حریت موجزن تھا آپ آزادی وطن کے ولدادہ اور انگریزوں کے فریب کارانہ چالوں کے شدید مخالف تھے اور برصغیر میں پروان چڑھتے والی تحریکوں میں حتی المقدور حصہ لیتے تھے۔ ندوۃ العلماء میں غیر مقلدین کی شرکت کے خلاف اپنے والد ماجد کی طرح آپ نے بھی موثر جدو جہد کی اور ندوہ کے مفاسد کو عوام پر واضح کرنے کیلئے مختلف شہروں کے دورے کئے۔ اور مسلمانوں کو اس ادارہ کی تائید وتعاون سے باز رکھا۔ ۲۷ جولائی ۱۹۱۳ء کو کانپور کے مچھلی بازار میں ایک سڑک کی تعمیر کے نتیجہ میں اس بازار کی ایک مسجد کا کچھ حصہ شہید کر دیا گیا۔ حکومت کی اس حرکت سے پورے ہندوستا ن میں اشتعال پھیل گیا اور اضطراب وبے چینی نے اس قدر زور پکڑا کہ ۳ اگست کو مسلمانوں نے مسجد میں جمع ہو کر مسجد کی از سر نو تعمیر شروع کر دی۔

اس کاروائی کو روکنے کے لئے مقامی انتظامیہ نے پولیس طلب کی۔ جس نے مجمع پر گولی چلادی۔ تقریباً چھ سو راؤنڈ کارتوس استعمال کئے گئے اس فائرنگ سے ۱۶ مسلمان شہید اور ۳۰ زخمی ہوئے۔ اس واقعے کی پورے ہندوستان میں شدید مذمت کی گئی۔ مولانا عبدالاحد پیلی بھیتی بھی اس موقع پر کانپور پہنچ گئے اور اپنے خالہ زاد بھائی مولانا نثار احمد کانپوری کے ہمراہ حکومت کے خلاف احتجاج میں بھر پور حصہ لیتے ہوئے اور تقریباً چھ ماہ قید وبند کی صعوبت برداشت کی۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی بھی اس صورت حال کا بغور جائزہ لے رہے تھے چنانچہ آپ نے مسجد کے انہدام کے سلسلے

---

(۱) مولانا غلام مہر علی الیواقیت المہر یہ مطبوعہ مکتبہ مہریہ چشتیاں ۱۹۶۵ء ص: ۸۶

تحریک خلافت میں کردار

۷ جولائی ۱۹۲۰ء کو جب کانگریس اور خلافت کمیٹی نے مشترکہ طور پر انگریزوں کے خلاف ترک موالات کی تحریک کا آغاز کیا تو دوقومی نظریہ کے حامی علماء دین اس بدعت کو روکنے کیلئے میدان عمل میں کود پڑے۔

انہوں نے ہندوؤں سے اتحاد کی سخت مخالفت کی اور کہا کہ انگریز اور ہندو دونوں مسلمانوں کے نزدیک کافر ہیں اور یہ کس طرح ممکن ہے کہ ایک دشمن کو سینے سے لگایا جائے اور دوسرے دشمن کا مقاطعہ کیا جائے۔اعلیٰ حضرت کے موقف کو آگے بڑھانے اور اسے مسلمانوں سے روشناس کرانے کے سلسلے میں اعلیٰ حضرت کے خلفاء اور علماء اہلسنت نے بڑا موثر کردار ادا کیا۔مولانا عبدالاحد نے جو ہندوستان کی سیاست کو اسلامی شریعت کا لباس فاخرہ عطا کرنے کی فکر میں منہمک تھے۔تحریک ترک موالات کے خلاف سرگرم عمل ہو گئے اور پورے ہندوستان کا دورہ کر کے مسلمانوں کو ترک موالات کی شرعی حیثیت اور اس کے دوررس نقصانات سے آگاہ کیا۔انہوں نے اپنی تقاریر میں ہندومسلم اتحاد کی نفی کی اور مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ اس سلسلہ میں قرآنی احکامات کی پابندی کریں۔خصوصاً روہیلکھنڈ میں اس تحریک کے خلاف آپ کو زبردست کامیابی حاصل ہوئی۔اس ضمن میں اعلیٰ حضرت کے ایک معتمد خاص مولوی شفقت حسین وکیل بھی بڑی اہمیت رکھتے ہیں جنہوں نے مولانا عبدالاحد کے ہمراہ اس سلسلے میں مختلف شہروں کے دورے کئے اور مولانا محمد علی جوہر کی ترک موالات کے ضمن میں ناعاقبت اندیشی کا پردہ چاک کیا۔مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیتی نے لکھا ہے کہ ۱۹۲۰ء کے اواخر میں تحریک خلافت کا ایک وفد ہندومسلم اتحاد کی تبلیغ کیلئے جب روہیلکھنڈ پہنچا تو اس نے پیلی بھیت میں مولانا عبدالاحد سے بھی ملاقات کی۔اس وفد کی قیادت امرتسر کے ڈاکٹر سیف الدین کچلو کررہے تھے اور اس میں مولانا نثار احمد کانپوری (المتوفی ۱۳۵۷ھ، ۱۹۳۸ء) بھی شامل تھے۔مولانا عبدالاحد نے وفد سے تقریباً چار گھنٹے مذاکرات کئے اور آخر وقت تک ہندومسلم اتحاد کی مخالفت کرتے رہے۔(۱)

(۱) تاریخ ہندو پاکستان، مولانا قاری احمد مطبوعہ کراچی ۱۹۷۶ء

مولانا عبدالاحد کا یہ خیال اتنا مستحکم تھا کہ رہنمایان خلافت کو تحریک ترک موالات سے دست کش ہونا پڑا اور انہوں نے برادران وطن سے ہٹ کر مسلمانوں کی علیحدہ تنظیم قائم کرنے پر توجہ دی اور یہ حقیقت بالکل واضح ہوگئی کہ کفر واسلام دو متضاد نظریے ہیں اور ان کے متبع کبھی متحد نہیں ہوسکتے۔ تحریک خلافت کے رہنما مولانا نثار احمد کانپوری آپ کے حقیقی خالہ زاد بھائی تھے لیکن جب انہوں نے ترک موالات میں حصہ لیا تو آپ نے اُن کی ہر مرحلہ پر گرفت کی۔ مولانا حکیم قاری احمد نے لکھا ہے کہ کانپور کے ایک جلسے میں مولانا نثار احمد کانپوری ہندو مسلم اتحاد کے عنوان پر تقریر کر کے بیٹھے تھے کہ سلطان الواعظین مولانا عبدالاحد نے اسی اسٹیج سے ہندو مسلم اتحاد کے خلاف دھواں دار تقریر شروع کر دی۔ مولانا نثار احمد خاموش بیٹھے سنتے رہے۔ آخر مجمع میں سے ایک شخص نے آواز اٹھائی تو مولانا کانپوری نے اسے خاموش کر دیا۔(۱)

۱۳۳۳ھ میں مولانا عبدالاحد نے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کی معیت میں فریضہء حج ادا کیا۔ ملفوظات اعلیٰ حضرت میں ہے۔ کہ علماء حرمین شریفین سے اعلیٰ حضرت کی ملاقات کے دوران آپ ہمیشہ ساتھ رہے۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ میں جب حضرت مولانا شیخ صالح کمال سبق قاضی مکہ ومفتی حنفیہ کی خدمت میں گیا تو حضرت مولوی وصی احمد صاحب محدث سورتیؒ کے صاحبزادے عزیزی مولوی عبدالاحد صاحب بھی ہمراہ تھے۔ اس سفر میں مولانا عبدالاحد نے حضرت کبیر العلماء مولانا شیخ احمد ابوالخیر مرداد کو چند احادیث سنا کر سند حدیث حاصل کی۔

جب ۱۹۳۴ھ میں حضرت مولانا وصی احمد محدث سورتیؒ کے وصال کے بعد آپ مدرستہ الحدیث پیلی بھیت میں شیخ الحدیث کے فرائض انجام دینے لگے اور یہ سلسلہ آخر دم تک جاری رہا۔ مولانا حکیم قاری احمد کی قلمی یادداشتوں سے پتہ چلتا ہے کہ سلطان الواعظین ۱۹۳۱ء کے اواخر میں شدید بیمار ہوئے۔ ابتداً پیلی بھیت میں حکیم عبدالجبار خان کے مشورہ سے خود ہی اپنا علاج کرتے رہے لیکن مرض روز بروز شدت اختیار کرتا گیا۔ چنانچہ اپنے صاحبزادے مولانا حکیم قاری احمد کے ہمراہ لکھنؤ تشریف لے گئے تقریباً ایک سال علاج جاری رہا

(۱) ایضاً ص نمبر ۳۵۳

لیکن نقاہت اور کمزوری دور نہ ہوئی اور آپ نے ۱۳ شعبان ۱۳۵۲ھ بمطابق یکم دسمبر ۱۹۳۳ء بروز جمعہ عصر اور مغرب کے درمیان داعی اجل کو لبیک کہا۔ مولانا حکیم قاری احمد کا بیان ہے کہ عصر کے وقت سلطان لواعظین نے فرمایا نیچے کا جسم پاک کردو اور کپڑے تبدیل کرادو میں نے حکم کی تعمیل کی۔ پھر اشارہ سے نماز عصر ادا کی۔ پھر فرمایا کیا دن ہے میں نے عرض کیا جمعہ کا دن ہے فرمانے لگے بہت مبارک ساعت اور دن ہے اس کے بعد سیدھی کروٹ لیٹ کر سیدھا ہاتھ کنپٹی کے نیچے رکھا اور فرمایا۔ پیرومرشد اعلیٰ حضرت کا وصال بھی جمعہ کے دن ہوا تھا۔ کچھ دیر خاموش لیٹے میری طرف دیکھتے رہے۔ پھر فرمایا اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے۔ میں نے بڑی زحمت دی اور اللہ تعالیٰ تم کو اس کا بہتر اجر دے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ پھر زیر لب کچھ پڑھا اور جب آواز تیز ہوئی تو آپ کی زبان مبارک پر "محمد الرسول اللہ" تھا۔ آپ کی انتقال کی خبر پورے ہندوستان میں پھیل گئی۔ کانپور سے اعزاء کی آمد کے بعد آپ کی میت حسب وصیت گنج مراد آباد لے جائی گئی جہاں دوسرے دن بعد نماز عصر اپنے خسر مولانا عبدالکریم مراد آبادی کے پہلو میں سپرد قبر کئے گئے۔ حافظ محمد احسن خلف مولانا احمد حسن نے نماز جنازہ پڑھائی۔

امرتسر کے اخبار الفقیہہ کے مطابق بریلی کی مسجد بی بی جی میں ۱۵ شعبان ۱۳۵۲ھ کو ایک تعزیتی جلسہ ہوا۔ جس میں مختلف بلاد وامصار کے وعلماء نے خطاب کیا۔ اور حجتہ الاسلام مولانا حامد رضا خان بریلوی نے مغفرت کیلئے دعا فرمائی۔

سلطان الواعظین مولانا عبدالاحد قادری پیلی بھیتی نے تین فرزند یادگار چھوڑے جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ مولانا شاہ فضل الصمد مانا میاں، مولانا فضل احمد صوفی اور مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیتی۔ تینوں بھائیوں نے تحریک پاکستان میں نمایاں کردار ادا کیا۔ بالخصوص حضرت مولانا قاری احمد پیلی بھیتی کے حوالے سے جناب خواجہ رضی حیدر ڈائریکٹر قائداعظم اکیڈمی کراچی تحریر فرماتے ہیں (۱)

(۱) تذکرہ محدث سورتی خواجہ رضی حیدر مطبوعہ کراچی ص نمبر ۲۰۹

آپ مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیتیؒ سلطان الواعظینؒ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیتی اپنے برادر بزرگ مولانا فضل احمد صوفی کے ساتھ ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ بمطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۱۱ء بروز بدھ اپنے ننھیال گنج مراد آباد میں جڑواں پیدا ہوئے۔ حضرت محدث سورتیؒ نے اس موقع پر گنج مراد آباد میں موجود تھے اپنے پیر و مرشد کی نسبت سے فضل محمد نام رکھا اور ھل سے رونے کی بناء پر قاری کہہ کر مخاطب کیا۔ ابتدائی تعلیم جس میں قرآن حکیم کا ناظرہ اور عربی و فارسی کی ابتدائی کتب شامل تھیں۔ مولانا عبدالحئی پیلی بھیتی خلف الرشید مولانا عبدالطیف سورتی اور ابوالمساکین مولانا ضیاء الدین پیلی بھیتی سے حاصل کی۔ ۱۸ برس کی عمر تک بہت معمولی سی عربی فارسی اور اردو پڑھی آنکھیں اس وقت کھلیں جب والد گرامی مولانا عبدالاحد کا انتقال ہوا۔ آخر میں ایک عرصہ تک ملیریا میں مبتلا رہنے کی وجہ سے مجھے دق کی سی شکایت پیدا ہوگئی تھی چنانچہ والد صاحب نے علاج و معالج سے مایوس ہوکر حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ کو میری بیماری کی تفصیلات تحریر کیں حضرت پیر صاحب نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ بچے کو میرے پاس بھیج دیجئے کچھ دن یہاں قیام کے بعد انشاء اللہ صحت یاب ہوجائے گی۔ حضرت پیر صاحبؒ نے مجھ پر عنایات کے دروازے کھول دیئے تھے۔ آپ نے اپنے دست مبارک پر مجھے بیعت کیا اور فرمایا کہ قاری غلام محمد صاحبؒ سے قرآت سیکھیے اور مولانا غازیؒ سے اپنی کتابیں پڑھیں۔ چنانچہ چار ماہ پیر و مرشد کی خدمت میں حاضر رہنے کے بعد پیلی بھیت لوٹ آیا۔ والد صاحب بواسیر کے دائمی مریض تھے اور اور ان دنوں مرض میں اضافہ ہوگیا۔ چنانچہ آپ کی تیمارداری میں لگادیا اور یہ سلسلہ ۱۹۳۶ء میں طبیہ کالج لکھنؤ سے حکمت کی سند حاصل کی۔ مولانا حکیم قاری احمد کی زندگی بھی ایک جہد مسلسل سے تعبیر ہے انہوں نے جہاں اپنی تحریروں میں کم علمی اور کمسنی میں علم سے اپنی بے رغبتی کا ایک سچے انسان کی طرح اعتراف کیا ہے وہاں ان کی تحریروں میں جوئے شیر لانے کا عمل بھی جھلکتا ہے۔ علماء کی عزت اور بزرگوں کا احترام آپ کا دائمی مشغلہ تھا یہی وجہ ہے کہ آپ میں متقدمین کی سی مزاجی کیفیت پائی جاتی ہے۔ مولانا نے اپنی عملی زندگی کا آغاز ایک طبیب کی حیثیت سے کیا اور پھر آپ کی شخصیت مختلف کانوں میں بٹتی چلی گئی لیکن طبابت کا سلسلہ تادم آخر جاری رہا۔ مولانا حکیم قاری احمد نے پیلی بھیت واپسی پر حضرت محدث سورتیؒ کے اس تبلیغی مشن کی تجدید کی جو سلطان الواعظین مولانا عبدالاحدؒ کی

وفات کے بعد کسی حد تک ختم ہوگیا تھا۔ آپ نے پیلی بھیت میں عید میلاد النبی ﷺ کی تقریبات کا بڑے پیمانے پر اہتمام کیا اور ان میں شرکت کے لیے مقتدر علماء کو دعوت دی۔ اہل ندوہ اور غیر مقلدین نے پورے ملک میں سیرت کمیٹیوں کے نام سے تنظیمیں قائم کیں جن کا مقصد محفل میلاد کو ختم کرنا اور سلام و درود کے سلسلے کو روکنا تھا پیلی بھیت کے سادہ لوح عوام بھی اس دام ہمرنگ زمین کا شکار ہو گئے تھے اور ایک سیرت کمیٹی نے یہاں کام کرنا شروع کر دیا تھا۔ چنانچہ مولانا نے ۱۹۵۶ء بمطابق ۱۹۳۷ء سیرت کمیٹی کے شائع کردہ لٹریچر کی چند عبارتوں پر علماء اہل سنت سے فتویٰ طلب کیا جس کا جواب مولانا حشمت علی خاں لکھنوی نے تفصیلاً دیا اور اس کی تصدیق مولانا نعیم الدین مرادآبادی ابوالمساکین مولانا عبدالحق پیلی بھیتی نے فرمائی۔ یہ فتویٰ ایک رسالہ کی صورت میں اہل سنت برقی پریس سے مرادآباد سے طبع ہوا۔ (۱)

مولانا حکیم قاری احمد کی خانقاہ رضویہ بریلی سے عقیدت کا حال یہ تھا کہ آپ ہر سال اعلحضرت کے عرس میں تشریف لے جاتے اور تقریر فرماتے۔ اپنی یادداشتوں میں مولانا تقدس علی خاں کے تذکرہ کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ اعلحضرت فاضل بریلوی کے عرس کے موقع پر میرے بعد مولانا حشمت علی خان تقریر کرنے والے تھے۔ چنانچہ میں نے اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے کہا کہ اب مولانا حشمت علی خاں آپ سے خطاب فرمائیں گے جن کے سامنے میں مچھر کی بھی حیثیت نہیں رکھتا ہوں۔ مولانا حشمت علی خاں نے تقریر کے لیے کھڑے ہوتے ہی فرمایا کہ قاری صاحب نے خود کو مچھر کہہ کر مجھے نمرود بنادیا۔ جس پر لوگ بہت ہنسے۔ یہ واقعہ قیام پاکستان کے بعد مولانا تقدس علی خاں نے ایک ملاقات میں مولانا کو یاد دلایا جسے بعد میں مولانا نے اپنی یادداشتوں میں قلمبند کیا۔ مولانا قاری احمد اپنے والد کی طرح دوقومی نظریہ کے علمبردار تھے۔ چنانچہ ۱۹۳۶ء کے بعد مسلم لیگ کی تنظیم نو میں آپ نے ایک کارکن کی حیثیت سے حصہ لیا اور بہت جلد روہیلکھنڈ خصوصاً پیلی بھیت اور اس کی تحصیلوں میں مسلم لیگ کو ایک مستحکم جماعت کا روپ دے دیا۔ آپ کو شعبہ بیانی اپنے والد سے ورثہ میں ملی تھی۔ چنانچہ مسلم لیگ کے اجلاسوں میں آپ ایک کامیاب مقرر کی حیثیت سے

(۱) سیرت کمیٹی کے حال وقال مطبوعہ اہل سنت برقی پریس، مرادآباد، ۱۳۵۶ھ

سامنے آئے۔ بریلی، بدایوں، رامپور، شاہجہاں پور وغیرہ میں آپ کی تقاریر کا بہت شہرہ تھا۔ ۱۹۳۸ء میں پیلی بھیت کے سید بشارت علی کی صاحبزادی سیدہ خاتون سے آپ کا عقد ہوا۔ نکاح مولانا فضل حق رحمانی نے پڑھایا تھا۔ ۱۹۲۸ء میں پیلی بھیت سٹی مسلم لیگ کے صدر منتخب ہوئے۔

۷ امارچ ۱۹۳۹ء کو علی گڑھ سے واپسی پر جب قائد اعظم محمد علی جناح بریلی تشریف لائے تو مولانا صدہا کارکنوں کا ایک جلوس لے کر پیلی بھیت سے بریلی پہنچے اور قائد کے پر جوش استقبال میں حصہ لیا۔ قائد اعظم کی بریلی آمد کی تفصیلات مولانا نے اپنی کتاب تاریخ ہندو پاک میں درج کی ہیں۔ (۱) ۱۹۳۹ء کے اواخر میں کانگریس کی وزارتوں کے خاتمہ پر مسلمانان ہند نے قائد اعظم کی اپیل پر نہایت جوش وخروش سے یوم نجات منایا۔ اس موقع پر مولانا حکیم قاری احمد نے پیلی بھیت میں مسلم لیگ کے صدر کی حیثیت سے جلسہ کیا اور جلوس نکالا۔ جس کے نتیجے میں مقامی انتظامیہ نے آپ کو گرفتار کر لیا۔ اس اقدام سے پیلی بھیت کے شہریوں میں استعال پھیل گیا اور پورے شہر میں بے چینی اور اضطراب کی ایسی فضا پیدا ہوئی کہ تیسرے دن ہی مولانا کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس وقت پیلی بھیت میں مسلم لیگ کے سرکردہ رہنماؤں میں ڈاکٹر عبدالغفور، عظمت حسین وکیل اور فضل الرشید وکیل خاصی شہرت کے حامل تھے۔ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو قرارداد پاکستان کی منظوری کے بعد جب آل انڈیا سنی کانفرنس نے مسلم لیگ کے موقف کی تائید کی تو پورے ہندوستان میں ایک عظیم انقلاب برپا ہو گیا۔ عوام اہل سنت نے دل کھول کر مسلم لیگ سے تعاون شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے مسلم لیگ ہندوستان کے مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت کا روپ دھار گئی۔ پیلی بھیت میں علماء اہل سنت کا ایک طبقہ جس کی رہنمائی مولانا حشمت علی خان کر رہے تھے۔ مسلم لیگ سے بدظن تھا لیکن اس کے باوجود ۱۹۴۵ء کے انتخابات کے موقع پر علماء اہل سنت نے مسلم لیگی امیدواروں کی حمایت کے سلسلہ میں متفقہ فتویٰ دیا تو مخالف علماء میں سے اس کے خلاف فتویٰ دیا تو صورت نازک اختیار کر گئی اور مولانا قاری احمد کی کوشش سے مولانا حشمت علی خاں سیاست سے بالکل کنارہ کش ہو گئے۔ پیلی بھیت میں آل انڈیا سنی کانفرنس کا قیام عمل میں آیا۔ اور شاہ مانا

(۱) تاریخ ہندو پاک، ص: ۳۹۵

میاں قادری/ چشتی پیلی بھیت کو صدر منتخب کیا گیا۔ جب کہ مولانا حکیم قاری احمد کو ناظم اعلیٰ مقرر کیا گیا۔ پیلی بھیت میں آل انڈیا سنی کانفرنس کا قیام مسلم لیگ کی ایک بڑی کامیابی تھی جس کا تمام تر سہرا مولانا کے سر تھا۔ ۱۹۴۶ء میں آل انڈیا سنی کانفرنس کے اجلاس بنارس میں مولانا حکیم قاری احمد نے پیلی بھیت سے ایک قافلہ کی شکل میں شرکت کی اور ۱۹۴۷ء میں سنی کانفرنس پیلی بھیت کے انتخابات بھی عمل میں آئے۔ جس میں بھاری اکثریت سے مولانا حکیم قاری احمد کو صدر اور مولانا حبیب احمد قادری کو ناظم اعلیٰ منتخب کیا گیا۔(۱)

قیام پاکستان کے بعد مولانا قاری احمد نے پیلی بھیت کے مسلمانوں کی مجموعی حالت کے پیش نظر ترک وطن کا فیصلہ منسوخ کر دیا اور مسلمانوں کو ہندوؤں کی دست برد سے بچانے کی کوششوں میں لگے رہے۔ آپ اپنی یادداشتوں میں لکھتے ہیں کہ ''پاکستان بن تو گیا مگر ہندوستان میں مسلمانوں کی زندگی زبردست خطرے میں پڑ گئی۔ مار پیٹ اور بلوے پہلے سے زیادہ ہونے لگے ہر طرف مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کیا جانے لگا۔ پہلے تو فوج اور پولیس مداخلت بھی کرتی تھی مگر پاکستان بننے کے بعد تو فوج و پولیس مداخلت بھی کرتی تھی مگر پاکستان بننے کے بعد تو فوج و پولیس کی مدد بھی ہندو بلوائیوں کو حاصل ہوگئی۔ پاکستان چلو/ یہ تھا وہ نعرہ جو تقسیم ہند کے بعد ہر طرف سنا جا رہا تھا۔ مسلمان بہت پریشان تھے۔ اپنی جائیداد اور اسباب سب کچھ لٹا کر ہجرت کر رہے تھے اس لیے نہیں کہ ہندوؤں کا خوف غالب تھا اور مرنے سے ڈرتے تھے بلکہ ہندو اکثریت کے مظالم طعنوں اور تنگ نظری نے پاؤں اکھاڑ دیے تھے۔ تھوڑے ہی دن بعد گاندگی کے قتل نے جلتی پر تیل کا کام کیا اور مسلمانوں پر حملے شدید ہو گئے انہی ایام میں مجھے کانپور لکھنو، الہ آباد جانے کا اتفاق ہوا۔ ہر طرف مسلمان سہمے ہوئے تھے۔ ٹرین میں ہندو مسلم ڈبے علیحدہ ہو گئے تھے کوئی مسلمان اگر ہندوؤں کے ڈبہ میں چلا جاتا تو اس قدر پریشان کیا جاتا کے ڈبے سے اترنا پڑتا۔ انہی دنوں برادر بزرگ فضل احمد صوفی کا کراچی سے خط آیا ان کی طبیعت سخت خراب ہے۔

چنانچہ فوری طور پر کراچی آنے کی تیاری شروع کر دی آخر جولائی ۱۹۴۸ء میں بیوی اور بچوں کو لے کر پیلی بھیت سے آگرہ ہوتا ہوا بمبئی پہنچا۔ آگرہ میں ہندو خونچہ والے تک مسلمانوں کو سودا دینے سے منع

(۱) ہفت روزہ ہمدرد، دہلی رپورٹ مطبوعہ، ۳۰ جون ۱۹۴۷ء

کر دیتے تھے۔ میں نے ایک خونچہ والے سے سودا طلب کیا تو کہنے لگا دور ہٹ کر کھڑے ہو ورنہ یہیں قبرستان بن جائے گا۔ بمبئی کے مسافر خانہ میں تین دن قیام کے بعد بذریعہ بحری جہاز کراچی پہنچ گیا۔ مگر صوفی صاحب کی حالت بہت خراب تھی چار ماہ مستقل علاج کے باوجود وہ صحت یاب نہ ہو سکے اور دسمبر ۱۹۴۸ء میں اللہ رحمت میں پہنچ گئے۔''

مولانا فضل احمد صوفی کے وصال کے بعد مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیت واپس نہ جا سکے کیونکہ مسلم لیگ سے وابستگی اور قیام پاکستان کے لیے سرتوڑ جدوجہد کی بناء پر پیلی بھیت کے ہندوان کے شدید مخالف ہو گئے تھے یوں بھی پیلی بھیت سے فسادات کی اطلاعات آ رہی تھیں پھر مولانا فضل احمد صوفی کے پسماندگان کی نگہداشت کا مسئلہ بھی سامنے تھا۔ اس لیے انہوں نے پاکستان میں ہی مستقل قیام کا فیصلہ کر لیا۔ آبادی در و دیوار اور موروثی وجاہتوں کو ترک کر کے اجنبی شہ میں از سرنو زندگی گزارنے کا فیصلہ ہر چند بڑا جانکسل تھا لیکن اسے قبول کرنا پڑا۔ مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیت کو ابتداء میں شدید ترین معاشی پریشانیوں سے دوچار ہونا پڑا اور تقریباً دو سال کی مسلسل جدوجہد کے بعد روزگار کا مسئلہ حل ہوا۔ اس عرصہ میں مولانا نے اشاعت اسوہ رسول کے لیے قرطاس وقلم کو اپنا لیا اور اسلامی موضوعات پر متعدد بصیرت افروز مضامین تحریر کیے جو روزنامہ جنگ، روزنامہ انجام، روزنامہ مسلمان اور نئی روشنی میں شائع ہوتے رہے۔ اس دوران آپ کی ملاقات عبدالحامد بدایونی سے ہوگئی اور آپ نے جمعیت علمائے پاکستان کی سرگرمیوں میں پرجوش حصہ لینا شروع کر دیا۔ ۱۹۵۹ء میں پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت کے مصر کی حیثیت سے شریک ہوئے اور قرارداد مقاصد کی تائید کی ۱۹۵۰ء میں کراچی سے نکلنے والے ایک مذہبی ماہنامہ الاسلام کے نائب مدیر مقرر ہوئے اور مذہبی و تاریخی موضوعات پر متعدد مضامین قلمبند کیے۔ ان مضامین کے تراشوں پر مشتمل ایک فائل راقم الحروف کی نظر سے گزرا ہے جس میں ''اسلامی عدالتوں کی ایک جھلک'' آنحضرت ﷺ کی خطابت و فصاحت'' آنحضرت ﷺ کا حلیہ مبارک'' اسلام میں طبقاتی جنگ کے پہلے علمبردار حضرت ابو ذر غفاریؓ، اسلام کا نظام صنعت و تجارت'' امام ابو یوسف کی اقتصادی اور تمدنی اصلاحات'' کے عنوان سے طویل مطبوعہ مقالے موجود ہیں۔

جمعیت علمائے پاکستان سے وابستگی اور مولانا عبدالحامد بدایونی سے برادرانہ مراسم کی بنیاد پر مولانا حکیم قاری احمد کی سیاسی حیثیت کسی حد تک بحال ہونے لگی لیکن ابھی معاش کا مسئلہ مستقل طور پر حل نہیں ہوتا تھا اس لیے آپ نے اپنی رہائش گاہ واقع کھارادر میں ''سورتی دواخانہ'' کے نام سے مطب کا آغاز کیا۔ مگر گوں نا گوں مصروفیات کی بناء پر طبابت کی طرف پوری توجہ نہ دے سکے اور تحریر و تقریر کے ذریعے اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کی تبلیغ میں منہمک رہے۔ ۱۹۵۳ء میں آپ حج تحریر کیا جو کراچی سے شائع ہوا تھا اس سفر نامہ پر مولانا عبدالحامد بدایونی نے اپنی تقریظ میں تحریر فرمایا کہ '' یہ سفرنامہ ایک زائر حرم اور عاشق بارگاہ رسالت کے محض خیالات و مشاہدات کا مجموعہ ہی نہیں بلکہ یہ حضرات صحابہ، حضرات اہلبیت و ازواج مطہرات اور حرمین شریفین کے تاریخی حالات اور متبرک مقامات مقابر و مساجد کی وہ کیفیت بھی پیش کرتا ہے جس سے ہر زائر حرم میں مطالعہ اور مشاہدہ کا شوق بڑھتا ہے۔ سفرنامے میری نظر سے بکثرت گذرے ہیں۔ لیکن حکیم قاری احمد پیلی بھیت کا یہ سفرنامہ حقیقتاً ایک ایسا مجموعہ ہے جو زائرین و حجاج کے لیے صحیح معنی میں مشیر الحج ہوسکتا ہے۔ (۱)
مولانا کے اس سفرنامہ کو عوام و خواص دونوں میں یکساں مقبولیت حاصل ہوئی۔ ہر چند مولانا کی یہ پہلی تصنیف تھی لیکن اظہار و بیان پر بے پناہ قدرت کی بناء پر علمی حلقوں میں اسے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا گیا۔ اس مرحلہ پر مولانا کو علماء کے ایک حریص گروہ کی جانب سے شدید ترین مخالفت کا سامنا کرنا پڑا بظاہر اس کی ایک وجہ مولانا حکیم قاری احمد کی عوام و خواص میں یکساں مقبولیت تھی تو دوسری طرف وہ اعتماد تھا جس کا اظہار مولانا بدایونی علی الاعلان فرمایا کرتے تھے۔ ۱۹۵۳ء میں مولانا عبدالحامد بدایونی نے مولانا قاری احمد کو جمعیت علماء پاکستان صوبہ سندھ کا نائب صدر مقرر کیا۔ اور جمعیت کی تبلیغی کانفرنسوں میں نمایاں حیثیت دی۔ جمعیت علمائے پاکستان کے زیر اہتمام ۱۰ اکتوبر ۱۹۵۴ء کو کنگری گراؤنڈ بیٹھادر (موجودہ جوہر پارک) میں بڑے پیمانے پر یوم حسین منایا گیا۔ جس کی صدارت اس وقت کے گورنر جنرل غلام محمد نے کی تھی۔ اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے مولانا حکیم قاری احمد نے کہا کہ اگر ہم نے حضرت امام عالی مقام کی سیرت و کردار کو رہنما بنایا تو یقیناً معاونت الٰہی ہمارے ساتھ ہوگی۔ اگر حسینؓ سے محبت کا ثبوت دینے کے لیے کچھ کیا جاسکتا ہے تو یہی کہ سیرت حسینؓ، فداکاری حسینؓ، عزم و ثبات حسینؓ اور عظمت اہلبیت کو زیادہ سے زیادہ عام کریں۔ مولانا قاری احمد نے

اپنی تقریر کے آخر میں مولانا عبدالحامد بدایونی اور علامہ رشید ترابی کو اتحاد بین المسلمین کے سلسلے میں گراں قدر مشترکہ خدمات انجام دینے پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ آج یہ عظیم الشان اجتماع اس اتحاد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ (۱) جمعیت کے ہی زیراہتمام ۹ نومبر ۱۹۵۴ء کو جہانگیر پارک میں دوروزہ عید میلاد النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ اگر ہم کتاب وسنت پر عمل کریں تو صدیوں کا کام برسوں میں پورا ہوسکتا ہے۔ بغیر غلامی مصطفیٰ و اطاعت مصطفیٰ ہم کوئی حقیقی مقام وعزت حاصل نہیں کرسکتے۔ جمعیت علماء پاکستان جشن عید میلاد النبی ﷺ کا اہتمام صرف اس غرض سے کرتی ہے کہ ملت پاکستان میں اتحاد و یگانگت محبت ورواداری ایثار خلوص اور حجور آقائے کونین اروا حنالہ الفدا ء سے سچی نسبت پیدا ہو۔ (۲)

مولانا کا یہ انداز خطابت علماء کے اس حریف گروہ کے لیے سوہان روح تھا۔ کیونکہ ان کی دوکانداری متاثر ہوتی تھی۔ چنانچہ اس گروہ نے مولانا کے خلاف الزام تراشیاں شروع کردیں پہلے شیعہ ہونے کا لیبل چسپاں کیا اور پھر دیوبندی قرار دے دیا۔ حضرت محدث سورتی کے دروازہ سے علم کی خیرات لے جانے والوں کی اولاد نے نبیرہ محدث سورتی کے مسلک پر قدغن لگائی نفرت وعداوت کا بازار گرم کیا اور ایسے وقت میں جب کہ پاکستان میں مسلک اہل سنت کا بول بالا کرنے کی ضرورت تھی اپنی دوکان کو چمکانے کے لیے ایک عالم اہل سنت کا اقتصادی وسماجی مقاطعہ ضروری سمجھا گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مولانا حکیم قاری احمد نے مسلک کو اس عداوت ونفرت سے بچانے کے لیے نہ صرف خاموشی اختیار کرلی بلکہ ایک حد تک خود کو سمیٹ لیا۔ اس مرحلہ پر مولانا عبدالحامد بدایونی نے مداخلت کی لیکن مولانا حکیم قاری احمد نے یہ کہہ کر مولانا کو مداخلت سے روک دیا کہ میرا میدان تحریر وتقریر ہے اور میں اس سلسلہ کو تادم مرگ جاری رکھوں گا۔ جولوگ چندہ اور عطیات پر زندہ ہیں وہ مرجائیں گے اور میرے لکھے ہوئے لفظ ہمیشہ میری صداقتوں کی گواہی دیتے رہیں گے۔ اور پھر یوں ہوا کہ اختلافات نے دم توڑ دیا۔ اور مولانا حکیم قاری احمد ایک مایہ ناز مصنف کی حیثیت سے خود کو روشناس کراتے چلے گئے۔ فروری ۱۹۵۵ء میں کراچی کے ایک اشاعتی ادارے قرآن محل کے مالک مولوی محمد سعید کی

(۱) روئیداد یوم حسین، مطبوعہ کراچی ۱۹۵۵ء

(۲) روئیداد، جشن عید میلاد النبی ﷺ ۱۹۵۵ء

فرمائش پر آپ نے اس ادارہ سے شائع ہونے والے ماہنامہ پیام حق کی ادارت سنبھال لی۔ اور نہایت خاموشی کے ساتھ اس حیثیت سے تادم مرگ کام کرتے رہے مولانا قاری احمد سے جب کوئی پیام حق کی پالیسی اور عقائد کے متعلق سوال کرتا تو آپ بغیر کسی بحث میں الجھے ہوئے فرماتے کہ پیٹ کے لیے حضرت علیؓ نے یہودیوں کے کھیتوں میں پانی دینے پر مزدوری اختیار کی تھی۔ میں ایک ادنیٰ سا مسلمان ہوں اور بحمداللہ آج بھی اپنے جدامجد کے مسلک پر قائم ہوں، مگر مولانا کی یہ منطق کج فہم اور متشدد افراد کے لیے صرف ایک حیلہ کا درجہ رکھتی تھی جب کہ مولانا نے پیام حق کے اداریوں اور مضامین میں کھل کر اپنے عقائد کا اظہار کیا اور برملا علامہ فضل حق خیرآبادی اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں اور حضرت محدث سورتیؒ کے مسلک کو حق ثابت کیا۔ آپ نے قرآن محل سے وابستگی کے بعد تصانیف کثیرہ قلمبند فرمائیں۔ تصنیف وتالیف کے علاوہ مولانا کاغذی بازار کے علاقہ میں ''سورتی دواخانہ'' کے نام سے پابندی کے ساتھ ۲۵ سال مطب کرتے رہے آپ نے بادامی مسجد میٹھادر، ترک مسجد لی مارکیٹ اور رحمت مسجد بھیم پورہ میں بحیثیت خطیب خدمات انجام دیں۔ کئی سال سے قرآن کریم کی تفسیر زیر قلم تھی۔ کہ بروز جمعہ تین بجے سہ پہر ۱۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۶ھ بمطابق ۱۴ مئی ۱۹۷۶ء کو حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے اللہ کی رحمت میں پہنچ گئے۔ اسی دن بعد نماز عشاء سخی حسن قبرستان واقع نارتھ ناظم آباد میں سپرد لحد کیا گیا۔ روزنامہ جنگ کراچی، روزنامہ حریت کراچی، روزنامہ ڈان کراچی، روزنامہ مشرق کراچی اور روزنامہ نوائے وقت لاہور نے مولانا کے انتقال کی خبر سیاہ حاشیہ میں شائع کی اور ان کی علمی خدمات کا اعتراف کیا۔ جناب احمد سعیدہ خان سعید پہلی بھیتی نے قطعہ تاریخ وفات لکھا۔

مختصر تاریخ ہے مرحوم کی
کان حکمت علم وشعور
سال رحلت سے ہے ظاہر مغفرت
قاری احمد کل تھے آپ عبدالغفور

(۱۳۹۶ھ)

مولانا شاہ حسین گردیزی نے مولانا کی پہلی برسی پر ایک مضمون میں مولانا کی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا کہ ممتاز عالم دین اور مورخ مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیتی گذشتہ سال کراچی نہایت گمنامی اور گوشہ نشینی کی زندگی گزارنے کے بعد اس دار فانی سے عالم جاودانی کی سمت کوچ کر گئے۔ مولانا کی تمام زندگی فقہ اور تاریخ فقہ اور تاریخ کی خدمت میں گزری اور وہ بھی اس انداز سے کہ نہ ستائش کی تمنا کی اور نہ کبھی صلہ کی پرواہ۔ نہایت خاموشی کے ساتھ لکھنے پڑھنے میں مصروف رہے یہی وجہ ہے کہ فقہ و تاریخ جیسے اہم موضوعات پر بائیس سے زائد ضخیم مبسوط کتابیں تحریر کرنے اور بیس سال سے زائد ایک رسالہ کی ادارت کے فرائض انجام دینے کے بعد ان کی شناسائی چند لوگوں تک محدود رہی اور بیتر افراد کو گذشتہ سال ان کے انتقال پر اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں سے یہ علم ہوا کہ مولانا تصنیف و تالیف سے بھی شغف کرتے تھے۔ دراصل یہ مولانا کی اعلیٰ ظرفی اور حصول شہرت سے عدم دلچسپی کا نتیجہ تھا کہ انہوں نے کبھی اپنی استعداد علمی اور معلومات وافرہ کے اظہار و نمائش کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ (۱)

قیام پاکستان کے بعد مولانا کے جن علماء محققین سے دیرینہ مراسم قائم رہے ان میں مولانا عبدالحامد بدایونی، مولانا مفتی محمد عمر نعیمی، مولانا عبدالسلام باندوی، مولانا یعقوب ضیاء القادری بدایونی، مولانا بہزاد لکھنوی، مولانا اطہر نعیمی، مولانا جمیل احمد نعیمی، مولانا تقدس علی خاں بریلوی، پروفیسر محمد ایوب قادری، مفتی انتظام اللہ شہابی، جناب محمد علی خان سب ایڈیٹر روزنامہ حریت، مولانا عبدالحکیم خطیب ترک مسجد، مولانا امداد العلی رامپوری، حکیم محمد یونس دہلوی، علامہ رشید ترابی، مولانا بشیر احمد نعیمی اور سید ضامن حسین گویا جہاں آبادی کے نام سر فہرست ہیں۔

(۱) مولانا حکیم قاری احمد پیلی بھیتی، مضمون شاہ حسین گردیزی مطبوعہ روزنامہ جنگ، کراچی ۱۸ مئی ۱۹۷۷ء

اولاد

صفیہ قاری ایم اے (تاریخ اسلام) زوجہ سلیم الدین خاں، زاہدہ قاری بی اے بی ایڈ، شاہدی قاری زوجہ کان صادق حسین خاں، خالدہ قاری بی اے، راشدہ قاری ایم ایس سی، خواجہ رضی حیدر ایم اے، وصی حیدر عمار، ولی حیدر ذاکر، وغیرہ بھی متعدد علمی اور سماجی خدمات ادا کر رہے ہیں۔

الحاصل

مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلوی کے خلفائے میں مولانا الامد پیلی بھیتی اور ان کے صاحب زادے قاری احمد پیلی بھیتی کی دینی علمی خدمات کے علاوہ تحریک پاکستان کے حوالہ سے نمایاں نظر آتا ہے ضرورت ہے کہ ان بزرگوں کی خدمات کو اجاگر کیا جائے تاکہ نسل نو اپنے اکابرین کی خدمات سے متعارف ہو سکے۔ (حسن امام)

(۱) بتصرف۔ تذکرہ محدث سورتی، ص: ۲۴۴، ۲۵۵۔ مؤلفہ خواجہ رضی حیدر

مولانا محمد امام الدین کوٹلویؒ

مناظر اسلام مولانا ابوالیاس امام الدین قادری بن مولانا عبدالرحمٰن کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ کے ایک علمی خانوادے کے چشم و چراغ تھے۔ اپنے برادران سے علمی استفادہ کیا۔ آپ کے دونوں بڑے بھائی عالم فاضل اور اعلیٰحضرت امام اہلِ سنّت کے نہ صرف خاص عقیدت مندوں میں تھے بلکہ اعلیٰحضرت سے دونوں بھائیوں کو یعنی مولانا ابوعبدالقادر عبداللہ کوٹلوی اور فقیہ اعظم مولانا محمد شریف کوٹلوی کو خلافت واجازت بھی حاصل تھی۔ (۱) مولانا ابوالیاس امام الدین قادری کوٹلوی حدیث اور سلسلہ قادریہ میں بیعت کرتے ہوئے خلافت بھی عطا کی تھی۔ (۲)

ادبی خدمات

مولانا امام الدین قادری پنجابی زبان کے قادر الکلام شاعر بھی تھے۔ منظوم کلام میں آپ کو خصوصیت یہ حاصل ہے کہ آیات قرآنی، احادیث نبوی ﷺ اور علمی مضامین کو بہت خوبی سے نظم میں ادا کرتے تھے۔ آپ کے قلمی شاہکار میں سے چند کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نصرۃ الحق (منظوم پنجابی کلام ۱۳۲۸ھ)
۲۔ احتیاط الظہر
۳۔ ہدایۃ الشیعہ (دو حصے)
۴۔ الذکر المحمود فی بیان المولد المسعود

---

(۱) ماہنامہ الرضا بریلی شمارہ ۴۰ ۵۷۔ ۱۳۳۸ھ

(۲) علامہ عبدالحکیم اشرف قادری، تذکرہ اکابر اہل سنت پاکستان، ص: ۸۳، مکتبہ قادریہ ۱۴۰۹ھ لاہور۔

آپ کے چند اشعار (نعتیہ) ملاحظہ ہوں جو بزبان پنجابی تحریر فرمائے:

سب تھیں نبی محمد نوں رب و تاشاں اچیرا
علم غیب سکھلایا اس نوں دور کیتا سب ہنیرا
نام محمد و ارب اپنے ناں دے نال رکھایا
نزد اللہ دے اُتھیں ودھ کے ہور پسند نہ آیا
کراں پسند جو نبیاں وچوں وسا غیب استائیں
وجہ کلام اللہ دے دیکھو کہیا ہے رب سائیں
اُتھیں خاص نتیجہ ظاہر عقلاں والے جانن
غیبی علم نبی نوں ہیں ہر دم شکر کماون (۱)

تحریکِ پاکستان

دیگر خلفاءِ اعلیٰحضرت فاضلِ بریلویؒ کی طرح آپ بھی تحریکِ پاکستان میں نمایاں حصّہ لیا اور آل انڈیا سنی کانفرنس ۱۹۴۶ء میں شریک ہو کر تحریکِ پاکستان کے لیے قرارداد میں موجود رہے۔ آپ کا وصال ۱۹ ربیع الثانی بمطابق اگست ۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱ء کو اپنے گاؤں میں ہوا اور وہیں دفنائے گئے۔ (۲)

(۱) مولانا امام الدین کوٹلوی، نصرۃ الحق ۲ مطبوعہ

(۲) پروفیسر اختر راہی تذکرہ علمائے پنجاب ص: ۱۲۵۔ مکتبہ رحمانیہ، لاہور ۱۹۸۰ء

مولانا محمد شریف کوٹلویؒ

ابو یوسف مولانا محمد شریف ابن مولانا عبدالرحمٰن سیالکوٹی کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ میں ۱۲۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔ علوم دینیہ کی تکمیل اپنے والد ماجد ہی سے کی جو اپنے زمانے کے معتبر عالم اور متورع و متقی بزرگ تھے۔ (۱) والد کے وصال کے بعد برِّصغیر پاک و ہند کے ممتاز علماء سے کسب کیا۔ حضرت حافظ عبدالکریم نقشبندیؒ کے دست حق پر بیعت ہوئے اور خلافت سے مشرف ہوئے۔ اعلیٰحضرت امام اہلِ سنّت سے بھی چھ سلسلوں میں اجازت حاصل تھی۔

مولانا محمد شریف کوٹلوی نے فراغت کے بعد مجاہدہ تبلیغ اختیار فرمایا۔ ترک تقلید کے انسداد اور تائید مذہب حنفیت اہلِ سنّت کے لیے آپ نے کوشش فرما کر ہفت روزہ ''اہلِ حدیث'' امرتسر کے بالمقابل ہفت روزہ ''الفقیہہ'' نامی اخبار جاری کیا جس میں اہلِ حدیث حضرات کے خلاف مناظرانہ رنگ میں لکھتے رہے اس کا یہ اثر ہوا کہ مولوی ثناءاللہ امرتسری (م ۱۳۶۷ھ) بھی آپ کی فقاہت کے معترف ہوئے اور پھر کئی اہلِ حدیث حضرات سے مناظرے بھی ہوئے جس میں آپ کو برابر کامیابی حاصل ہوئی۔ چنانچہ اعلیٰحضرت فاضل بریلویؒ نے آپ کو ''فقیہہ اعظم'' جیسے لقب سے نوازا۔ (۲)

---

(۱) مولانا محمود احمد قادری تذکرہ علماء اہلِ سنّت ص:۲۲۵ مطبوعہ کانپور انڈیا

عارف کامل حضرت خواجہ حافظ محمد عبدالکریم نقشبندی قدس سرّہ العزیز (پ ۱۲۶۴ھ - ۱۸۴۸ء) (م ۱۳۵۵ھ - ۱۹۳۶ء) کثیر الکرامات بزرگ تھے۔ ہزاروں لوگوں کو ذکر و فکر کی لذت سے آشنا کردیا۔ آپ کی ایک اور خصوصیت یہ بھی تھی کہ شیعہ اور مرزائیوں کا مدلل رد فرماتے۔ اس سلسلے میں ایک نادر کتاب ہدایۃ الانسان الی سبیل العرفان بھی تالیف فرمائی۔ آپ کے خلفاء میں مولانا میں محمد شریف کوٹلوی، مولانا حکیم خادم علی، خواجہ صوفی نواب الدین موہری شریف، مولانا عبدالرحمٰن (فرزند) اور مولانا قاضی عالم الدین نہایت مشہور ہوئے۔ (ماخوذ تذکرہ اکابر اہلِ سنّت پاکستان ص:۲۵۹، ۲۶۱)

(۲) مولانا محمود احمد قادری، تذکرہ علماء اہلِ سنّت ص:۲۲۶ مطبوعہ کانپور انڈیا

فقیہہ اعظم مولانا شریف کوٹلوی عالم شریعت اور شیخ طریقت ہونے کے ساتھ ساتھ مقبول ترین مقرر تھے اور واعظ میں اپنا ایک اسلوب رکھتے تھے جس کی جھلک آپ کے فرزند ابوانور سلطان الواعظین محمد بشیر سیالکوٹی مدیر شاہ طیبہ میں نمایاں نظر آتی ہے۔

سیاست

تحریکِ آزادی میں مسلم لیگ کے ہم نوا تھے۔ آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس کے تاریخی اجلاس میں شرکت فرمائی اور تحریکِ پاکستان کی حمایت میں جگہ جگہ تقریریں کیں اور مسلمانوں کو مسلم لیگ کی حمایت و معاونت پر تیار کیا۔(۱)

آپ اُردو، فارسی اور عربی زبان میں بہت عمدہ شعر کہتے تھے یہاں بزبان فارسی وقطعہ تاریخ وفات پیش منظر ہے جو آپ نے اپنے پیر ومرشد اعلحضرت فاضل بریلویؒ کے انتقال کے موقع پر کہا تھا۔

قبلہ دیں وکعبہ ایمان ناصرو مذہب نعمان
وارث علم مصطفوی قطب دہروغوث زماں
چشمہ فیض وعارف کامل مطلع نورومعدن عرفان
یعنی شیخ عبدالکریم واقف علم وحافظ قرآں
درشب بستم ماہ مئی گشت ازچشم ما پنہاں
ہاتف گفتہ سال وصلش پیرعظیم ذہب جناں (۲)

(۱) محمد جلال الدین قادری، خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس (۱۹۲۵ء۔۱۹۴۷ء) ص:۳۷، مطبوعہ گجرات ۱۹۷۸ء

(۲) مولانا عبدالحکیم شریف قادری، آشاد الکریم، سوانح حیات، مطبوعہ

مولانا شاہ عبدالسلام جبل پوری

آپ کا اسم گرامی عبدالسلام اور والد کا نام مولانا شاہ عبدالکریم تھا۔ آپ کا سلسلہ نسب خلیفۃ الرسول ﷺ یعنی امیر المومنین صدیق اکبرؓ سے جاملتا ہے۔ تین سال کی عمر شریفہ میں اپنے والد ماجد کے ساتھ حیدر آباد دکن سے جبل پور تشریف لائے۔ ۱۴ برس کی عمر شریف میں قرآن حفظ کیا اور تمام ظاہری و معنوی علوم کی تکمیل اپنے والد ماجد ہی سے کی۔(۱) فارغ ہونے کے بعد ابتداً ''ندوۃ العلماء'' کی طرف راغب ہوئے اور اس کے پہلے بنیادی جلسہ میں آپ مجلس عاملہ کے رُکن کی حیثیت سے شریک بھی ہوئے۔ شوال ۱۳۱۲ھ میں مجلس ندوۃ العلماء کا اجلاس لکھنؤ میں منعقد ہوا تو آپ اس میں شریک ہوئے۔ اگلے سال شوال ۱۳۸۳ھ میں ''ندوۃ العلماء'' کا اجلاس جب بریلی میں ہونا قرار پایا اور دعوت نامہ بھی اس کا آپ کو موصول ہوگیا تو آپ کے والد نے فرمایا ''بیٹا ندوۃ فتنہ ہے اور اس میں شرکت دین اور وقت کی بربادی ہے۔''(۲)

آپ کے والد ماجد شاہ عبدالکریمؒ (م ۱۳۱۷ھ۔ ۱۸۹۸ء) کی اگرچہ اعلحضرت فاضلِ بریلویؒ سے بالمشافہ ملاقات نہ تھی مگر دونوں بزرگوں کے درمیان کچھ تحریری سلسلہ تعارف ضرور تھا جس کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ اعلحضرت فاضلِ بریلویؒ نے اپنے والد ماجد مولانا مفتی نقی علی خاںؒ کی کئی تصانیف آپ کے نام ارسال فرمائیں اعلحضرت نے شاہ عبدالکریم کی وفات پر عربی میں قطعہ تاریخ تحریر فرمایا جو عربی فصاحت و

---

(۱) ڈاکٹر حسن رضا اعظمی، فقیہ اسلام، ص: ۲۴۳، ادارہ تصنیفات، امام احمد رضا کراچی

(۲) اس واقعہ کو مولانا عبدالسلام کے صاحبزادے مفتی برہان الحق اپنی یادداشت میں یوں رقمطراز کرتے ہیں کہ اس موقعہ پر جد امجد نے فرمایا۔ ''ندوہ میں شریک ہو یا نہ ہو لیکن مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سے ضرور ملنا، اس وقت ان کا علم و فضل و کمال اپنی وسعت تابانی اور تحقیق و تدقیق کے لحاظ سے بےنظیر و بےمثال، انتہائی عروج و کمال پر ہے۔ جس طرح بھی ہو مولانا کی خدمت میں رہ کر جتنا فیض حاصل کرسکو، تمہارے خاندان کے لیے باعث رحمت و برکت و سعادت و سربلندی ہوگا۔ بریلی میں ندوہ کا یہ اجلاس تمہارے لیے حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سے علم و فضل و سعادت حاصل کرنے کا انشاءاللہ ذریعہ اور سبب ہے اکرام امام احمد رضا۔ ص: ۳۰

بلاغت کا ایک شاہکار ہے۔

قیل مات الزکی عبدالکریم	قلت کلا بل اتخطی دوام
عن نینہ فکیف یموت	انماالمیت ھالک الاوھام
ایموت الذی خلف؟	سلم اللہ مثل عبدالاعلام
قلت تاریخ علیہ الابدی (۱)	دام عبدالکریم خلد کرام (۱۳۱۷ھ)

مفتی برہان الحق اکرام امام احمد رضا میں رقمطراز ہیں:

والد ماجد کے فرمان کے ساتھ آپ بریلی روانہ ہوئے حسن اتفاق سے الہ آباد سے مولانا شاہ محمد حسین الہ آبادی (المتوفی ۱۳۲۲ھ) کا ساتھ ہوگیا۔ بریلی کے اجلاس میں شرکت ہوئی لیکن مولانا محمد حسین الہ آبادی کے اعتراض پر مولانا شبلی کی برہمی اور بدزبانی نے بدمزگی پیدا کردی۔ چنانچہ دونوں حضرات جلسے سے واک آوٹ کر گئے۔ چلتے ہوئے مولانا عبدالسلام جبل پوری نے امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے رسالے سوالات حقائق نما بروٴس ندوۃ العلماء پر دستخط کر کے مولانا شبلی کے ہاتھ میں دیتے ہوئے فرمایا:

''اس کے ہر سوال کا مفصل جواب دے کر مطمئن کرنا آپ کا اور آپ کے تمام ہم خیال ارا کین کا ذمہ ہے اور آپ سب کا اخلاقی فرض ہے۔''

اس واقعہ کے فوراً بعد مولانا عبدالسلام محلہ سوداگران (بریلی) میں اعلیٰحضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایک پرچہ پر نام لکھ کر کسی بچے کے ہاتھ رقعہ اندر بھیجا۔ چند منٹ کے بعد اعلیٰحضرت باہر تشریف لائے ہاتھ میں ایک لفافہ تھا سلام دعا کے ساتھ معانقہ بھی کیا اور فرمایا:

''یہ آپ کے والد ماجد عبدالکریم جبل پوری صاحب کی کرامت ہے کہ ابھی مجھے لفافہ (خط) ملا، خط پڑھ ہی رہا تھا اور اسی فقرہ پر نظر تھی: ''فقیر زادہ عبدالسلام حاضر ہو رہا ہے اس پر نظر کرم فرما کر اپنی تربیت اور سرپرستی میں فیضان علوم ظاہری و باطنی سے اسے عزت و سرفرازی بخشیں۔

(۱) حکیم عبدالحی لکھنوی، نزہۃ الخواطر، ج: ۸، ص: ۳۲۵، مکتبہ خیر کثیر، کراچی

عین اسی وقت آپ کا رقعہ ملا آپ کا اسم گرامی پڑھ کر معاً متصور ہوا کہ یہ آپ کے والد محترم مولانا عبدالکریم صاحب کی کرامت ہے کہ وہ روحانی طور پر خط کے ذریعہ آپ کو اس فقیر کے سپرد فرما رہے ہیں اور آپ کا ہاتھ فقیر کے ہاتھ میں دے رہے ہیں۔

اعلحضرت نے خیریت دریافت فرمائی اور آنے کا سبب دریافت فرمایا جس پر مولانا عبدالسلام نے ندوۃ العلماء میں شبلی کے ساتھ گفتگو کی روداد، سوالات، حقائق نما کے ٹائیٹل پر مجلس عاملہ کے خصوصی رُکن کی حیثیت سے دستخط کے ساتھ چند اہم کلمات لکھے ہوئے مولانا شبلی کے ہاتھ میں رسالہ دینے کا پورا واقعہ سُنایا اس پر اعلحضرت نے فرمایا۔

''ماشاءاللہ آپ نے فقیر کی بہترین نیابت و وکالت فرمائی بارک اللہ۔''

اعلحضرت نے مولانا عبدالسلام سے اپنے مدرسے میں ہی قیام کے لیے اِصرار فرمایا اور مولانا عبدالسلام نے اس طرح ۱۰ ماہ مسلسل اعلحضرت کے فیض علمی و عملی، ظاہر و باطنی، صوری و معنوی اور بیعت وارشاد کی سعادتوں سے بہرہ ور ہوئے اور مولانا حامد رضا خاں خلفاء اکبر اعلحضرت کے ساتھ درس کی تکمیل فرمائی اور پھر اعلحضرت نے آپ کی علمی و عملی، ذہنی واخلاقی قابلیت وصلاحیت کا بنظر عمیق معائنہ فرمایا اور افتاء و وعظ اور درس کی اجازت کے ساتھ ساتھ مختلف سلاسل میں بیعت واجازت اور خلافت سے بھی سرفراز فرمایا۔ ۱۳۱۳ھ میں عربی میں ایک سند عطا فرمائی اور دستار فضیلت سے نوازا۔(۱)

مفتی برہان الحق اس جلسہ دستار بندی سے متعلق آنکھوں دیکھا حال تحریر فرماتے ہیں۔

۲۶ جمادی الثانی ۱۳۳۷ھ بمطابق ۲۹ مارچ ۱۹۱۹ء کو مدرسہ برہانیہ میں جلسہ دستار فضیلت ہوا۔ اس میں امام شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے تقریر بھی فرمائی آپ کی تقریر ایک عجیب شاہکار تھی ہر فرد محوِ سماعت تھا اور اکثر کے آنسو جاری تھے۔ حضور اکرم ﷺ کی عظمت شان ورفعت مکان اور محبت وفنائیت کا جو بیان فرمایا وہ آپ ہی کا حق تھا دوران تقریر حضرت والد ماجد کے متعلق کچھ قیمتی ارشادات اور بہترین کلمات خیر ارشاد فرمانے کے بعد نہایت محبت بھرے انداز میں فرمایا۔

(۱) مفتی برہان الحق جبل پوری، اکرام امام احمد رضا۔ص: ۳۳۰۔ مرکزی مجلس رضا لاہور

''اے جبل پور کے مسلمانو! مولانا عبدالسلام کی ذات ستودہ صفات صرف تمہارے لیے ہی نہیں بلکہ سارے ہندوستان کے لیے عبدالاسلام ہے اور بھی آج سے مولانا عبدالسلام کے القاب میں عبدالاسلام کا اضافہ کرتا ہوں۔ آئندہ آپ کے اسم گرامی کے ساتھ عبدالاسلام بولا اور لکھا جائے۔

ان مقدس کلمات کے سنتے ہی مجمع نے بلند آواز سے والہانہ انداز میں تکبیر کہہ کر خلوص و محبت کے ساتھ مسرت کا اظہار کیا والد ماجد اعلیٰحضرت کے قدموں کی طرف جھکے، اعلیٰحضرت نے سینے سے لگالیا اور دیر تک لگائے رہے، عجیب روح پرور، ایمان افروز اور دلکش منظر تھا اور نزول رحمت و برکت وسعادت کا وقت تھا۔ نعرہ ہائے تکبیر ورسالت سے فضا گونج رہی تھی والد ماجد نے اعلیٰحضرت کے دست مبارک کا بوسہ لیا اعلیٰحضرت نے آپ کی پیشانی چومی، جب تک یہ منظر رہا، پورا مجمع کھڑا نعرہ ہائے تکبیر ورسالت لگا تا رہا پھر اعلیٰحضرت منبر پر رونق افروز ہوئے اور مجمع بیٹھ گیا۔(۱)

اعلیٰحضرت کو مولانا عبدالسلام سے والہانہ محبت تھی مولانا کی اہلیہ کا جب انتقال ہوا تو اعلیٰحضرت نے تعزیتی خط کے ساتھ ساتھ عربی زبان میں قطعہ تاریخ بھی ارشاد فرمایا تھا۔

تحریکِ پاکستان

تحریکِ پاکستان میں آپ کی خدمات بہت نمایاں ہیں آپ کے نام قائداعظم محمد علی جناح نے شکریہ کا ایک خط ارسال فرمایا تھا جو آج بھی یہ خط آپ کے پوتے کے پاس جبل پور انڈیا میں محفوظ ہے۔ قائداعظم اکیڈمی کو چاہیے کہ اس خط کو حاصل کر کے قائداعظم اکیڈمی میں محفوظ کرے۔ آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس میں آپ کی قیادت میں علماء ومشائخ کا ایک جم غفیر امڈ آیا تھا حیرت ہے کہ مؤرخین نے حسب سابق ایسی عظیم شخصیات کی خدمات کا ذکر نہیں کیا ہے۔(حسن امام)

(۱) مفتی برہان الحق، اکرام امام احمد رضا۔ ص:۳۴، ۳۵۔ مرکزی مجلس رضا لاہور

مولانا ضیاء الدین احمد قادری مدنیؒ

حضرت مولانا ضیاء الدین قادری متحدہ ہندوستان کے ضلع سیالکوٹ کے گاؤں والا میں ۱۸۷۹ء۔ ۱۲۹۷ھ کو پیدا ہوئے۔ والد کا نام عبدالعظیم تھا۔ جد اعلیٰ کا نام شیخ قطب الدین قادری تھا جو صحیح العقیدہ قادری بزرگ تھے۔ آپ کا نسبی سلسلہ سیّدنا عبدالرحمٰن بن حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق تک پہنچتا ہے۔ آپ کے اجداد میں مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی (المتوفی ۱۶۵۶ء۔ ۱۰۶۷ء) بہت ہی معروف عالم گزرے ہیں۔(۱)

ابتدائی تعلیم حضرت مولانا محمد حسین نقشبندی پسروری (المتوفی ۱۳۷۸ھ) سے سیالکوٹ ہی میں حاصل کی۔ پھر لاہور تشریف لے گئے یہاں بیگم شاہی مسجد میں حضرت مولانا غلام قادر بھیروی (المتوفی ۱۳۲۷ھ) سے لگ بھگ ڈیڑھ سال کتابیں پڑھیں اور پھر علم کی پیاس بجھانے کے لیے دہلی تشریف لے گئے جہاں حضرت محدث اعظم وصی احمد سورتیؒ سے دورہ حدیث مکمل کیا اور دیگر علوم وفنون کی بھی تکمیل اور سند فراغت محدث صاحب کے مدرسہ میں اعلیٰحضرت فاضل بریلویؒ کے دست مبارک سے حاصل کی اور دیگر علوم وفنون کی بھی تکمیل کی اور سند فراغت محدث صاحب کے مدرسہ میں اعلیٰحضرت فاضل بریلویؒ کے دست مبارک سے حاصل کیا۔ اعلیٰحضرت امام اہلِ سنّت نے ۱۳۱۵ھ۔ ۱۸۹۷ء میں حضرت ضیاء الدین مدنی کو سلسلے میں داخل فرماتے ہوئے سلسلہ عالیہ قادریہ، رضویہ کی اجازت وخلافت بھی عطا کی۔ اس وقت آپ کی عمر شریف صرف ۱۸ برس کی تھی۔

مولانا ضیاء الدین مدنیؒ کو اپنے اُستاد محترم حضرت محدث اعظم مولانا وصی احمد محدث سورتیؒ سے بھی خلافت حاصل تھی اور آپ کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ آپ پہلے اور آخری شاگرد ہیں جنہیں حضرت محدث

---

(۱) تذکرہ علماء اہلِ سنّت/محمود احمد قادری۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:

سورتی نے خلافت واجازت مرحمت فرمائی۔(۱)

مولانا ضیاء الدین مدنیؒ نے ۱۳۱۸ھ میں بغداد شریف کا قصد کیا جہاں آپ ۹ برس تک رہے اور کئی بزرگوں سے فیض یاب ہوتے رہے ان میں شیخ حسین الحسنی الکردی، شیخ مصطفیٰ القادری شرف الدین وغیرہ ان حضرات سے بھی اجازت وخلافت حاصل ہوئی۔ ۱۳۲۷ھ میں آپ بغداد شریف سے مدینہ منورہ پہنچے اس وقت وہاں ترک حکومت سلطنت عثمانیہ قائم تھی۔ جہاں اسلامی تہوار بڑے شان وشوکت سے منائے جاتے تھے تمام آثار کو حکومت کی جانب سے تحفظ حاصل تھا مگر انگریز کی فریب کاری نے نام نہاد مسلمانوں کو بغاوت پر آمادہ کیا اور اس طرح ترک حکومت کا خاتمہ ہوا۔ حضرت کچھ عرصے کے لیے ترک لوگوں کے ساتھ مدینہ چلے گئے۔ بعد میں ۱۳۳۴ھ میں شریف مکہ محافظ حرمین شریفین میں ہوا تو واپس مدینہ منورہ آگئے۔ مگر پھر شریف مکہ اور سعودی خاندان کے درمیان ۱۳۴۳ھ میں جنگ ہوئی شریف مکہ کو شکست ہوئی اور سعودی خاندان عبدالوہاب نجدی کا پیروکار برسر اقتدار آ گیا۔ مگر حضرت پھر مدینہ منورہ میں ہی رہے اور آخر دم تک یہاں قیام کیا۔

حضرت ضیاء الدین مدنیؒ نے لگ بھگ ۷۰ برس سے زیادہ مدینہ منورہ میں گزارے جہاں ہزاروں علماء ومشائخ سے ملاقات ہوئی اور ہر کوئی عالم جو مدینہ منورہ پہنچتا وہ آپ سے ضرور شرف ملاقات حاصل کرتا اور آپ کی روزانہ کی محفل میلاد میں ضرور شرکت کرتا۔ تمام علماء ومشائخ آپ کو قطب مدینہ تصوّر کرتے ہیں آپ نے اگر چہ کوئی باقاعدہ تدریس تو نہیں کی مگر درحقیقت آپ نے رشد وہدایت کے جو دریا بہائے ہیں اس کی گواہی کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں جہاں آپ کا مرید نہ ہو اور ہزاروں علماء مشائخ کو خلافت عطا فرمائی اور آپ کے خلفاء کی اس قدر طویل فہرست ہے کہ اس کے لیے ایک دفتر چاہیے۔ پاک وہند کا کوئی عالم ایسا نہیں جو آپ کے پاس حاضر ہوا ہو اور آپ نے اس کو خلافت سے نہ نوازا ہو اسی طرح بلاد عرب میں بھی سینکڑوں خلفاء موجود ہیں۔

---

(۱) روزنامہ حریت، کراچی ۱۵ اکتوبر ۱۹۸۱ء

آپ نے طویل عمر پائی اور مدینہ پاک ہی میں سفر آخرت باندھا آپ کا وصال پر ملال ۴ ذی الحجہ ۱۴۰۱ھ/ ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۱ء کو ہوا۔ نماز جنازہ مسجد نبوی میں فضیلۃ الشیخ مفتی محمد علی مرادشامی خلیفہ مزار مبارک سے چند قدم آگے آپ کو دفنایا گیا۔(۱)

تحریکِ پاکستان میں حصہ

۱۹۴۶ء میں منتظمین آل انڈیا سنی کانفرنس کے نام ایک پیغام میں فرمایا کہ تحریکِ پاکستان میں حصہ لینا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے اور علماء اہلِ سنت جو موقف اختیار کریں گے اللہ تعالیٰ اس میں کامیابی سے ہمکنار فرمائے گا یہ پیغام متعدد علماء کرام کے زبانی سُنا گیا ہے۔ جو کہ تحقیق جاری ہے۔

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت۔ محمود احمد قادری۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:

پروفیسر سیّد سلیمان اشرف بہاریؒ

مولانا سیّد سلیمان اشرف سابق صدر شعبۂ علوم اسلامیہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ۱۸۷۸ء کے لگ بھگ صوبہ بہار کے ایک مردم خیز دیہات میں ایک ممتاز سیّد گھرانے میں پیدا ہوئے۔(۱) والد ذیشان کا نام محمد عبداللہ تھا جو جامع شریعت وطریقت بزرگ تھے۔ابتدائی درسی کتابیں سیّد محمد احسن ستھانوی اور دارالعلوم ندوہ لکھنو میں پڑھیں۔(۲) بعد از علوم اسلامیہ کی منتہی کتب کی تکمیل خاتم الحکماء مولانا ہدایت اللہ جونپوری سے کی۔(۳) سیّد صاحب کو اپنے اُستاد مولانا جونپوری سے بڑی گہری محبت تھی جس کا نقشہ آپ کے شاگردوں میں حضرت شاہ سلیمان اشرف بہاریؒ کے علاوہ صدر الشریعۃ مولانا حکیم امجد علی صاحب (بہار شریعت) اُستاذ العلماء حکیم سیّد برکات احمد ٹونکی مولانا عبدالسلام نیازی دہلوی اور مولانا شیر علی (المتوفی ۱۳۵۴ھ) صدر شعبہ دینیات جامعہ عثمانیہ حیدر آباد قابل ذکر ہیں۔آپ کا وصال ۱۳۲۶ھ ۔ ۱۹۰۷ء میں جونپور ہی میں ہوا اسی وجہ سے جونپوری زیادہ مشہور ہیں۔(حکیم عبدالحیؒ لکھنوی، نزہۃ الخواطر، ج:۸۔ص:۵۲۰

سیّد سلیمان اشرف مرحوم کو حقیقت یہ ہے کہ اپنے اُستاد کے ساتھ عقیدت ہی نہیں بلکہ عشق تھا۔ ان کے حالات جب کبھی وہ سناتے تھے تو ان کے طرز بیان اور گفتار کی ہر ادا سے ان کی والہانہ ترادش کرتی تھی۔(۴)

---

(۱) معارف اعظم گڑھ جون ۱۹۳۹ء، شذرات، سیّد سلیمان ندوی۔ص:۴۰۴

(۲) ایضاً

(۳) مولانا الشیخ الفاضل الکبیر ہدایت اللہ بن رفیع اللہ الحنفی رامپوریؒ نے علامہ فضل حق ابن فضل امام خیر آبادی سے علوم وفنون میں کمال حاصل کیا صحاح ستہ سیّد عالم علی حسینی انگینوی (المتوفی ۱۲۹۵ھ) سے پڑھیں۔طویل عرصے تک جون پور میں مدرسہ حنفیہ میں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے یہاں تک کہ ۱۸۷۰ء میں صدر مدرس بنادیے گئے۔

(۴) مقالات یوم رضا حصہ سوم، مطبوعہ، لاہور ۱۹۷۱ء ص:۹،۱۰

مولانا ہدایت اللہ کی عظیم شخصیت کے علاوہ مولانا سلیمان اشرف جس دوسری عظیم شخصیت سے متاثر ہوئے وہ اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا کی ذات گرامی تھی آپ کو امام اہلِ سنّت سے اجازت وخلافت بھی حاصل تھی۔ مولانا سیّد سلیمان اشرف کے ایک عزیز شاگرد ڈاکٹر سیّد عابد احمد علی تحریر فرماتے ہیں:

اُستاذ محترم سیّد سلیمان اشرف پر حضرت بریلوی کا اتنا اثر تھا کہ میں نے مولانا احمد رضا خاں قدس سرّہ، کی شخصیت کا اندازہ دراصل اُستاذ محترم ہی کی شخصیت سے لگایا۔ وہ اکثر مولانا بریلوی کا ذکر خیر چھیڑ دیتے اور یوں محسوس ہوتا کہ اکثر ان ہی کے تصوّر میں مگن رہتے حتیٰ کہ اُستاد محترم کی طبیعت ان کے رنگ میں رنگی گئی تھی وہ معتقدات اور ایمانات میں منطقی استدلال اور علوم عقلیہ میں خوش کلامی اور قوت بیان میں حضرت مولانا کے انداز اور کیفیات کو اپنا چکے تھے غیر اسلامی شعائر کی مذمت میں تشدد، کانگرس اور ہندوؤں کی ہمنوائی کرنے والے لیڈروں اور عالموں کے متعلق سخت گیر رویّہ، مشرکین کو نجس سمجھنا اوران کے معاملہ میں کسی قسم کی مداہنت روا رکھنا یہ سب صفات دونوں میں مشترک تھیں۔ اسی طرح عشق رسول ﷺ کے معاملہ میں طبیعت کا ایک والہانہ انداز بھی سیّد صاحب میں حضرت فاضل بریلویؒ کی طرف سے آیا تھا۔

سیاست میں حصّہ

۲۱۔ ۱۹۲۰ء میں جب عدم تعاون کا طوفان اُٹھا تو مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمودالحسن دیوبندی اور مولانا محمد علی جوہر نے اپنی تمام تر قوت علی گڑھ کالج کو بیخ وبن سے اُکھاڑنے کے لیے وقف کر دیں تو مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی، ڈاکٹر سرضیاءالدین اور مولانا سلیمان اشرف صاحب ہی کی مساعی اور کوشش سے مسلمانانِ ہند کا یہ عظیم ادارہ شکست وریخت سے محفوظ رہا۔ اگر چہ ان حضرات پر مخالفین کی طرف سے ہر طرح کے طعن وتشنیع کے تیروں کی بوچھاڑ کی گئی لیکن ان کے پائے استقلال میں لغزش نہ آئی۔ مولانا شروانی کو تو مولانا آزاد کے ہمنواؤں کی طرف سے حبیب الشیطان کا خطاب بھی ارزانی ہوا۔(۱)

(۱) ایضاً، دسمبر ۱۹۵۰ء، صدر یار جنگ، مولانا عبدالماجد دریابادی۔ ص:۳۸۱

عدم تعاون کی تحریک کے زمانہ میں سیّد صاحب نے ایک کتاب النور تصنیف فرمائی جس میں دوقومی نظریہ پرکھل کر بحث کی اوران غیر شرعی اقوال کا جو مولانا عبدالباری محلی، مولانا شوکت علی اور مولانا ابوالکلام آزاد کی زبان سے نکلے تھے۔ ردطبیغ فرمایا اور آیات واحادیث سے ثابت کردیا کہ کفر ملة واحدة ہے اسلام کے مقابلہ میں دیگر تمام مذاہب مثلاً عیسائیت، یہودیت اور ہندو دھرم یک جاں و یک آواز ہیں اس کتاب نے آگے چل کر دارالعلوم علی گڑھ کے طلباء پر بڑا گہرا اثر ڈالا اور دوقومی نظریہ کو عام کرنے میں یہ کتاب بہت مدومعاون ثابت ہوئی۔ تحریکِ ترکِ موالات کے زمانہ کی علی گڑھ کی حالت کی جو قلمی تصویر پروفیسر رشید احمد صدیقی (م۔ ۱۹۷۷ء) نے اپنے جادو نگار قلم سے کھینچی ہے وہ ملاحظہ ہو:

۱۹۲۱ء کا زمانہ ہے، نان کوآپریشن کا سیلاب اپنی پوری طاقت پر بہے گائے کی قربانی اور موالات پر بڑے جید اور مستند لوگوں نے اپنے خیالات کا اظہار کردیا ہے اس زمانہ کے اخبارات، تقاریر، تصانیف اور رجحانات کا اب اندازہ کرتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کیا سے کیا ہوگیا، اس وقت ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جو کچھ ہو رہا ہے اور جو کچھ کیا جارہا ہے وہی سب کچھ ہے یہی باتیں ٹھیک ہیں۔ کالج میں افراتفری پھیلی ہوئی تھی مرحوم (سیّد سلیمان اشرف صاحب) مطعون ہورہے تھے لیکن چہرہ پرکوئی اثر نہیں تھا۔ سیلاب گزرگیا، جو کچھ ہونے والا تھا وہ بھی ہوا لیکن مرحوم نے اس عہد سراسیمگی میں جو کچھ لکھ دیا تھا بعد میں معلوم ہوا کہ حقیقت وہی تھی اس کا ایک ایک حرف صحیح تھا آج تک اس کی سچائی اپنی جگہ پر قائم ہے۔(۱) علی گڑھ میں آپ کی قیام گاہ آدم جی منزل علماء وفضلاء کا مرجع تھا مستقل حاضر باشوں میں مولانا عبدالحق، (جب وہ علی گڑھ میں ہوتے) ڈاکٹر ذاکر حسین اور پروفیسر رشید احمد صدیقی جیسی فاضل ہستیاں شامل تھیں۔

---

(۱) گنجہائے گرانمایہ مطبوعہ لاہور، ص: ۳۱،۲۹

مولانا سیّد سلیمان اشرف صاحب تصنیف وتالیف بزرگ تھے درجن کے قریب بلند پایہ کتابیں آپ کے قلم سے نکلیں جن میں نمایاں یہ ہیں۔

۱۔المبین عربی زبان پر ایک نادر کتاب ہے مولانا نے اس کا ایک نسخہ ڈاکٹر اقبال کو بھی بھجوایا تھا، اتفاقاً کچھ روز بعد اقبال علی گڑھ گئے تو وہ دوران ملاقات اس کتاب کی بڑی تعریف کی اور فرمایا مولانا آپ نے عربی زبان کے بعض ایسے پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے جن کی طرف پہلے کبھی میرا ذہن منتقل نہیں ہوا تھا۔ (۱) المبین کو ۱۹۳۰ء میں ہندوستان اکیڈمی، الٰہ آباد کی طرف سے بہترین تصنیف ہونے پر پانچ سو روپیہ انعام کی سفارش کی، اس میں نیاز فتح پوری، پروفیسر رشید احمد صدیقی، سیّد سجاد حیدر ایلدرم اور سیّد سلیمان ندوی صالح جیسی باکمال ہستیاں تھیں۔ (۲)

۲۔النور دوقومی نظریہ پر ایک جامع ترین تصنیف ہے ۱۹۲۱ء میں علی گڑھ انسٹیٹیوٹ سے شائع ہوئی تھی اوراس قابل ہے کہ نئی ترتیب کے ساتھ ازسرِنو شائع کی جائے۔

۳۔الرشاد گائے کی قربانی کے موضوع پر لکھی گئی۔

۴۔الانہار امیر خسروؒ کی مثنوی ہشت بہشت کے شروع میں بڑے سائز کے ۲۵۰ صفحات پر مشتمل ایک فصیح وبلیغ مقدمہ لکھا جسے الانہار کہا جاتا ہے۔

۵۔الحج حج وزیارت کے موضوع پر تالیف کی، روزنامہ ہمدم، لکھنؤ نے ۲۸ اپریل ۱۹۲۸ء کے شمارے میں مذکورہ کتاب پر تبصرہ وتعارف کراتے ہوئے لکھا۔ نجدی حکومت میں جب ماثر مقدسہ اور مقامات متبرکہ کی توہین کی، مزارات کو منہدم کیا یہاں تک کہ خلاف خانہ کو بھی نہ بخش غلاف

(۱) ایضاً ص:۳۱

(۲) تفصیل کے لیے ملاحظہ۔ معارف اعظم گڑھ، نومبر ۱۹۵۵ء ص: ۳۸۶، ۳۸۷

کعبہ جو قدیم سے مصر میں تیار ہو کر آتا اسے بھی روک دیا جس وفد نے غلاف کعبہ لانے کا اہتمام کیا۔ ۱۹۲۸ء میں اس حمہ کر دیا۔ اگلے سال مصریوں سے غلاف کعبہ لینے سے انکار کر دیا۔ انہی ایام میں ہندوستان کے مسلمانوں نے غلاف کعبہ کو بنا کر بھیجنے کا اہتمام کیا۔
خانہ کعبہ اور غلاف کی تاریخ کی ضرورت محسوس ہوئی چنانچہ آپ نے ''الحج'' نامی کتاب تالیف فرمائی۔

شاگردوں کے لحاظ سے آپ بڑے خوش قسمت ہیں۔ آپ درجنوں شاگرد علمی دنیا میں ماہتاب و آفتاب بن چکے ہیں۔

آپ کو وصال ۵ ربیع الاوّل ۱۳۸۵ھ۔ ۲۵ اپریل ۱۹۳۹ء کو ہوا اور شروانیوں کے قبرستان (احاطہ یونیورسٹی) میں دفن کیے گئے۔

آپ کی وفات پر ناظم دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے کہا ہمارا سردار اُٹھ گیا۔ رشید احمد صدیقی نے لکھا: مولانا سلیمان اشرف صاحب اس جہان سے اُٹھ گئے اور اپنے ساتھ وہ تمام باتیں لے گئے جو میرے لیے اب کسی اور میں نہیں۔

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔

نوٹ:

آپ اگر چہ ۱۹۳۹ء میں دنیا سے رُخصت ہوئے لیکن اس وقت تحریکِ پاکستان کی آواز پوری دنیا میں گونج رہی تھی اور آپ اس وقت علماء اہلِ سنّت کے ہمراہ ہندوستان کے گوشے گوشے میں دورہ کر رہے تھے اور آپ کی محنتوں اور جدو جہد کا ثمر حصول پاکستان کی صورت میں سامنے آیا آپ آل انڈیا سنی کانفرنس کے ایک بنیادی کارکن تھے۔ الجمعیۃ العالیہ المرکزیہ ۱۹۲۵ء مراد آباد کی تشکیل میں موجود تھے۔ علامہ اقبال کے خطبہ الٰہ آباد کے موئدین میں سے تھے۔ حضرت علامہ اقبال اور آپ کے درمیان اچھے تعلقات تھے۔ علامہ اقبال آپ کے ایک پرچہ امتحان کے ممتحن بھی رہ چکے تھے۔

(۱) ایضاً ص: ۲۳

مفتی محمد برہان الحق جبل پوریؒ

آپ کی ولادت مورخہ ۲۱ ربیع الاوّل ۱۳۱۰ھ بمطابق ۱۸۹۲ء بمقام جبل پور (ایم پی، انڈیا) میں ہوئی۔ (۱) آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد مولانا شاہ عبدالسلام سے حاصل کی اور بعد میں مدرسہ برہانیہ (جبل پور) میں فارسی اپنے چچا محترم قاری بشیر الدین سے پڑھی۔ آپ کی ملاقات ۱۹۰۲ء میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سے پہلی بار بمبئی میں ہوئی۔ پھر آپ ۱۹۱۴ء میں خود بریلی حاضر ہوئے اور دارالافتاء میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے ارشادات قلمبند کرنے کا کام آپ کے سپرد ہوا اور اسی دوران دارالعلوم منظر اسلام میں مولانا ظہور حسین مجددی کے درس میں شریک ہوتے رہے کم وبیش تین سال مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کی خدمت میں رہے۔

۱۹۱۸ء میں جب مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ جبل پور تشریف لائے تو وہاں مولانا موصوف کو ۴۵ علوم وفنون اور گیارہ سلسلوں میں اجازت وخلافت سے نواز کر دستار بندی فرمائی اور سند فراغت عطا فرمائی۔ (۲)

مولانا کی سیاسی خدمات

۱۹۲۰ء میں کانگریس اور خلافت کمیٹی کے اجلاس میں بریلی تشریف لے گئے مولانا ابوالکلام آزاد (المتوفی ۱۹۵۸ء) (۳) دوٹوک باتیں کیں۔ کیونکہ مولانا ابوالکلام آزاد ابتدائی دور میں ان کے رفقاء کار کی سیاسی پولیسی کے مخالف تھے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے خیال میں احیاء اسلام کا واحد ذریعہ ''پان اسلامک''

(۱) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری/ فیصل آباد۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۶۹

(۲) تذکرہ خلفاء اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری/کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۲۷۳

(۳) موج کوثر محمد اکرام شیخ ۱۹۶۶ء۔ ص:۲۷۳

تحریک تھی۔

مولانا عبدالباقی نے تحریکِ ترکِ موالات اور تحریکِ خلافت میں بھرپور حصّہ لیا۔

مولانا مفتی برہان الحق جبل پوریؒ نے مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے دیگر خلفاءِ کرام کے ساتھ مختلف تحریکوں میں بھی بھرپور حصّہ لیا۔ آل انڈیا سنی کانفرنس میں بڑھ چڑھ کا کاوشیں کیں۔ آل انڈیا سنی کانفرنس کی ایک شاخ جبل پور میں قائم کی۔

مارچ ۱۹۲۱ء میں جمعیت علماء ہند کے اہتمام سے مولانا ابوالکلام آزاد کی زیرِ صدارت ایک عام اجلاس بریلی میں منعقد ہوا۔ جس میں مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کو بھی دعوت دی گئی۔ مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے خود تو شرکت نہیں فرمائی بلکہ علماء کا وفد ستر (۷۰) سوالات بعنوان ''اتمام حجت نامہ'' مرتب کر کے بھیجا۔ (۱) اس وفد میں مولانا برہان الحق جبل پوریؒ مندوب کی حیثیت سے شریک تھے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کو آپ نے جرأت مندی سے کام لیتے ہوئے لاجواب کر دیا تھا۔

۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو جب لاہور کے تاریخی اجتماع میں قراردادِ پاکستان منظور کی جس میں یہ مطالبہ رکھا گیا تھا کہ ایک اللہ اور اس کے آخری رسول ﷺ کو ماننے والوں کے لیے علیحدہ خطہ حاصل کیا جائے جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہو اور وہ مسلمانوں کے لیے مسلم ریاست ہو اور اس کے علاوہ مشرق، مغرب اور جہاں جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے وہ علاقے آزاد اور خودمختار مسلم ریاست قرار دیے جائیں۔ اس قراردادِ پاکستان کی منظوری کے بعد علماء کے دو گروہ ہو گئے۔ (۲) ایک گروہ نے قراردادِ پاکستان کی تائید و حمایت کی اور دوسرے گروہ نے اس کی مخالفت کی۔ مولانا موصوف بھی اس گروہ میں شامل تھے جنہوں نے پاکستان کی قرارداد کی حمایت و تائید کی اور اس سلسلے میں پورے ملک کے طول و عرض میں دورے کیے۔ سرحد، پنجاب، سندھ میں تقریریں بھی کیں اور پاکستان کی آزادی کے لیے جدوجہد کی آپ کی اس جدوجہد کو محمد علی جناح نے سراہا۔ (۳)

---

(۱) تذکرہ خلفاءِ اعلیٰحضرت/ ڈاکٹر مجید اللہ قادری/ کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۲۷۵

(۲) قراردادِ پاکستان تاریخ کا تجزیہ۔ خواجہ رضی حیدر۔ ۱۹۹۰ء۔ ص:۶۸

(۳) قراردادِ پاکستان تاریخ کا تجزیہ۔ خواجہ رضی حیدر۔ ۱۹۹۰ء۔ ص:۶۹

دینی خدمات

مولانا مفتی برہان الحق جبل پوریؒ درس و تدریس کے علاوہ زیادہ خدمت دارالافتاء کی ہے۔ مولانا موصوف نے تقریباً ۷۵ برس مسلسل فتویٰ نویسی کی اگر ان فتویٰ کو جمع کیا جائے تو یقیناً ایک ضخیم ذخیرہ تحریر وجود میں آسکتی ہے۔ البتہ آپ کی جملہ تصانیف جو منظر عام پر آچکی ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

- اجلال الیقین بتقدیس سید المرسلین (۱۳۳۷ھ بمطابق ۱۹۱۸ء) مطبوعہ (کلکتہ)
- البرہان الاجلی فی تقبیل اماکن الصلحاء (غیر مطبوعہ)
- الاھلال الشہادات رویۃ الہلال (مطبوعہ)
- روح الورد ھالفتح علی سوالات ہردا (مطبوعہ) (۱)

آپ کا وصال ۱۴۰۵ھ بمطابق ۱۹۸۵ء کو جبل پور انڈیا میں ہوا۔ (۲)

(۱) تذکرہ خلفاء اعلحضرت/محمد صادق قصوری/کراچی۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۲۷۶

(۲) تذکرہ علماء اہل سنت/محمود احمد قادری/فیصل آباد۔ ۱۹۹۲ء۔ ص:۶۹

حضرت مولانا محمد حسنین رضا خاں بریلویؒ

حضرت مولانا محمد حسنین رضا خاں بریلویؒ کی پیدائش ۱۳۱۰ھ بریلی (یوپی) میں ہوئی۔ آپ کے والد گرامی حضرت مولانا شاہ محمد حسن رضا خاں (ف) (المتوفی ۱۳۲۶ھ) تھے۔(۱) ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی۔ اس کے بعد دارالعلوم ''منظر اسلام'' سے تعلیم حاصل کی۔ اس دوران اعلٰحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ سے بھی اکتساب علم کیا۔ کچھ عرصے رامپور کے مدرسہ ''ارشادالعلوم'' میں معقولات کی کتابیں مولانا ظہور الحسن اور مولانا عبدالعزیز سے پڑھیں فارغ التحصیل ہونے کے بعد دارالعلوم منظر اسلام بریلی میں تدریس خدمات انجام دیتے رہے۔ اس دوران آپ نے حسن پریس کے نام سے ایک پریس قائم کیا اور حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ کے بہت سے رسائل شائع کیے۔

مولانا محمد حسنین رضا بریلوی، اعلٰحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ سے اجازت وخلافت حاصل کی اور اعلٰحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ کی ایک صاحبزادی آپ سے منسوب تھیں۔

سیاسی خدمات

اعلٰحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ کا دیگر خلفاء کی طرح آپ نے بھی مختلف تحریکات باطلہ اور دیگر جنم لینے والے فتنوں کے سد باب کے لیے حضرت حجۃ الاسلام شاہ حامد رضا خاں بریلویؒ اور مفتی اعظم ہند مولانا مصطفٰی رضا خاں نوریؒ کے ساتھ مل کر بھرپور کام کیا۔

آپ نے خلافت کمیٹی، ندوہ تحریک، فتنہ وہابیت کے خلاف بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

(۱) خلفاء اعلٰحضرت/ مجید اللہ قادری/ صادق قصوری/ ۱۹۹۲ء ص:۲۲۲

(ف) آپ اعلٰحضرت کے چھوٹے بھائی ہیں۔

جماعت انصار الاسلام ۱۳۳۹ھ میں وجود میں آئی اس کے سرپرست اعلیٰ، اعلحضرت شاہ احمد رضا خاں فاضل بریلویؒ سیاست سے دوررہ کر سیاست کو سُدھارنا چاہتے تھے۔اسی لیے سیاسی نقطۂ نظر کی وجہ سے جماعت انصار الاسلام بریلی کی بنیاد ڈالی گئی۔ یہ دراصل جماعت رضائے مصطفیٰ کی ایک ذیلی تنظیم تھی چونکہ جماعت رضائے مصطفیٰ مذہب میں رہ کر سیاسی حالات کو مذہب کی طرف موڑنا چاہتی تھی۔

جماعت انصار الاسلام کے ناظم اعلیٰ مولانا حسنین رضا بریلویؒ ایڈیٹر ماہنامہ الرضا بریلی تھے۔آپ کا شمار ایک جید عالم دین فقیہہ و مدبر، سیاست کے پیچ وتاب سے خوب واقف تھے۔حق بات کہنے اور حق کو قبول کرنے میں کبھی بھی نہیں جھجکتے تھے۔آپ اپنے موقف کی وضاحت بڑے اچھے انداز سے اور بے با کی کے ساتھ کرتے تھے۔

جماعت انصار الاسلام کی تین روزہ کانفرنس ۲۲،۲۳،۲۴ شعبان المعظم ۱۳۳۹ھ بمقام مسجد نومحلّہ بریلی میں بہت آب وتاب اور شان وشوکت سے منعقد ہوتی رہی۔

سنی کانفرنس کی کامیابی پر مولانا حسنین رضا خاں بریلویؒ لکھتے ہیں ”لیکن مسلمانوں میں جوشوق بیدار ہوچکا تھا اس نے تمنا کے بڑھتے قدم کے لیے ان افواہوں اور غلط خبروں کو سہارا اور زنجیر پانہ ہونے دیا۔اوّل وقت سے ہزار ہا آدمی کا مجمع مسجد نومحلّہ میں محو اشتیاق ہو کر پہنچا الحمدللہ یہ اس جلسہ کی کامیابی کی پہلی منزل تھی ورنہ جلسہ کی دعوت پر اس قدر زور نہ دیا گیا تھا۔جس قدر اس کو روکنے اور غلط خبروں سے بدنام کرنے کی کوشش کی گئی تھیں۔(۱)

آپ نے کئی کتابیں تصنیف کیں ہیں۔

وفات

مولانا محمد حسنین رضا خاں بریلویؒ نے تقریباً ۹۱ برس کی زندگی پائی اور ۵ صفر المظفر ۱۴۰۱ھ بمطابق ۱۴ دسمبر ۱۹۸۱ء کو آپ اس دنیا سے رُخصت ہوگئے۔اِنَّ لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

---

(۱) تاریخ جماعت رضائے مصطفیٰ/ محمد شہاب الدین رضوی/ ص:۳۰۲

باب چہارم

احباب ومعتقدین اور اثرات

باب چہارم

(الف) احباب ومعتقدین اور اثرات

مولانا حکیم معراج الدین احمد امرتسریؒ

ولادت

مولانا حکیم معراج الدین احمد امرتسریؒ ۷/ اپریل ۱۸۸۶ء کو امرتسر بھارت کے مشہور معروف طبیب حکیم محمد ابراہیم کے ہاں پیدا ہوئے۔ مڈل پاس کرنے کے بعد" بابائے طب حکیم غلام رسول امرتسری سے علوم دینیہ حاصل کی اور طب بھی پڑھی اور پھر والد گرامی کی زیر نگرانی مطب شروع کر دیا۔

مطب کے ساتھ ساتھ حکیم صاحب کو علم وادب سے بھی بھر پور دلچسپی رہی۔ ۱۹۰۴ء میں آپ نے اخبار'' کامریڈ'' جاری کیا جس نے کانگرس کی اسلام دشمن پالیسی کو بے نقاب کر کے مسلمانانِ برصغیر کی رہنمائی کی۔ اس کے بعد آپ نے ایک کتاب'' کانگرس کا کچا چٹھا'' لکھی جو بہت مقبول ہوئی اور اس کے کئی ایڈیشن چھپے۔'' اخبار'' ''تھہہ سوٹا'' جاری کر کے آپ نے'' اکالی تحریک'' کے خلاف محاذ قائم کر کے شاندار خدمات انجام دیں۔

صحافتی خدمات

مختلف مواقع پر آپ اخبار'' ہنٹر''، ''رفیق صادق''، حنفی اور'' اخبار جماعت'' کے ایڈیٹر رہے۔ اخبار ''المعین'' کی ادارت بھی کی۔ ''المعین'' میں ایک قابلِ اعتراض مضمون چھپنے پر حکومت نے ضمانت طلب

کی۔ حکومت کی طرف سے اخبار ضمانت طلبی کا یہ پہلا وار تھا جو ''المعین'' سے شروع ہوا اور اب تک رائج ہے۔ احباب نے ضمانت کے لیے رقم کی پیشکش کی مگر آپ نے حکومت کو ایک کوڑی تک دینا گوارا نہ کیا۔

ستمبر ۱۹۱۴ء میں آپ نے ''انجمن راعیانِ ہند'' کی بنیاد رکھی اور ''راعین میگزین'' کا اجراء کیا۔ ارائیں قوم کی تنظیم کے اس اوّلیں داعی نے قوم کے لیے جو خدمات سرانجام دیں وہ سنہری حروف سے لکھنے کے قابل ہیں۔ آپ کی کوششوں سے ''انجمن راعیانِ ہند'' کا سب سے پہلا اجلاس لاہور میں سر میاں محمد شفیع (۱۸۶۹ء۔۱۹۳۲ء) کی صدارت میں ہوا۔ اس عظیم الشان اجلاس میں علامہ محمد حسین عرشی امرتسری (۱۸۹۲ء۔۱۹۸۵ء) نے اپنی نظم میں حکیم صاحب کو یوں خراجِ عقیدت پیش کیا۔

راہبر کون وہ سوتوں کو جگایا جس نے
جرسِ قافلۂ شوق بجایا جس نے
مژدۂ منزلِ مقصود سُنایا جس نے
مدِ قوم کا بیڑا ہے اُٹھایا جس نے
حاملِ کلفتِ ایثار جنابِ معراج
راہروِ جادۂ ابرار جنابِ معراج

اس اجلاس کی کامیابی نے برصغیر میں پھیلی ہوئی ''ارائیں قوم'' کو متحرک کر دیا۔ اس کے بعد آپ نے دیگر اقوام کے مقابلہ میں سب سے پہلے ''تاریخ ارائیاں'' تصنیف کر کے ارائیں دوستی کا ثبوت فراہم کیا۔ قاضی فتح محمد امرتسری بھی آپ کی دریافت تھے جنہوں نے لاہور کی انجمن اراعیان کے تعاون سے ہفتہ وار ''الراعی'' جاری کیا۔

ارائیں قوم کی بیش بہا خدمات کے پیشِ نظر علامہ محمد حسین عرشی امرتسری (۱۸۹۲ء۔۱۹۸۵ء) نے آپ کو اپنی ایک نظم میں راعیون کا ''سرسیّد'' لکھا تھا۔ جب انجمن راعیان کی تنظیم واشاعت کا کام لاہور والوں نے سنبھال لیا تو حکیم صاحب نے اپنی تمام تر توجہ دین و مذہب کی طرف مبذول کر لی۔

بیعت

آپ نے اوائل عمر میں ہی سنوسئ ہند امیر ملت حضرت پیر سیّد حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔ ۱۹۵۱ء) کے دستِ حق پرست پر بیعت کر لی تھی۔ بیعت کے بعد آپ اپنے زہد و تقوی، مذہبی و ملی خدمات اور اطاعت مرشد کی بدولت حضرت امیر ملت قدس سرہ کے خاص مریدوں میں شمار ہونے لگے تھے حتیٰ کی فنافی الشیخ کی منزل تک جا پہنچے۔

حضرت امیر ملت قدس سرّہ کے خلیفہ خاص مولانا غلام احمد اخگر امرتسریؒ (۱۸۶۴ء۔ ۱۹۲۷ء) نے امرتسر سے اخبار ''الفقیہ'' جاری کر کے اہلِ سنّت و جماعت کی جو خدمات انجام دیں وہ تاریخ کا ایک روشن باب ہیں۔ لیکن ایک ایسا وقت آیا کہ حضرت اخگر کو مجبوراً یہ اخبار بند کرنا پڑا تو جولائی ۱۹۱۸ء میں مولانا اخگر اور مولانا محمد شریف کوٹلوی (۱)(۱۸۶۱ء ۔ ۱۹۵۱ء) کی تحریک پر حکیم صاحب نے ''اخبار الفقیہ'' کی ذمہ داریاں قبول کر لیں۔ اس پرچہ کی ترتیب کا سارا کام مولانا اخگر اور فقیہِ اعظم مولانا محمد شریف کوٹلوی فرماتے تھے۔ ۱۹۲۷ء میں مولانا اخگر کی رحلت ہوئی تو علمائے امرتسرؒ کا ایک وفد مولانا محمد عالم آسی امرتسریؒ (۱۸۸۱ء۔ ۱۹۴۴ء) سے ملا اور درخواست کی کہ مولانا اخگر کی رحلت سے الفقیہ کی علمی حیثیت ختم ہوگئی ہے لہٰذا آپ سرپرستی قبول فرمائیں۔ حضرت آسی نے یہ ذمہ داری قبول فرمالی۔ چنانچہ مولانا آسی اور اُستاذی حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسریؒ ثم لاہوریؒ کے برادر اکبر حضرت حکیم غلام قادر (۱۹۰۸ء۔ ۱۹۷۵ء) نے پرچہ کی ترتیب کا کام سنبھالا یعنی ان کے علمی معاون رہے اور یہ ایک ایسا پُرخلوص تعاون تھا کہ ان دونوں بزرگوں کا اخبار میں بحیثیتِ مدیر یا مدیر معاون کبھی بھی نام نہیں چھپا۔

حکیم صاحب نے اپنے پیر و مرشد حضرت امیر ملت محدث علی پوری قدس سرہ کی زیر قیادت تحریک خلافت میں بھرپور حصہ لیا۔ لیکن وہ ہندو مسلم اتحاد کو مسلمانوں کے لیے انتہائی مہلک سمجھتے تھے جیسا کہ بعد میں حالات نے ثابت بھی کر دیا۔ مولانا معراج الدین احمد تسری نے کانگریسی مسلمان لیڈروں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ

---

(۱) آپ مولانا احمد رضا خاں بریلوی خلفاء میں سے تھے۔

ہندو مسلم اتحاد کی مخالفت

''ہمارے دوستوں کو ابھی تک ''ہندو مسلم اتحاد'' کا شوق ہے مگر وہ نہیں جانتے کہ ایسا اتحاد مسلمانوں کے لیے سم قاتل ہے۔ ملک کے ہندو لیڈر قومی میثاق کے متعلق جو رویہ اختیار کر رہے ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ابھی ''انگریزی راج'' جب ''انگریزی راج'' میں ہندوؤں کے ظلم وستم کا یہ حال ہے تو مسلمان یاد رکھیں کہ اگر سوراج مل گیا تو ہندو لوگ، مسلمانوں کو کان سے پکڑ کر ہندوستان سے باہر نکال دیں گے، یا اُن کی زندگی دشوار کر دیں گے۔ اُردو زبان اور رسم الخط کا نام ونشان مٹا دیں گے اور تمام اسلامی حقوق غصب کر لیے جائیں گے۔'' (۱)

حکیم صاحب ''جمعیت خدام الحرمین'' کے تاسیسی رُکن کی حیثیت سے تھے۔ جس کا پہلا اجلاس مورخہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۹ء کو بریڈلاء ہال لاہور میں منعقد ہوا تھا۔ اس اجلاس میں برصغیر کے اکابر مثلاً پیر جماعت علی شاہ علی پوری (۱۸۴۱ء۔ ۱۹۵۱ء)، مولانا حسرت موہانی (۱۸۸۱ء۔ ۱۹۵۱ء) مولانا سیّد حبیب مدیر ''سیاست'' لاہور (۱۸۹۱ء۔ ۱۹۵۱ء) شیخ صادق حسن امرتسری (۱۸۷۷ء۔ ۱۹۵۹ء) سرمیاں محمد شفیع (۱۸۶۹ء۔ ۱۹۳۲ء) ڈاکٹر سیف الدین کچلو (۱۸۸۴ء۔ ۱۹۶۳ء) مولانا محمد بہاء الحق قاسمی امرتسری (۱۹۰۰ء۔ ۱۹۸۷ء) مہاراجہ محمود آباد علی محمد خان (۱۸۸۱ء۔ ۱۹۳۱ء) نے شرکت کی۔ حکیم صاحب نے اس اجلاس کی کامیابی وکامرانی کے لیے سعی بلیغ کی۔

حکیم صاحب کو دو دفعہ قید وبند کی صعوبتوں سے بھی دوچار ہونا پڑا۔ پہلی بار ۱۹۱۹ء میں جلیانوالہ باغ امرتسر کے سانحہ پر گرفتار ہوئے اور دوسری دفعہ ۱۹۴۷ء میں فرقہ وارانہ فسادات میں پابہ زنجیر ہوئے مگر یہ گرفتاریاں، زندانیاں اور پریشانیاں اُنہیں احقاقِ حق اور ابطالِ باطل سے باز نہ رکھ سکیں۔

۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو قرار داد پاکستان منظور ہوئی تو حکیم صاحب نے ''الفقیہ'' کے صفحات تحریکِ پاکستان کا کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے وقف کر دیے۔ آل انڈیا مسلم لیگ اور آل انڈیا سنی کانفرنس کی خبریں نمایاں طور پر شائع کر کے اور تحریکِ پاکستان کے حق میں اداریے لکھ کر تحریک کو تقویت

(۱) ہفت روزہ الفقیہ/ مارچ ۱۹۲۳ء امرتسر، ص:۹

بخشی۔ حضرت امیر ملت محدث علی پوری قدس سرّہ کے اس مرید نے قیامِ پاکستان کے سلسلہ میں جو بے مثال خدمات انجام دیں۔ ''الفقیہ'' کی فائلیں آج بھی ان کی گواہی دے رہی ہیں۔

۴۶۔ ۱۹۴۵ء کے تاریخ ساز الیکشن میں حکیم صاحب نے قیامِ پاکستان کے حصول کے لیے جدوجہد ''الفقیہ'' کے ذریعہ جو کردار ادا کیا وہ آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ جنوری ۱۹۴۷ء میں جب خضر حیات ٹوانہ (المتوفی ۱۹۷۵ء) نے مسلم لیگ کے سامنے گھٹنے ٹیک کر استعفیٰ دے دیا۔ اس معرکہ میں بھی ''الفقیہ'' کی خدمات درخشاں ہیں۔

قیامِ پاکستان کے بعد حکیم صاحب سب کچھ چھوڑ کر لاہور تشریف لے آئے۔ ۲ جنوری ۱۹۴۸ء کو ''الفقیہ'' کے اجراء کے لیے درخواست دی۔ ۲۰ جولائی کو ڈیکلریشن مل گیا اور پرچہ شائع ہونے لگا۔ بعدازاں بعض ناگزیر حالات کی بناء پر حکیم صاحب ''الفقیہ'' کو گوجرانوالہ لے گئے اور ان کی حیات تک ''الفقیہ'' بڑی آب و تاب سے نکلتا رہا۔ اُن کی رحلت کے بعد اُن کے صاحبزادہ نے ۱۷ اپریل ۱۹۶۹ء کو لاہور سے نئے سائز پر اس کا اجراء کیا مگر اب چونکہ پرچہ میں حکیم صاحب والی بات نہ تھی لہٰذا جلد ہی دم توڑ گیا۔

وفات

حکیم صاحب کی وفات حسرت آیات ۹ نومبر ۱۹۴۸ء مطابق ۷ محرم الحرام ۱۳۶۸ھ بروز منگل بوقت شام ۵ بج کر ۳۵ منٹ پر بعمر ۶۲ سال لاہور میں ہوئی۔ امرتسر میں لاکھوں کی جائیداد چھوڑ کر آنے والے اس مردِ جلیل کو پاکستان میں سر چھپانے کے لیے جگہ نہ مل سکی، اگر ملی تو صرف قبر کے لیے دو گز زمین! اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ قبرستان میانی صاحب لاہور میں دفن ہوئے۔ ۱۴ اگست ۱۹۹۶ء کو ''تحریکِ پاکستان ورکرز ٹرسٹ لاہور'' نے ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ''تحریکِ پاکستان گولڈ میڈل'' دیا جو اُن کے صاحبزادے فیاض الدین احمد نے وصول کیا۔ (۱)

---

(۱) بتصرف علماء کرام اور تحریکِ پاکستان ص: ۱۵۱ سے ۱۵۵ مولانا محمد صادق قصوری

تفصیلات کے لیے مندرجہ ذیل کتب دیکھیے

۱۔ ذاتی یادداشتیں۔ حکیم موسیٰ امرتسری

۲۔ ہفت روزہ الفقیہ امرتسر، لاہور ۱۹۴۲ء تا ۱۹۴۹ء

مولانا محمد شفیع داؤدیؒ

مولانا محمد شفیع داؤدیؒ ۱۸۷۹ء میں داؤدنگر ضلع مظفر پور (صوبہ بہار، بھارت) میں پیدا ہوئے۔ کلکتہ یونیورسٹی سے بی اے اور ایل ایل بی کیا۔ کلکتہ ہائی کورٹ اور پٹنہ ہائی کورٹ میں کامیاب وکالت کی۔ دینی علوم پر بھی اچھی خاصی نظر تھی۔ مظفر پور میں ''شفیع منزل'' کے نام سے ایک شاندار رہائش گاہ تعمیر کی جس میں تازیست رہائش پذیر رہے۔

تحریکِ خلافت میں حصّہ

مولانا محمد شفیع داؤدی نے تحریکِ خلافت میں بھرپور حصّہ لیا اور اپنے آپ کو اس کے لیے وقف کر دیا۔ علی برادران کے خاص الخاص مخلصین میں سے تھے۔ ۱۹۲۵ء میں ''بہار، اڑیسہ خلافت کانفرنس'' کے صدر منتخب ہوئے۔ ۱۹۲۶ء میں سینٹرل اسمبلی کے ممبر چُنے گئے۔ فروری ۱۹۲۷ء میں ''آل انڈیا خلافت کانفرنس'' کے اجلاس لکھنؤ کی صدارت کی۔ ''تحریکِ ترکِ موالات'' میں وکالت چھوڑ کر نیم فقیرانہ لباس زیب تن کر لیا۔ اس وقت تین ہزار روپے ماہوار کی آمدن تھی۔ اس تحریک میں قلندرانہ کردار ادا کرنے کی پاداش میں ۱۹۲۰ء میں دفعہ ۱۰۸ تعزیراتِ ہند کے تحت آپ کو گرفتار کر لیا گیا۔ آپ نے ضمانت نہ دی اور نتیجۃً ایک سال کے لیے قید و بند کی تکالیف برداشت کرتے رہے۔

اس گرفتاری کے لیے انگریز سپرنٹنڈنٹ پولیس جب ''شفیع منزل'' پہنچا تو تین چار سیڑھیاں چڑھ کر ہی مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کے کمرے کے سامنے والے برآمدے میں لڑکھڑا گیا۔ یہ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کی

شخصیت اور حُب قومی کا رُعب تھا جس نے اتنا دہشت زدہ کر دیا تھا کہ وارنٹ گرفتاری بھی بمشکل دکھا سکا۔
مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے اُسے بڑی فراخ دلی سے خوش آمدید کہا اور بتایا کہ وہ ساتھ چلنے کو تیار ہیں، گھبرانے اور پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

مسلم لیگ نے دہلی اجلاس (۱۹۲۶ء) میں آئینی اصلاحات کے لیے اسکیم وضع کرنے کی خاطر جو کمیٹی مقرر کی تھی اس نے فروری ۱۹۲۷ء کے شروع میں قائداعظم محمد علی جناح کی رہائش گاہ ویسٹرن کورٹس دہلی (انڈیا) میں اپنی میٹنگ بلائی۔ مسلم لیگ کی ۱۹۲۴ء۔ ۱۹۲۵ء۔ ۱۹۲۶ء کی قراردادوں میں جن مطالبات اور تحفظات کا تعین کیا گیا تھا ہندو لیڈر اُنہیں قبول کرنے میں متامل تھے۔ وہ بدستور مخلوط طریق انتخاب پر مصر رہے۔ اس لیے کمیٹی نے ایک ایسا فارمولا تیار کرنے کی سعی کی جو اُنہیں قابل قبول ہو۔ جُوں جُوں کمیٹی کی میٹنگز ہوتی رہیں ان کی اہمیت بڑھتی گئی۔ قائداعظم محمد علی جناح نے مباحثوں میں حصّہ لینے کے لیے دوسرے لیڈروں کو بھی مدعو کیا۔ ایسی آخری میٹنگ ۲۰ مارچ ۱۹۲۷ء کو قائداعظم محمد علی جناح کی زیرِ صدارت ہوئی جس میں درج ذیل اصحاب نے شرکت کی۔

مولانا محمد علی جوہرؔ (۱۸۷۸ء۔ ۱۹۳۱ء) سر محمد شفیع (۱۸۶۹ء۔ ۱۹۳۲ء) نواب محمد اسمٰعیل خاں (۱۸۸۳ء۔ ۱۹۵۸ء) سر محمد یعقوب خاں (۱۸۷۹ء۔ ۱۹۴۲ء) میاں شاہنواز (۱۸۷۵ء۔ ۱۹۳۸ء) صاحبزادہ عبدالقیوم خاں آف سرحد (۱۸۶۴ء۔ ۱۹۳۷ء) نواب ذوالفقار علی خاں (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۳۳ء) عبداللہ سہروردی (۱۸۸۳ء۔ ۱۹۳۵ء) مہاراجہ علی محمد خاں محمود آباد (۱۸۸۱ء۔ ۱۹۳۱ء) عبدالمتین چوہدری (۱۸۹۵ء۔ ۱۹۴۸ء) امام صاحب جامع مسجد دہلی اور مولانا محمد شفیع داؤدی۔

اس اجلاس میں سندھ کو الگ صوبہ بنانے، صوبہ سرحد اور بلوچستان میں اصلاحات نافذ کرنے اور بنگال میں مسلمانوں کو قانون ساز مجالس میں آبادی کے تناسب سے نمائندگی دینے اور مرکزی اسمبلی میں مسلمانوں کی ایک تہائی مقرر کرنے کے مطالبات کیے گئے تھے۔ ان تجاویز کو ''تجاویز دہلی'' کے نام سے موسوم کیا گیا تھا، دوسرے رہنماؤں کے علاوہ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے بھی اس پر دستخط کیے تھے۔

مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے اس اجلاس میں سرگرمی سے حصّہ لیا اور اس کی کامیابی کے لیے سعیٔ بلیغ

فرمائی۔ تجاویز کی تیاری میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔

۲۵ اگست ۱۹۲۸ء کو آل پارٹیز کانفرنس کا جلسہ لکھنؤ میں ڈاکٹر انصاری کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ رُکن مرکزی مجلس قانون ساز (ممبر سینٹرل اسمبلی) نے زور دیا کہ وہ تجاویز جو دہلی میں مسلمانوں نے ۱۹۲۷ء میں بنائی تھیں اور جن کو مسلم لیگ اور کانگرس دونوں نے منظور کرلیا ہے ان کو نہرو رپورٹ میں شامل کیا جائے۔ لیکن ڈاکٹر انصاری اور اُن کے ساتھی کانگرسیوں نے انکار کردیا۔ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ ہندوؤں اور کانگرسی مسلمانوں کی ہٹ دھرمی سے مایوس ہوکر رنجیدہ واپس ہوئے۔

۴ ستمبر ۱۹۲۸ء کو شملہ میں سینٹرل اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا۔ وہاں پنڈت موتی لعل نہرو (۱۸۶۱ء۔ ۱۹۳۱ء) نے کوشش کی کہ اسمبلی میں اپنی تجاویز ریزولیشن کے ذریعے منوالیں۔ اپنی پارٹی کے ایک ممبر گنگا نند سنہا سے ریزولیشن کا نوٹس دلوادیا جو بیلٹ میں آکر اس کے لیے تاریخ مقرر ہوگئی۔ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ جو لکھنؤ سے دلبرداشتہ ہوکر آئے تھے اور نہرو رپورٹ کے زبردست مخالف تھے۔ اُنہوں نے اپنی پارٹی ''خلافت کمیٹی'' کے ممبروں سے مشورہ کیا اور دیگر ممبروں کے سامنے ذکر کیا تو سب نے طے کیا کہ تمام مسلمانوں کی ایک کانفرنس دہلی میں منعقد کی جائے جس کی صدارت کے لیے سر آغا خاں (۱۸۷۷ء۔ ۱۹۷۳ء) کو لندن سے بلایا جائے۔ ۳۸ مسلمان ممبران اسمبلی وکونسل آف اسٹیٹ نے یہ تجویز منظور کر کے دستخط کردیے۔

اس کانفرنس کے بلانے والے جن ممبران نے دستخط کیے ان کے نام صوبہ وار مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) صوبہ پنجاب

نواب سر ذوالفقار علی خاں (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۳۳ء) سر عبدالقادر (۱۸۷۴ء۔ ۱۹۵۰ء) میاں شاہنواز (۱۸۷۵ء۔ ۱۹۳۸ء) لیفٹیننٹ سردار محمد نواز خاں (۱۹۰۱ء۔ ۱۹۶۸ء) میاں عبدالحی (۱۸۸۸ء۔ ۱۹۴۶ء) سیّد راجن شاہ گیلانی ملتانی (۱۸۷۸ء۔ ۱۹۳۶ء)۔

(۲) صوبہ متحدہ (یوپی)

مولوی محمد یعقوب (۱۸۷۹ء ۔ ۱۹۴۲ء) نواب محمد اسمٰعیل خاں (۱۸۳۸ء ۔ ۱۹۵۸ء) سر محمد یامین خاں (۱۸۸۶ء ۔ ۱۹۶۶ء)۔

(۳) صوبہ بنگال

عبداللہ سہروردی (۱۸۸۳ء ۔ ۱۹۳۵ء) عبدالحلیم غزنوی (۱۸۷۶ء ۔ ۱۹۵۳ء) محمد رفیق، حاجی چوہدری محمد اسمٰعیل خاں (س ۔ م ۔ ن) انوار العظیم (س ۔ م ۔ ن) عبدالمتین چوہدری (۱۸۹۵ء ۔ ۱۹۴۸ء) محمود سہروردی (س ۔ م ۔ ن)۔

(۴) صوبہ بہار

مولانا محمد شفیع داؤدیؒ (۱۸۷۹ء ۔ ۱۹۴۹ء) نواب زادہ سیّد اشرف الدین (س ۔ م ۔ ن) بدیع الزمان (س ۔ م ۔ ن)۔

(۵) صوبہ سندھ

حاجی عبداللہ ہارون (۱۸۷۲ء ۔ ۱۹۴۳ء) محمد پناہ خاں (س ۔ م ۔ ن) وحید بخش بھٹو (س ۔ م ۔ ن)۔

(۶) صوبہ بمبئی

سر ابراہیم ہارون (المتوفی ۔ ۱۹۳۵ء) فاضل ابراہیم رحمت اللہ (س ۔ م ۔ ن)۔

(۷) صوبہ مدراس

مولوی سیّد مرتضٰی (س ۔ م ۔ ن) عبداللطیف فاروقی (س ۔ م ۔ ن)۔

(۸) صوبہ سرحد

صاحبزادہ نواب سر عبدالقیوم خان (۱۸۶۴ء ۔ ۱۹۳۷ء)۔

(۹) صوبہ سی پی

عبدالقادر صدیقی (۱۸ ء ۔ ۱۹ ء)۔

دوبارہ ۲۲ ستمبر کو اعلان کیا گیا کہ ۱۱ نومبر (۱۹۲۸ء) کو دہلی میں سر آغا خاں کی زیر صدارت جلسہ میں نہرو رپورٹ پر غور ہوگا۔

جب موتی لعل نہرو نے دیکھا کہ اسمبلی میں مسلمان ممبر اُس کی رپورٹ مخالفت کریں گے تو اس کی وقعت کہ وہ متفق علیہ ہے جاتی رہے گی اور لارڈ برکن ہڈ (Lord Birken Head) کا چیلنج دُرست ہو جائے گا کہ ہندوستان کی سب قومیں مل کر کوئی آئین نہیں بنا سکتیں لہٰذا دور اندیش پنڈت نے اپنے ممبر کمار گنگا نند سنہا کو اسمبلی سے غائب کر دیا اور جس وقت اس کا نام پکارا گیا کہ ریزولیشن پیش کرے وہ غائب تھا۔ اس طرح پنڈت موتی لعل نہرو اپنی رپورٹ جس میں مسلمانوں کی خوب کھل کر حق تلفی کی گئی تھی پاس کرانے سے رہ گئے۔ اس کا سہرا مولانا محمد شفیع داوٗدیؒ کے ہنر ہے۔

یکم جنوری ۱۹۲۹ء کو سر آغا خاں کی صدارت میں دہلی میں ''آل پارٹیز مسلم کانفرنس'' کا جلسہ ہوا جس میں پانچ ہزار نمائندہ مسلمان شامل ہوئے۔ نہرو رپورٹ کی بڑی سخت اور شدید مذمت کی گئی اور دیگر مسلم مفاد قرار دادیں بھی منظور کی گئیں۔ تائید کرنے والوں میں مولانا آزاد سبحانی (۱۸۸۲ء۔۱۹۵۷ء) مولانا عبدالماجد بدایونی (۱۸۸۷ء۔۱۹۳۱ء) کے علاوہ مولانا محمد شفیع داوٗدیؒ بھی شامل تھے۔ مولانا محمد شفیع داوٗدیؒ نے اس کانفرنس کے سیکریٹری کی حیثیت سے گراں قدر خدمات انجام دیں۔

۱۹۲۹ء میں جب جمعیت علماء ہند مکمل طور پر کانگرس کی گود میں جا گری اور مسلم مفادات کو بالکل نظر انداز کر دیا تو علمائے حق جن میں مولانا محمد علی جوہر (۱۸۷۸ء۔۱۹۳۱ء) مولانا عبدالماجد بدایونی (۱۸۸۷ء۔۱۹۳۱ء) مولانا نثار احمد کانپوری (۱۸۸۰ء۔۱۹۳۴ء) مولانا عبدالکافی الہ آبادی (۱۸۵۸ء۔۱۹۳۰ء) مولانا محمد فاخر الہ آبادی (۔۔۔اء۔۱۹۳۰ء) مولانا قطب الدین عبدالوالی فرنگی محلی (۱۸۹۶ء۔۱۹۵۴ء) شاہ محمد سلیمان پھلواروی (۱۸۵۹ء۔۱۹۳۵ء) میر غلام بھیک نیرنگ (۱۸۷۶ء۔۱۹۵۲ء) مولانا مظہر الدین شیر کوٹی (۱۸۸۸ء۔۱۹۳۹ء) مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (۱۸۸۸ء۔۱۹۴۱ء) مولانا سیّد حبیب ایڈیٹر ''سیاست'' لاہور (۱۸۹۱ء۔۱۹۵۱ء) پیر غلام مجدد سرہندی (۱۸۸۳ء۔۱۹۵۸ء) مولانا حسرت موہانی (۱۸۷۸ء۔۱۹۵۱ء) مولانا شاہ عبدالعلیم میرٹھی (۱۸۹۳ء۔۱۹۵۴ء) مولانا نذیر احمد خجندی

(۱۸ ۔ ۱۹۳۶ء) مولانا عبدالرؤف داناپوری (۱۸۷۴ء ۔ ۱۹۴۸ء) وغیرہم شامل تھے، کے ساتھ مولانا محمد شفیع داؤدی نے بھی جمعیت علماء ہند کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خیر باد کہہ دیا۔ اور جمعیت علماء کانپور کی تشکیل کی جس کے صدر مولانا محمد علی جوہر اور سیکریٹری مولانا مظہر الدین شیرکوٹی منتخب ہوئے۔ نیز ۵ دسمبر ۱۹۲۹ء کو ''دی مدراس پریذیڈنسی مسلم کانفرنس مدراس'' کی صدارت کی۔

مسلم لیگ میں شمولیت وجدوجہد

اسی سال مسلم لیگ میں شامل ہوکر مسلمانوں کے مفادات کے حصول کی جنگ میں تن من دھن کی بازی لگادی اور پھر تازیست اسی نصب العین پر اپنی تمام تر توانائیاں صرف کردیں۔ ۱۹۳۰ء میں مسلم لیگ کی حمایت پر جمعیت علماء ہند کو خوب تنقید کا نشانہ بنایا۔ ۲۵، ۲۶ نومبر ۱۹۳۳ء کو دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کا جلسہ زیرِ صدارت خان بہادر حافظ ہدایت حسین بیرسٹرایٹ لاء آف کانپور (۱۸۸۱ء ۔ ۱۹۳۶ء) ہوا جس میں صوبوں اور ریاستوں سے تین سال کے لیے مسلم لیگ کے نائب صدور چُنے گئے۔ صوبہ بہار کی طرف سے مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کو تین سال ۱۹۳۳ء تا ۱۹۳۶ء کے لیے آل انڈیا مسلم لیگ کا نائب صدر چُنا گیا۔ اس اجلاس میں مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے جمعیت علماء ہند پر بوجہ حمایتِ ''آل انڈیا نیشنل کانگرس کڑی تنقید کی اور ایک قرارداد پیش کی جس میں کیمونل ایوارڈ کے مخالفین کی مذمت کی گئی۔

۱۹۳۰ء میں گول میز کانفرنس انعقاد پذیر ہوئی۔ ۱۲ نومبر ۱۹۳۰ء کو لندن میں جارج پنجم (۱۸۶۵ء ۔ ۱۹۳۶ء) نے پہلی گول میز کانفرنس کا افتتاح کیا۔ ۱۲ نومبر ۱۹۳۰ء تا ۱۹ جنوری ۱۹۳۱ء یہ کانفرنس جاری رہی۔ اس وقت گاندھی جی (۱۸۶۹ء ۔ ۱۹۴۸ء) جیل میں تھے۔ ہندو قوم نے اپنی روایتی دوہری چال کا مظاہرہ کرتے ہوئے کانفرنس کا بائیکاٹ کیا۔ لیکن یہ عجیب بات ہے کہ کانگرس کے بائیکاٹ کے باوجود مہاسبھا کے نمائندے ہندو ذہنیت کی ترجمانی کے لیے موجود تھے۔ باقی تمام جماعتیں بھی اس میں شریک تھیں۔ مسلمانوں کے نمائندوں میں قائداعظم محمد علی جناح (۱۸۷۶ء ۔ ۱۹۴۸ء) مولانا محمد علی جوہر

(۱۸۷۸ء۔۱۹۳۱ء) مولوی اے کے فضل الحق (۱۸۷۳ء۔۱۹۶۲ء) غلام حسین ہدایت اللہ (۱۸۷۹ء۔۱۹۴۸ء) سرمیاں محمد شفیع (۱۸۶۹ء۔۱۹۳۲ء) حافظ ہدایت حسین (۱۸۸۱ء۔۱۹۳۶ء)، سرشفاعت احمد خاں (۱۸۹۳ء۔۱۹۴۷ء) سر آغا خاں (۱۸۷۷ء۔۱۹۵۷ء) نواب احمد سعید چھتاری (۱۸۸۸ء۔۱۹۸۲ء) نواب سر صاحبزادہ عبدالقیوم خاں (۱۸۶۴ء۔۱۹۳۷ء) سر سلطان احمد (۱۸۸۰ء۔۱۹۶۳ء) میاں شاہنواز (۱۸۷۵ء۔۱۹۳۸ء) راجہ شیر محمد (س۔م۔ن) بیگم شاہنواز (۱۸۹۶ء۔۱۹۷۹ء) وغیرہم شامل تھے۔

گول میز کانفرنس کا دوسرا دور ۷ ستمبر ۱۹۳۱ء تا یکم دسمبر ۱۹۳۱ء جاری رہا۔ اس میں گاندھی جی، کانگرس کے واحد نمائندے کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ مسلم وفد میں اب مولانا شوکت علی (۱۸۷۳ء۔۱۹۳۸ء) سرعلی امام (۱۸۶۹ء۔۱۹۳۲ء) اور مولانا محمد شفیع داؤدیؒ بھی شامل ہو گئے۔ گاندھی کی زبردست خواہش کے باوجود ابوالکلام آزاد (۱۸۸۸ء۔۱۹۵۸ء) اور ڈاکٹر مختار احمد انصاری (۱۸۸۰ء۔۱۹۳۶ء) کو اس اجلاس میں شریک نہ کیا گیا۔ گاندھی نے انگلستان روانہ ہونے سے پہلے کراچی میں اقلیتی اُمور کے بارے میں ایک فارمولا پیش کر دیا جس میں تین نکات مخلوط انتخاب، نشستوں کا تعین اور ۲۵ فیصد سے کم آبادی والی اقلیت کے لیے عمومی نشستوں سے انتخاب لڑنے کا حق شامل تھے۔ کانفرنس کا اجلاس شروع ہوا تو گاندھی نے اپنے علاوہ کسی اور کو ہندوستان کا نمائندہ ماننے سے انکار کر دیا اور اعلان کیا کہ ''کانگرس ہندوستان کی واحد نمائندہ جماعت ہے اور میں اس کا واحد نمائندہ۔'' اس نے کوشش کی کہ اقلیتی اُمور پر تصفیہ کو ملتوی کر کے دستور کی باقی شقیں طے کر لی جائیں مگر اس کی ایک نہ چلی۔ کانفرنس میں اس کی غیر معقولیت بالکل بے نقاب ہو گئی۔ واپس آ کر گاندھی نے تحریک چلانے کا اعلان کیا۔ گاندھی کو پہلی مرتبہ مسلمانوں کی مخالفت کے باوجود تحریک چلانے کا اتفاق ہو رہا تھا بدیں وجہ تحریک بہت جلد فیل ہو گئی۔

کانفرنس میں گاندھی کی ناکامی اور واپس آنے پر تحریک چلانے کی مذموم کوشش آور نہ ہونے پر اُسے جو ہزیمت اُٹھانا پڑی، اس سے کانگرس کو سخت دھچکا لگا۔ برطانوی وزیر اعظم مسٹر ریمزے میکڈانلڈ (۱۸۶۶ء۔۱۹۳۷ء) نے ۱۴ اگست ۱۹۳۲ء کو فیصلہ سُنا دیا جس کے اہم نکات یہ تھے:

(۱) جداگانہ انتخاب کا حق صرف مسلمانوں ہی کو نہیں تمام اقلیتوں کو دے دیا گیا۔

(۲) مرکزی اسمبلی میں مسلمانوں کو ۳/۱ نشستیں دی گئیں۔

(۳) صوبائی مجالس میں اقلیتوں کو اپنے تناسب سے قدرے زیادہ نشستیں دے دی گئیں۔

اس تمام تگ ودو میں مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے اپنی تمام تر صلاحیتیں مسلمانوں کے مفاد کے لیے وقف کر کے مسلم وفد اور قائداعظم محمد علی جناح کا پورا پورا ساتھ دیا۔ اور اپنے گرانقدر مشوروں اور کوششوں سے گاندھی کے مکروفریب کے جال کا تارتار کیا۔ ہندو ذہنیت پر مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کی گہری نظر تھی۔

''مولانا محمد شفیع داؤدیؒ بہت صابر اور ہوش گوش کے آدمی ہیں وہ مجھ سے کہتے ہیں کہ ان کے صوبے بہار میں ''کانگرس کمیٹی'' آئندہ مہاسبھا کا مکمل روپ دھاران کرے گی اور یہ کہ وہاں کیا بُرا انجام ہوگا۔'' (۱)

۱۹ فروری ۱۹۳۳ء کو مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے ''ایگزیکٹو بورڈ آل پارٹیز مسلم کانفرنس'' کا اجلاس پر غور کیا جائے۔ اس میں پندرہ قراردادیں منظور کی گئیں۔ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے بحیثیت سیکریٹری اس کانفرنس کی کامیابی کے لیے بڑی محنت اور تگ ودو کی۔

۲۴ ستمبر ۱۹۳۴ء کو ''مسلم یونٹی بورڈ'' نے اپنے اجلاس مراد آباد میں جمعیت علماء ہند (دہلی) کا یہ مطالبہ تسلیم کر لیا کہ بورڈ شریعت کے معاملات میں جمعیت کا مشورہ قبول کرے گا تو اس پر جمعیت علماء (کانپور) کے سیکریٹری مولانا مظہر الدین شیرکوٹی (۱۸۸۸ء۔ ۱۹۳۹ء) نے اس کی تردید کر دی اور ساتھ ہی اپنی جمعیت کا اجلاس طلب کر لیا جس میں شاہ محمد سلیمان پھلواروی (۱۸۵۹ء۔ ۱۹۳۵ء)، حکیم الامت علامہ اقبالؒ (۱۸۷۷ء۔ ۱۹۳۸ء)، مولانا عنائت اللہ فرنگی محلیؒ (۱۸۸۸ء۔ ۱۹۴۱ء) مولانا سیّد حبیب مدیر ''سیاست'' لاہور (۱۸۹۱ء۔ ۱۹۵۱ء) مولانا الحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔ ۱۹۷۰ء) ودیگر بہت سے علماء کرام کے علاوہ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے بھی شرکت کی اور اپنی گرانقدر تجاویز وآراء سے اجلاس کو نوازا۔ اجلاس میں ''مسلم یونٹی بورڈ'' کی حمایت کا فیصلہ ہوا اور جمعیت علماء ہند سے بالکل علیحدگی پولیٹیکل اور لا تعلقی کا اعلان کیا گیا۔

(۱) شاہراہ پاکستان/ چوہدری خلیق الزماں/ ۱۹۶۷ء کراچی ص: ۸۷۔

۲۱ اکتوبر ۱۹۳۵ء کو بدایوں میں ''آل انڈیا مسلم پولٹیکل کانفرنس'' انعقاد پذیر ہوئی جس کی صدارت کا شرف مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کو حاصل ہوا۔ ۱۹۳۷ء کے انتخابات میں بھرپور دلچسپی اور طوفانی دورے کرنے کی وجہ سے مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کی صحت بہت متاثر ہوئی اور وہ عملی سیاست سے کنارہ کش ہوگئے۔ مگر اُن کی تمام تر ہمدردیاں بدستور مسلم لیگ کے ساتھ وابستہ رہیں۔

۴۶، ۱۹۴۵ء کے انتخابات میں اُنہوں نے مسلم لیگی اُمیدواروں کی کامیابی کے لیے مقدور بھر مساعی کیں۔ دسمبر ۱۹۴۵ء میں کل ہند مرکزی اسمبلی کا انتخاب ہوا تو صوبہ بہار کی تین مسلم نشستوں پر مسلم لیگ نے شاندار کامیابی حاصل کی۔ پہلی نشست پر خان بہادر حبیب الرحمٰن (مسلم لیگ) نے ۱۲۳۳ء ووٹ حاصل کیے جب کہ ان کے مدمقابل عبدالغفور (قوم پرست) کو صرف ۲۴۳ ووٹ ملے اور ضمانت ضبط ہوگئی۔ حلقہ نمبر ۲ بھاگلپور و حلقہ نمبر ۳ ناگپور، اڑیسہ سے علی الترتیب مسلم لیگی اُمیدوار عابد حسین اور محمد نعمان بلا مقابلہ کامیاب ہوگئے۔

فروری ۱۹۴۶ء کے الیکشن میں بہار اسمبلی کی کل مسلم نشستوں ۴۰ میں سے مسلم لیگ نے ۳۴ نشستیں حاصل کر کے ۸۵ فیصد کامیابی حاصل کی۔ مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کے رہائشی حلقہ مظفر پور صدر (حلقہ نمبر ۱۹) پر مسلم لیگ کے جناب تجمل حسین کا مقابلہ کانگرس کے منظور حسن اور آزاد اُمیدوار عبدالجبار سے تھا۔ کانگرسی اُمیدوار نے ۹۸۸ آزاد اُمیدوار نے ۱۸ ووٹ حاصل کیے۔ مؤخر الذکر کی تو ضمانت بھی ضبط ہوگئی۔ مسلم لیگی اُمیدوار نے ۴۰۰۵ ووٹ لے کر شاندار فتح مندی پائی۔

وفات

۱۹۴۶ء میں مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کی علالت نے شدت اختیار کر لی اور وہ بہت کمزور ہوگئے۔ ضعفِ پیری کے باعث نقل و حرکت محدود ہو کر رہ گئی۔ مسلمانوں کا درد جو اُن کے سینے میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا وہ بدستور موجود تھا۔ جب کہیں سے سُن لیتے کہ مسلمانوں کو دُکھ پہنچا ہے تو بیتاب ہو جاتے۔ آخر کار تین

سال کی طویل علالت کے بعد ۱۹۴۹ء میں مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے مظفر پور (بھارت) میں اپنی جان، جان آفریں کے سپرد کردی۔

محترمہ زبیدہ خاتون

جدوجہد آزادی میں مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کی اہلیہ زبیدہ خاتون نے بھی کار ہائے نمایاں سرانجام دیے۔ زبیدہ خاتون کی ولادت اکتوبر ۱۸۸۵ء میں پاروگاؤں ضلع مظفر پور (بہار، بھارت) میں ہوئی۔ ان کے والد کا نام سیّد عبدالفتح ایڈووکیٹ تھا جو پاروگاؤں کے قرب وجوار میں بڑی زمینوں کے مالک تھے۔ زبیدہ خاتون نے اپنے شوہر کے سیاسی نظریات کا اثر قبول کر کے سیاست میں قدم رکھا۔ تحریکِ خلافت کے دور میں علی برادران کی والدہ محترمہ بی اماں، مولانا محمد شفیع داؤدیؒ کے ہاں قیام پذیر ہوئیں تو زبیدہ بیگم خصوصی طور پر متاثر ہوئیں اور پھر بی اماں کے شانہ بشانہ کام کیا۔ اور ہر قسم کی پریشانیوں کا مقابلہ کیا۔ پردہ نشین خاتون ہونے کے وجود اپنے شوہر نامدار کے ساتھ ہر جلسے میں شریک ہوتیں۔ خود بھی خواتین کے جلسے کرتیں۔ وہ ان سبھی خواتین کا حوصلہ بڑھانے میں ہر ممکن مدد کرتیں جن کے شوہر یا عزیز واقارب قید وبند میں ہوتے۔

تحریک عدم تعاون کے سلسلے میں جن طلباء نے گورنمنٹ اداروں سے اپنے نام کٹوا لیے تھے اُن کی تعلیم کے لیے مولانا محمد شفیع داؤدیؒ نے اپنی کوٹھی کے وسیع وعریض لان میں قومی اسکول اور کالج قائم کیے تھے۔ روپیہ فراہم کرنے کی خاطر محبِ وطن خواتین کھانا پکانے سے قبل ایک مٹھی آٹا بچالیا کرتی تھیں۔ زبیدہ خاتون طلباء کی غذا وصحت کا خاص خیال رکھتی تھیں۔ خصوصاً ان کا کھانا وہ اپنی نگرانی میں تیار کرتی تھیں۔ ان کے بڑے بیٹے جس نے خود گورنمنٹ ادارے سے اپنی تعلیم منقطع کر لی تھی میزبانی کے فرائض انجام دیتے تھے۔ لیکن مالی مشکلات اور حکومت کی طرف سے مستقل پریشان کیے جانے کے سبب یہ ادارے زیادہ عرصے تک نہ چل سکے۔

مولانا محمد شفیع داوٗدیؒ کی تین سالہ طویل علالت کے دوران زبیدہ خاتون ان کی تیمارداری میں مشغول رہیں۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ زبیدہ کو اپنا رہائشی مکان کرایہ پر دے کر ایک مختصر مکان میں کرایہ پر رہنا پڑا۔ گزربسر کی خاطر زمینیں بھی فروخت کیں مگر حکومت ہند کے سامنے دستِ سوال دراز نہ کیا۔

شوہر کی رحلت کے بعد کراچی (پاکستان) آ گئیں اور پھر زندگی گوشہ نشینی میں گزار کر ۲۰ جون ۱۹۷۰ء کو داعی اجل کو لبیک کہہ گئیں۔ گلشن اقبال کراچی کے قبرستان میں تدفین ہوئی۔ (۱)

(۱) تفصیلات کے لیے دیکھیے۔

- ہندوستان کی جنگ آزادی میں مسلم خواتین کا حصہ / عابدہ ڈاکٹر
- پاکستان ناگزیر تھا از سید حسن ریاض
- تحریکِ پاکستان / منصور احمد بٹ
- تحریکِ خلافت / محمد عدیل عباسی

مولانا سیّد حبیب مدیر ’’سیاست‘‘ لاہور

مولانا سیّد حبیب اللہ شاہ بن سیّد سعد اللہ شاہ (۱۸۵۵ء۔۱۹۴۵ء) کی ولادت ۵ ستمبر ۱۸۹۱ء کو جلالپور جٹاں ضلع گجرات (صوبہ پنجاب) میں ہوئی۔ مشن ہائی اسکول وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ سے میٹرک کیا۔(۱) مختلف اساتذہ سے دینی تعلیم حاصل کی۔ پہلی عالمی جنگ ۱۹۱۴ء سے پہلے شمس العلماء مولوی سیّد محمد ممتاز علی (۱۸۶۰ء۔۱۹۳۵ء) کے دارالاشاعت پنجاب لاہور سے بطور کلرک ملازمت کا آغاز کیا۔ اور پھر ماہنامہ ’’پھول‘‘ اور ’’تہذیب‘‘ کے ایڈیٹر رہے۔ بعد ازاں مشہور کشمیری مورخ منشی محمد دین فوق (۱۸۷۷ء۔۱۹۴۵ء) کے ’’کشمیری میگزین‘‘ سے وابستہ ہوگئے۔ اس کے بعد فوج کے کسی محکمے میں بھرتی ہوکر شنگھائی (چین) چلے گئے۔ ۱۹۱۷ء میں فوج کی ملازمت سے سبکدوش ہوکر کلکتے پہنچے اور اخبار ’’رسالت‘‘ میں ملازمت اختیار کرلی۔ بعد ازاں اپنا ذاتی اخبار ’’ترمذی‘‘ کے نام سے جاری کیا۔ اس وقت صورت حال یہ تھی کہ پنجاب میں گورنر سر مائیکل اڈواٹر (۱۸۶۴ء۔۱۹۴۰ء) کی سخت گیری کے باعث اخبارات بند ہوچکے تھے اور یہاں کے لوگوں کو جنگ کی خبروں کے لیے دوسرے صوبوں کے اخبارات دیکھنے پڑتے تھے۔ اس طرح ’’ترمذی‘‘ بھی لاہور میں بکنے لگا۔ ’’ترمذی‘‘ کے پنجاب میں داخلے پر پابندی لگی تو ’’رہبر‘‘ جاری کیا، اس کا داخلہ بند ہوا تو ’’نقاش‘‘ نکال لیا۔ اس کے بعد لاہور آکر ۱۹۱۹ء میں روزنامہ ’’سیاست‘‘ نکالا جو ۱۹۳۷ء تک باقاعدگی کے ساتھ اشاعت پذیر ہوتا رہا۔

سیّد حبیب صحافی بھی تھے اور قومی رضا کار بھی۔ چنانچہ جب کوئی تحریک اُٹھتی تو اس میں آپ کا جو کردار ہوتا، اس کی عکاسی ان کے اخبار ’’سیاست‘‘ میں ہوتی۔ آپ کو مشائخ عظام خصوصاً سنوسئ ہند امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔۱۹۵۱ء) کا تعاون اور سرپرستی حاصل تھی۔ آپ اعلیٰ درجے

کے اخبار نویس، بہت اچھے مقرر اور اسلامی تاریخ سے خوب واقف تھے۔ شعر و شاعری سے بھی اچھا خاصا لگاؤ تھا۔ ''بھگوت گیتا'' کا منظوم ترجمہ یادگار ہے۔ زندگی کا بیشتر حصہ لاہور میں گزرا۔ نہایت محنتی، جفاکش، باہمت، دوستوں کے مخلص دوست اور دشمنوں کے سخت دشمن تھے۔ بڑے سے بڑے آفیسر اور لیڈر سے ٹکرا جانے میں تامل نہ کرتے تھے۔

آپ کا اخبار مسلم رائے عامہ کا ہمنوا تھا۔ مسلمانوں نے جب بھی کسی مسئلے پر آواز بلند کی، ''سیاست'' نے بھرپور انداز سے حقیقی کردار ادا کیا اور ملتِ اسلامیہ کے جوش و جذبے کو بلند سے بلند تر کیا۔ رولٹ ایکٹ ایجی ٹیشن اور جلیانوالہ باغ امرتسر کے سانحے کے سلسلے میں قومی پالیسی کا حامل رہا۔ سنسر شپ کی پابندیاں لگیں، طرح طرح کے عتاب نازل ہوئے مگر ''سیاست'' کے اُصولوں میں لرزش نہیں آئی۔ مغل پورہ ایجی ٹیشن اور تحریکِ کشمیر میں سرفروشانہ کردار ادا کیا۔

تحریکِ خلافت میں حصہ

سیّد حبیب، تحریکِ خلافت کے زبردست حامی اور علی برادران کے مخلص ساتھی تھے۔ آپ نے تحریر و تقریر کے ذریعے تحریکِ خلافت میں مجاہدانہ کردار ادا کیا۔ آپ کے اخبار ''سیاست'' نے تحریکِ خلافت کے لیے جو خدمات انجام دیں وہ آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔ ۱۹۲۱ء میں آپ کو تحریکِ خلافت میں تن من دھن کی بازی لگانے کی پاداش میں تین سال کی قید ہوئی جو آپ نے نہایت پامردی کے ساتھ میانوالی جیل میں کاٹی۔ اس تحریک میں پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔ ۱۹۵۱ء) کی زیرِ قیادت پنجاب میں اِک آگ لگا دی۔ چونکہ آواز میں گونج اور گرج تھی لہٰذا مجمع پر چھا جاتے اور سامعین مسحور ہو جاتے۔ آپ کی سرفروشانہ خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے قوم نے آپ کو ''فدائے ملت'' کا لقب دیا۔

۲۴ مئی ۱۹۲۴ء کو مسلم لیگ کا ایک خاص اجلاس لاہور میں منعقد ہوا جس میں قائداعظم محمد علی جناح (۱۸۷۶ء۔۱۹۴۸ء)، مولانا محمد علی جوہر (۱۸۷۸ء۔۱۹۳۱ء)، مولانا مظہر الدین شیر کوٹی (۱۸۸۸ء۔۱۹۳۹ء) کے علاوہ سیّد حبیب نے بھی شرکت کی۔

۱۹۲۵ء میں ''تحریک خدام الحرمین'' میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ ابنِ سعود نے حجاز پر حملہ کیا تو خاندانِ شریفی بے دخل ہو کر آوارۂ روزگار ہوگیا۔ ابنِ سعود (۱۸۸۱ء۔۱۹۵۳ء) نے مزاراتِ مقدسہ کے قبے خلافِ شریعت قرار دے کر گرا دیے تو انجمن خدام الحرمین اور انجمن حزب الاحناف لاہور نے اس ناپاک جسارت کے خلاف تحریک چلائی۔ اس تحریک کے روحِ رواں حضرت امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔۱۹۵۱ء) تھے۔ سیّد حبیب نے بھرپور ساتھ دے کر تحریک کو تقویت بخشی۔ سیّد صاحب کی خدمات کی بنا پر مقدمہ چلا اور ۱۹۲۷ء میں دو سال کے لیے پابند سلاسل کر دیا گیا۔

اس سزا کے بارے میں...... ماہنامہ ''یادگارِ رضا'' بریلی جلد۲ شمارہ نمبر۵ بابت یکم رجب المرجب ۱۳۴۶ھ (۱۹۲۷ء) نے صفحہ ۳۳ پر ''سیّد برادران اور 'سیاست' '' کے زیرِ عنوان یہ اداریہ لکھا۔

''فدائے ملت سیّد حبیب شاہ اور ان کے برادرِ (اصغر) سیّد عنایت شاہ صاحب کی ذات اپنی دینی و ملی قربانیوں کے باعث محتاجِ تعارف نہیں۔ عالمِ اسلام کو ان ہر دو حضرات کی دینی خدمات کا نہ صرف اعتراف ہی ہے بلکہ اُن کی مذہبی مخلصانہ سرفروشیوں کی بنا پر ان کی محبت نے دنیائے اسلام کے قلوب کی عمیق ترین پہنائیوں میں اپنا گھر کر لیا ہے۔ اس خبر نے کہ ''ان ہر دو حضرات کو لاہور کی کچہری سے ''جمعیت خدام الحرمین'' والے مقدمہ میں دو سال کی سخت سزائے قید دی گئی۔'' اہلِ اسلام کے قلوب کو بے چین بنا دیا۔ عالمِ اسلام کو اس سے کافی صدمہ پہنچا۔ آج سیّد برادران اور اخبار ''سیاست'' پر جن مصائب کا ہجوم ہے، اگر اس پر مسلمان خون کے آنسو روئیں جب بھی کم ہے۔ ''سیاست'' کے لیے اس سے زیادہ کوئی نازک اور پُر خطر وقت نہیں آ سکتا۔ میں مسلمانانِ عالم کی خدمت میں نہایت پُر زور اپیل کرتا ہوں کہ اگر ان کو ''سیّد برادران'' کی مخلصانہ سرفروشیوں کا اعتراف ہے اور ان سے قلبی تعلق ہے تو اس نازک ترین وقت میں ''سیاست'' کی اعانت کو ہر امکانی صورت سے اپنا فرض سمجھیں۔ ''سیاست'' کی توسیع و اشاعت میں کافی کوشش کریں۔ خود خریدیں،

اپنے اعزہ واحباب و متعلقین کے نام اس کو جاری کرائیں۔ اور ہر نماز کے بعد جناب باری عزاسمہ میں بصد خشوع وخضوع سیّد برادران کی رہائی کے لیے دعا کریں۔ (مدیر ابوالمعانی محمد ابرار حسن صدیقی تلہری)۔

۱۷ اکتوبر ۱۹۲۹ء کو بریڈلاء ہال لاہور میں ''جمعیت خدام الحرمین'' کا جو خصوصی اجلاس منعقد ہوا، اس کی کامیابی وکامرانی کے لیے سیّد حبیب نے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کر دیں۔ اجلاس بہت کامیاب و نتیجہ خیز ثابت ہوا سب نے سیّد صاحب کی خدمات کی تعریف کی۔

۱۹۲۹ء میں ''غازی علم الدین شہید کیس'' میں دیوانہ وار خدمات انجام دیں۔ غازی صاحب کی نعش کی حصولی کے سلسلے میں مسلمانانِ لاہور سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

''کل عصر کے وقت لاہور میں میانوالی سے کئی تار موصول ہوئے جن سے معلوم ہوا کہ آج صبح صادق کے وقت غازی علم الدین کو شہید کر دیا جائے گا۔ یہ خبر بجلی کے ذریعہ آئی اور بجلی ہی کی تیزی سے تمام شہر میں پھیل گئی۔ صدہا مسلمان رات کے دس بجے دفتر ''سیاست'' میں آئے، اس لیے کہ اس خبر کے ساتھ یہ اطلاع بھی درج تھی کہ حکومت نے شہید کی لاش کو لاہور لانے کی اجازت نہیں دی۔ میاں علم الدین نے جو کام کیا ہے وہ بے نظیر ہے، آپ نے صفحۂ دہر پر انمٹ الفاظ میں اپنے خون سے یہ حقیقت منقش کر دی ہے کہ۔

مسلمان لاکھ بُرے ہوں، مگر نامِ محمد ﷺ پر
وہ تیار ہیں ہر حالت میں اپنا سر کٹانے کو

میاں صاحب، شہید میں اور ہم اُن کا لاشہ حکومت سے طلب کرتے ہیں۔ اس لیے کہ بت پرست، ہر خدا پرست، ہر عیسائی اور موسائی غرض ہر مذہب کے لوگ مرنے والے کی وصیت کو پورا کرنا فرض سمجھتے ہیں اور شہید مرحوم نے وصیت کی ہے کہ اُن کو لاہور میں دفن کیا جائے۔ اس فرض کو پورا کرنا ہر مسلمان پر لازم ہے۔ شہید مرحوم اب اپنے والد یا رشتہ داروں کا مال نہیں رہے۔ وہ خدا اور اُس کے رسول پاک ﷺ کا مال ہیں۔ وہ ہم مسلمانوں کا ورثہ ہیں، ان کی عزت ہماری عزت ہے اور خدا اور رسول ﷺ کی عزت ہے۔

نیز مسلمانوں کا عقیدہ یہ ہے کہ اُن کے مرنے والے بھی اُن کے لیے دعائیں کرتے ہیں۔ اُن کا فیض مرنے سے ختم نہیں ہوتا اور شہید تو زندہ و جاوید ہیں۔ ہر شہید گناہ سے پاک ہوتا ہے۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ نمازِ جنازہ، مرحوم اور زندہ دونوں کے لیے مفید ہوتی ہے۔ مرحوم نیک ہو تو نماز ادا کرنے والے بخشے جاتے ہیں اور اگر نمازیوں میں ایک بھی مردِ مقدس ہو تو مرنے والے اور نمازیوں کے سب گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔''

سیّد صاحب نے جھکنا تو سیکھا ہی نہیں تھا۔ جس بات پر ڈٹ جاتے ڈٹے رہتے۔ ''ہربرٹ ایمرسن گورنر پنجاب'' سے ایک وفد کے ہمراہ ملنے کے لیے گئے تو روزوں کے دن تھے۔ افطار کا وقت ہو گیا پانی مانگا تو گورنر نے نلکے کی طرف اشارہ کر دیا۔ سیّد صاحب نے گورنر کو وہیں آڑے ہاتھوں لیا۔ اگلے روز ''سیاست'' میں مقالہ لکھا کہ ایمرسن نے اس بدتمیزی کا مظاہرہ کر کے انگریز قوم کے اخلاق کو مجروح کیا ہے۔ محکمہ اطلاعات نے گورنر کی طرف سے تردید کی تو آپ نے اداریہ لکھا، ''گورنر کا جھوٹ۔''

دوبارہ تردید آئی تو لکھا، ''گورنر نے پھر جھوٹ بولا'' حق تو یہ ہے کہ تن گئے۔

لالہ ہرکشن لال گابا (۱۸۸۶ء۔ ۱۹۲۷ء) پنجاب میں تجارت کے بادشاہ تھے دیوالیہ ہو گئے۔ عدالت میں مقدمہ چل رہا تھا۔ عام تاثر یہ تھا کہ لاہور ہائی کورٹ کے چیف جج سر ڈگلس ینگ (س۔م۔ن) نے اُنہیں تباہ کیا ہے۔ سیّد حبیب نے ینگ پر نکتہ چینی کی۔ توہین عدالت کا مقدمہ چلا۔ آپ کے چھوٹے بھائی سیّد عنائت شاہ (المتوفی۔ ۱۹۴۵ء) ''سیاست'' کے پرنٹر، پبلیشر تھے، اُنہیں طلب کیا گیا۔ جس بنچ نے سماعت کی وہ دیوان رام لعل اور سر ڈگلس ینگ پر مشتمل تھا۔ شاہ صاحب کی طرف سے کوئی وکیل نہ تھا۔ ینگ نے دیوان رام لعل کی وساطت سے پوچھا، ''آپ کے ساتھ کوئی وکیل ہے؟''

''جی نہیں''

''کیا آپ نے کوئی وکیل نہیں کیا؟''

''اس مقدمہ میں کوئی وکیل پیش ہونے کو تیار نہیں''

''کیوں؟''

''وہ اس عدالت سے خوف زدہ ہیں۔''

''آپ غلط کہہ رہے ہیں۔آپ فیس نہیں دینا چاہتے ہوں گے۔''

''ایسی بات نہیں جناب، میں نے جو کچھ بیان کیا ہے وہ صحیح ہے۔''

''آپ نام بتا سکتے ہیں؟''

''جی نہیں! میں کسی کے خلاف شکایت نہیں کرنا چاہتا۔''

''آپ انگریزی میں بات کریں۔''

''مجھے انگریزی نہیں آتی۔''

''آپ نے کچھ لکھا، معافی مانگنے کے لیے تیار ہیں؟''

''جی نہیں۔ میں نے جو کچھ لکھا، صحیح لکھا ہے۔''

ینگ غصّے سے کانپنے لگا

''اگلی تاریخ پر وکیل ساتھ لے کر آؤ۔''

''میں کوشش کروں گا لیکن میں نے جو لکھا ہے اس عدالت کے خلاف لکھا ہے لہٰذا یہ عدالت مستغیث ہوسکتی ہے منصف نہیں؟''

آئندہ پیشی پر ینگ نے گیارہ سو روپیہ جرمانہ اور ایک ماہ قید محض کی سزا دے دی۔اس زمانہ میں گیارہ سو روپیہ بہت بڑی رقم تھی۔جلالپور جٹاں میں شاہ صاحب کا ذاتی مکان تھا، فروخت کرکے جرمانہ ادا کر دیا۔

ایک دفعہ سیّد حبیب نے ینگ کو ایک خط لکھا کہ وہ ان سے ملنا چاہتے ہیں۔اس نے پرسنل اسٹنٹ سے لکھوا دیا کہ ''وقت نہیں ہے۔'' سیّد صاحب کو غصہ آ گیا۔اپنے چپراسی کی معرفت تحریر کیا کہ ''سیّد صاحب بھی آپ سے مل کر راضی نہیں ہیں۔آپ کے خلاف کچھ الزامات تھے جن کی وضاحت کے لیے وہ آپ سے ملنا چاہتے تھے۔'' لطف یہ کہ اس تحریر پر چپراسی کے دستخط بھی نہیں تھے۔

مسلم لیگ کی حمایت

۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس علامہ اقبالؒ (۱۸۷۷ء - ۱۹۳۸ء) کی زیر صدارت شہر الہ آباد کے محلہ یاقوت گنج کے تمبا کو فروش شیخ رحیم بخش کے مکان میں ہوا تو مولانا عبدالماجد بدایونی (۱۸۸۷ء - ۱۹۳۱ء)، سیّد حسین امام وارثی (۱۸۹۷ء - ۱۹۸۵ء) جیسے قائدین کے ساتھ سیّد حبیب نے بھی شرکت کی۔

۲۴ ستمبر ۱۹۳۴ء کو مسلم یونیٹی بورڈ نے اپنے اجلاس میں جمعیت علماء ہند (دہلی) کا یہ مطالبہ تسلیم کرلیا کہ بورڈ شریعت کے معاملات میں جمعیت کا مشورہ قبول کرے گا۔ تو اس پر جمعیت علماء (کانپور) کے سیکریٹری مولانا مظہر الدین شیرکوٹی (۱۸۸۸ء - ۱۹۳۹ء) نے اسکی تردید کردی اور ساتھ ہی اپنی جمعیت کا اجلاس طلب کرلیا جس میں مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء - ۱۹۷۰ء) شاہ محمد سلیمان پھلواروی (۱۸۵۹ء - ۱۹۳۵ء) علامہ اقبال (۱۸۷۷ء - ۱۹۳۸ء) مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (۱۸۸۸ء - ۱۹۴۱ء) مولانا محمد شفیع داؤدی (۱۸۷۹ء - ۱۹۴۹ء) وغیرہم کے علاوہ سیّد حبیب نے بھی شرکت کی۔ اس اجلاس میں مسلم یونیٹی بورڈ کی حمایت کا فیصلہ ہوا اور جمعیت علماء ہند سے لاتعلقی کا اعلان کیا گیا۔

۱۰ جنوری ۱۹۳۵ء کو برکت علی اسلامیہ ہال بیرون موچی گیٹ لاہور میں شیخ صادق حسن امرتسری (۱۸۸۷ء - ۱۹۵۹ء) کی زیر صدارت ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں میاں عبدالحی ایم اے ایل شیخ محمد حسین سیکریٹری مسلم بینک آف انڈیا لمیٹڈ، مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء - ۱۹۵۶ء) کے علاوہ سیّد حبیب نے بھی شرکت کی۔

اس اجتماع کا مقصد یہ تھا کہ اس امر پر غور کیا جائے کہ کس طرح صوبے کے مسلمانوں کو تجارتی لحاظ سے منظم کیا جاسکتا ہے۔ قرار پایا کہ مسلمان صرف اسی صورت میں ہمسایہ اقوام جیسی ترقی کر سکتے ہیں کہ وہ تجارت کو اختیار کریں اور تجارتی لحاظ سے اپنی شیرازہ بندی کریں۔ ایک ''مرکزی ایوانِ تجارت'' قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا جس کی شاخیں صوبہ بھر میں قائم کی جائیں۔

۱۹۳۵ء کے زلزلے سے قبل سیّد حبیب نے نواب خاران (بلوچستان) کی دعوت پر ریاست خاران کی سیاحت کی اور ایک تذکرہ ''تذکرۂ خاران'' کے نام سے مرتب کیا۔ جو بڑی اہمیت کا حامل تھا۔
۱۹۳۵ء ہی میں حضرت امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ کی زیرِ قیادت ''تحریک مسجد شہید گنج'' میں بھر پور حصّہ لیا۔

۳۷۔۱۹۳۶ء میں جب مسلم لیگ کو دوبارہ ایک فعال اور عوامی جماعت کا روپ دیا گیا۔ حضرت قائداعظمؒ کی قیادت میں سیّد حبیب نے بھی مسلم لیگ کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ کے اخبار روزنامہ ''سیاست'' نے مسلمانوں میں بیداری اور حریت کا جذبہ پیدا کرنے کے مقدس مشن میں برابر مصروفیت اور سرگرمی دکھائی۔ مسلم لیگ کی حمایت میں اپنے ہندو معاصرین ''دیش''، ''کسیری''، ''پرتاب''، ''بندے ماترم'' اور ''ملاپ'' کے خطرناک حملوں کا مشترکہ طور پر ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ ان کی ان ہی کوششوں کے نتیجے میں مسلمانوں میں اتحاد، فکر اور قومی یکجہتی کا جذبہ بیدار ہوا۔

تحریکِ پاکستان میں کردار

سیّد حبیب نے قیامِ پاکستان کی کوششوں میں اپنے آپ کو انتہائی مصروف کرلیا حتیٰ کہ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک حقیقت بن کر اُبھرا۔
۱۹۳۷ء میں سیّد حبیب نے سرسکندر حیات خاں وزیراعظم پنجاب (۱۸۹۲ء۔۱۹۴۲ء) کی مسلم لیگ دشمن پالیسیوں پر کڑی تنقید کی۔ سرسکندر آپ کی حق گوئی و بیبا کی کی تاب نہ لا سکا اور حکومت نے آپ کے اخبار ''سیاست'' سے سات ہزار روپیہ ضمانت طلب کی جو ادا نہ کی جاسکی اور ''سیاست'' ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا۔ اس کے بعد روزنامہ ''منشور'' جاری کیا۔ ۱۹۴۹ء میں روزنامہ ''غازی'' نکالا۔

میانہ قد اور کھلتا ہوا گندمی رنگ والے سیّد حبیب نے تمام زندگی حق وصداقت کا پھریرا لہرایا۔ کئی بار قید و بند کی صعوبتوں سے نبرد آزما ہوئے۔ ہر ظالم و جابر سے ٹکرانے میں ذرّہ بھر بھی تامل نہ کیا۔ تمام زندگی لوگوں کی سفارشیں کرنے محتاجوں کی امداد کا جتن کرنے اور مظلوموں کی دادرسی کے لیے افسروں سے جھگڑنے والے اس بے لوث مردِ مجاہد کی آخری عمر نہایت افلاس، غربت اور بیکسی میں گزری۔

وفات

۲۳ فروری ۱۹۵۱ء مطابق ۱۶ جمادی الاوّل ۱۳۷۰ھ بروز جمعۃ المبارک آپ کی رُوح قفس عنصری سے پرواز کر گئی اور لاہور کے مشہور معروف قبرستان میانی صاحب میں تدفین ہوئی۔ (۱)

---

(۱) بتصرف تحریکِ پاکستان اور علماء کرام مؤلف صادق قصوری

مزید مطالعہ کے لیے دیکھیے۔

- جدوجہد آزادی میں پنجاب کا کردار
- غازی علم الدین شہید
- روزنامہ سیاست لاہور اگست ۱۹۲۸ء

مولانا حسرتؔ موہانیؒ

آپ اسم گرامی مولانا سیّد فضل الحسن، حسرتؔ تخلص ۱۸۷۵ء میں قصبہ موہان ضلع اناؤ (یوپی، بھارت) میں پیدا ہوئے۔(۱) والدہ ماجدہ کا اسم گرامی شہر بانو بیگم بنتِ نیاز حسن تھا۔ دنیائے علم وادب، شریعت و طریقت اور صحافت وسیاست میں مولانا حسرتؔ موہانیؒ کے نام سے شہرت پائی اور بقائے دوام حاصل کی۔ خاندان کے بزرگ اعلیٰ سیّد محمود، نیشا پور سے ہندوستان آئے اور موہان کو جائے سکونت بنایا شجرۂ نسب حضرت امام علی موسیٰ کاظم رضاؒ تک پہنچتا ہے جن کا مزار مقدس نیشا پور (ایران) میں مرجع خلائق ہے۔ (۲)

تعلیمی دور

مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے ۱۸۹۴ء میں موہان سے مڈل کا امتحان پاس کیا اور پورے صوبے میں اوّل آئے۔ ۱۸۹۸ء میں گورنمنٹ مڈل اسکول فتح پور ہسوہ سے فسٹ ڈویژن میں میٹرک پاس کیا۔ ۱۹۰۳ء میں علی گڑھ سے عربی اور ریاضی کے ساتھ بی اے کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا اور ساتھ ہی ساتھ دار العلوم فرنگی محل لکھنؤ سے درسِ نظامی کی تکمیل کی۔ شاعری میں سیّد فخر الحسن فطرتؔ موہانی (س۔م۔ن) اور منشی امیر اللہ تسلیم لکھنوی (۱۸۲۰ء۔۱۹۱۱ء) سے تلمذ تھا۔ مسلکاً حنفی اور مشرباً قادری تھے۔ حضرت شاہ عبدالرزاق فرنگی محلیؒ (۱۸۲۲ء۔۱۸۸۹ء) سے بیعت تھی، ان کی رحلت کے بعد حضرت شاہ عبدالوہاب فرنگی محلی (۱۸۴۶ء۔۱۹۰۳ء) سے تجدید بیعت کی اور قیام الدین والملت حضرت مولانا محمد عبدالباری فرنگی محلیؒ (۱۸۷۸ء۔۱۹۲۶ء) سے اجازت وخلافت پائی۔ پہلا حج ۱۹۳۲ء میں اور آخری حج ۱۹۵۰ء میں کیا۔ (۳)

(۱) اکابر تحریک پاکستان/محمد صادق قصوری/۱۹۷۹ء، نوری بک ڈپو لاہور، ص:۷۹
(۲) تحریک پاکستان اور علماء کرام/محمد صادق قصوری/۱۹۹۹ء، مکتبہ زاویہ، لاہور، ص:۱۹۱
(۳) ایضاً ص:۱۹۲

تحریکِ پاکستان میں حصّہ

۱۹۰۳ء میں علی گڑھ سے ماہنامہ ''اُردو معلّٰی'' نکالا۔ ۱۹۱۴ء میں سہ ماہی ''تذکرۃ الشعراء'' جاری کیا اور ۱۹۲۸ء میں کانپور سے روزنامہ ''مستقل'' کا اجراء کیا جو بعد میں دوروزہ، سہ روزہ ہفت روزہ اور ماہنامہ ہوکر بالآخر ''اُردو معلّٰی'' میں ضم ہوگیا۔ ۱۹۰۳ء میں سیاسی مضامین کا آغاز کیا۔ ۱۹۰۴ء سے عملی سیاست میں حصّہ لیا۔ ۱۹۱۳ء میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔ ۱۹۲۰ء میں سالانہ اجلاس مسلم لیگ میں شرکت کی۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۱ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کا چودھواں سالانہ اجلاس احمد آباد میں ہوا تو صدارت کے لیے نظرِ انتخاب مولانا حسرتؔ موہانیؒ پر پڑی۔ مولانا نے اپنے خطبۂ صدارت میں کہا کہ بدلے ہوئے حالات میں مسلم لیگ کے اغراض و مقاصد پر نظرِ ثانی کی جائے، مسلم لیگ کے دروازے عام لوگوں پر کھول دیے جائیں۔ مولانا نے اپنے اس تاریخی خطبے میں کامل آزادی کا ذکر کیا۔ انگریز حکومت نے یہ خطبۂ صدارت ضبط کرلیا اور گرفتار کرکے مقدمۂ بغاوت قائم کردیا۔ (۱)

۱۹۳۶ء میں مسلم لیگ کی تنظیم جدید سے وابستہ ہوگئے۔ مسلم لیگ یو پی پارلیمانی بورڈ کے ممبر اور یو پی مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کے مستقل ممبر بن گئے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب مسلم لیگ کو نوابوں اور امیروں کی جماعت سمجھا جاتا تھا، مولانا کا وجود اس اعتراض کا مسکت جواب تھا۔ آپ نے مسلم لیگ کو عوام میں مقبول بنانے کے لیے سب سے زیادہ کام کیا۔ قائد اعظمؒ کا تعارف کراتے ہوئے اسٹیج سے بارہایوں کہا جاتا تھا کہ یہ مولانا حسرتؔ موہانیؒ کے تسلیم شدہ قائد ہیں اور اس بات کا سامعین پر نہایت خوشگوار اثر پڑتا تھا۔ (۲)

قائد اعظمؒ کی قیادت میں جب مسلم لیگ ایک ہمہ گیر سیاسی جماعت بن گئی تو مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے ۱۹۳۷ء میں سالانہ اجلاس لکھنؤ کے موقعہ پر ''مکمل آزادی'' کی قرارداد پیش کی۔

---

(۱) حسرتؔ موہانی کی سیاسی زندگی/مطبوعہ بمبئی ۱۹۵۶ء ص:۱۱ (عبدالقوی)

(۲) تحریکِ پاکستان اور علماء کرام/صادق قصوری/لاہور ص:۱۹۲

’’آل انڈیا مسلم لیگ کا مقصد ہندوستان میں مکمل آزادی کا قیام ہوگا جو آزاد جمہوری ریاستوں کی وفاقیہ پر منحصر ہوگا۔ اس کے دستور کے تحت مسلمانوں اور دیگر تمام اقلیتوں کے حقوق اور مفادات کا جائزہ اور مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے گا۔‘‘

اس قرار داد کا پُر شور، پُر جوش طویل تالیوں سے خیر مقدم کیا گیا۔ مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء۔۱۹۵۶ء) چوہدری خلیق الزماں (۱۸۸۹ء۔۱۹۷۳ء) سیّد حسین امام (۱۸۹۷ء۔۱۹۸۵ء)، مولانا مظہر الدین شیر کوٹی (۱۸۸۸ء۔۱۹۳۹ء)، عبدالرحمٰن صدیقی (۱۸۸۶ء۔۱۹۵۳ء)، بیگم مولانا محمد علی جوہر (۱۸۸۵ء۔۱۹۴۷ء) اور دیگر بہت سے لوگوں نے مولانا کی قرارداد کی تائید میں تقریریں کیں۔ ’’اسلام زندہ باد‘‘ اور ’’اللہ اکبر‘‘ کے نعروں کی گونج میں قرارداد منظور ہوئی۔

اس اجلاس میں مولانا حسرتؔ موہانیؒ کی کوششوں سے مسلم لیگ کا نصب العین ’’کامل آزادی‘‘ اور ایسا وفاقی طرزِ حکومت معین ہوا جس کے صوبے اندرونی طور پر آزاد ہوں۔ جدید نصب العین کی تحریک کرتے ہوئے مولانا نے صاف طور پر اعلان کر دیا کہ وفاق ہند کے صوبوں کو اس لیے وہ آزاد رکھنا چاہتے ہیں کہ مرکزی حکومت مسلمانوں کی اکثریت کے اُصولوں کے ساتھ انصاف نہ کرے تو یہ صوبے وفاق ہند سے باہر نکل آئیں اور اگر ہندو اکثریتی صوبے نوآبادیاتی طرزِ حکومت پر قناعت کر لیں تو اسلامی اکثریت کے صوبے آزاد حکومت بنالیں اور ضرورت ہو تو ’’جمہوریہ شوریہ رومیہ‘‘ سے مل جائیں۔ اس اجلاس کے بعد مولانا مسلم لیگ کے ہر سالانہ اجلاس اور آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کی ہر نشست میں پابندی سے شریک ہوتے رہے۔

۱۹۳۷ء میں بلند شہر اور امروہہ کے الیکشن میں مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء ۔ ۱۹۷۰ء)، مولانا شوکت علی (۱۸۷۲ء ۔ ۱۹۳۸ء)، مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (۱۸۸۸ء۔ ۱۹۴۱ء) اور مولانا جمال میاں فرنگی محلی (۱۹۱۹ء۔ زندہ) کے ساتھ مل کر دن رات ایک کر کے حلقہ کا دورہ کیا اور مسلم لیگ کی دھاک بٹھادی۔ مولانا حسین احمد مدنی دیو بندی (۱۸۷۹ء۔۱۹۵۷ء) وغیرہم نے مسلم لیگ کے خلاف بڑا زبردست پروپیگنڈا کیا مگر کامیابی نے قدم مسلم لیگ کے چومے جو دو ہزار ووٹوں کی برتری سے کامیاب ہوئی۔

۱۹۳۸ء میں مسلم لیگ کی وسیع تنظیم کا کام شروع ہوا تو مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء)، مولانا کرم علی ملیح آبادی (۱۸۹۲ء۔۱۹۷۲ء) مولانا صبغۃ اللہ شہید فرنگی محلی (ء۔۱۹۶۴ء) اور مولانا جمال میاں فرنگی محلی (۱۹۱۹ء۔) کے ساتھ مولانا حسرت موہانیؒ نے بھی اپنی تمام تر توانائیاں صرف کر کے شہر شہر اور گاؤں گاؤں مسلم لیگ کے مقاصد کو روشناس کرایا اور مسلم لیگ کے جھنڈے کو بلند رکھا۔ اسی سال سہارنپور میں صوبائی اسمبلی کے ضمنی الیکشن کا معرکہ بھی سر کیا۔

۳۰، ۳۱ جولائی ۱۹۳۸ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کا اجلاس دہلی میں ہوا جس میں فلسطین کے سلسلہ میں برطانوی مال کے مسئلہ پر غور کرنے کے لیے کونسل نے جو کمیٹی بنائی اس میں مولانا شوکت علی، مولانا ظفر علی خاں، عبدالرحمٰن صدیقی، مولانا قطب الدین، عبدالوالی فرنگی محلی اور مولانا مظہر الدین شیر کوٹی کے علاوہ مولانا حسرت موہانیؒ بھی شامل تھے۔

۱۹۴۰ء میں قرار دادِ پاکستان منظور ہوئی تو برصغیر کے کونے کونے میں ایک ہی نعرہ سُنائی دیتا تھا۔ ''مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ''۔ مولانا حسرت موہانیؒ نے اس نعرے کو مقبول عام بنانے کے لیے ہندوستان کی چپے چپے کا دورہ کر کے مسلمانوں کو بیدار کیا۔ اپنی تقریروں اور تحریروں سے مسلم لیگ کی جس قدر خدمت کی اس کی مثال ڈھونڈنے سے نہ ملے گی۔ اُن کی ادبی نگارشات ہوں یا سیاسی سرگرمیاں، اُن سب کا مقصد حصولِ آزادی ہوتا تھا۔ اسی لیے آج ہم جنگِ آزادی کے دیگر زعماء کا ذکر کرتے وقت اس مردِ مجاہد کے کارناموں کو کسی صورت میں بھی فراموش نہیں کر سکتے۔ اس مردِ حریت شعار کو فرنگی نے ہزار بار جھکانے کی کوشش کی مگر حسرت موہانیؒ کو جھکانے کی اُن کی حسرت کبھی بھی پوری نہ ہو سکی، خود فرماتے ہیں۔

ہم قول کے صادق ہیں اگر جان بھی ہوتی
واللہ کبھی خدمتِ انگریز نہ کرتے

تحریکِ آزادی کے سلسلے میں مولانا حسرت موہانیؒ تین بار جیل گئے۔ جُرمانے اور قید با مشقت کی سزائیں اُن کو احقاقِ حق اور ابطالِ باطل سے باز نہ رکھ سکیں۔ پہلی گرفتاری ۱۹۰۸ء میں ''اُردوئے معلّٰی'' میں ایک مضمون ''مصر میں انگریزوں کی پالیسی'' شائع کرنے پر ہوئی۔ مولانا حسرت موہانیؒ نے کمال جرأت

واستقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مضمون نگار کا نام بتانے سے انکار کر دیا۔ ۲ جون ۱۹۰۸ء کو مقدمہ کا آغاز ہوا اور ۴ اگست ۱۹۰۸ء کو فیصلہ۔ دو سال قید بامشقت اور پانچ سو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی۔ ہر روز ایک من آٹا پیسنا پڑتا تھا۔ یہ شعر اسی دور کی یادگار ہے(۱)

ہے مشقِ سخن جاری، چکی کی مشقت بھی
اِک طرفہ تماشا ہے حسرتؔ کی طبیعت بھی

دوسری بار مئی ۱۹۱٦ء کو دو سال قید بامشقت ہوئی۔ للت پور، جھانسی، الٰہ آباد، پرتاب گڑھ، فیض آباد، لکھنؤ اور میرٹھ کی جیلوں میں ایذائیں برداشت کرتے تھے۔ جرم یہ تھا کہ مولانا حسرتؔ موہانیؒ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے قیام کو ایک آزاد اور خود مختار تعلیمی ادارہ دیکھنا چاہتے تھے جب کہ فرنگی حکومت اس کے قیام کی اجازت اس صورت میں دینے کو تیار تھی کہ اس پر حکومت کا کنٹرول رہے۔ بہت کم لوگوں کو یہ بات معلوم ہے کہ مولانا حسرتؔ موہانیؒ کی دوسری قید سخت، آزادیٔ علم کی خاطر ہوئی اور اُنہوں نے اپنی مادر درسگاہ کی آزادی کی خاطر خود کو مصائبِ زنداں میں گرفتار کروا دیا تھا۔

تیسری گرفتاری ۱۹۲۱ء میں مسلم لیگ کے اجلاس احمد آباد کے صدر اجلاس ہونے اور صدارتی خطبہ پڑھنے پر ہوئی۔ یہ خطبہ حکومت نے ضبط کر لیا۔ اس خطبہ میں مولانا نے ''آزادیٔ کامل'' کا مطالبہ کیا تھا۔ یہ مطالبہ فرنگی کی نازک مزاجی پر گراں گزرا اور دو سال قید بامشقت کے سزاوار ٹھہرے۔

یہ بات تو عام تذکروں میں لکھی گئی ہے کہ مولانا حسرتؔ موہانیؒ کی آواز باریک تھی لیکن اس بات کا کھوج لگانے کی کسی نے زحمت گوارا نہیں کی کہ ایسا کیوں تھا۔ دراصل پہلی گرفتاری کے دوران برطانوی حکومت نے جیل میں آپ کو دھتورا کھلا دیا تھا تاکہ یہ آواز ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے۔ مگر ''جس کو اللہ رکھے اُس کو کون چکھے'' کے مصداق حکومت اپنے اس مذموم مقصد میں کامیاب نہ ہو سکی۔ مولانا حسرتؔ موہانیؒ کی آواز خراب تو ضرور ہو گئی مگر جذبۂ حریت میں کسی قسم کی کمی نہ آئی۔ جب بھی جیل سے باہر آتے، نئے جوش اور نئے

(۱) ہفت روزہ چٹان ۵/ مطبوعہ لاہور/ ۱۹۷۴ء، ص: ٦

عزم کے ساتھ جہادِ آزادی میں شریک ہو جاتے۔ آپ کے دم سے ہی بہت سے کم ہمتوں کی ہمتیں بندھیں اور بہت سے اولوالعزم لوگوں نے آپ کی تقلید کی اور باہر کی مصنوعی آزادی کو جیل کی سختیوں پر قربان کر دیا۔

مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے سرکاری ملازمت کی بجائے انگریز سے ٹکر لینے کو ترجیح دی، عیش کی بجائے کانٹوں کی سیج کا انتخاب کیا، حکومت کی غلط پالیسیوں پر کڑی نکتہ چینی کی۔ ان کی زندگی سادگی، درویشی اور قناعت کا مرقع تھی، مولانا حسرتؔ موہانیؒ ایک سچے مسلمان کی طرح ظاہری نام ونمود کے قائل نہ تھے، ساری عمر حق گوئی اور بے باکی میں گزری۔ اپنے اخبار میں وہ صاعقہ پاشی کی کہ پورے برصغیر میں آپ کے قلم کا چرچا تھا، جو لکھتے بے باک ہو کر لکھتے، صدائے حق بلند کرتے وقت کسی سے نہ ڈرتے، یہی وجہ تھی کہ اُنہیں متعدد بار پسِ دیوارِ زنداں جانا پڑا۔ مگر اُن کی زبانِ فیض ترجمان پر یہ نعرہ رہا۔

بڑھتا ہے ذوقِ جُرم یاں ہر سزا کے بعد

فروری ۱۹۴۶ء کے انتخابات میں مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے مسلم لیگ کے ٹکٹ پر کانپور کے شہری حلقہ سے صوبائی اسمبلی کا الیکشن لڑا۔ مولانا حسرتؔ موہانیؒ کے مقابلے پر پانچ اُمیدوار تھے۔ کامیابی نے مولانا حسرتؔ موہانیؒ کے قدم چُومے۔ تفصیل کچھ یُوں ہے:

نمبر شمار	نام اُمیدوار	نام جماعت	حاصل کردہ ووٹ	نتیجہ
۱۔	مولانا حسرتؔ موہانیؒ	مسلم لیگ	۱۹۳۳۳	کامیاب
۲۔	عبدالقیوم	قوم پرست	۳۲۷۷	ناکام
۳۔	محمد فاروق	آزاد	۳۹	ناکام
۴۔	نصیر احمد	آزاد	۹۳	ناکام
۵۔	واحد احمد	آزاد	۱۹۴	ناکام
۶۔	حکیم کمال الدین	آزاد	۳	ناکام

۱۰ اپریل ۱۹۴۶ء کو عربک کالج دہلی میں ''مسلم لیگ لیجسلیٹرز کنونشن'' منعقد ہوا تو اس موقعہ پر سیّد الاحرار مولانا حسرتؔ موہانیؒ سے مجاہدِ ملت مولانا محمد عبدالستار خان نیازی (۱۹۱۵ء) کی ملاقات ہوئی۔ مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے مولانا نیازی کو بھرپور شفقت سے نوازا، دعائیں دیں اور تحریکِ پاکستان کے سلسلے میں ان کی گرانقدر خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے فرمایا:

''نیازی! افسوس کہ اب میری شام ہے اور تمہاری دوپہر۔ اے کاش مجھے تم پہلے ملے ہوتے تو دونوں مل کر قوم کے لیے کچھ کام کرتے۔''

پھر اپنے یہ اشعار سُنائے۔

نہیں ہے قدرداں کوئی تو میں خود ہوں قدرداں اپنا
تکلف بر طرف بیگانۂ رسمِ شکایت ہوں
کمالِ خاکساری پر یہ بے پروائیاں حسرتؔ!
میں اپنی داد خود دے لوں کہ میں بھی کیا قیامت ہوں

۹ جون ۱۹۴۶ء کو قائداعظمؒ نے ''کیبنٹ مشن پلان'' پر غور کرنے کے لیے آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کا اجلاس امپیریل ہوٹل دہلی میں طلب کیا۔ مولانا حسرتؔ موہانیؒ اور مولانا محمد عبدالستار خاں نیازی، دونوں نے اس اسکیم کی زبردست مخالفت کی۔ ووٹنگ پر ساڑھے چھ سو کے ہاؤس میں بمشکل سولہ سترہ آدمی اُن کے ہمنوا بن سکے مگر یہ دونوں حضرات اپنے موقف پر ڈٹے رہے۔ مسلم لیگ نے یہ اسکیم بھاری اکثریت سے منظور کر لی۔ بعد میں انگریز حکومت کی بدعہدی کے پیشِ نظر حضرت قائداعظمؒ نے ۱۶ جولائی ۱۹۴۶ء کو یہ اسکیم مسترد کردی اور ۲۹ کو ''راست اقدام'' کا فیصلہ کیا۔

جولائی ۱۹۴۶ء میں ''مسلم لیگ کونسل'' کا ایک تاریخی اجلاس بمبئی میں ہوا۔ اس میں شرکت کے لیے مولانا جمال میاں فرنگی محلی بھی ہوائی جہاز میں مولانا حسرتؔ موہانیؒ کے ساتھ روانہ ہوئے۔ اثنائے راہ میں مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے مولانا جمال میاں سے فرمایا: ''مُنیے صاحب! پاکستان تو مل جائے گا، اب آئندہ کی فکر کرنی چاہیے۔'' مولانا جمال میاں نے عرض کیا کہ آپ کو کیسے یقین ہوگیا کہ پاکستان مل جائے گا؟ فرمانے

لگے، میں نے نبی کریم ﷺ کی زیارت کی ہے اور ''دیوانِ حافظؔ'' سے تفاول کیا تو شعر بھی مناسب نکلا اور حافظؔ کی اس غزل پر میں نے تضمین بھی کر دی اور اسی وقت ڈائری سے درج ذیل اشعار سُنائے ۔

جب کہے خواب میں خود آ کے شاہِ خوباں
جب کہ حافظؔ بھی مصدوق ہو یہ فالِ دیواں
تجھ کو حسرتؔ یہ مبارک سند مہر و نشاں
پردہ بردار کہ تا سجدہ کند جملہ جہاں
طاقِ ابروئے تو محرابِ جہاں خواہد شُد!

مولانا حسرتؔ موہانیؒ نے یہ خواب ۱۸ مارچ ۱۹۳۶ء کو دیکھا تھا۔

قیامِ پاکستان کے بعد مولانا حسرتؔ موہانیؒ ہندوستان میں ہی رہے۔ اُن کی غیرتِ ایمانی نے اس بات کو گوارا نہ کیا کہ وہ مسلمانوں کو بے یار و مددگار چھوڑ کر چلے جائیں۔ ہندوستانی مسلمانوں کے لیے اُن کا وجودِ مسعود بہت بڑا سہارا تھا اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اُنہوں نے ہندوستانی مسلمانوں کی طرف سے اپنی ذمہ داریوں کو کبھی فراموش نہیں کیا۔ اسمبلی کے اندر اور اسمبلی کے باہر کلمۂ حق بلند کیا۔

۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو حضرت قائدِ اعظمؒ (۱۸۷۶ء۔۱۹۴۸ء) کی وفات ہوئی تو مولانا حسرتؔ موہانیؒ کو بہت غم ہوا۔

اپنے ''روزنامچے'' میں تحریر فرماتے ہیں۔

''۱۲ ستمبر ۱۹۴۸ء آج صبح گھر سے نکلتے پر قائد اعظم محمد علی جناح کے انتقال کی خبر معلوم ہوئی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم اپنا مقصد پورا کر کے دنیا سے اُٹھے۔ ایسی کامیابی بہت کم لیڈروں کو حاصل ہوتی ہے۔''

۱۹۵۰ء میں کانپور سے فرنگی محلی لکھنؤ منتقل ہو گئے۔ اسی سال ستمبر میں آخری حج کیا۔ حج سے واپسی پر اکتوبر میں کراچی تشریف لائے تو ''انجمن ترقیٔ اُردو'' کے دفتر میں ایک عقیدت مند نے آپ سے عرض کیا، حضور! گستاخی نہ ہو تو اپنے اس شعر کے معنی بتا دیجیے، سمجھ میں نہیں آیا ہے ۔

گوناگوں مصروفیات کے باوجود مولانا حسرت موہانیؒ نے مندرجہ ذیل کتابیں بھی لکھیں۔

- ''کلیاتِ حسرت موہانی''
- ''دیوان غالب بمع شرح''
- ''مشاہدات زنداں''
- ''نکاتِ سخن''
- اربابِ سخن کانپور''
- ''انتخابِ سخن''

وفات

۱۳ مئی ۱۹۵۱ء ۱۳۷۰ھ کو استغفار اور درود شریف پڑھتے ہوئے مولانا حسرت موہانیؒ نے رحلت فرمائی۔ باغِ انوار میں نمازِ جنازہ پڑھی گئی اور اپنے مرشد شاہ عبدالوہابؒ کے قدموں میں دفن ہوئے۔

---

(۱) مطالعہ کے لیے دیکھیے:

- مولانا حسرت موہانی / پروفیسر شفقت رضوی۔ کراچی
- کاروانِ گم گشتہ / رئیس احمد جعفری۔ کراچی
- مشاہیر جنگ آزادی / انتظام اللہ شہابی

مولانا میر غلام بھیک نیرنگ انبالویؒ

مولانا میر غلام بھیک نیرنگ ابن سیّد قاسم علی (ف ۱۸۸۸ء) بن سیّد فتح علی رضوی ترمذی کی ولادت با سعادت ۱۸۷۶ء میں دورانہ ضلع انبالہ (حال مسرقی پنجاب، بھارت) میں ہوئی۔ ۱۸۹۰ء میں انبالہ میں میٹرک کا امتحان اوّل پوزیشن میں پاس کیا۔ آپ کی اس کامیابی نے اہلِ خاندان کو باور کرادیا کہ یہ بچہ مستقبل کا بہت بڑا انسان ہوگا چنانچہ مزید تعلیم کے لیے گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل کرادیے گئے۔

اسی سال حکیم الامت علامہ اقبال (۱۸۷۷ء۔ ۱۹۳۸ء) بھی مرے کالج سیالکوٹ سے آکر یہاں تھرڈ ائیر میں داخل ہوئے۔ سر فضل حسین (۱۸۷۷ء۔ ۱۹۳۶ء) میاں عبدالعزیز فلک پیا (۱۸۷۹ء۔ ۱۹۵۱ء) وغیرہم بھی یہیں زیرِ تعلیم تھے۔ نیرنگ کا ان سب حضرات سے تعلقات کا سلسلہ شروع ہوا۔

گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے کا امتحان اعلیٰ پوزیشن میں پاس کرنے کے بعد وکالت کا امتحان پاس کیا اور پھر انبالہ میں پریکٹس شروع کردی حکومت نے آپ کی محنت، ذہانت اور قابلیت کو دیکھ کر سرکاری وکیل کا عہدہ پیش کیا۔ چنانچہ آپ چند سال تک بحیثیت سرکاری وکیل فرائض سرانجام دیتے رہے مگر غیور طبیعت نے زیادہ دیر تک یہ پابندیاں برداشت نہ کیں اور استعفیٰ دے کر دوبارہ پریکٹس شروع کردی۔

مولانا نیرنگ نے حضرت شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھویؒ (۱۸۵۰ء۔ ۱۹۳۶ء) کے دستِ اقدس پر سعادتِ بیعت حاصل کی تھی اور اجازت وخلافت یافتہ بھی تھے۔ اپنے پیرومرشد کا نعتیہ مجموعۂ کلام ''تحائف اشرفی'' آپ ہی نے ترتیب دے کر چھپوایا تھا۔ اس مجموعہ کو دیکھنے سے نیرنگ کی اپنے پیرومرشد سے عقیدت و محبت عیاں ہوتی ہے۔

مولانا نیرنگ شاعر بھی تھے۔ نواب مرزا داغ دہلوی (۱۸۳۱ء۔ ۱۹۰۵ء) سے شرفِ تلمذ حاصل تھا۔

علامہ اقبالؒ آپ کی شاعری سے بہت متاثر تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ علامہ اقبالؒ نے آپ کی خدمت میں اپنا نمونۂ کلام ارسال کیا تھا۔

بر سرِ زینت جو شمعِ محفلِ جانانہ ہے
شانہ اُس کی زُلفِ پیچاں کا پر پروانہ ہے
پائے ساقی پر گرایا، جب گرایا ہے مجھے
چال سی خالی کہاں یہ لغزشِ مستانہ ہے

جواباً مولانا نیرنگؔ نے جو نمونۂ کلام حضرت حکیم الامتؒ کی خدمت میں ارسال کیا تھا اس کا ایک شعر ملاحظہ ہو۔

حرم کو جانا جنابِ زاہد یہ ساری ظاہر پرستیاں ہیں
میں اُس کی رندی کو مانتا ہوں جو کام لے دیر سے حرم کا

آپ کے کلام کے دو مجموعے ''کلام نیرنگ'' اور ''غُبارِ اُفق'' یادگار ہیں۔ ''کلام نیرنگ'' کا دوسرا اور تیسرا ایڈیشن ہمارے پیش نظر ہے۔ دوسرا ایڈیشن ۱۹۲۳ء میں لاہور سے اور تیسرا ایڈیشن ۱۹۸۳ء میں کراچی سے طبع ہوا۔ ایک غزل ملاحظہ ہو۔

اب ہجوم غم و کلفت ہے خدا خیر کرے
جان پر نت نئی آفت ہے خدا خیر کرے
جائے ماندن ہمیں حاصل ہے نہ پائے رفتن
کچھ مصیبت سی مصیبت ہے خدا خیر کرے
آ چلا اس بت عیار کی باتوں کا یقیں
سادگی اپنی قیامت ہے خدا خیر کرے
دل گیا جانے دو، کافر کی ہے ایماں پہ نظر
آنکھ میں اپنی مروّت ہے خدا خیر کرے

ابھی تشخیصِ مرض میں ہے طبیبوں کا کلام
جاں ادھر درپئے رُخصت ہے خدا خیر کرے
رہنماؤں کو پتہ خود بھی نہیں راستے کا
راہرو پیکرِ حیرت ہے خدا خیر کرے

مولانا نیرنگ کو حکیم الامت علامہ اقبال (۱۸۷۷ء۔۱۹۳۸ء) سے بہت محبت تھی۔۱۹۰۵ء میں جب اعلیٰ تعلیم کے لیے علامہ اقبالؒ انگلستان گئے تو مولانا نیرنگ نے انبالے سے دلی تک حضرت علامہؒ کی مشایعت کی۔خواجہ حسن نظامیؒ (۱۸۷۸ء۔۱۹۵۵ء) دہلوی (۱۸۸۸ء۔۱۹۷۶ء) اور مولانا نیرنگ کی موجودگی میں علامہ اقبالؒ نے ''التجائے مسافر'' کے عنوان سے ایک نظم حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ (۱۲۳۷ء۔۱۹۲۴ء) کے مزار اقدس پر پڑھی۔

علامہ اقبالؒ کا عشقِ رسول ﷺ ایک مسلمہ چیز ہے، مولانا نیرنگ نے بھی اس عشقِ لازوال کی چاشنی بارگاہِ علامہ اقبالؒ سے حاصل کی۔مولانا نیرنگ، علامہ اقبالؒ کے عشقِ رسول ﷺ کے متعلق رقمطراز ہیں۔

''علامہ اقبالؒ کا قلبی تعلق حضور سرورِ کائنات ﷺ کی ذاتِ قدسی صفات سے اس قدر زیادہ تھا کہ حضور اکرم ﷺ کا ذکر آتے ہی اُن کی حالت دگرگوں ہو جاتی...... چونکہ میں بارہا اُن کی یہ کیفیت دیکھ چکا تھا اس لیے میں نے ان کے سامنے تو نہیں کہا مگر خاص لوگوں سے بطور راز ضرور کہا کہ اگر یہ حضور اقدس ﷺ کے مرقدِ پاک پر حاضر ہوں گے تو زندہ واپس نہیں آئیں گے وہیں جاں بحق ہو جائیں گے۔''

وکالت، شاعری، علمی اور ادبی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ مولانا نیرنگ نے مذہبی، قومی اور سیاسی تحریکوں میں بھی نمایاں حصہ لیا۔مذہب وملت کا بہت زیادہ درد رکھتے تھے۔۱۹۰۱ء میں انبالہ کے میونسپل کمشنر منتخب ہوئے۔تحریکِ خلافت اور تحریکِ ترکِ موالات میں بھرپور حصہ لیا۔۱۹۲۳ء میں جب ''شدھی تحریک'' آگرہ، متھرا اور بھرت پور وغیرہ میں شروع ہوئی تو آپ نے انبالہ میں ''جمعیۃ مرکزیہ تبلیغ الاسلام'' کی بنا رکھی جس کے صدر مولانا نواب حبیب الرحمٰن خاں شروانی (۱۸۶۷ء۔۱۹۵۰ء) اور آپ تاحیات ناظم اعلیٰ منتخب ہوئے۔حضرت علامہ اقبالؒ اس کے تاسیسی رُکن تھے۔علاوہ ازیں مولوی سر رحیم بخشؒ (۱۸۶۱ء۔۱۹۳۵ء) اور

مولانا عبدالماجد بدایونی (۱۸۸۷ء۔۱۹۳۱ء) خصوصی ارکان تھے۔ اس انجمن نے مبلغین کی ایک بہت بڑی تعداد تیار کر کے شدھی تحریک کے خلاف کارہائے نمایاں انجام دیے۔

مولانا نیرنگ نے ۱۹۲۴ء میں پہلی دفعہ مسلم لیگ کے اجلاسِ لاہور میں شرکت کی۔ اس کے بعد سالانہ دہلی دسمبر ۱۹۲۶ء میں شریک ہوئے۔ اس اجلاس میں آپ کو لیگ کی صوبائی مجلس برائے پنجاب کا رُکن نامزد کیا گیا تھا، جس کا کام مستقبل کی اصلاحات کے لیے ایک منصوبہ تیار کرنا اور لیگ کی مرکزی مجلس کو پیش کرنا تھا۔ نیز آپ اُس ''کل ہند مسلم کانفرنس'' کی ایک مجلس انتظامی کے رُکن بھی نامزد ہوئے تھے جس کا مقصد ''کیمونل ایوارڈ'' پر غور کرنا تھا۔ اس مجلس کے صدر علامہ اقبالؒ تھے۔

آپ نے مسلم لیگ سے وابستہ ہونے کے بعد انبالہ کے مسلمانوں میں آزادی اور قومی شعور پیدا کرنے میں مؤثر کردار ادا کیا۔ آپ کی کوششوں کے اثر سے انبالہ میں لیگ کو بہت مقبولیت حاصل ہوئی اور مسلمانوں میں قومی تحریکوں میں حصّہ لینے اور سیاسی آزادی کے حصول کے جذبات عام ہو گئے۔ چونکہ آپ کو اپنے شہر انبالہ میں بڑی عزت اور وقار حاصل تھا، اس لیے آپ انبالہ ضلع سے ۱۹۳۴ء کے انتخابات میں بلا مقابلہ سینٹرل اسمبلی کے ممبر منتخب ہو گئے اور پھر اس کے بعد ہر انتخاب میں منتخب ہوتے رہے۔ آپ نے اپنی صلاحیت اور لیاقت سے نہ صرف صوبائی مسلم لیگ بلکہ اس کی مرکزی تنظیم کو بہت فائدہ پہنچایا۔ چنانچہ بہت جلد لیگ کے ممتاز قائدین میں شمار ہونے لگے۔ ۱۹۳۶ء میں آپ نے سینٹرل اسمبلی میں قائداعظمؒ (۱۸۷۶ء۔۱۹۴۸ء) کی سرپرستی میں بلوچستان کے لیے صوبائی خودمختاری کی قرارداد پیش کی لیکن مخالفین کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے کامیابی نہ ہو سکی۔ ویسے اس وقت بلوچستان میں مسلم لیگ کا وجود نہ تھا اور نہ ہی قائداعظمؒ یہاں تشریف لائے تھے۔ تاہم آپ کے خیال سے یہ پتہ ضرور چلتا ہے کہ وہ بلوچستان کے لیے اتنے ہی بیتاب تھے جتنے کہ دوسرے صوبوں کے لیے۔

مولانا نیرنگ ۱۹۳۸ء سے ۱۹۴۲ء تک ''مرکزی مجلس دستور ساز'' میں مسلم لیگ کے ''ڈپٹی لیڈر'' کی حیثیت سے لیگ اور اس طرح مسلمانوں کی قیادت کرتے رہے۔ اس عرصہ میں قائداعظمؒ اپنی بے پناہ ذمہ داریوں کے باعث بہت کم اسمبلی کے اجلاس میں شریک ہو سکتے تھے اس لیے ان کی عدم موجودگی میں مولانا

نیرنگؔ ہی لیگ اسمبلی پارٹی کے لیڈر کے فرائض بھی انجام دیتے تھے۔ قائداعظمؒ کی نیابت اور بعض مواقع پر جانشینی میر نیرنگؔ کی اہمیت اور وقعت کی ایک نمایاں مثال ہے۔

مسلم لیگ نے میر نیرنگؔ سے آئینی اصلاحات و ترمیمات کا کام بھی لیا۔ مثلاً ''دہلی یونیورسٹی ترمیمی بل''، جس میں لیگ نے چاہا تھا کہ یونیورسٹی کے اکثر شعبہ جات میں مسلمانوں کی کمی ہے اس کو پورا کیا جائے اور مسلمان اساتذہ کا اضافہ کیا جائے۔ لیگ نے اس بل میں ترمیمات کا کام میر نیرنگؔ کے سپرد کیا تھا۔ جسے منظور کرانے میں اُنہوں نے صبر اور استقلال کے ساتھ ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ اسی زمانے میں ''وراثتِ اسلامی'' کا مسودہ بھی پیش کیا۔

۱۹۴۵ء کے عام انتخابات میں انبالہ سے ''کل ہند مرکزی اسمبلی'' کے بلا مقابلہ ممبر منتخب ہوئے۔ ۱۹۴۶ء کے صوبائی انتخابات میں انبالہ سے مسلم لیگی اُمیدواروں محمد حسن خاں، خواجہ غلام صمد وغیرہم کی کامیابی بھی آپ کی مرہونِ منت ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد پہلی قومی اسمبلی وجود میں آئی پہلی مجلس دستور ساز بھی تھی تو آپ اُس کے بھی رُکن بنے اور اسمبلی کے اندر اور باہر اسلامی اور ملی مفادات کے لیے کوشاں رہے۔

مولانا نیرنگؔ بڑے وجیہہ، بارعب شخصیت کے مالک تھے۔ رنگ دودھ کی طرح، آنکھیں بڑی اور غلافی، سیاہ اور روشن، پیشانی فراخ، جسم مضبوط اور گٹھا ہوا، قد درمیانہ، داڑھی گھنی، لہجہ ملائم اور ہموار تھا۔

وفات

مارچ ۱۹۴۹ء میں اُن کی اہلیہ نے وفات پائی۔ پھر جون میں اُن کی اکلوتی بیٹی کے شوہر ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن (۱۸۷۹ء۔ ۱۹۴۹ء) کا انتقال ہوگیا۔ ان ہر دو صدمات کا ان کی صحت پر اثر پڑا۔ اُنہیں اختلاجِ قلب کی شکایت پیدا ہوگئی اور وہ ۱۶/ اکتوبر ۱۹۵۲ء بروز جمعرات لاہور میں انتقال فرما کر قبرستان میانی صاحب میں دفن ہوئے۔ (۱)

(۱) اکابر تحریکِ پاکستان مؤلف محمد صادق قصوری گجرات ۱۹۷۶ء (ص: ۱۶۷تا۱۷۲)
مزید مطالعہ کے لیے دیکھیے۔
عظیم قائد عظیم تحریک/ معاصرین، اقبال کی نظر میں/

مولانا غلام محمد ترنم امرتسریؒ (۱)

مولانا غلام محمد ترنم ابن عبدالعزیز کی ولادت ۱۳۱۸ھ/ ۱۹۰۰ء میں امرتسر (بھارت) کے ایک غریب گھرانے میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم اپنے بہنوئی مولانا پروفیسر عبدالرحیم (پروفیسر عربی) خالصہ کالج امرتسر (ــــ ء۔ ۱۹۱۷ء) اور مولانا عبدالصمد خاں کاشمیری (ــــ ء۔ ۱۹۱۸ء) سے حاصل کیا۔ قالین بافی و شال بافی کافن بھی سیکھا۔ پھر حکیم فیروز الدین طغرائی نقشبندی جماعتی (۱۸۸۲ء۔ ۱۹۳۱ء) سے منشی فاضل کا نصاب پڑھ کر امتحان دیا اور نمایاں کامیابی حاصل کی۔ اگلے سال ادیب فاضل کا امتحان بھی پاس کرالیا۔ شاعری میں حضرت طغرائی سے اصلاح لیتے رہے۔

بعدازاں عربی کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے مختلف اساتذہ سے اکتساب کے بعد حضرت مولانا محمد عالم آسی (۱۸۸۱ء۔ ۱۹۴۴ء) سے عربی کی کتابیں پڑھیں اور مولوی فاضل کا امتحان اعلیٰ پوزیشن میں پاس کرلیا۔ پھر علم طب کے لیے حکیم علی محمد مستند طبیہ کالج دہلی، حکیم محبوب عالم اور لاہور کے نامور حکیم شہزاد غلام محمد (ــــ ء۔ ۱۹۵۰ء) سے استفادہ کیا۔ بعدازاں انگریزی میں بھی اچھی خاصی استعداد پیدا کرلی۔ پھر روحانی تربیت کے لیے سنوسئ ہند امیر ملت حضرت حافظ پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔ ۱۹۵۱ء) کچھوچھویؒ (۱۸۵۰ء۔ ۱۹۳۶ء) سے بھی اکتسابِ فیض کیا۔

فارغ التحصیل ہونے کے بعد امرتسر میں خطبہ جمعہ دیتے رہے اور اپنی اظہار بیاں کی صلاحیتوں کی بدولت اِطراف واکنافِ ملک میں جلد ہی آسمانِ شہرت پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔ مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کے لیے آپ نے امرتسر میں جامعہ اسلامیہ کے نام سے ایک مدرسہ قائم کیا جس کے آپ خود

---

(۱) ماخوذ مقالہ محمد صادق قصوری اور اکابر تحریک پاکستان۔ ص:۱۸۹ تا ۱۹۱ مولانا غلام اشرف قادری۔

پرنسپل تھے، اس مدرسہ میں منشی فاضل کا کورس بھی پڑھایا جاتا تھا۔ ۲۹ اکتوبر ۱۹۳۶ء کو مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء۔ ۱۹۵۶ء) اس مدرسہ کے معائنہ کے لیے امرتسر گئے تو آپ کی مقبولیت دیکھ کر یہ شعر کہا۔

ترنم چاند ہے اس شہر میں علم اور حکمت کا
درخشاں اس کے ہالے ہیں مسلمانانِ امرتسر

مسلمانوں میں مذہبی بیداری کے لیے ''انجمن تبلیغ الاحناف'' امرتسر سے بھرپور معاونت کرتے رہے جس کے زیر اہتمام حضرت امام اعظمؒ (۶۹۶ء۔ ۷۶۷ء) کا عرس مبارک ہر سال بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا تھا۔ عرس میں برصغیر کے مشاہیر علماؤ مشائخ شرکت کرتے تھے اور علم و عرفان کے دریا بہاتے تھے۔ ان تمام مصروفیات کے باوجود طبابت کا سلسلہ بھی جاری رکھا، علاج تقریباً مفت ہی کرتے تھے۔

مولانا غلام محمد ترنم کو سیاست سے بھی بھرپور دلچسپی رہی۔ ۱۹۱۹ء میں جلیانوالہ باغ امرتسر کا مشہور واقعہ رونما ہوا تو اس وقت آپ کی عمر انیس برس کی تھی۔ تحریکِ آزادی کے سرگرم کارکن ہونے کی حیثیت سے آپ وہاں منعقدہ بہت بڑے جلسۂ عام میں ایک انقلابی نظم پڑھنے والے تھے۔ اس جلسہ کا اہتمام کانگرس کی طرف سے کیا گیا تھا، کوئی صاحب جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ اس کے بعد آپ کا نام پکارا گیا۔ لیکن پیشتر اس کے کہ آپ اسٹیج پر پہنچ کر نظم پڑھتے جلسہ گاہ میں ہر طرف افراتفری پھیل گئی۔ انگریز فوج نے ایک دم اس باغ کا محاصرہ کر لیا اور جنرل ڈائر نے جلسہ گاہ میں اندھا دھند فائرنگ کروادی۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق جلسہ گاہ میں ۱۳۷۹ افراد جاں بحق اور ۱۲۰۰ کے قریب زخمی ہوئے۔

مسلم لیگ میں شمولیت

مولانا غلام محمد ترنم، کانگرس اور ہندوؤں کی نجی مجالس میں بھی جاتے رہے جہاں جا کر آپ نے اُن کا ظاہر و باطن میں بڑا فرق پایا۔ لہٰذا کانگرس کو ہمیشہ کے لیے خیر باد کہہ دیا اور پھر مسلم لیگ کے ساتھی بن گئے۔ تحریکِ پاکستان میں مثالی کردار ادا کیا۔ اپنی جادو بیانی کے ذریعے ''دو قومی نظریہ'' مسلمانوں

کے ذہن میں جاگزیں کیا۔ ملک گیر دورے کر کے مسلم لیگ کا پیغام گھر گھر پہنچایا۔ ہر سال ''انجمن تبلیغ الاحناف امرتسر'' کے جلسوں میں تحریکِ پاکستان کے موضوع پر تقاریر کی جاتیں۔ ۴۶۔ ۱۹۴۵ء میں سنوسئ ہند امیر ملت حضرت پیر سیّد حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔ ۱۹۵۱ء) صدر الافاضل مولانا سیّد محمد نعیم الدین مرادآبادیؒ (۱۸۸۳ء۔ ۱۹۴۸ء) اور حضرت سیّد محمد محدث کچھوچھویؒ (۱۸۹۴ء۔ ۱۹۶۱ء) نے ''تحریکِ پاکستان'' کے حق میں ایسی مدلل اور پر مغز تقاریر کیں۔ امرتسر میں کانگرسی اور احراری مولویوں کا طلسم ٹوٹ گیا۔ یہ مولانا غلام محمد ترنمؒ کی تقاریر و مواعظ کا اثر تھا کہ مسلمانانِ امرتسر آخر وقت ہندوؤں اور سکھوں کا ڈٹ کا مقابلہ کرتے رہے۔

باؤنڈری کمشن کی بد دیانتی کی وجہ سے گورداسپور اور امرتسر کے اضلاع کو ہندوستان کے حوالے کر دیا گیا تو مولانا غلام محمد ترنمؒ بھی دیگر لوگوں کی طرح مہاجر بن کو پاک سرزمین میں داتا کی نگری لاہور میں تشریف لے آئے اور بیڈن روڈ پر قیام فرما ہوئے۔ یہاں طبابت شروع کر دی، ''جامع مسجد داتا صاحبؒ'' میں درسِ قرآن اور ''جامع مسجد سول سیکرٹریٹ'' میں خطابت کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ ہر تبلیغی کام فی سبیل اللہ کیا اور ہمیشہ حق گوئی و بیباکی کا مظاہر کرتے رہے۔ جہادِ کشمیر میں مولانا ابوالحسنات قادریؒ (۱۸۹۶ء۔ ۱۹۶۱ء) کے شانہ بشانہ کام کیا۔ مجاہدین کے لیے نقدی اور سامان کے علاوہ خود بہ نفسِ نفیس کشمیر کے محاذوں پر تشریف لے جا کر اگلے مورچوں پر تقاریر کر کے مجاہدین کے حوصلے بڑھائے۔

جن دنوں آپ ''جامع مسجد سول سیکرٹریٹ لاہور'' میں خطیب مقرر ہوئے تو سیکرٹریٹ کے باغیچے میں سنگِ مرمر کی صلیب بنی ہوئی تھی۔ سیکرٹریٹ میں داخل ہوتے ہی پہلے اس صلیب پر نظر پڑی۔ خطبہ جمعہ کے موقع پر اسے ہٹائے جانے کا مطالبہ کیا گیا اور قرارداد کے ذریعے گورنر پنجاب اور چیف سیکرٹری کی توجہ اس طرف مبذول کرائی گئی مگر اُنہوں نے معاملہ آیا گیا کر دیا۔ دوسرے جمعہ کے موقع پر آپ نے عام اعلان کر دیا کہ اگر آئندہ جمعہ تک یہ صلیب نہ اُٹھائی گئی میں کدال لے کر سیاہ دل انگریز کی یادگار ہمیشہ کے لیے زمین بوس کر دوں گا۔ آپ کے اس مجاہدانہ اعلان کا یہ اثر ہوا کہ مقررہ میعاد سے پہلے ہی اس صد سالہ فرنگی یادگار کو ہمیشہ کے لیے مٹا دیا گیا۔

پاکستان بننے کے فوراً بعد پنجاب یونیورسٹی کے فیلو اور ''بورڈ آف سنڈیکیٹ'' کے رُکن مقرر ہوئے۔
آپ نے یونیورسٹی میں اسلامی تعلیم کے لیے جو مساعی انجام دیں وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ ۱۹۴۸ء میں جمعیت علماء پاکستان معرض وجود میں آئی تو آپ صوبہ پنجاب کے نائب صدر منتخب ہوئے اور پھر مرکزی نائب صدر چُن لیے گئے۔ آپ نے جمعیت کو مقبول بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ دستوری خاکہ مرتب کیا، تنظیم کو فعال بنایا۔ مولانا ابوالحسنات قادریؒ آپ کی خدمات جلیلہ کے بڑے معرف تھے۔
۱۹۵۳ء میں ''تحریکِ ختم نبوت'' کے سلسلے میں بڑا اہم کردار ادا کیا۔ مولانا ابوالحسنات قادریؒ کو کراچی اور آپ کو لاہور سے گرفتار کرلیا گیا۔ قید وبند کی اس صعوبت کے دوران ایک دن جیل کی کوٹھڑی میں ایک بہت بڑا سانپ نمودار ہوا۔ آپ نے حضور اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں درود وسلام کا نذرانہ پیش کیا اور سانپ کو واپس جانے کے لیے کہا۔ چنانچہ وہ سانپ فوراً واپس چلا گیا۔
آپ کی شاعری کا اکثر حصہ نعتیہ ہے۔ جذبۂ حُب نبی کریم ﷺ آپ کی رگ وپے میں سرایت کیے ہوئے تھا۔ چنانچہ انگریز مصنف تھامس کارلائل (۱۷۹۵ء۔۱۸۸۱ء) کی کتاب ''ہیروانیڈ ہیرو ورشپ'' جس میں حضور اقدس ﷺ کی ذاتِ مبارکہ پر رکیک حملے کیے گئے تھے کا مدلل جواب کتابی صورت میں لکھا جو چھپ کر بلا قیمت تقسیم ہوا۔ علاوہ ازیں نعتیہ کلام، دستور پاکستان، الجہاد، غذائی چارٹ وغیرہ کتابیں یادگار ہیں۔

وفات

وفات سے اڑھائی تین سال قبل آپ ذیابیطس کے مریض ہو گئے تھے اور بالآخر ۱۷ محرم الحرام ۱۳۷۹ھ/۲۴ جولائی ۱۹۵۹ء بروز جمعۃ المبارک راہیٔ ملک بقا ہوئے۔ نمازِ جنازہ مفتی اعظم پاکستان سیّد ابو البرکاتؒ (۱۹۰۱ء۔۱۹۷۸ء) نے پڑھائی اور قبرستان میانی صاحب لاہور میں آخری آرام گاہ بنی۔

(۱) مزید مطالعہ کے لیے:
مولانا غلام محمد ترنم/حکیم محمد موسیٰ امرتسری
جب امرتسر جل رہا تھا/خواجہ افتخار

مولانا عبدالحامد بدایونیؒ (۱)

فخر اہلِ سنت مولانا عبدالحامد بدایونیؒ بن مولانا حکیم عبدالقیوم قادریؒ (۱۸۶۷ء۔ ۱۹۰۰ء) بن حافظ مرید جیلانیؒ (۱۸۴۸ء۔ ۱۸۸۰ء) بن مولانا محی الدین قادریؒ (۱۸۲۷ء۔ ۱۸۵۳ء) بن سیف المسول مولانا شاہ محمد فضل رسول قادریؒ (۱۷۹۸ء۔ ۱۸۷۳ء) بن مولانا شاہ عین الحق عبدالمجید قادریؒ (۱۷۶۳ء۔ ۱۸۴۷ء) کی ولادت باسعادت ۱۳۱۶ھ/ ۱۸۹۸ء) میں برصغیر کے مردم خیز خطے بدایوں کے مشہور عالم عثمانی خاندان میں ہوئی۔ مدرسہ شمس العلوم بدایوں سے سندِ فراغت حاصل کرنے کے بعد مولانا شاہ عبدالمقتدر بدایونی (۱۸۶۶ء۔ ۱۹۱۵ء) سے بیعت وخلافت کی سعادت حاصل کی۔ پھر مدرسہ شمس العلوم بدایوں میں مدرس ومفتی اور بدایوں کی جامع مسجد میں خطیب رہے۔

سیاسی دور

آپ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز ۱۹۱۴ء میں کیا۔ تحریکِ خلافت میں سرگرم کردار ادا کیا۔ آپ نے علی برادران کے مخلص ساتھی، رکن آل انڈیا خلافت کمیٹی، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ خلافت کمیٹی بدایوں کی حیثیت سے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ مولانا حسرت موہانیؒ (۱۸۷۸ء۔ ۱۹۵۱ء) مولانا آزاد سبحانی (۱۸۸۲ء۔ ۱۹۵۷ء) اور اپنے برادر بزرگ مولانا عبدالماجد بدایونی (۱۸۸۷ء۔ ۱۹۳۱ء) کے ساتھ آپ کے طویل دوروں اور پُر جوش تقاریر کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

(۱) اکابر تحریکِ پاکستان اور تذکرہ علماء اہلِ سنت تحریکِ پاکستان اور علماء کرام میں تفصیلات ملاحظہ کیجیے۔ (حسن امام)

آپ نے آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس میں پہلی مرتبہ دسمبر ۱۹۱۸ء میں شرکت کی۔ یہ اجلاس مولوی اے کے فضل الحق (۱۸۷۳ء۔ ۱۹۶۲ء) کی زیرِ صدارت دہلی میں ہوا تھا۔ اس اجلاس کی خصوصیت یہ تھی کہ سب سے پہلی بار کثیر تعداد علماء نے مولانا عبدالباری فرنگی محلی (۱۸۷۸ء۔ ۱۹۲۶ء) کی زیرِ قیادت شرکت کی تھی۔ آپ نے اس اجلاس سے خطاب فرمایا۔ اس کے بعد ۱۹۳۷ء کے لکھنؤ سیشن میں آپ نے با قاعدہ اور عملی طور پر حصہ لیا اور پھر تقسیم ہند تک آل انڈیا مسلم لیگ کے رُکن رہے۔

۱۹۳۷ء میں یو پی کے انتخابات میں آپ نے مولانا شوکت علی (۱۸۷۲ء۔ ۱۹۳۸ء) اور مولانا کرم علی ملیح آبادی (۱۸۹۲ء۔ ۱۹۷۲ء) کے ساتھ پورے صوبہ کا دورہ کر کے کانگرس کا جنازہ نکال دیا۔ مسلم لیگ نے اپنی مالی حالت کے پیشِ نظر صرف ۳۶ اُمیدوار نامزد کیے تھے جن میں سے ۲۹ کامیاب ہوگئے۔ اس کے بعد جھانسی کے ضمنی انتخابات میں بھرپور کردار ادا کر کے کانگرس اور جمعیت علماء ہند کے اُمیدوار کو شکستِ فاش دی۔

۱۹۳۷ء ہی میں جلال الدین عرف جلال بابا (۱۹۰۳ء۔ ۱۹۸۱ء) اور جسٹس سجاد احمد جان (۱۹۱۰ء۔ ۱۹۸۶ء) اور اُن کے ساتھیوں کے تعاون سے ایبٹ آباد (صوبہ سرحد) میں ایک عظیم الشان مسلم لیگ کانفرنس منعقد ہوئی جس سے مولانا شوکت علی (۱۸۷۲ء۔ ۱۹۳۸ء)، چوہدری خلیق الزمان (۱۸۸۹ء۔ ۱۹۷۳ء) مولانا جمال میاں فرنگی محلی (۱۹۱۹ء۔ زندہ) کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونی نے خطاب کر کے سرحد میں مسلم لیگ کی دھاک بٹھا دی۔

۱۹۳۸ء میں الہ آباد میں صوبائی مسلم لیگ کانفرنس زیرِ صدارت بیرسٹر ظہور احمد آف الہ آباد (المتوفی۔ ۱۹۴۳ء) انعقاد پذیر ہوئی جس سے مولانا کرم علی ملیح آبادی (۱۸۹۲ء۔ ۱۹۷۲ء)، بیگم مولانا محمد علی جوہر (۱۸۸۵ء۔ ۱۹۴۷ء) کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے خطاب کیا۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے فرمایا:

”میں یہ کہہ دینا چاہتا ہوں کہ مسلمانوں نے جو کچھ طے کر لیا ہے وہ اُسے حاصل کر کے رہیں گے۔“

ہم طے کر چکے ہیں کہ ہندوستان کی سرزمین پر ایک ہی جھنڈا بلند ہو اور وہ جھنڈا اسلام کا ہو، ہم پاکستان چاہتے ہیں، پاکستان کو حاصل کریں گے اور پاکستان کے لیے اپنے خون کا آخری قطرہ بہادیں گے۔“

۸۔۹۔۱۰۔۱۱ اکتوبر ۱۹۳۸ء کو سندھ مسلم لیگ کی صوبائی کانفرنس زیرِ صدارت قائداعظمؒ، کراچی میں

منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں پورے برصغیر کی مسلم قیادت شریک تھی۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ بھی شریک تھے۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ کی حمایت کے لیے سامعین کے قلب وجگر کو جلا بخشی۔

کانفرنس کی آخری نشست میں شیخ عبدالمجید سندھی (۱۸۸۹ء۔ ۱۹۷۸ء) نے وہ تاریخی قرارداد پیش کی جسے کانفرنس کی جان کہا جاتا ہے۔ اس قرارداد میں کانگرس کی سرحد، بنگال، پنجاب اور سندھ میں مسلم دشمنی اور کانگرسی وزارتوں، کانگرس کے فیصلے، ودیا مندر اسکیم، بندے ماترم (ترانہ) مخلوط انتخابات، ہندی زبان کو قومی زبان قرار دینے، اُردو زبان کی حوصلہ شکنی اور تحریر وتقریر پر پابندی کی مذمت کی گئی۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی طرف سے سفارش کی گئی کہ وہ ہندوستان میں ایک ایسے آئین کے نفاذ کے بارے میں از سر نو غور کرے جو کہ مسلمانوں کی عزت، جائز حقوق کا علمبردار ہو اور مسلمانوں کو خود مختاری فراہم کر سکے۔ نیز کوئی قانون ایسا نہ بنایا جائے جو مسلمانوں کے حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہو اور آل انڈیا مسلم لیگ کے لیے قابل قبول نہ ہو۔

اس قرارداد کی تائید حاجی عبداللہ ہارون (۱۸۷۶ء ۔ ۱۹۴۲ء) اور سیّد عبدالرؤف شاہ براری (۱۸۸۷ء ۔ ۱۹۵۴ء) کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے بھی کی تھی۔ یہ وہی قرارداد تھی جس کی بنا پر مسلم لیگ کے آئندہ اجلاسوں میں بھی اسے واضح الفاظ میں دُہرایا گیا اور مسلمانوں کے لیے الگ قوم وملت کا تصور دیا گیا۔

مارچ ۱۹۴۰ء میں اقبال پارک (منٹو پارک) لاہور میں ''قرارداد پاکستان'' کے سلسلے میں جو اجلاس منعقد ہوا تھا، مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے علماء ومشائخ اہلِ سنّت کی نمائندگی کرتے ہوئے اس اجلاس میں نہ صرف شرکت فرمائی بلکہ قائداعظم (۱۸۷۶ء ۔ ۱۹۴۸ء) کی زیر صدارت ''قرارداد پاکستان'' کی حمایت میں جو تاریخی خطاب فرمایا وہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ قراردادِ پاکستان ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کی سہ پہر کو کھلے اجلاس میں پیش ہوئی۔ یہ قرارداد مولوی اے کے فضل الحق (۱۸۷۳ء ۔ ۱۹۶۲ء) نے پیش کرتے ہوئے اُردو میں تقریر کی۔ تائید میں چوہدری خلیق الزمان (۱۸۸۹ء ۔ ۱۹۷۳ء) بولے۔ مزید تائید کرنے والوں میں پنجاب سے مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء ۔ ۱۹۵۶ء) سرحد سے سردار اورنگ زیب خاں (۱۸۹۲ء ۔ ۱۹۵۷ء) سندھ سے حاجی

عبداللہ ہارون (۱۸۷۲ء۔۱۹۴۲ء) مدراس سے عبدالمجید خاں (۱۸۹۶ء۔۱۹۶۶ء) سی پی سے سیّد عبدالرؤف شاہ (۱۸۷۸ء۔۱۹۵۴ء) بمبئی سے اسمٰعیل ابراہیم چندریگر (۱۸۹۷ء۔۱۹۶۰ء) بہار سے نواب محمد اسمٰعیل خاں (۱۸ء۔۱۹ء) یوپی سے بیگم مولانا محمد علی جوہر (۱۸۸۵ء۔۱۹۴۷ء) اور مولانا عبدالحامد بدایونیؒ (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) اور بلوچستان سے قاضی محمد عیسیٰ (۱۹۱۳ء۔۱۹۷۶ء) شامل تھے۔

قرارداد پاکستان ۱۹۴۰ء کے تاریخی اجلاس کے بعد قائداعظمؒ چاہتے تھے کہ صوبہ سرحد کے لوگوں کے سامنے لاہور ریزولیشن (قرارداد) کی تشریح کی جائے اور وہاں کے لوگوں کو اُن کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا جائے تاکہ سُرخ پوشوں کا زور توڑا جاسکے۔ اس مقصد کے لیے قائداعظمؒ نے قاضی محمد عیسیٰ کی قیادت میں ایک وفد صوبہ سرحد بھیجا۔ وفد کے دیگر ارکان میں لسان الامت قائد ملت نواب بہادر یار جنگؒ (۱۹۰۵ء۔۱۹۴۴ء) اور مولانا کرم علی ملیح آبادی (۱۸۹۲ء۔۱۹۷۲ء) کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ بھی شامل تھے۔ ان صاحبان نے صوبہ سرحد کے طول و عرض کا دورہ کیا جو نہایت کامیاب رہا۔ کانگرس کے بڑے بڑے گڑھوں کی بنیادیں ہل گئیں۔

اپریل ۱۹۴۰ء میں قاضی محمد عیسیٰ صدر بلوچستان مسلم لیگ کی دعوت پر مولانا عبدالحامد بدایونیؒ، بلوچستان تشریف لے گئے۔ آپ نے اوستہ محمد، جیکب آباد، کوئٹہ اور پشین میں ہزاروں کی تعداد پر مشتمل نزدودور سے آئے ہوئے لوگوں کے کئی جلسوں سے خطاب کیا۔ ہر جگہ مسلمانوں نے پُرجوش طور پر آل انڈیا مسلم لیگ کی مشہور تقسیم صوبجات کی فلک شگاف نعروں میں تائید کی اور مسلم لیگ کے مقاصد کو بلوچستان کے ہر حصے میں پھیلانے کا عہد کیا۔ ہر مقام پر مولانا کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ کوئٹہ میں پلیٹ فارم کثیر مجمع، رضا کارانِ مسلم لیگ سے بھرا ہوا تھا۔ مشہور لیڈر اور کارکن شامل تھے۔ ملک جان محمد خان ترین جنرل سیکریٹری بلوچستان مسلم لیگ، ڈاکٹر سیّد فضل شاہ سیکریٹری مالیات و صدر مجلس استقبالیہ سردار محمد علی خاں، صاحب جان، ملک محمد عثمان کانسی، ڈاکٹر غلام نبی، حضرت مولانا عبدالعلی اخوندزادہ، مولانا سیّد عبدالرزاق، حاجی فضل الٰہی، نور محمد خان، مولوی عبدالرشید، غازی خان، حاجی میاں خان، سیّد اللہ داد اور سیٹھ عیسیٰ جی موسیٰ جی، قاضی محمد عیسیٰ، میر جعفر خان جمالی اور مولانا عبیداللہ بلوچ وغیرہ آپ کے ہمراہ رہے۔ آپ نے مخالفین کے اعتراضات کے بھرپور

جوابات دیے۔

بلوچستان سے واپسی پر آپ کی رائے یہ تھی:

''میں یہاں سے واپس جاتے ہوئے مسلمانانِ بلوچستان کے قومی جذبات کا خاص اثر لے کر جارہا ہوں۔ یہاں کے مخلص کارکنوں نے لیگ کی آواز کو اس صوبے کے علاوہ ہرات، ایران اور افغانستان کی حدود تک پہنچادیا ہے۔''

اسی زمانے میں عارف سیمابی سیالکوٹی نے کہا تھا۔

واردھا کی مے لگی دل کی بجھا سکی نہیں

اُلفتِ شاہِ مدینہ دل سے جاسکتی نہیں

میں مسلماں ہوں، میں مسلم لیگ ہی میں جاؤں گا

۲۶، ۲۷، ۲۸ جولائی ۱۹۴۰ء کو کوئٹہ میں بلوچستان مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقعہ پر شہر کے تمام بازاروں کو دُلہن کی طرح سجایا گیا۔ مختلف مقامات پر دروازے نصب کیے گئے اور پنڈال میکو ہن پاک میں بنایا گیا۔

۲۶ جولائی کو ساڑھے بارہ بجے دوپہر کوئٹہ ریلوے اسٹیشن سے قائدین مسلم لیگ کا جلوس نکالا گیا، جس میں ہزاروں اسلامیانِ بلوچستان و کوئٹہ شہر نے شرکت کی۔

عارف سیمابی سیال کوٹی (ــــــء۔ ــــ۱۹ء) نے آنکھوں دیکھا حال یوں لکھا ہے:

''قائداعظمؒ کی تشریف آوری کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی تھی۔ عوام دیدہ و دل فرشِ راہ کرنے کے لیے بیتاب تھے مگر آنکھوں کی تشنگی میں مزید اضافہ ہوگیا۔ ارمان اور مچل گئے۔ دل کی حسرت دل ہی میں رہ گئی بعد میں یہ عقدہ کھلا کہ یہاں سے ارسال کردہ خطوط اور تار راستے میں رُوک لیے گئے اُن تک پہنچ نہ سکے۔ یہاں استقبال کی تیاریاں زوروں پر تھیں وہاں اُن کو پروگرام تک کی اطلاع نہ تھی۔ البتہ لیاقت علی خان، نواب بہادر یار جنگ اور مولانا عبدالحامد بدایونیؒ تشریف لے آئے۔ ان حضرات کی آمد پر کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ایک خطرناک ہنگامہ ہوتے ہوتے رہ گیا۔

بعد میں مسلم لیگ نے اس واقعہ کو مرکزی اسمبلی میں اُٹھایا اور اس طرح بلوچستان کو بڑی اہمیت حاصل ہوگئی۔ لاتعداد افراد اپنے راہنماؤں کو خوش آمدید کہنے کے لیے وقت سے پہلے ریلوے اسٹیشن پر پہنچ گئے تھے۔ ہر طرف سبز ہلالی پرچم لہرا رہے تھے۔ نعرے بلند ہو رہے تھے کہ ریلوے اسٹاف نے پلیٹ فارم ٹکٹ دینے سے انکار کر دیا۔ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ پولیس نے نقصِ امن عامہ کی وجہ سے اس قسم کے خفیہ احکامات دیے ہیں مگر پولیس نے ایسے احکامات سے لاعلمی کا اظہار کیا۔ اس کے باوجود ہندو اسٹیشن ماسٹر نے ٹکٹ نہ دیے۔ کئی مقامی لیڈر غصے میں آ گئے۔ عوام کے جذبات مشتعل ہونے لگے، نعروں نے شدت اختیار کر لی کہ غالباً ملک جان محمد کانسی نے پستول ہاتھ میں لی، گیٹ پر کھڑے ہو گئے اور حاضرین کو اندر جانے کے لیے کہا۔ کسی کو جرأت نہ ہوئی کہ صدر دروازے کو بند کرتا یا عوام کے سامنے آتا۔ دیکھتے ہی دیکھتے پلیٹ فارم پر تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔ پھر ملک صاحب نے اسٹیشن ماسٹر سے کہا کہ وہ اُن تمام آدمیوں کی گنتی کرے اور اتنے ٹکٹ دے کر رقم وصول کرے۔ اس جرأت مندانہ اقدام نے مسلم لیگ کو عوام میں بہت زیادہ مقبولیت دی۔ ایک ان پڑھ پٹھان نے مسلم لیگی لیڈر ملک صاحب کی تعریف ان الفاظ میں کی کہ ''خو ملک صاحب نر کا بچہ ہے۔''

۳۰ اگست ۱۹۴۱ء کو لدھیانہ (مشرقی پنجاب) میں ایک شاندار ''پاکستان کانفرنس'' مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی صدارت میں ہوئی جس میں آپ نے قیامِ پاکستان کے حق میں مدلل خطبہ ارشاد فرمایا جو بعد میں نظامی پریس بدایوں سے چھپ کر تقسیم ہوا۔

۱۹۴۲ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کانفرنس، نواب زادہ لیاقت علی خاں کی صدارت میں ہوئی۔ جس میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے اپنے ایمان افروز اور باطل سوز خطاب کے ذریعے مسلم لیگ کے پیغام کو ہر دل کی دھڑکن بنا دیا۔

۷ مارچ ۱۹۴۳ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے اجلاس دہلی میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے یہ قرارداد پیش کی کہ پنجاب اسمبلی میں جلد از جلد مسلم لیگ پارٹی قائم کی جائے تو ملک خضر حیات ٹوانہ (۱۹۰۰ء۔۱۹۷۵ء) وزیراعظم پنجاب نے سابقہ روایت کے حوالے سے یہ وضاحت پیش کرتے ہوئے اپنا مؤقف بیان کیا کہ:

’’جہاں تک پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کا تعلق ہے وہاں سکندر جناح پیکٹ کی جملہ شرائط کی تحت مسلم لیگ پارٹی پہلے سے موجود ہے، اس لیے یہ نئی قرار داد یہاں پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ رہا یہ سوال کہ کیا یہ پارٹی بخوبی اور اچھی طرح کام کر رہی ہے یا نہیں، میں فی الحال اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا۔ لیکن میں آپ حضرات کو یقین دلاتا ہوں کہ میں پوری تندہی سے مسلم لیگ پارٹی میں نئی رُوح پھونکنے اور اُسے مزید مستحکم کرنے کی کوشش کروں گا تا کہ وہ ’’آل انڈیا مسلم لیگ‘‘ جیسی عظیم جماعت کی صحیح نمائندگی کر سکے اور اس حیثیت سے مسلمانانِ پنجاب کی خدمت بھی کر سکے۔ آپ کو مجھ پر اور میرے رفقائے کار پورا بھروسہ رکھنا چاہیے کہ ہم ہمیشہ ’’آل انڈیا مسلم لیگ‘‘ کے وفادار خادم رہیں گے، اور اس کے مجوزہ پروگرام سے ذرّہ بھر انحراف نہیں کریں گے۔‘‘

ملک خضر حیات ٹوانہ (۱۹۰۰ء۔ ۱۹۷۵ء) کی وضاحت اور عذر خواہی، اور بعد میں حضرت قائداعظمؒ (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۴۸ء) کی تصریحات کو سُن کر مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے اپنی قرار داد واپس لے لی اور اس طرح مسلم لیگ کونسل نے خضر حیات ٹوانہ کو یہ موقع دیا کہ وہ اپنے قول کے مطابق پنجاب اسمبلی میں مسلم لیگ پارٹی کو فعال بنائیں۔ مگر افسوس کہ ابن الوقت خضر حیات ٹوانہ نے اس سلسلہ میں کچھ بھی نہ کیا کیونکہ اس کا تو مطلب و مقصد ہی مسلم لیگ کے کاز کو نقصان پہنچانا تھا۔ ٹھیک ڈیڑھ ماہ بعد ۲۴ اپریل ۱۹۴۳ء کو دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا تو قائداعظمؒ نے اپنے فی البدیہہ خطبہ میں ارشاد کیا:

’’مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ پنجاب نے ابھی تک اپنا وہ کردار ادا نہیں کیا جو اسے ادا کرنا چاہیے تھا۔‘‘

۱۹۴۴ء میں وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ میں مسلم لیگی کارکن کا مرید عبداللطیف چوہان (۱۹۰۸ء۔ ۱۹۴۸ء) کے زیر اہتمام ایک ’’مسلم لیگ کانفرنس‘‘ منعقد ہوئی جس کی صدارت نواب زادہ رشید علی خاں (۱۹۰۴ء۔ ۱۹۷۴ء) صدر سٹی مسلم لیگ لاہور نے کی۔ اس کانفرنس میں دیگر مسلم لیگی رہنماؤں کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے بھی خطاب کیا۔ اس کانفرنس کی کامیابی سے وہاں مسلم لیگ کی دھاک بیٹھ گئی، کانگرس اور یونینسٹ پارٹی کا صفایا ہو گیا۔

۲۸ تا ۳۰ اپریل ۱۹۴۴ء کو تالاب شیخ مولا بخش، سیال کوٹ میں پنجاب مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس زیرِ صدارت حضرت قائد اعظمؒ انعقاد پذیر ہوا۔ اس اجلاس میں نواب زادہ لیاقت علی خاں (۱۸۹۵ء۔۱۹۵۱ء) سردار عبدالرب نشتر (۱۸۹۹ء۔۱۹۵۸ء) نواب افتخار حسین ممدوٹ (۱۹۰۶ء۔۱۹۶۹ء) میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ (۱۹۱۶ء۔۱۹۹۵ء) ملک برکت علی (۱۸۸۵ء۔۱۹۴۶ء) رحیم بخش غزنوی (۱۹۰۳ء۔۱۹۷۹ء) راجہ غضنفر علی خاں (۱۸۹۵ء۔۱۹۶۳ء) مولانا بشیر احمد اختر (۱۹۱۶ء۔۱۹۹۴ء) قاضی محمد عیسیٰ (۱۹۱۳ء۔۱۹۷۶ء) میر غلام بھیک نیرنگ (۱۸۷۶ء۔۱۹۵۲ء) سیّد غلام مصطفیٰ خالد گیلانی (۱۹۰۷ء۔۱۹۸۹ء) وغیرہم کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے بھی شرکت کی۔ کانفرنس کا افتتاح مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی تلاوت سے ہوا۔ بعد ازاں اپنے خطاب میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے باہمی اختلافات ختم کر کے مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع ہو جائیں تا کہ پاکستان دشمن طاقتوں کا مقابلہ کر کے حصول پاکستان کو ناگزیر بنایا جا سکے۔ آخر میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے نہایت رقت انگیز دعا فرمائی جو وہ مسلم لیگ کے ہر سالانہ اجلاس میں کیا کرتے تھے جس سے سامعین کے قلب و جگر میں ایک خاص اثر ہوتا تھا۔

دسمبر ۱۹۴۵ء میں مرکزی اسمبلی کے الیکشن ہوئے تو مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے اپنی کامیاب حکمت عملی کی بنا پر اپنے صوبہ سے یوپی سے چھ کی چھ مسلم نشستیں حاصل کر لیں۔ کامیاب اُمیدواروں کی فہرست کچھ یوں ہے:

۱۔ ڈاکٹر سر ضیاء الدین احمد
۲۔ خان بہادر غضنفر اللہ خاں
۳۔ نواب محمد اسمٰعیل خاں
۴۔ سر محمد یامین خان
۵۔ نواب زادہ لیاقت علی خان
۶۔ راجہ امیر احمد خاں آف محمود آباد۔

۱۶ جنوری ۱۹۴۶ء کو ہفت روزہ ''دبدبۂ سکندری'' رام پور (یوپی، بھارت) کے صفحہ ۶ پر آپ کا ایک بیان بعنوان ''حضرت علمائے اہلِ سنّت اور مشائخین کرام کا پیام، مسلمانوں کے نام پاکستان اور مسلم لیگ کی حمایت اشد ضروری ہے۔'' شائع ہوا۔ اس بیان پر آپ کے علاوہ مولانا شاہ محمد عارف اللہ میرٹھی (۱۹۰۹ء۔۱۹۷۹ء) مولانا مفتی محمد عبدالحفیظ آگروی (۱۹۰۱ء۔۱۹۵۸ء) اور مولانا مفتی عزیز احمد قادری گڑھی

شاہولاہور(۱۹۰۱ء۔۱۹۸۹ء) کے اسمائے گرامی بھی درج تھے۔وہ بیان یوں ہے:

''ہندوستان کے ان صوبجات میں جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے خصوصاً اور دوسرے مقامات میں عموماً اسلامی حکومت کا قیام اور قرآن کریم کی روشنی میں مسلمانوں کی حکومت کا عزم و مطالبہ یقیناً ایک ایسا مطالبہ ہے جس کی دعوت علماؤ مشائخ اسلام صدیوں سے دیتے چلے آئے ہیں۔اُن کا مقصد حیات ہی ہمیشہ یہ رہا کہ مسلمانوں میں اسلامی احکام کی ترویج ہو اور وہ ایک ایسی آزاد اسلامی حکومت قائم کر سکیں جو اغیار و اجانب کی مداخلت وغلامی سے پاک وصاف ہو۔اس خصوص میں ''آل انڈیا مسلم لیگ'' نے اس طرف چند برس سے جو مساعی اسلامی حکومت یعنی پاکستان کے حصول کے لیے جاری کر رکھی ہیں اُنہیں حضرت پیر جماعت علی شاہ صاحب صدر آل انڈیا سنی کانفرنس سے لے کر ہندوستان کے ہزاروں مشائخین وعلمائے اہلِ سنت کی عملی تائید حاصل ہے اور سنی کانفرنس کے اکابر علماء اور مشائخین پوری قوت کے ساتھ پاکستان کی حمایت کر رہے ہیں اور اسلامی حیثیت سے کفار و مشرکین کے اندر مدغم ہو جانے کو کسی طرح بھی روانہیں رکھتے۔ کانگریس جماعت یقیناً مسلمانانِ ہند کے وجود ہی کو جداگانہ حیثیت سے تسلیم نہیں کرتی......احرار و خاکسار، مسلم بورڈ ،نیشلسٹ مسلمانوں کی جماعتیں دراصل کانگرس کی بنائی جماعتیں ہیں جو مسلمانانِ ہند کی سربلندی کو مشرکین کے اشارہ سے ختم کرنا چاہتی ہیں۔ہم تمام صوبوں کے مسلمانوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ایسے نازک موقع پر صرف مسلم لیگ کی حمایت کر کے اس کے اُمیدواروں کو رائے دیں۔''

فروری ۱۹۴۶ء میں ہندوستان بھر میں صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات ہوئے تو مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی مساعی جمیلہ سے مسلم لیگ کو زبردست کامیابی نصیب ہوئی۔اُن کے اپنے صوبے یوپی میں ۶۵ مسلم نشستوں سے ۵۳ نشستیں مسلم لیگ نے حاصل کر کے ۸۱٫۸ کامیابی حاصل کی۔اُن کے رہائشی ضلع بدایوں کی تینوں نشستوں پر مسلم لیگی اُمیدوار واضح اکثریت سے کامیاب وکامران ہوئے جن کے نام کچھ اس طرح ہیں:

نمبر شمار	نام حلقہ	مسلم لیگی اُمیدوار بمعہ حاصل کردہ ووٹ	کانگرسی اُمیدوار بمعہ حاصل کردہ ووٹ
۱۔	شہری حلقہ	مولوی کریم رضا خاں۔۱۳۱۵۵	نعمت اللہ خاں۔۴۱۲۸
۲۔	ضلع بدایوں مغربی	اسرار احمد۔۵۶۷۴	مزمل حسین۔۲۹۶

۳۔ ضلع بدایوں مشرقی حلقہ مولوی نہال الدین۔۲۶۷۴علی شیر۔۵۰۲

قیام پاکستان کی تحریک کو تیز تیز کرنے اور نصب العین کے حصول کے لیے فیصلہ کن اقدام کی خاطر اپریل ۱۹۴۶ء میں آل انڈیا سنی کانفرنس، بنارس میں منعقد ہوئی۔ اس عظیم الشان تاریخی اجتماع میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ بھی شریک تھے اور صدر کانفرنس امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔۱۹۵۱ء) کے خصوصی ساتھیوں میں سے تھے۔ آپ کا خطاب خصوصی اہمیت کا حامل تھا۔ اس موقعہ پر ملک بھر میں رائے عامہ کو ہموار کرنے کے لیے اکابر علماء اہلِ سنّت کی جو کمیٹی تشکیل دی گئی تھی، مولانا عبدالحامد بدایونیؒ اس کے اہم رُکن تھے۔

۴۵۔۱۹۴۶ء کے انتخابات کا ذکر ہم پیشتر ازیں بڑی تفصیل سے کر چکے ہیں۔ ان تاریخی انتخابات میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ آسام و بنگال کی سرزمین مولانا عبدالحمید خاں بھاشانی (۱۸۸۰ء۔۱۹۷۶ء) کے نعروں سے گونج رہی تھی تو سرحد، پنجاب، بلوچستان اور یوپی میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی تقاریر ملتِ اسلامیہ کو جہاد کے لیے آمادہ کر رہی تھیں۔ صوبہ سرحد کے ریفرنڈم میں مسلم لیگ کے وفد میں دیگر حضرات کے علاوہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ بھی شامل تھے۔ پیر صاحب مانکی امین الحسناتؒ (۱۹۲۲ء۔۱۹۶۰ء) نے قائداعظمؒ سے خاص طور پر مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کو سرحد میں بھیجنے کے لیے کہا تھا۔ آپ نے اپنے زورِ خطابت سے سرحد کے مسلمانوں کو مسلم لیگ کی حمایت پر کمربستہ کر لیا۔ اس جرم میں حکومت نے اُنہیں ناپسندیدہ عناصر کی فہرست میں شامل کر لیا لیکن وہ تمام خطروں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے پاکستان کے لیے کام کرتے رہے۔ قائداعظمؒ نے آپ کی خدماتِ جلیلہ کا اعتراف کرتے ہوئے آپ کو ''فاتح سرحد'' کا خطاب دیا۔

۱۹۴۶ء میں نواب زادہ لیاقت علی خان جنرل سیکریٹری آل انڈیا مسلم لیگ نے مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کو حیدر آباد دکن بھیجا تا کہ وہ کسی طرح نظام دکن میر عثمان علی خاں (۱۸۸۶ء۔۱۹۶۷ء) اور قائداعظمؒ کی ملاقات کے لیے راہ ہموار کریں کیونکہ ان دونوں رہنماؤں کے اختلافات ملتِ اسلامیہ کی جدوجہد پر اثر انداز ہو رہے تھے۔ میر عثمان علی خان آخری تاجدارِ دکن، علماء کے بہت قدر دان تھے اور وہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی علمیت

وخطابت کے بڑے مداح تھے، اس لیے مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کو شرفِ باریابی حاصل کرنے میں کوئی دقت نہ ہوئی۔ اس ملاقات کے وقت آپ کے صاحبزادے محمد عابد القادری بدایونی بھی ہمراہ تھے۔ نظام دکن سے مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی کافی بحث ہوئی اور جب مولانا عبدالحامد بدایونیؒ وہاں سے رُخصت ہوئے تو نظام دکن، قائداعظمؒ سے ملاقات کے لیے راضی ہو چکے تھے۔

۱۹۴۶ء میں ہی مسلم لیگ کی طرف سے علماء کا ایک وفد حج کے موقعہ پر سعودی عرب گیا تا کہ اسلامی ملکوں کے راہنماؤں اور مسلمانانِ عالم کو تحریک پاکستان کے محرکات سے آگاہ کیا جاسکے۔ یہ وفد ''مشرق وسطیٰ'' اور ''عرب ممالک'' کے دورے پر بھی گیا اور تحریک پاکستان کے سلسلے میں رائے عامّہ کو ہموار کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔ اس وفد کے قائد مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی میرٹھی (۱۸۹۲ء۔ ۱۹۵۴ء) اور سیکریٹری مولانا عبدالحامد بدایونیؒ تھے۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے اس سلسلہ میں جو کردار ادا کیا وہ آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

۳ مئی ۱۹۴۷ء کو مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے قائداعظمؒ سے ملاقات کی جو گیارہ سے بارہ بجے دوپہر تک جاری رہی۔ اس ملاقات میں نہایت اہم موضوعات پر تبادلۂ خیالات ہوا۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے قائداعظمؒ سے اسلامی حکومت کے آئین اور دستور پر بات کی۔ قائداعظمؒ نے فرمایا کہ میں اس بات سے کلیتًا متفق ہوں کہ پاکستان کا دستور وہی ہوگا جو اسلام اور قرآن کریم کے مطابق ہو۔ سوشلزم اور مغرب کے قوانین ہمارے مرض کا علاج نہیں۔ ایک وقت آئے گا جب ساری دنیا قرآن و اسلام کی جامعیت کو تسلیم کرے گی۔

قائداعظمؒ نے مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی ان خدمات پر جو آپ نے عرب وحجاز میں مسلم لیگ کی خاطر انجام دیں، مبارک باد دی۔ اور بیشتر سیاسی مسائل پر بھی کافی گفتگو ہوتی رہی۔

اسی روز مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے اپنا ایک دستخطی بیان جاری کیا جو ہفت روزہ ''دبدبۂ سکندری'' رامپور (انڈیا) جلد ۸۵ شمارہ نمبر ۲۰، ۲۱ بابت ۲۱ مئی ۱۹۴۷ء میں چھپا۔ وہ بیان یہ ہے:

''میں دیکھ رہا ہوں کہ مسلم پبلک ۱۰ تاریخ کے فیصلہ جات معلوم کرنے کے لیے بے چین ہے۔ مسلمانانِ ہند کو اپنی تنظیم جاری رکھنا چاہیے اور پورے صبر و ہمت کے ساتھ وقت کا انتظار کرنا چاہیے۔ انشاء

اللہ وہ وقت قریب آچکا ہے جب کہ مسلمانانِ ہند اپنے قائد کی کامیاب سیاست و وکالت کے بہترین نتائج دیکھیں گے۔ الحمدللہ کہ قائد ملت ہندیہ مسٹر محمد علی جناح انتہائی تدبّر سے معاملات پر اپنی قوت صرف فرما رہے ہیں۔ سب سے زیادہ یہ امر باعثِ مسرت ہے کہ قائد کے قلب میں یہ چیز جاگزیں ہوچکی ہے کہ جو نیا دستور وضع ہو وہ قرآنی نظام کے ماتحت ہو۔ چنانچہ میں نے ۳ مئی کی ایک گھنٹہ کی ملاقات میں اس اہم جز و پر بھی کافی تبادلۂ خیالات کیا اور میں اس ملاقات میں جو نقش لے کر واپس ہو وہ کسی طرح فراموش نہیں کرسکتا۔ قائداعظمؒ نے میرے خیالات کی تائید کرتے ہوئے فرمایا کہ سچ ہے کہ اسلام ایک ایسے مکمل قانون کا نام ہے جس میں دین و دنیا کا تمام نظام موجود ہے۔ ہمیں مطلقاً اس کی ضرورت نہیں کہ ہم سوشلزم یا مغرب کے دوسرے قوانین کی تقلید کریں۔ ہمارا مستقبل اور ہمارا دورِ حکومت وہی کامیاب ہوگا جو قرآنی دستور کے مطابق ہو۔ قائداعظمؒ نے فرمایا کہ اب دنیا کے ممالک کے سینوں میں اسلام اور اس کے قوانین پر عمل کرنے کے لیے ایک نیا جذبہ پیدا ہو رہا ہے۔

میں نے اندازہ کیا کہ مسٹر محمد علی جناح اس طرف اسلامی قرآنی سیاسیات کے مطالعہ پر بھی وقت صرف فرما رہے ہیں۔ اور الحمدللہ کہ اُن کے خیالات و جذبات میں اسلامی قوانین کا رنگ غالب آرہا ہے۔ وہ دن دور نہیں جب کہ ہم مغرب کی غلامی سے نکل کر اسلام کے دامن میں آکر اسلامی حکومت قائم کریں اور اُس کے لیے مسلم لیگ کے نظام میں رہ کر ہر قربانی کے لیے تیار رہیں اور اپنی تنظیم کو مضبوط کرتے رہیں۔"

فقیر محمد عبدالحامد قادری البدایونی

۳ مئی ۱۹۴۷ء

پاکستان کے معرضِ وجود میں آنے کے بعد مولانا عبدالحامد بدایونیؒ، آل انڈیا مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس منعقدہ ۱۳ دسمبر ۱۹۴۷ء بمقام کراچی میں شرکت کے لیے تشریف لائے اور پھر یہیں کے ہوکر رہ گئے۔ پاکستان کی سرزمین پر آل انڈیا مسلم لیگ کا یہ آخری اجلاس تھا۔ اس اجلاس کی صدارت قائداعظمؒ نے کی۔ ورکنگ کمیٹی نے بڑے غور و خوض کے بعد فیصلہ کیا کہ مسلم لیگ کو دو حصوں میں تقسیم کردیا جائے۔ ایک تنظیم پاکستان کے لیے اور دوسری بھارت کے لیے۔

۱۹۴۸ء میں کانگرسی نظریات کی حامل جمعیت علماء ہند کے مقابلہ میں ملتان میں علماء اہلِ سنّت کے ملک گیر کنونشن میں جمعیت علماء پاکستان کی بنیاد رکھی گئی تو مولانا ابوالحسنات قادریؒ (۱۸۹۶ء۔۱۹۶۱ء) کو مرکزی صدر اور علامہ احمد سعید کاظمیؒ (۱۹۱۳ء۔۱۹۸۶ء) کو ناظم اعلیٰ منتخب کیا گیا۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کو سندھ وکراچی زون کی صدارت پر فائز کیا گیا۔ آپ نے بڑی محنت اور لگن سے جمعیت علماء پاکستان کی تنظیم کی۔ چنانچہ ۱۹۴۸ء ہی میں سنوسئی ہند امیر ملت حضرت پیر سیّد حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔ ۱۹۵۱ء) نے جمعیت علماء پاکستان کراچی کے دفتر کا معائنہ فرماتے ہوئے ارشاد کیا:

''فقیر کو انتہائی مسرت ہے کہ جمعیت علمائے پاکستان اپنی فرائض دینی کو پوری تندہی سے انجام دے رہی ہے۔ اس جمعیت کے صدر حضرت مولانا شاہ عبدالحامد قادری بدایونیؒ ہیں، جن کی زندگی مسلم لیگ اور پاکستان کے لیے وقف رہی۔ وہ اس جمعیت کو پوری قوت کے ساتھ چلا رہے ہیں۔''

اسی سال یعنی ۱۹۴۸ء میں سندھ کے علماؤ مشائخ کے یک وفد نے قائداعظمؒ سے کراچی میں ملاقات کی جس میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ بھی شریک تھے۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے تفصیلی یادداشت پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا:

''ملک پاکستان کا دستور کتاب وسنّت کی روشنی میں تیار کیا جائے اور دیگر اسلامی ممالک کی طرح پاکستان میں بھی وزارتِ اُمورِ مذہبیہ قائم کیا جائے۔''

جنوری ۱۹۵۱ء میں پاکستان کے ۳۱ ممتاز علماء کرام نے مملکت کی بنیاد اسلامی اُصولوں پر اُٹھانے کے لیے ''۲۲ نکاتی منشور'' پیش کیا۔ یہ منشور اسلام سے ان کی لازوال وابستگی کا آئینہ دار ہے۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ اس منشور کی تیاری میں پیش پیش تھے۔ آپ کے ساتھ پیر صاحب مانکی شریف محمد امین الحسناتؒ (۱۹۲۲ء۔۱۹۶۰ء) مولانا حاجی محمد امین پشاوریؒ (۱۸۹۵ء۔۱۹۵۸ء) مفتی محمد صاحبداد خاںؒ (۱۸۹۸ء۔ ۱۹۶۵ء) اور پیر محمد ہاشم جان مجددی سرہندیؒ (۱۹۰۴ء۔۱۹۷۵ء) اور مشرقی پاکستان کے شاہ ابوجعفر محمد صالح پیر صاحب سرسینہ شریف (۱۹۱۴ء۔۱۹۹۰ء) نے بھرپور تعاون کیا۔

۱۹۵۲ء میں سعودی عرب کے ظلم وستم کی وجہ سے جب حرم شریف اور گنبد خضریٰ کو سخت نقصان پہنچا تو

عالم اسلام میں ہلچل سی مچ گئی۔ ہر طرف سے صدائے احتجاج بلند ہوئی، مسلمانانِ پاکستان نے آپ کی قیادت میں ایک وفد سعودی عرب بھیجا تا کہ آپ سعودی حکومت کو اُس کے مذموم عزائم سے باز رکھنے کی سعی کریں۔ چنانچہ یہ وفد ۲۳ اگست ۱۹۵۲ء کو مکۂ معظمہ پہنچا اور شیخ محمد سرور الصبان نائب وزیر مالیات، شیخ صالح کزاز انچارج دفتر محکمہ تعمیر مسجد نبوی ﷺ اور ولی عہد معظم سے تفصیلی گفتگو کر کے مسلمانانِ پاکستان کے جذبات سے آگاہ کیا۔ اس پر ہر سہ حضرات نے وفد کو یقین دلایا کہ سوادِ اعظم کے جذبات کو ٹھیس نہیں پہنچائی جائے گی اور عنقریب ایک اخباری بیان کے ذریعے عالم اسلام کو مطمئن کر دیا جائے گا۔ مگر افسوس کہ سعودی حکومت نے اپنے اس وعدہ کو ایفا نہ کیا اور تا حال اپنی مخصوص پالیسی پر گامزن ہے۔

۱۹۵۳ء کی "تحریک ختم نبوت" میں مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا اور انتہائی علالت کے باوجود سرفروشانہ کردار ادا کیا۔ حکومت نے آپ کو گرفتار کر کے فروری ۱۹۵۳ء سے جنوری ۱۹۵۴ء تک کراچی اور سکھر کی جیلوں میں قید و بند کی صعوبتوں سے نبرد آزما رکھا۔ جیل میں بڑی سے بڑی تکلیف بھی آپ کے عزمِ صمیم کو متزلزل نہ کر سکی۔ اسی اسیری میں آپ نے دو کتابیں "کتاب و سنت غیروں کی نظر میں" اور "فلسفۂ عباداتِ اسلامی"، لکھیں جو بہت مقبول ہوئیں۔

یاد رہے کہ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے ۱۹۴۴ء میں بھی مرزائیوں کو مسلم لیگ کا ممبر نہ بنانے کے بارے میں قرارداد پیش کرنے کی سعیِ جمیلہ کی تھی مگر اس وقت کے سیاسی حالات کی وجہ سے آپ کو اجازت نہیں ملی تھی۔

۱۹۶۱ء میں مولانا ابوالحسنات قادریؒ کی رحلت کے بعد اتفاق رائے سے آپ کو جمعیت علماء پاکستان کا مرکزی صدر چُن لیا گیا اور پھر آپ تا حیات اس عہدۂ جلیلہ پر متمکن رہے اور ہر لحاظ سے اپنے فرائض خوش اسلوبی سے انجام دیتے رہے۔

اکتوبر ۱۹۶۲ء میں جمعیت اہلِ سنّت سرگودھا کے دو روزہ اجلاس میں راقم الحروف کو مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ بیماری اور ضعف کی وجہ سے بہت نڈھال تھے۔ دو آدمیوں کے سہارے اسٹیج پر آئے۔ مگر جب تقریر شروع کی تو شیر کی طرح گرج رہے تھے۔ اب نہ کسی سہارے کی

ضرورت رہی اور نہ علالت کا احساس رہا۔ چہرۂ مبارک جگمگا رہا تھا۔ مختصر تقریر کے بعد اسٹیج سے اُتر کر قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔

۱۹۶۵ء میں بھارت جیسے بزدل اور عیار دشمن نے بین الاقوامی سرحدوں کا احترام نہ کرتے ہوئے رات کی تاریکی میں ارضِ مقدس پاکستان پر حملہ کر دیا تو جہاں ہمارے بہادر، غیور اور جیالے فوجیوں نے جرأت و بیباکی کا مظاہرہ کیا، وہاں علماؤ مشائخ نے بھی قوم کے جذبۂ حب الوطنی کو بیدار کیا۔ جنگ کے بعد آپ نے آزاد کشمیر کا دورہ کیا۔ مہاجرین میں تین لاکھ روپیہ نقد اور دیگر سامانِ خورد ونوش تقسیم کیا، گیارہ ہزار روپیہ صدر آزاد کشمیر کو پیش کیا۔

مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے کراچی میں ''جامعہ تعلیماتِ اسلامیہ'' کے نام سے ایک عظیم الشان ادارہ قائم کیا جس میں علوم قدیمہ وجدیدہ کے ساتھ ساتھ تمام عالمی زبانوں اور مذاہبِ عالم کے مطالعے کا بندوبست کیا گیا۔ یہ ادارہ منگھو پیر روڈ پر واقع ہے جس میں مختلف ممالک کے طلباء زیرِ تعلیم رہے۔ آپ نے مصر، ترکی، برطانیہ، روس، چین، الجیریا، نائیجیریا، تیونس، حجاز مقدس، کویت، عراق اور ایران کا دورہ فرمایا اور وہاں کے نظام تعلیم کا بغور مطالعہ کیا تاکہ اس مطالعہ کی روشنی میں ''جامعہ تعلیماتِ اسلامیہ'' کو شاہراہِ ترقی پر گامزن کیا جاسکے۔

آپ نے بے پناہ ملکی مشاغل کے باوجود مندرجہ ذیل کتابیں یادگار چھوڑیں:

۱۔ ''اسلام کا معاشی نظام اور سوشلزم''	۲۔ ''اسلام کا زراعتی نظام عمل''
۳۔ تصحیح العقائد	۴۔ فلسفۂ عباداتِ اسلامی
۵۔ کتاب وسنّت غیروں کی نظر میں	۶۔ تاثراتِ دورۂ چین
۷۔ تاثراتِ دورۂ روس	۸۔ رپورٹ دورۂ آزاد کشمیر
۹۔ حرمتِ سود	۱۰۔ عائلی قوانین
۱۱۔ الجواب المشکور فی المسئلۃ القبور (عربی)	۱۲۔ مشرقی کا ماضی وحال
۱۳۔ مرقعِ کانگرس	۱۴۔ انتخابات کے ضروری پہلو
۱۵۔ مشیر الحجاج	۱۶ اسلامک پریئرز (انگریزی)۔

وفات

کئی سال کی علالت کی وجہ سے آپ کافی کمزور ہو گئے تھے۔ تاہم دینی وملی خدمت کا جذبہ سرد نہ پڑا، رحلت سے چند روز قبل آپ بظاہر بالکل ٹھیک ٹھاک تھے۔ ۱۴ جولائی ۱۹۷۰ء کو اپنی زندگی کی آخرت پریس کانفرنس سے خطاب فرمایا۔ ۱۹ جولائی کو ۸½ بجے شب معمول کے مطابق دفتر جمعیت علماء پاکستان سے گھر تشریف لائے۔ کھانے سے فارغ ہو کر اہلِ خانہ سے محوِ گفتگو تھے کہ اچانک فالج کا حملہ ہوا، اسپیشل ہسپتال کراچی میں داخل کر دیے گئے، زبردست کھانسی سے دماغ کی شریان پھٹ گئی اور یہ محسنِ ملک وملت، عاشقِ رسول ﷺ، صوفیٔ کامل اور بے مثل خطیب ۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۰ھ مطابق ۲۰ جولائی ۱۹۷۰ء بروز پیر راہیِ ملکِ بقا ہو گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

نمازِ جنازہ میں علماء، مشائخ، حکام، غیر ملکی سفراء سیاسی لیڈر اور دیگر ہزاروں لوگوں نے شرکت کی نمازِ جنازہ حضرت سیّد شاہ محمد مختار اشرف کچھوچھوی (۱۹۱۴ء۔۱۹۹۶ء) نے پڑھائی اور حسبِ وصیت اُن کے بنا کردہ ''جامعہ تعلیماتِ اسلامیہ'' منگھو پیر روڈ، کراچی میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔

آپ کی رحلت پر روزنامہ ''مشرق'' لاہور نے اپنی اشاعت ۲۳ جولائی ۱۹۷۰ء میں یہ ''اداریہ'' لکھا:

''مولانا عبد الحامد بدایونیؒ کے انتقال کے بعد ملک ایک ممتاز عالمِ دین، قائد اعظمؒ کے مخلص رفیق کار اور جنگ آزادی کے ایک نامور سپاہی سے محروم ہو گیا، وہ ایک مُحبِ وطن پاکستانی تھے، اُنہوں نے پاکستان قائم کرنے کی جدوجہد میں بڑی سرگرمی سے حصّہ لیا تھا، خاص طور پر سرحد کے ریفرنڈم میں اُنہوں نے رائے عامہ کو مطالبۂ پاکستان کا حامی بنانے کی جس تندہی اور جانفشانی سے کوشش کی تھی اُسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

مرحوم برِّعظیم کے اُن علمائے کرام میں شریک تھے جو ابتداہی میں مسلم لیگ میں شامل ہو گئے تھے، مولانا عبد الحامد بدایونیؒ نے اپنے بڑے بھائی مولانا عبد الماجد بدایونیؒ مرحوم کے ساتھ دنیا میں مسلمانوں کی سب سے بڑی مملکت کے قیام کے سلسلہ میں جس جذبہ وجوش اور ایثار وانہماک کا مظاہرہ کیا وہ اپنی مثال آپ

ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے ملک میں اسلامی نظام قائم کرنے کی مسلسل جدوجہد جاری رکھی، وہ قراردادِ مقاصد کی ترتیب وتسوید میں بھی شریک تھے، وہ آخر دم تک اس کوشش میں مصروف رہے کہ پاکستان صحیح معنوں میں ایک اسلامی مملکت بن جائے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اُنہوں نے علوم دین کی ترویج کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اُن کے درجات بلند کرے اور اُنہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔''

روزنامہ ''جنگ'' کراچی نے اپنے ''اداریہ'' میں یوں خراجِ تحسین پیش کیا:

''مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی رحلت اس برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک انتہائی غم انگیز سانحہ اور ملک وملت کا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، جسے پاکستان کے عوام، علماء سیاسی راہنما، طلباء اور مرحوم کے ارادتمندوں نے بڑی شدت کے ساتھ محسوس کیا۔ اسلام، پاکستان اور ملتِ مسلمہ کے لیے اُنہوں نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ کبھی نہیں بھلائی جاسکتیں۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کا شمار اُن گنی چنی شخصیتوں میں ہوتا ہے جو مولانا محمد علی اور مولانا شوکت علی کے ساتھ تحریکِ خلافت میں بھی شریک تھے، پھر تحریکِ پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، قیامِ پاکستان کے بعد بھی اسے اصل راستے اور منزل کی طرف گامزن رکھنے کے لیے مسلسل جدوجہد کرتے رہے تھے۔ آزادی کی جدوجہد اور تحریکِ پاکستان کا وہ ایک روشن باب تھے جو اُن کی زندگی کے ساتھ ختم ہوگیا۔ قراردادِ پاکستان کے حق میں رائے عامہ ہموار کرنے کے لیے مولانا عبدالحامد بدایونیؒ کی خطابت نے جو ہر دکھائے تھے، آپ کے طویل دوروں اور مسلسل جدوجہد نے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی کی لگن اور ایک علیحدہ وطن کے حصول کی جو تڑپ پیدا کردی تھی اُسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکے گا، پھر جب صوبہ سرحد میں ریفرنڈم کا نازک مرحلہ پیش آیا تو مرحوم نے اپنا سارا وقت، صلاحیتیں اور زورِ بیان اس کے لیے وقف کردیا، تحریکِ پاکستان سے مسلمانانِ عالم کو متعارف کرانے کے لیے مشرقِ وسطیٰ کا دورہ کیا۔ مولانا عبدالحامد بدایونیؒ ایک جید عالم، ایک جادو بیان خطیب، ایک ممتاز سیاستدان، مصنف وادیب، اُستاذ ومحقق، ہمدرد ومشفق مذہبی رہنما ہونے کے ساتھ تحریکِ پاکستان کے ایک پُرجوش وسرفروش سپاہی بھی تھے، اُن کی زندگی نے اس برصغیر کی تاریخ پر حرکت وعمل اور مسلسل جدوجہد کے گہرے نقوش چھوڑے ہیں جن کی روشنی اور

چمک دوسروں کو ہمیشہ ان مقاصد کی قربانی وایثار پر آمادہ کرتی رہے گی جن کے لیے پاکستان حاصل کیا گیا تھا۔
اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی مغفرت ورحمت سے نوازے اور بلند درجات عطا کرے۔'' (۱)

ہفت روزہ ''پاک جمہوریت'' لاہور نے ۲۷ جولائی ۱۹۷۰ء کے شمارہ کے صفحہ ۲۰ پر اس طرح عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے:

۲۰ جولائی کو جنگِ آزادی کے نامور سپاہی اور جمعیت علمائے پاکستان کے صدر مولانا عبدالحامد بدایونیؒ شام کے ۵ بجے تین روز کی بے ہوشی کے بعد اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم کی عمر ۷۲ سال تھی۔ اُنہیں ''ادارۂ تعلیماتِ اسلامیہ'' میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ اُن پر گزشتہ ہفتہ کی رات کو فالج کا حملہ ہوا تھا جو جان لیوا ثابت ہوا۔

مولانا عبدالحامد بدایونیؒ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز .... تحریکِ خلافت سے کیا اور جلد ہی ایک نوجوان مقرر کی حیثیت سے نمایاں مقام حاصل کر لیا۔ اُنہوں نے تحریک خلافت میں نمایاں حصّہ لیا۔ بعد ازاں قائدِاعظمؒ کی ہدایت پر سرحد کے ریفرنڈم میں سرگرم حصّہ لیا، جس پر قائدِاعظمؒ نے اُنہیں ''فاتح سرحد'' کا خطاب دیا۔ قیامِ پاکستان سے کچھ عرصہ قبل اُنہوں نے ایک وفد کے ساتھ سعودی عرب، عراق اور دوسرے مسلمان ممالک کا دورہ کیا۔ مسلم ممالک کے لوگوں کو برِصغیر کی تحریکِ آزادی سے آگاہ کیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد جمعیت علمائے پاکستان کی بنیاد رکھی۔ ۱۹۵۳ء میں اُنہوں نے تحریکِ ختم نبوت میں نمایاں حصّہ لیا۔ جس پر اُنہیں گرفتار کر لیا گیا۔ اُنہوں نے اپنی ذاتی کوششوں سے ''ادارۂ تعلیماتِ اسلامیہ'' قائم کیا۔''

(۱) روزنامہ جنگ کراچی ۲۰ جولائی ۱۹۷۰ء

مولانا عبدالغفور ہزارویؒ (۱)

شیخ القرآن مولانا علامہ محمد عبدالغفورؒ بن مولانا عبدالحمید بن مولانا محمد عالم کی ولادت باسعادت ۲۰ ربیع الاوّل ۱۳۲۸ھ یکم اپریل ۱۹۱۰ء بروز جمعۃ المبارک ہری پور ضلع ہزارہ کے قریبی گاؤں جنبہ پنڈ میں ہوئی۔ آپ کا خاندان کئی پشتوں سے علم و ادب کا گہوارہ تھا۔ ابتدائی تعلیم والد ماجد سے حاصل کرنے کے بعد مختلف اساتذہ سے استفادہ کیا۔ پھر دہلی کے مختلف مدارس میں پڑھنے کے بعد بریلی شریف تشریف لے جا کر اعلیٰ حضرت بریلوی مولانا شاہ احمد رضا خاںؒ (۱۸۵۶ء۔ ۱۹۲۱ء) کے بڑے صاحبزادے حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضاں خاںؒ (۱۸۷۵ء۔ ۱۹۴۳ء) کے حضور زانوئے تلمذ تہہ کیا۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد بریلی شریف ہی میں مسند درس و تدریس پر فائز ہو گئے۔ قابلیت و لیاقت کا یہ عالم تھا کہ مشکل ترین مسائل کو بھی نہایت آسانی سے حل کر دیا کرتے تھے۔ اسی بنا پر حضرت حجۃ الاسلامؒ نے آپ کو ''ابوالحقائق'' کا خطاب بخشا۔

بریلی شریف میں کچھ عرصہ تدریسی خدمات انجام دینے کے بعد آپ گجرات (پنجاب) میں امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء) کے خلیفۂ ارشد آفتاب ولایت پیر سیّد ولایت شاہؒ (۱۸۸۸ء۔ ۱۹۷۰ء) کے مدرسہ خدام الصوفیہ میں مدرس ہو گئے اور ساتھ ہی ساتھ ''جامع مسجد شیشیانوالہ گیٹ گجرات'' میں خطابت کا جادو جگانے لگے۔ ۱۹۳۵ء میں جامع مسجد نزد ریلوے اسٹیشن وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ میں خطیب مقرر ہو گئے اور پھر تا زیست یہاں ہی خطابت کی ذمہ داریاں بحسن و خوبی نبھاتے رہے۔

---

(۱) ماخوذ از مقالہ شاہ حسین گردیزی
تجلیات مہر انور ص: ۱۱۰ مطبوعہ کراچی

بچپن میں حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ گولڑوی (۱۸۵۹ء۔۱۹۳۷ء) سے بیعت کی تھی۔ حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خاں بریلوی (۱۸۷۵ء۔۱۹۴۲ء) حضرت معصوم بادشاہ چوراہی (۱۹۰۷ء۔۱۹۵۷ء) سیّدنا طاہر علاء الدین الگیلانی (۱۹۳۳ء۔۱۹۹۱ء) حضرت سائیں گوہر دین جنیدھڑوی (۱۸۶۸ء۔۱۹۵۲ء) اور حضرت خواجہ نور سہروردی (ــــ ء۔ ۱۹ء) سے خلافت حاصل تھی۔

حضرت شیخ القرآن نے تحریکِ پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ ۱۴ جولائی ۱۹۳۵ء کو لاہور کی تاریخی جلسہ گاہ موچی دروازہ میں ''مجلسِ اتحادِ ملت'' کی بنیاد رکھی گئی تو آپ کو مرکزی نائب صدر منتخب کیا گیا۔ مجلسِ اتحادِ ملت کے پلیٹ فارم سے آپ نے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ ۱۹۳۸ء میں مسلم لیگ سے وابستہ ہوگئے اور قیامِ پاکستان تک ہر طرح سے اس کی معاونت کرتے رہے۔ مسلم لیگ، میں شمولیت کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ ۱۸، ۱۹، ۱۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس کلکتہ میں انعقاد پذیر ہوا۔ ۱۹ اپریل کے اجلاس میں حضرت قائدِ اعظمؒ کی موجودگی میں آپ نے ''مجلسِ اتحادِ ملت'' کے توڑنے اور مسلم لیگ میں مدغم کرنے کا اعلان کیا۔ آپ نے اپنی پُرمغز تقریر میں کہا:

''آج سے ہم نے اپنی ''مجلسِ اتحادِ ملت'' کو مسلم لیگ میں مدغم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب ہم مسلم لیگ کے پرچم تلے ملک وقوم کی خدمت سرانجام دیں گے۔ اس جماعت کے ''جیش نیلی پوش'' اب مسلم لیگ کے سپاہی ہوں گے۔''

اس پر قائدِ اعظمؒ بہت خوش ہوئے ''ہیئر ہیئر'' کہا اور تالی بجائی اور پھر حاضرین نے پُر جوش نعرے بلند کیے۔ اس کے بعد مسلم لیگ کے لیے پشاور سے کلکتہ تک پیغامِ حق سُنایا۔ قاتلانہ حملے ہوئے، جیلیں کاٹیں مگر پائے استقلال میں ذرّہ بھر بھی جنبش نہ ہوئی۔

دسمبر ۱۹۳۸ء میں آپ حج بیت اللہ شریف اور زیارتِ روضۂ اقدس کی سعادت حاصل کرنے کے لیے گئے تو ان کے رفیق عزیز عبداللطیف وزیر آبادی نے اُن کے اعزاز میں ایک پُرتکلف دعوت دی۔ اس موقعہ پر مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء۔۱۹۵۶ء) نے آپ کو یوں خراجِ تحسین پیش کیا۔

(۱)

حج کو جانے والے ہیں عبدالغفور
آسماں برسا رہا ہے اُن پہ نور
کس زباں سے ہو بیاں وصف آپ کا
آپ موسیٰ ہیں وزیر آباد طور
جاکے مکہ میں کھجوریں کھائیں گے
اور رہے گا ان سے حلوا دُور دُور
جا رہے ہیں پینے یثرب کی شراب
جس کے اندر ہے دو عالم کا سرور
جب مواجہ کی سعادت ہو نصیب
یاد رکھیں ہم غریبوں کو ضرور
کانگرس ٹکرا رہی ہے لیگ سے
آ رہا ہے عقلِ گاندھی میں فتور

(۲)

کانپتے تھے اُس کی ہیبت سے زمین وآسماں
جب مسلماں گھر سے نکلا باندھ کر سر پر کفن
شیخ کے تہمد نے گاندھی کی لنگوٹی سے کہا
میں پرستارِ خدا ہوں تو پرستارِ وطن

ایک مرتبہ ضلع سیال کوٹ کے ایک گاؤں میں احراریوں کا ایک معرکۃ آلارا جلسہ ہورہا تھا جس میں احراری مقررین اپنی لچھے دار تقریروں سے عوام کو نظریۂ پاکستان سے متنفر و برگشتہ کرنے کی سعی مذموم کررہے تھے، دوسری طرف علماءِ اہلِ سنّت کا اپنا اسٹیج لگا ہوا تھا۔ جب احراریوں کے اجتماع میں عطاء اللہ شاہ بخاری کی

تقریر کے دوران کچھ زیادہ ہی عوام کی کشش نظر آئی تو حضرت شیخ القرآن فوراً مائیک پر تشریف لائے اور ایسی فصیح و بلیغ تقریر کی کہ لوگ دھڑا دھڑ آپ کے پنڈال میں آنے لگے اور دیکھتے ہی دیکھتے مخالف حضرات کے جلسہ میں اُلو بولنے لگے۔ یہ منظر دیکھ کر مولانا ظفر علی خاں وفورِ جذبات سے دیوانے ہوگئے اور فوراً فی البدیہہ ایک نظم پڑھی جس کے دو شعر ملاحظہ ہوں۔

میں آج سے مرید ہوں عبدالغفور کا
چشمہ اُبل رہا ہے محمد ﷺ کے نور کا
بند اس کے سامنے ہے بخاری کا ناطقہ
کیا اس سے ہو مقابلہ اس بے شعور کا

مارچ ۱۹۴۰ء میں جب منٹو پارک (اقبال پارک) لاہور میں قرارداد پاکستان منظور ہوئی تو اس وقت برصغیر کے ممتاز مسلم لیگی لیڈر تشریف فرما تھے۔ اہلِ سنّت کی نمائندگی مولانا عبدالحامد بدایونیؒ (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) اور حضرت شیخ القرآن کر رہے تھے اوّل الذکر نے اس تاریخی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ''قرار پاکستان'' کی زبردست تائید و حمایت فرمائی۔ حضرت شیخ القرآن اسٹیج پر مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء۔۱۹۵۶ء) سے پچھلی سیٹ پر تشریف فرما تھے اس سے آپ کے سیاسی مقام کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

۱۹۴۱ء میں آپ نے وزیر آباد میں ''پاکستان کانفرنس'' منعقد کرائی۔ یہ صوبہ پنجاب میں پہلی کانفرنس تھی جس میں نظریۂ پاکستان کی وضاحت کی گئی۔ اس کانفرنس سے مولانا عبدالحامد بدایونیؒ (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء)، مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء۔۱۹۵۶ء)، سیّد غلام مصطفی خالد گیلانی (۱۹۰۷ء۔۱۹۸۹ء)، انور غازی آبادی (۱۹۱۶ء۔۱۹۷۹ء) اور آپ نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس سے شہر اور گردونواح کے دیہاتی عوام میں پاکستان کا تخیل پیدا اور پختہ ہوا۔ کانفرنس کی کامیابی پر اُس وقت کے مستند اخبار ''سول اینڈ ملٹری گزٹ'' نے اداریہ تحریر کیا۔ لوگ جوق در جوق مسلم لیگ میں شامل ہوئے۔

اپریل ۱۹۴۴ء میں پنجاب مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس سیالکوٹ میں منعقد ہوا جس کی صدارت

سردار عبدالرب نشتر (۱۸۹۹ء۔۱۹۵۸ء) نے کی۔ قائداعظمؒ نے بنفس نفیس اجلاس میں شرکت فرمائی۔ یہ کانفرنس تین دن جاری رہی۔ اس کانفرنس میں ممتاز مسلم لیگی رہنماؤں مثلاً مولانا عبدالحامد بدایونیؒ (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) نواب افتخار حسین ممدوٹ (۱۹۰۶ء۔۱۹۶۹ء) ملک برکت علی (۱۸۸۵ء۔۱۹۴۶ء) مولانا بشیر احمد اختر (۱۹۱۶ء۔۱۹۹۴ء) سیّد غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی (۱۹۰۷ء۔۱۹۸۹ء) میر غلام بھیک نیرنگ (۱۸۷۶ء۔۱۹۵۲ء) سردار محمد حسین آف گنجر کلاں (۱۹۰۴ء۔۱۹۶۹ء)، شیخ صادق حسن امرتسریؒ (۱۸۸۷ء۔ ۱۹۵۹ء) مجاہد ملت مولانا محمد عبدالستار خاں نیازی کے علاوہ حضرت شیخ القرآن علامہ ہزارویؒ نے بھی شرکت کی۔ حضرت شیخ القرآن کے ساتھ وزیر آباد کے تمام مسلم لیگی عہدیداروں اور نیشنل گارڈ کے جوانوں نے شمولیت کی۔ حضرت قائداعظمؒ کا فقید المثال جلوس نکالا گیا۔ قائداعظمؒ نے جب حاضرین کے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر سے خطاب کیا تو ایک عجیب کیف وسرور کا عالم تھا۔ اس کے بعد سیال کوٹ جو احرار کا گڑھ تھا اب مسلم لیگ کا شیدائی بن گیا۔

اسی دوران حضرت شیخ القرآن پر قاتلانہ حملہ بھی ہوا مگر آپ بفضل خدا بال بال بچ گئے۔ ہوا یوں کہ ایک دن آپ حسبِ معمول سیر کرتے ہوئے جی ٹی روڈ پر نالہ پلکھو وزیر آباد کے ساتھ ساتھ مغرب کی طرف جا رہے تھے کہ ایک نامراد خنجر آبدار ہاتھ میں لیے آپ کو للکارنے لگا۔ جواباً آپ نے بھی کھیتوں سے مٹی کے ڈھیلے اُٹھا کر اُس کی طرف پھینکے۔ دریں اثنا نواحی گاؤں منسی پورہ کا ایک سکھ اُدھر آنکلا جس کو دیکھ کر وہ شخص بھاگ کھڑا ہوا ۔

فانوس بن کے جس کی حفاظت ہوا کرے
وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

۹ تا ۱۱ جنوری ۱۹۴۶ء کو اسلامیہ کالج لاہور کی گراؤنڈ میں جمعیت علماء اسلام پنجاب کی ایک تاریخ ساز کانفرنس سنوسئی ہند امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوری قدس سرہ (۱۸۴۱ء۔۱۹۵۱ء) کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں اکابر اہلِ سنّت مثلاً مولانا سیّد ابوالحسنات قادریؒ لاہوری (۱۸۹۶ء۔ ۱۹۶۱ء) سیّد محمد رضا شاہ گیلانی ملتانی (۱۸۹۶ء۔۱۹۴۹ء) خواجہ سیّد غلام محی الدین گولڑوی (۱۸۹۱ء۔۱۹۷۴ء)

مولانا عبدالحامد بدایونیؒ (۱۸۹۸ء ۔ ۱۹۷۰ء) خواجہ محمد قمر الدین سیالوی (۱۹۰۶ء ۔ ۱۹۸۱ء) پیر صاحب مانکی شریف (۱۹۲۲ء ۔ ۱۹۶۰ء) سیّد علی شاہ سجادہ نشین حضرت میاں میرؒ لاہور، پیر سیّد محمد عباس کرمانی سجادہ نشین شیر گڑھ ضلع اوکاڑہ، مولانا جمال میاں فرنگی محلی، مجاہد ملت مولانا محمد عبدالستار خاں نیازی کے علاوہ حضرت شیخ القرآن نے بھی شرکت کر کے اپنے ولولہ خیز اور فکر انگیز خطاب سے نوازا۔

فروری ۱۹۴۶ء کے صوبائی انتخابات میں حضرت شیخ القرآن نے مسلم لیگی اُمیدواروں کی حمایت میں طوفانی دورے کیے۔ اُن کے اپنے حلقہ پنجاب اسمبلی گوجرانوالہ شمالی میں مسلم لیگ کے اُمیدوار چوہدری صلاح الدین چٹھہ آف نگر (ء ۔ ۱۹۷۰ء) تھے۔ جب کہ یونینسٹ پارٹی کی طرف سے مٹھن بُرج وزیر آباد کے راجہ محمد عبداللہ خاں (ء ۔ ۱۹۶۹ء) اور ایک آزاد اُمیدوار محمد یار الیکشن لڑ رہے تھے۔ حضرت شیخ القرآن نے مسلم لیگی اُمیدوار کی ڈٹ کر حمایت کی اور اُسے کامیاب و کامران کرایا۔ مسلم لیگی اُمیدوار نے ۸۷۲۲ ووٹ لے کر فتح و نصرت کے شادیانے بجائے جب کہ یونینسٹ اُمیدوار کو ۶۳۳۲ ووٹ ملے اور نامرادی اُس کا مقدر ٹھہری۔ حالانکہ اس نے تجوریوں کے منہ کھول رکھے تھے۔ آزاد اُمیدوار کو صرف چار ووٹ ملے اور ضمانت ضبط ہوگئی۔

اپریل ۱۹۴۶ء میں بنارس (انڈیا) میں آل انڈیا سنی کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں برصغیر کے پانچ چھ ہزار علماء و مشائخ اور لاکھوں سنی مسلمانوں نے شرکت کی۔ اس کانفرنس کی صدارت حضرت امیر ملت محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء ۔ ۱۹۵۱ء) نے فرمائی۔ دوسرے مقررین کے علاوہ حضرت شیخ القرآن نے اس بے مثال تاریخی اجتماع سے خطاب فرمایا اور دوران تقریر حضرت محدث اعظم کچھوچھویؒ (۱۸۹۴ء ۔ ۱۹۶۱ء) کے ان الفاظ کی پُر زور تائید و حمایت کی کہ:

''پاکستان ایسا ملک ہوگا جس میں کسی خاندان یا کسی خاص شخص کی حکومت نہ ہوگی بلکہ اسلام کی حکومت ہوگی اور اسلامی اُصولوں کی حکومت ہوگی جس میں کسی کا استحصال نہ ہوگا۔''

اگست ۱۹۴۶ء میں قائد اعظمؒ کشمیر گئے تا کہ شیخ عبداللہ (۱۹۰۵ء ۔ ۱۹۸۲ء) اور میر واعظ محمد یوسف شاہ (۱۸۹۴ء ۔ ۱۹۶۸ء) میں مفاہمت کرائی جاسکے مگر قائد اعظمؒ ایسا نہ کر سکے۔ واپسی پر حضرت شیخ القرآن اور

اُن کے ساتھیوں نے قائداعظمؒ کو چند گھنٹے وزیر آباد ٹھہرنے کی دعوت دی جو اُنہوں نے قبول کر لی۔ حضرت شیخ القرآن اور عوام کے جمِ غفیر نے گرم ترین دوپہر کو نالہ پلکھو پر اپنے محبوب قائد کا انتظار کیا۔ تین بجے کے قریب قائداعظمؒ کی کار نظر آئی تو فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اُٹھی۔ ''قائداعظمؒ زندہ باد'' اور ''پاکستان زندہ باد'' کے فلک شگاف نعروں نے فضا میں ایک ارتعاش پیدا کر دیا۔ قائداعظمؒ نے حضرت شیخ القرآن کی مسجد سے ملحقہ پنڈال میں نصف گھنٹہ خطاب کیا۔

حضرت شیخ القرآن نے اپنی استقبالیہ تقریر میں قائداعظمؒ کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس دوران قائداعظمؒ نے بڑے پُرزور انداز میں تالیاں بجائیں۔ جلسہ کے اختتام پر عوام کے ہجومِ نجوم نے اپنے محبوب لیڈر کو فلک بوس نعروں کے درمیان رُخصت کیا۔

جنوری ۱۹۴۷ء میں سر خضر حیات ٹوانہ (۱۹۰۰ء۔۱۹۷۵ء) وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے خلاف سول نافرمانی کی تحریک چلی اور گورنر پنجاب مسٹر ڈگلس نے مسلم لیگیوں سے خائف ہو کر باغی قرار دے دیا اور دھڑا دھڑ گرفتاریاں شروع ہو گئیں۔ ضلع گوجرانوالہ میں تحریکِ پاکستان کے سلسلے میں گرفتاری کی سعادت سب سے پہلے حضرت شیخ القرآن ہی کے حصہ میں آئی۔ اس کے بعد دوسرے کارکن گرفتار ہوئے۔ حضرت شیخ القرآن نے اپنے زمانۂ اسیری کو ڈسٹرکٹ جیل گوجرانوالہ میں بڑی ہمت و پامردی اور خندہ پیشانی سے گزارا۔

تقسیم ملک کی بعد آپ نے مہاجرین کی آبادکاری کے لیے شب و روز کام کیا۔ مقامی تحصیل دار اور تھانے دار کے ساتھ شہر کا گشت کرتے اور خالی مکانات مہاجرین میں تقسیم کرتے۔ آپ کے خلوص کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے لاکھوں روپے کا سامان مہاجرین میں تقسیم کیا مگر خود ایک پائی تک کے روادار نہ ہوئے۔ جب کہ بہت سے لوگوں نے اس وقت اپنی تجوریاں بھر لیں اور آج اسی لوٹ مار کے بل بوتے پر رئیس بنے بیٹھے ہیں۔ آپ نے صرف اور صرف اللہ تعالیٰ جل شانہٗ اور اُس کے رسول ﷺ کی رضا و خوشنودی کے لیے سب کچھ کیا نہ کہ دنیاوی حرص و ہوا کی خاطر!

پاکستان کے معرضِ وجود میں آنے کے بعد آپ نے سیاست کو خیر باد کہہ دیا اور اپنی تمام تر توجہ دینِ اسلام کی خدمت پر مرکوز کر دی۔ وزیر آباد میں ''جامعہ نظامیہ غوثیہ'' کے نام سے ایک عظیم الشان مدرسہ قائم کیا

جس میں ہر سال رمضان المبارک میں ''دورۂ قرآن'' پڑھانا شروع کیا جس میں ملک بھر کے علماء شرکت کرتے۔ قیام وطعام کا سارا انتظام واہتمام آپ ہی کے ذمہ ہوتا۔ قرآن حکیم کے رموز ونکات بڑے احسن طریقے سے بیان فرماتے اور سامعین عش عش کر اٹھتے سچ تو یہ ہے کہ اب شائد ہی کوئی ایسا پڑھانے والا ملے۔

۱۹۴۸ء میں جمعیت علماء پاکستان کی تشکیل ہوئی تو آپ کو مرکزی نائب صدر چنا گیا مگر آپ کی توجہ زیادہ تر تبلیغی خدمات پر مرکوز رہی لیکن جب ایوبی دور میں جمعیت کے بعض رہنماؤں نے ایوبی آمریت کی بے جا حمایت شروع کردی تو غیور طبیعت نے برداشت نہ کیا اور پھر میدان عمل میں نکل آئے مرکزی صدر منتخب ہو کر آمریت کو للکارا۔

۱۹۵۳ء کی ''تحریکِ ختم نبوت'' میں کفن بردوش ہو کر دیگر مجاہد علماء کے ساتھ میدان میں آگئے اور اپنی جادو بیانی سے پورے ملک میں مرزائیت کا ناطقہ بند کردیا۔ فخر ملت مولانا عبدالحامد بدایونیؒ (۱۸۹۸ء۔ ۱۹۷۰ء) مولانا ابوالحسنات قادریؒ لاہور (۱۸۹۶ء۔۱۹۶۱ء) اور مجاہد ملت مولانا محمد عبدالستار خاں نیازی (۱۹۱۵ء۔ زندہ) کی طرح آپ کو بھی داخلِ زنداں کیا گیا اور چھ سات ماہ کا عرصہ راولپنڈی جیل میں بڑے صبر واستقلال کے ساتھ گزارا۔

آپ عالم باعمل، شیخِ طریقت، مناظر، جادو بیان مقرر، نعت گو شاعر اور بہت بڑے عاشق رسول ﷺ تھے۔ راقم الحروف کو اُن کی تقریر سننے کا اتفاق ہوا ہے۔ ایسے مقرر ہر روز پیدا نہیں ہوا کرتے۔ فصاحت و بلاغت اُن کی تقریر کا خاصا تھا۔

الٰہی! وے صورتیں کسی دیس بستیاں ہیں
جن کے دیکھنے کو آنکھیں ترستیاں ہیں

۷۰۔۱۹۶۹ء میں جب پاکستان میں سوشلزم کے پرچار کا راگ الاپا گیا تو دوسرے علمائے حق کی طرح آپ نے بھی سوشلزم کو کفر قرار دیا۔ اس پر آپ کو مولانا غوث ہزاروی دیوبندی (۱۸۹۶ء۔۱۹۸۱ء) نے بہت بڑی رشوت کی پیش کش کی جسے آپ نے پائے استحقار سے ٹھکرا دیا اور کہا کہ ''میں خدا اور رسول ﷺ کے ہوتے ہوئے کفر کی حمایت کیسے کرسکتا ہوں۔''

آپ شروع ہی سے صبح کی سیر کے عادی تھے۔ چنانچہ ۷ شعبان المعظم ۱۳۹۰ھ مطابق ۹ اکتوبر ۱۹۷۰ء بروز جمعۃ المبارک حسبِ معمول وزیر آباد کے نواحی نالہ پلکھو سے جی ٹی روڈ پر گزر رہے تھے کہ اچانک ایک تیز رفتار ٹرک کی زد میں آگئے۔ ٹرک نے آپ کو پُل کی آہنی سلاخوں میں دھکیل دیا جس سے آپ بُری طرح زخمی ہو گئے۔ فوراً ہسپتال پہنچایا گیا۔ آپ کے زخمی ہونے کی اطلاع پورے شہر میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی اور لوگ چیختے چلاتے ہسپتال کی طرف بھاگے، شہر میں مکمل ہڑتال کر دی گئی۔ ہسپتال میں تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔ ہر طرف لوگ اشکبار آنکھوں سے دست بہ دعا تھے۔ آپ کا ضبط وتحمل ملاحظہ ہو کہ آخری لمحات میں آنکھیں کھول کر فرمایا کہ:

''میں نے مُجرم کو معاف کیا۔''

اور پھر کلمۂ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے مالکِ حقیقی سے جا ملے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ۔

عمر ہا در کعبہ وبتخانہ می نالد حیات
تا ز بزم عشق یک دانائے راز آید بروں

خبرِ رحلت آناً فاناً پورے ملک میں پھیل گئی۔ دوسرے دن مولانا محبّ النبی گولڑوی نے ایک لاکھ شرکاء جنازہ کی آہوں اور سسکیوں میں نماز جنازہ پڑھائی اور وزیر آباد کے قریب آپ کی اپنی اراضی میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ جہاں اب عالی شان مزار تعمیر ہو چکا ہے اور ''مہر آباد شریف'' کے نام سے موسوم ہے۔ ہر سال ۷ شعبان المعظم کو بڑے تزک واحتشام سے آپ کا عرس منایا جاتا ہے۔

آپ کی رحلت پر ملک بھر کے اخبارات نے اپنے اداریوں میں زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ چند ایک درج ذیل ہیں:

روزنامہ ''کوہستان'' لاہور اپنی اشاعت ۱۱ اکتوبر ۱۹۷۰ء میں لکھتا ہے:

''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن''

وزیرآباد کے قریب یوں تو آئے دن حادثات ہوتے رہتے ہیں اور قیمتی جانیں تیز رفتاری اور موٹر ڈرائیور کی لاپرواہی کی بھینٹ چڑھتی رہتی ہیں لیکن گزشتہ روز ایک ٹرک ڈرائیور کی غفلت نے وزیرآباد کو ایک ممتاز خطیب، عالم دین اور جمعیت علمائے پاکستان کے سابق صدر مولانا عبدالغفور ہزارویؒ سے محروم کر دیا۔

مولانائے مرحوم نہ صرف تحریکِ پاکستان کے سرگرم کارکن تھے بلکہ آمریت، سوشلزم اور اسلام میں طرح طرح کی پیوند کاریوں کے بھی مخالف تھے۔ بحالئی جمہوریت کی تحریک میں اُنہوں نے ممتاز کردار ادا کیا اور اس وقت وہ اسلامی دستور کے نفاذ کے لیے محبِ اسلام عناصر میں اتحاد و تعاون کے دل سے حامی اور اس مقصد کے لیے اپنے انداز میں سرگرم عمل بھی تھے۔ آپ کی ایک اور امتیازی خصوصیت یہ بھی تھی کہ آپ دین میں انتہا پسندانہ گروہی اور فقہی تعصب کو بھی پسند نہیں کرتے تھے اور وزیرآباد ہی نہیں پورے پنجاب میں ایک اعتدال پسند اور مخلص اہلِ علم کی حیثیت سے لوگوں میں معروف و مقبول تھے۔ آپ کی وفات بالکل اچانک ہوئی۔ صبح کی سیر آپ کا مستقل معمول تھا۔ گزشتہ روز ایک ٹرک ڈرائیور کی لاپرواہی سے وہ صبح سیر کرتے ہوئے اچانک ٹرک کی زد میں آ کر شدید زخمی ہوگئے اور ہسپتال میں ڈاکٹروں کی انتہائی کوشش کے باوجود جانبر نہ ہو سکے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

خداوند کریم سے دعا ہے کہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور اُنہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین۔''

روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور نے بھی مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۷۰ء کو یوں اداریہ لکھا:

''جمعیت علمائے پاکستان کے ایک سابق صدر اور تحریکِ پاکستان کے ایک سرگرم کارکن مولانا عبدالغفور ہزارویؒ کی اچانک وفات ایک دردناک حادثہ ہے، وہ علماء کے اُس طبقے سے تعلق رکھتے تھے جو سیاسی شعور کی دولت سے بھی مالا مال ہے اور اپنے معتقدات اور نظریات کے مطابق ملکی مسائل اور قومی تحریکوں میں بھرپور حصّہ لیتا ہے۔

مولانا عبدالغفور ہزارویؒ چونکہ طویل عرصہ تک مذہب و سیاست کے میدان میں سرگرمِ عمل رہے اس لامحالہ طور پر اُن کے حامی اور مخالف دونوں پائے جاتے تھے۔ اُنہوں نے گزشتہ سال کی تحریکِ جمہوریت میں

نمایاں کردار ادا کیا اور ملک میں نمائندہ حکومت کے قیام کی جدو جہد میں پیش پیش رہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور اُن کے پس ماندگان کو صبر عطا فرمائے۔''

۱۹ اکتوبر کی صبح کو مولانا عبدالغفور ہزارویؒ خطیب جامع مسجد وزیر آباد ایک تیز رفتار ٹرک کی زد میں آ کر اپنے اللہ کو پیارے ہو گئے۔ مرحوم بہت سے خوبیوں کے مالک تھے۔ اُن سے ذاتی نیاز تو نہیں تھا بس ایک آدھ دفعہ کی سرسری ملاقات تھی، وہ بھی مولانا ظفر علی خانؒ کے زمانے میں! ہم مولانا کے عقیدت کیش تھے اور وہ مولانا کے نیاز مند۔ مولانا بھی اُن سے بہت محبت کرتے تھے۔ مولانا نے اُن کے متعلق چند شعر بھی لکھے ہیں جو اس وقت حافظہ میں نہیں آ رہے۔ ''اتحاد ملت'' میں وہ مولانا کے ساتھ رہے۔ مولانا ''لیگ'' میں شامل ہوئے تو وہ بھی مولانا کے ساتھ لیگ میں چلے گئے اور ''تحریکِ پاکستان'' میں خطابت کی دلنشینی سے لوگوں کو مسحور کرتے رہے۔ مسلکاً بریلوی مکتبۂ فکر کے علماء میں شامل تھے لیکن ہر مسلک کے لوگوں میں اُن کے لیے احترام ومحبت کے جذبات رہے۔ مسلمانوں میں سوشلزم کے متعلق مدافعت کا جو شعور اور جذبہ اُبھر کر متشکل ہوتا رہا، وہ بھی اس جذبہ وشعور کے اُبھارنے والوں میں شریک رہے۔ اس سلسلے میں وزیر آباد کے گردونواح کی آبادیاں اُن کی شکر گزار تھیں۔

مولانا غلام دین اشرفیؒ (۱)

خطیبِ پاکستان مولانا غلام دینؒ بن مولانا میاں سیّد احمد بن میاں فضل دین بن میاں کرم دین کی ولادت ۱۹۱۰ء میں فارسی زبان کے شہرۂ آفاق شاعر ملا غنیمت کنجاہیؒ (۱۶۳۰ء۔۱۶۹۵ء) کے وطنِ مالوف کنجاہ کے نواحی گاؤں چکوڑی بکھو ضلع گجرات میں ہوئی۔ والد ماجد سے قرآن پاک پڑھنے کے بعد اسلامیہ ہائی اسکول کنجاہ سے ساتویں جماعت تک تعلیم حاصل کی۔ بعد ازاں مولانا محمد عبداللہ کنجاہیؒ سے سکندر نامہ تک فارسی پڑھی اور صرف، ونحو کی کتابیں مولانا فضل حق موضع ٹھیکریاں (گجرات) سے پڑھیں۔ پھر لاہور آ کر دارالعلوم حزبِ الاحناف'' میں داخلہ لے لیا۔ یہاں اُنہوں نے اُستاذ العلماء مولانا محمد مہر مدین نقشبندی جماعتی (۱۹۰۱ء۔۱۹۸۷ء)، مفتیٔ اعظم مولانا سیّد ابوالبرکاتؒ سیّد احمد قادریؒ (۱۹۰۱ء۔۱۹۷۸ء) اور امام المحدثین سیّد دیدار علی شاہ الوریؒ (۱۸۵۶ء۔۱۹۳۵ء) سے اکتسابِ علم کیا۔ ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۳ء میں دارالعلوم حزب الاحناف لاہور سے سندِ فراغت حاصل کرنے کے بعد شہزادۂ غوث الوریؒ شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھویؒ (۱۸۵۰ء۔۱۹۳۶ء) سے شرفِ بیعت سے مشرف ہوئے۔ خود فرماتے ہیں:

اشرفی ہوں بندۂ مسکین ہوں

خادمِ قوم، غلامِ دین ہوں

فراغت کے بعد بطورِ خطیب ''مسجد لال کھوہ اندرون موچی دروازہ لاہور'' میں تقرر ہوا۔ چند سال بعد مولوی محبوب عالم، مسجد لوکوشیڈ کی امامت وخطابت سے معزول کر دیے گئے تو اُن کی جگہ آپ کو امامت و خطابت کی ذمّہ داریاں سونپی گئیں۔ اُس وقت لوکوشیڈ کی مسجد بہت چھوٹی تھی لیکن جب آپ نے یہاں

(۱) خطبات آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس۔ مطبوعہ گجرات

خطابت شروع کی تو ہزاروں کا مجمع ہونے لگا۔ پھر اُن کی سعی وکاوش سے موجودہ عمارت تیار ہوئی جو لاہور کی علیشان مساجد میں شمار ہوتی ہے۔ اس کا موجودہ نام ''جامع مسجد صدیقیہ'' ہے۔

قدرت نے مولانا غلام دینؒ کی آواز میں بلا کا سوز، درد اور اثر پیدا کر دیا تھا کہ لوگ دیوانہ وار اُن کی تقاریر سُنتے اور سر دھنتے تھے۔ راقم الحروف کو بھی اُن کی دو تقاریر سُننے کا اتفاق ہوا ہے۔ وہ ایسی منظر کشی کرتے تھے کہ سامعین کو محسوس ہوتا تھا کہ ہر چیز اُن کے سامنے موجود ہے۔ بلا شبہ وہ اپنے دور کے بہترین اور عظیم مقرروں میں سے تھے۔ اُن کے بعد لاہور کو اُن کا ثانی خطیب نہ مل سکا۔

مولانا غلام دینؒ نے تحریکِ کشمیر اور تحریکِ پاکستان میں بھرپور حصہ لیا۔ تحریکِ پاکستان میں اُن کی خدماتِ جلیلہ کا احاطہ کرنا اگر ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ اُنہوں نے اپنی جادو اثر تقاریر سے جس انداز سے اہالیانِ لاہور کو خصوصاً اور پنجاب کے لوگوں کو عموماً تحریکِ پاکستان کے اغراض ومقاصد سے روشناس کرایا وہ اُنہی کا حصہ ہے۔ اس سلسلہ میں دیوبندی مکتبۂ فکر کے مورخ اور مصنف پروفیسر محمد اسلم (۱۹۳۲ء۔۱۹۹۸ء) سابق صدر شعبہ تاریخ پنجاب یونیورسٹی لاہور اپنی کتاب ''تحریکِ پاکستان'' کے صفحہ ۴۴۶ پر ''آل انڈیا سنی کانفرنس'' کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

''دیوبندی حلقوں کی جانب سے اس کانفرنس کی کاروائی پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اس کانفرنس میں شرکاء کا سیاسی وزن کتنا تھا اور اُن کی ملکی سیاست میں کیا حیثیت تھی۔ راقم آثم دیوبندی مکتبۂ فکر سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کے باوجود عرض کرتا ہوں کہ ان مشائخ اور علماء کا عوام پر بڑا اثر تھا۔ خود لاہور میں تحریکِ پاکستان کے لیے بریلوی مکتبۂ فکر کے علماء میں سے مولانا محمد بخش مسلم اور مولانا غلام الدین اشرفیؒ نے جو کام کیا وہ محتاجِ تعارف نہیں ہے۔ مؤخر الذکر کی تقریریں راقم آثم نے سنی ہیں جس انداز سے وہ گاندھی اور نہرو کو لتاڑتے تھے اور جس بُری طرح سے گاندھی اور نہرو کا جوٹھا میٹھا کھانے والے ''کانگرسی مولویوں'' کے لیے لیتے تھے، یہ اُن ہی کا حصہ ہے۔''

۴۶۔۱۹۴۵ء کے انتخابات میں مولانا غلام دینؒ نے مسلم لیگ اُمیدواروں کے حلقوں کے طوفانی دورے کر کے مسلم لیگ کو ہر دل کی دھڑکن بنا دیا۔ لاہور میں مسلم لیگیوں کی کامیابی نے اُن کا اچھا خاصا عمل

دخل ہے۔ ۱۹۴۷ء میں سرخضر حیات خان ٹوانہ (۱۹۰۰ء۔۱۹۷۵ء) وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف ''تحریکِ سول نافرمانی'' میں مولانا کی تقریروں نے ایک آگ لگادی اور مسلم لیگیوں نے جیلیں بھر دیں۔

پاکستان بننے کے بعد سوادِ اعظم اہلِ سنّت و جماعت کی نمائندہ تنظیم ''جمعیت علماءِ پاکستان'' میں فعال کردار ادا کیا۔ ۱۹۵۳ء کی ''تحریکِ ختمِ نبوت'' میں دیوانہ وار حصّہ لیا اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر کے سنّتِ یوسفی ادا کی۔ ۷۰۔۱۹۶۹ء میں وطنِ عزیز میں سوشلزم کا فتنہ ظہور پذیر ہوا تو دوسرے علماءِ اہلِ سنّت کے شانہ بشانہ اُنہوں نے بھی ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

تصنیف و تالیف کے میدان میں بھی سرگرم رہے۔ ''فضائلِ درود شریف''، ''فضائلِ امام اعظمؒ'' اور ''رفیق الواعظین'' کے نام سے تین کتابیں یادگار چھوڑیں۔ ۱۹۶۴ء میں اپنی مسجد میں ''دارالعلوم جامعہ صدیقیہ'' قائم کیا جس سے ہزاروں لوگوں نے اکتسابِ علم کیا۔

۱۹ اکتوبر ۱۹۷۰ء کو شیخ القرآن مولانا عبدالغفور ہزارویؒ ثم وزیرآبادیؒ (۱۹۱۰ء۔۱۹۷۰ء) کی رحلت ہوئی تو آپ اُن کی نمازِ جنازہ میں شرکت کے لیے وزیرآباد تشریف لے گئے۔ واپسی پر اپنے محبوب دوست کی رحلت کے صدمہ سے چور چور تھے۔ زندگی کا مزا باقی نہ رہا تھا۔ لہٰذا تین چار دن بعد ۱۲ اکتوبر ۱۹۷۰ء...... ۱۳۹۰ھ بروز پیر دل کا دورہ پڑنے سے نمازِ ظہر کی ادائیگی کے دوران اپنی بنا کردہ ''مسجد صدیقیہ'' میں انتقال فرمایا۔ نمازِ جنازہ سیّد ابوالبرکات قادریؒ (۱۹۰۱ء۔۱۹۷۸ء) نے پڑھائی۔ ایک لاکھ افراد نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔ مسجد کی جنوبی جانب مزار پُرانوار بنا جو مرجعِ خاص و عام ہے۔ (۱)

(۱) ماہنامہ آستانہ کراچی ۲۰۰۴ء

مولانا محمد مطیع الرضا خاں قادریؒ

مولانا محمد مطیع الرضا خاں قادریؒ بن حکیم احمد رضا خاں کی ولادت موضع چندوسی ضلع مراد آباد (یو پی، بھارت) کے ایک علمی گھرانے میں ۲۹ ستمبر ۱۹۲۷ء کو ہوئی۔ بچپن میں والد گرامی کا انتقال ہوگیا تو والدہ ماجدہ نے تعلیم دلائی۔ دادوں ضلع علی گڑھ اور بریلی شریف سے تعلیم حاصل کی۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا محمد امجد علی مؤلف ''بہارِ شریعت'' (۱۸۷۸ء۔۱۹۴۸ء)، مفتی محمد اعجاز ولی خاں رضوی (۱۹۱۴ء۔۱۹۷۳ء) اور مولانا عبدالمصطفیٰ ازہری (۱۹۱۸ء۔۱۹۸۹ء) شامل ہیں۔ حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں بریلوی (۱۸۷۵ء۔۱۹۴۳ء) سے شرف بیعت حاصل کیا۔ مفتیٔ اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا بریلوی (۱۸۹۳ء۔۱۹۸۱ء) سے سند حدیث، اوراد و وظائف اور سلسلہ رضویہ کے تمام سلاسل کی اجازت مرحمت ہوئی تھی۔ ۱۹۴۱ء میں جامعہ طبیہ لکھنؤ سے حکیم حاذق کی سند حاصل کی۔ شعر و شاعری سے بھی دلچسپی تھی۔ رضاؔ تخلص کرتے تھے۔

آپ نے تحریکِ پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ۱۱ دسمبر ۱۹۴۵ء کو ''پاکستان کلب چندوسی'' کے جنرل سیکریٹری منتخب کیے گئے۔ تھوڑے ہی عرصہ میں آپ کی زبردست جدوجہد سے ''چندوسی'' میں عین کانگریسی مرکز ''چوک حسینی بازار'' میں مسلم لیگ کا دفتر قائم ہوگیا۔ اس بات نے کانگریس کے اعلیٰ حلقوں تک ہلچل مچادی اور مسلمانوں کو مسلم لیگ میں شامل ہونے سے باز رکھنے کے لیے کوششیں تیز کر دی گئیں۔ ہندوؤں نے دارالعلوم دیوبند کے پرنسپل مولانا حسین احمد مدنی (۱۸۷۹ء۔۱۹۵۷ء) کو خصوصی طور پر مدعو کیا اور ایک بہت بڑے جلسے کے انعقاد کی بھرپور کوشش کی گئی۔ لیکن مولانا مطیع الرضا خان اور اُن کے مخلص اور بے لوث ساتھیوں کی شبانہ روز مساعی رنگ لائیں اور جلسہ گاہ میں ہندوؤں کو اُن کی توقعات کے بالکل برعکس حالات دیکھنے پڑے۔ اس واقعہ سے کانگریسیوں کی ہمت پست ہوگئی اور لوگوں میں مسلم لیگ کی آواز خوب کھل کر سامنے آئی۔

تحریکِ پاکستان کے ان ایام میں آپ نے اپنے دیگر رفقاء کے ساتھ انتہائی جدوجہد سے کام کیا۔ ایک ایک دن میں کئی کئی جلسوں سے خطاب کیا اور مختلف جگہوں پر پیامِ آزادی کو عام کیا۔ اسی دوران چند ہندو لیڈروں نے آپ سے سوال کیا کہ ''آپ جو پاکستان کے لیے اس قدر تگ ودو کر رہے ہیں لیکن کیا کبھی سوچا کہ پاکستان اس علاقہ (یوپی) میں بنے گا یا صرف مسلم اکثریت کے علاقوں میں۔'' آپ نے جواب دیا، ''پاکستان کا حدود اربعہ تیار کرنا ہمارا کام نہیں۔ ہمارا ایک لیڈر قائدِ اعظمؒ ہے جس کی قیادت نے کلکتہ سے خیبر تک کے تمام مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر لا کر اکٹھا کیا ہے وہ جہاں پاکستان بنائے گا وہ ہمارا پاکستان بنے گا۔ ہم تو ہندوستان کے اندر ایک ایسی سرزمین چاہتے ہیں جہاں مسلمان اسلامی اُصولوں کے مطابق طرزِ زندگی اختیار کر سکیں۔''

قیامِ پاکستان کے بعد ہجرت کر کے کراچی آ گئے اور پھر راولپنڈی کو اپنا مستقل وطن بنا لیا اور تا زیست جامع مسجد لال کرتی راولپنڈی میں خطابت کی ذمہ داریاں نبھاتے رہے۔ ''تحریکِ ختمِ نبوت'' (۱۹۵۳ء اور ۱۹۷۴ء) اور ''تحریکِ نظامِ مصطفیٰ ﷺ'' (۱۹۷۷ء) میں مجاہدانہ شان سے حصہ لیا۔ اور قید و بند کی صعوبتوں سے بھی نبرد آزمار ہے۔ مدرسہ رضویہ قائم کر کے علم و ادب کی خدمات بجالاتے رہے اور ساتھ ہی ساتھ قادری دواخانہ کے نام سے مطب بھی چلاتے رہے۔

مولانا مطیع الرضا خاںؒ خوش گفتار خطیب، اچھے مدرس، حاذق طبیب، نعت گو شاعر اور بہترین عالمِ دین تھے۔

وفات

۴ اپریل ۱۹۷۹ء کو بعارضہ اختلاجِ قلب آپ کی وفات ہوئی اور اپنے بنا کردہ مدرسہ رضویہ کے صحن میں آخری آرام گاہ بنی۔

---

(۱) ماخوذ تحریکِ پاکستان اور علماء کرام مؤلف صادق قصوری/ص: ۳۸۸، ۳۸۹
دیکھیے مطالعہ کے لیے

☆ تذکرہ علمائے پنجاب/اختر راہی

☆ وفیاتِ مشاہیرِ پاکستان/محمد اسلم

مولانا غلام قادر اشرفیؒ (۱)

مولانا غلام قادر اشرفیؒ بن میاں باغ علی چشتی کی ولادت ۱۴ محرم الحرام ۱۳۲۴ھ ۱۰ مارچ ۱۹۰۶ء بروز ہفتہ فرید کوٹ (حال بھارت) میں ہوئی۔ ابھی صغرسن تھے کہ والدین کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ ۱۹۱۱ء میں اسکول میں داخل ہوئے اور ۱۹۲۲ء میں امتیازی حیثیت سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ کالج میں داخلہ لیا مگر طبیعت مائل نہ ہوئی۔ مذہبی تعلیم حاصل کرنا شروع کردی اور درج ذیل اساتذہ سے اکتسابِ علم کیا۔

- حضرت مولانا محمد سعید شبلی فرید کوٹیؒ (۱۸۹۶ء۔ ۱۹۸۲ء)
- حضرت مفتیٔ اعظم شاہ محمد مظہر اللہ دہلویؒ (۱۸۸۶ء۔ ۱۹۶۶ء)
- حضرت مولانا محمد یٰسین صاحب چڑیاکوٹیؒ
- حضرت مولانا سیّد غلام قطب الدین برہمچاری اشرفی سہسوائیؒ
- حضرت بابا خلیل داس ایم اے (سنسکرت) چتر ویدیؒ
- حضرت مولانا عبد العزیز صاحب فتحپوریؒ
- حضرت صدر الافاضل سیّد محمد نعیم الدین مراد آبادیؒ (۱۸۸۳ء۔ ۱۹۴۸ء)

سندِ فراغت ''جامعہ نعیمیہ'' مراد آباد (یوپی) سے حاصل کی اور اسی دوران ''مدرسہ حلقۂ اشاعۃ الحق گشتی مراد آباد'' کا تبلیغی کورس بھی مکمل کرلیا جس میں ہندی، بھاشا اور سنسکرت کی تعلیم حاصل کی، اس کے علاوہ گورمکھی اور گیانی پر بھی عبور حاصل کیا۔

---

(۱) اکابر تحریک پاکستان/محمد صادق قصوری/لاہور ۱۹۷۹ء ص: ۱۷۶ تا ۱۸۱

حضرت شاہ علی حسین کچھوچھویؒ (۱۸۵۰ء۔ ۱۹۳۶ء) کے دستِ حق پر بیعت کر کے اجازت و خلافت حاصل کی۔ علاوہ ازیں حضرت میاں شاہ محبوب قادری فیروز پوریؒ اور حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری رضوی مدنیؒ (۱۸۷۷ء۔ ۱۹۸۱ء) سے بھی اجازت و خلافت تھی۔

دورانِ طالب علمی ''سنی کانفرنس مراد آباد'' (۱۹۲۵ء) میں ایک رضا کار کی حیثیت سے حصہ لیا۔ آپ نے رضا کاروں کی ٹیم کے ساتھ کانفرنس کے انتظام و انصرام میں بہت دلچسپی اور شوق کا مظاہرہ کیا۔ تحصیلِ علم کے بعد ۱۹۲۶ء تا ۱۹۲۸ء یعنی تین سال تک مکتسر ضلع فیروز پور (حال بھارت) میں تدریس و خطابت کے فرائض سرانجام دیے اور ساتھ ہی ساتھ سیاسی تحریکوں میں بھی حصہ لیتے رہے۔ ضلع فیروز پور میں مسلم لیگ کے نصب العین اور سائمن کمشن کے بائیکاٹ کے سلسلے میں کام کرتے رہے۔ شاردا ایکٹ کو ناکام بنانے میں بھی بھرپور دلچسپی لیتے ہوئے علماء و مشائخ کے شانہ بشانہ کام کیا۔

۱۹۲۹ء میں عملی طور پر میدانِ سیاست میں وارد ہو گئے اور مغلپورہ ایجی ٹیشن میں حصہ لیا۔ ۱۹۳۱ء میں تحریکِ کشمیر اور ۱۹۳۲ء میں مسلمانانِ ریاست الور، جب ریاستی مظالم کی تاب نہ لا کر اجمیر شریف، بھرت پور، گوڑ گانواں اور دہلی کی طرف ہجرت پر مجبور ہوئے تو آپ اپنے برادرِ طریقت میر غلام بھیک نیرنگ انبالویؒ (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۵۲ء) سیکریٹری جنرل انجمن تبلیغ الاسلام انبالہ کی زیرِ کمان کام کرتے رہے۔ ۱۹۳۳ء میں تحریکِ قادیاں اور ۱۹۳۵ء میں ''تحریکِ شہید گنج'' میں بھرپور حصہ لیا۔ ۳۷۔۱۹۳۶ء میں میں خان غلام رسول خاں ایڈووکیٹ جنرل سیکریٹری پنجاب مسلم لیگ ۱۹۳۹ء اور ملک برکت علی (۱۸۸۵ء۔ ۱۹۴۶ء) کے ایما پر مسلم لیگ کے لیے خدمات انجام دیں اور لاہور کے مضافات میں مسلم لیگ کا پیغام پہنچایا۔

۱۹۳۸ء میں ''تحریکِ آریہ سماج'' جو نظام حیدر آباد (دکن) کے خلاف جتھہ بندی کی صورت میں چلائی گئی تھی، کے انسداد کے لیے کافی خدمات سرانجام دیں اور ''یومِ نظام'' منایا۔ ۱۹۳۹ء میں قائد اعظمؒ (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۴۸ء) کی ہدایت پر ''یومِ نجات'' منایا گیا تو آپ نے بھی ''مجلس تبلیغ الاسلام'' لالہ موسیٰ کے زیرِ اہتمام یہ دن منایا، بھرپور کوشش کر کے ضلع بھر میں مسلم لیگ کا قیامِ عمل میں لائے اور جا بجا اس کی شاخیں قائم کیں۔

۱۹۴۵ء میں ملک فیروز خاں نون (۱۸۹۳ء ۔ ۱۹۷۰ء) اور سردار شوکت حیات (۱۹۱۲ء ۔ ۱۹۹۸ء) کے ساتھ مسلم لیگی اُمیدواروں کے لیے شب وروز کام کیا اور اسی سال آپ نے لالہ موسیٰ کے مسلم لیگیوں کی طرف سے قائداعظمؒ کی خدمت میں مسلم لیگ کے لیے تھیلی پیش کی، اس کی دلچسپ تفصیل خود آپ کی زبانی سُنیے:

"قائداعظمؒ بذریعہ کار کشمیر سے واپس لاہور تشریف لا رہے تھے اور راستہ میں اُنہیں جا بجا جلسوں سے خطاب کرنا تھا۔ ہم نے بھی لالہ موسیٰ میں استقبال کی تیاریاں شروع کر دیں اور نذرانہ کی تھیلی کا بھی بندوبست کیا۔ جی ٹی روڈ پر میل ڈیڑھ میل تک جھنڈیاں اور محرابیں بنوائیں، مسلم لیگ کے جھنڈے لگائے اور تمام علاقہ میں آدمی دوڑا کر صبح تک ہزاروں آدمی جمع کر لیے، پنڈال میں میلے کا سا سماں تھا، ہر طرف چھل پہل تھی، اسٹیج تیار ہو چکا تھا، شامیانے نصب تھے لیکن لُطف کی بات یہ کہ نہ تو قائداعظمؒ کو اس کی اطلاع تھی اور نہ ہی اُن کے پروگرام میں لالہ موسیٰ ٹھہرنے کا اندراج تھا۔

دوپہر کو قائداعظمؒ تشریف لائے تو فضا نعرۂ تکبیر، اللہ اکبر۔ مسلم لیگ زندہ باد، قائداعظمؒ زندہ باد، لے کے رہیں گے پاکستان، آنکھوں کا نور پاکستان، دل کا سرور پاکستان، سے گونج اُٹھی۔ لالہ موسیٰ کی فضا میں انتہائی جوش وخروش تھا۔ قائداعظمؒ نے پوچھا، یہ کون سی جگہ ہے؟ عرض کیا گیا، لالہ موسیٰ۔ فرمایا! ہمارے پروگرام میں شامل نہیں ہم گجرات ٹھہریں گے۔

سڑک پر استقبال کے لیے چوہدری غلام احمد قادری جنرل سیکریٹری مسلم لیگ لالہ موسیٰ مع رفقاء موجود تھے۔ میری ڈیوٹی اسٹیج پر تھی۔ جب قائداعظمؒ نے ٹھہرنے سے انکار کر دیا اور کار سے نہ اُترے تو چوہدری صاحب نے مجھے آواز دی، "وہ جا رہے ہیں، یہیں آ کر مل لو۔" میں نے فوراً آ کر سلام عرض کر کے ہاتھ ملایا اور عرض کیا، "ذرا باہر آ کر کھڑے ہو جائیں تا کہ لیگ کے کارکن جو دور دراز سے راتوں رات پیدل سفر کر کے یہاں پہنچے ہیں، اپنے محبوب قائد کو ایک نظر دیکھ تو لیں۔"

یہ سُن کر قائداعظمؒ موٹر کے پائیدان پر کھڑے ہو گئے میں نے پھر عرض کیا، "آپ زمین سے فٹ ڈیڑھ فٹ بلندی پر کھڑے ہیں، اگر چھ سات فٹ اُونچے کھڑے ہوں تو زیادہ لوگ دیکھ سکیں گے۔" فرمانے

لگے کیوں؟ میں نے عرض کیا، ”اس لیے کہ میں مسلم لیگ کا جنم ساتھی ہوں اور آپ اس کے صدر ہیں۔“ فرمایا، کیسے؟ میں نے کہا کہ میری پیدائش ۱۹۰۶ء میں ہوئی اور مسلم لیگ کا قیام بھی ۱۹۰۶ء میں ہوا، چونکہ میں اور مسلم لیگ اکٹھے پیدا ہوئے لہٰذا میں اس کا جنم ساتھی ہوں۔

اس پر قائداعظمؒ نے وفورِ جذبات سے مجھے گلے لگا لیا اور اور میرا ہاتھ پکڑ کر اسٹیج پر تشریف لائے اور فرمایا، ”حضرات! میرا مولانا سے لڑائی ہوا، تو وہ لڑائی پیار اور محبت کا تھا، یہ سامنے انڈیا کا نقشہ ہے، میں اس پر پاکستان کو اُبھرتا ہوا دیکھ رہا ہوں، منزل بالکل قریب ہے، آپ مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع ہو کر میرے ہاتھ مضبوط کریں، اللہ ہمارا حامی و ناصر ہو۔“

اس دلکش اور وجد آور خطاب کے بعد ”مسلم لیگ زندہ باد“ اور ”قائداعظمؒ زندہ باد“ کے نعروں کی گونج میں میں نے نذرانہ کی تھیلی پیش کی اور اُن کا قافلہ شاداں و فرحاں عازم گجرات ہوا۔

۱۹۴۶ء میں بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس میں مولانا اپنے بہت سے ساتھی لے کر شریک ہوئے اور واپس آ کر شب و روز تخلیقِ پاکستان کے لیے کام کیا۔ اِن مجاہدانہ سرگرمیوں کی بنا پر مختلف اوقات میں قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں۔ مجموعی طور پر آپ نے ملک و ملت کے لیے تقریباً چار سال کا عرصہ جیلوں کی نذر کیا، مگر آپ کے عزم و ولولے میں ذرّہ بھر بھی کمی نہ ہوئی اور پوری دلجمعی کے ساتھ اپنے نصب العین کے حصول میں منہمک رہے۔ انتخابات کے دوران ضلع بھر کے اہم مقامات کا دورہ کیا۔ مسلم لیگ کا سبز پرچم لہراتے ہوئے گلی کوچوں میں گاتے پھرتے تھے:

”سبز جھنڈے کی کون سُنے گا؟!“

پھر جواب دیتے، ”اللہ تعالیٰ سُنے گا۔“ بڑی بوڑھیاں مکانوں پر کھڑی ہو کر یوں دعائیں دیتیں:

”ماں قربان جاوے پُتر و! سدا جیو! اللہ ساوے جھنڈے دی لاج رکھے، کملی والی سرکار ﷺ داناں اچا ہووے۔“ وغیرہ وغیرہ۔

یہ سلسلہ صبح سے لے کر رات تک جاری رہتا۔

جنوری ۱۹۴۷ء میں خضر وزارت کے خلاف مسلم لیگ کی ”تحریکِ سول نافرمانی“ میں بڑھ چڑھ کر

حصہ لیا اور قید و بند کی صعوبتیں بھی اُٹھائیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد زیادہ تر توجہ مذہبی اُمور کی طرف مبذول رہی تاہم سیاسی تحریکات سے دلچسپی میں فرق نہ آیا۔ ۱۹۵۳ء کی ''تحریکِ ختمِ نبوت'' میں حصہ لیا۔ ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں جمعیت علمائے پاکستان کے لیے بھرپور جدوجہد کی۔ ۱۹۷۷ء کی ''تحریکِ نظامِ مصطفیٰ'' میں پیرانہ سالی کے باوجود مجاہدانہ اور سرفروشانہ کردار ادا کیا۔

وفات

الغرض اسلام اور ملک کے لیے بے پناہ خدمات انجام دینے والا یہ باعمل عالم دین اور شیخ طریقت ۲۶ اگست ۱۹۷۹ء ۲ شوال المکرم ۱۳۹۹ھ بروز اتوار ڈیڑھ بجے صبح عالم فانی سے عالمِ جاودانی کی طرف سدھار گیا۔ پانچ بجے سہ پہر آپ کے اُستاذ محترم مولانا محمد سعید شبلیؒ (۱۸۹۶ء۔ ۱۹۸۲ء) نے نماز جنازہ پڑھائی۔ جی ٹی روڈ لالہ موسیٰ پر مزار مقدس بنا۔ ۴ اکتوبر ۱۹۷۹ء بروز جمعرات خانقاہِ اشرفیہ پر تقریب چہلم منعقد ہوئی جس میں پیر سیّد برکات احمد شاہ سجادہ نشین جلالپور شریف ضلع جہلم (۱۹۱۸ء۔ ۱۹۹۴ء) ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ صاحب سجادہ نشین بھیرہ شریف ضلع سرگودھا (۱۹۱۸ء۔ ۱۹۹۸ء) خواجہ محمد قمر الدین سجادہ نشین سیال شریف ضلع سرگودھا (۱۹۰۶ء۔ ۱۹۸۱ء) مجاہد ملت مولانا محمد عبدالستار خان نیازی اور دیگر علماء و مشائخ نے شرکت فرما کر آپ کے حضور خراجِ تحسین پیش کیا۔

مولانا جمال میاں فرنگی محلی

تحریکِ پاکستان کے نامور مجاہد مولانا محمد جمال الدین عبدالوہاب المعروف بہ جمال میاں ابن قیام الملت والدین مولانا محمد عبدالباری (۱۸۷۸ء۔۱۹۲۶ء) کی ولادت ۱۲ ربیع الاوّل ۱۳۳۸ھ مطابق ۵ دسمبر ۱۹۱۹ء بروز جمعۃ المبارک بوقت فجر فرنگی محل لکھنؤ میں ہوئی۔ آپ کی پیدائش پر تمام عزیز واقارب عزیز و اقارب نے مسرت وشادمانی کے شادیانے بجائے کیونکہ اس سے قبل حضرت قیام الملت والدین کی کوئی نرینہ اولاد زندہ نہ تھی۔ ظاہر ہے کہ آپ کی پیدائش پر سب کا بے حد مسرور ہونا ایک لازمی امر تھا۔

مولانا جمال میاں نے اپنے خاندانی مدرسہ عالیہ نظامیہ فرنگی محل سے حفظ قرآن کے بعد تمام علومِ متداولہ پر مہارت تامہ حاصل کر کے ''مولانا'' کی سند حاصل کی۔ والد گرامی کے علاوہ اپنے پھوپھا حضرت مولانا عبدالباقی فرنگی محلی مہاجر مدنی (۱۸۶۹ء۔۱۹۴۵ء) سے اجازتِ حدیث وسلاسل طریقت حاصل کی۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (۱۸۸۸ء۔۱۹۴۱ء) جیسے افاضل شامل ہیں۔

تحریکِ پاکستان میں کردار

تحریکِ پاکستان میں علمائے فرنگی محل نے جو تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے وہ کسی بھی چشم بینا سے مخفی نہیں ہے۔ مولانا محمد عبدالباری کی رحلت کے بعد مولانا قطب الدین عبدالوالی (۱۸۹۶ء۔۱۹۵۴ء) مولانا صبغۃ اللہ شہید (ف ۱۹۶۴ء) اور مولانا عنایت اللہ (۱۸۸۸ء۔۱۹۴۱ء) نے ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے آزادیٔ وطن کے لیے بھرپور جدوجہد کی اور انہیں بزرگوں کے شانہ بشانہ مولانا جمال میاں نے بھی اوائل عمری میں ہی اپنے آپ کو لیلیٰ آزادی کے حصول کی خاطر وقف کر دیا۔

مولانا جمال میاں شروع سے ہی مسلم لیگ کے حامی تھے لیکن عملی طور پر ۱۹۳۷ء کے ''آل انڈیا مسلم لیگ'' کے سالانہ اجلاس لکھنؤ کے موقع پر اس جماعت میں شمولیت کی اُوپر ۱۹۴۳ء میں دہلی کے سالانہ اجلاس میں آل انڈیا مسلم لیگ کے جوائنٹ سیکریٹری منتخب ہوئے اور تقسیم برِصغیر تک اس عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے۔ اپنی ذہنی اور دماغی صلاحیتوں کی بدولت اوّلین شباب سے ہی ہندوستان کی سیاست میں اپنی شیریں گفتاری اور قابلیت سے لیڈروں کی صف میں آ گئے تھے۔

۱۹۳۷ء میں صوبہ سرحد میں عوامی طور پر مسلم لیگ کی ابتدا ہوئی اور ایبٹ آباد میں ایک شاندار ''مسلم لیگ کانفرنس'' انعقاد پذیر ہوئی جس میں ضیغم اسلام مولانا شوکت علی (۱۸۷۲ء۔۱۹۳۸ء) مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء)، چوہدری خلیق الزمان (۱۸۸۹ء۔۱۹۷۳ء) اور مولانا جمال میاں نے شرکت کر کے اپنی شعلہ بار تقاریر سے عوام و خواص کو مسلم لیگ کا والا وشیدا بنا دیا۔ اسی سال یو پی اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں آپ نے مولانا شوکت علی اور مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی کے ساتھ پورے صوبہ کا دورہ کر کے مسلم لیگی اُمیدواروں کے لیے بھرپور جدوجہد کی جس کے نتیجے میں اس صوبے سے کانگرس کا جنازہ نکل گیا۔

۷ تا ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۸ء کو کراچی میں قائداعظمؒ (۱۸۷۶ء۔۱۹۴۸ء) کی زیرِ صدارت سندھ مسلم لیگ کی پہلی صوبائی کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں نواب زادہ لیاقت علی خاں (۱۸۹۵ء۔۱۹۴۷ء) مولانا شوکت علی (۱۸۷۲ء۔۱۹۳۸ء) بیگم مولانا محمد علی جوہر (۱۸۸۵ء۔۱۹۴۷ء) راجہ امیر احمد خاں آف محمود آباد (۱۹۱۴ء۔۱۹۷۳ء) مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) میر غلام بھیک نیرنگ (۱۸۷۶ء۔۱۹۵۲ء) مولوی اے کے فضل الحق (۱۸۷۳ء۔۱۹۶۲ء) حاجی عبدالستار اسحاق سیٹھ (۱۸۸۶ء۔۱۹۸۸ء) سیّد عبدالرؤف شاہ براری (۱۸۷۸ء۔۱۹۵۴ء) و دیگر بہت سے رہنماؤں کے علاوہ مولانا جمال میاں نے بھی شرکت فرمائی۔ ۹ اکتوبر کی رات کی نشست زیرِ صدارت قائداعظمؒ میں مولانا جمال میاں نے بڑے جذباتی اور پر اثر میں تقریر کرتے ہوئے کہا:

''مسلمان ایک شیر کی مثل ہے۔ شیر سوائے چھیڑ چھاڑ کے کسی پر حملہ نہیں کرتا۔ ہمیں اپنے کانگرسی دوستوں کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ اُنہوں نے سوئے ہوئے شیر کو گولی مار کر گہری نیند سے جگا دیا ہے اور اس کے

منتشر شیرازہ کو اِکٹھے ہونے کا موقعہ دیا ہے۔''

آل انڈیا مسلم لیگ کو فروغ دینے، مسلمانوں کو منظم کرنے اور مسلم لیگیوں کو قائم کرنے کے لیے صوبائی لیڈروں نے اپنے صوبوں میں رات دن تگ و دو کی۔ شہری ضلعی صوبائی سطحوں پر کانفرنسیں ہوئیں۔ کل ہند شہرت رکھنے والے اکابرین کو خاص خاص جلسوں میں کبھی مہمان خصوصی بنا کر مدعو کیا گیا اور کبھی کانفرنسوں کا صدر بنایا گیا۔ اس کے علاوہ ''آل انڈیا مسلم لیگ'' کے کئی وفود نے دورے کیے اور اس کے تمام عہدیداروں نے بھاورش کی خاک چھانی۔ قائد اعظمؒ باوجود اپنی اہم گونا گوں مصروفیات کے لوگوں سے ملنے اور ان کو منظم کرنے کا کوئی بھی موقعہ اپنے ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے۔

ان حالات میں مولانا جمال میاں نے بھی آرام و آسائش کو خیر باد کہہ کر اپنی تمام مساعی مسلم لیگ کے لیے وقف کر دیں۔ ۱۰، ۱۱ جون ۱۹۳۹ء کو ناگپور شہر (سی پی) میں دو روزہ ''ناگپور مسلم پولیٹیکل کانفرنس'' انعقاد پذیر ہوئی تو مولانا جمال میاں نے لکھنؤ سے نفس نفیس تشریف لا کر اس کانفرنس کو زینت بخشی۔ آپ کی تشریف آوری سے یہ کانفرنس بہت کامیاب رہی اور بہت سے لوگ جو ساحل پر بیٹھے ہوئے تماشا دیکھا کرتے تھے، مسلم لیگ کی کشتی میں سوار ہو گئے جس سے غیر متوقع طور پر مسلم لیگ کو بڑی تقویت پہنچی کیونکہ مسلم لیگ کی تنظیم نو کا یہ ابتدائی دور تھا۔

۲۲ دسمبر ۱۹۳۹ء کو ''یومِ نجات'' کے سلسلے میں سب سے بڑا اجتماع بمبئی میں ہوا جس میں ایک لاکھ افراد نے شرکت کی۔ جلسہ گاہ کے باہر جو بینر لگایا گیا تھا اس پر یہ تحریر تھا، ''شکر ہے خدائے پاک ذات، مل گئی ظالم حکومت سے نجات۔'' اس تاریخی اجتماع میں قائد اعظمؒ (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۴۸ء) آئی آئی چندریگر (۱۸۹۷ء۔ ۱۹۶۰ء) اور راجہ امیر احمد خاں آف محمود آباد (۱۹۱۴ء۔ ۱۹۷۳ء) کے ساتھ مولانا جمال میاں نے بھی شرکت کر کے اپنی شعلہ نوائی سے حاضرین و سامعین کے دلوں کو گرمایا۔

مارچ ۱۹۴۰ء میں ''قرارداد لاہور'' والے اجلاس میں آپ نے مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی (۱۸۸۸ء۔ ۱۹۴۱ء) و دیگر ساتھیوں کے ساتھ شرکت کی اور پھر مسلم لیگ کی کامیابی کے لیے تن من دھن کی بازی لگا دی۔

''قرارداد پاکستان'' کی تفہیم و نشر و اشاعت کے لیے ''آل انڈیا مسلم لیگ'' نے پورے ہندوستان

میں بڑے بڑے جلسے کر کے اور جلوس نکال کر ''یومِ پاکستان'' منانے کا حکم دیا تو کانگرس اور ہندوؤں نے اپنی عادت کے مطابق اس میں بہت کیڑے نکالے۔ ہندو مہا سبھا نے جو کچھ کہا اور کیا وہ سمجھنے کی بات تھی کیونکہ اُنہوں نے لگی لپٹی کے بغیر ہمیشہ کھل کر مخالفت کی تھی۔ لیکن شری راجگوپال آچاریہ (۱۸۷۹ء۔۱۹۷۲ء) جیسے ایک معمر، مدبر، معاملہ فہم کانگرسی کی حرکت بڑی ناشائستہ اور نازیبا بھی تھی۔ اس نے اپنی باطنی مخاصمت کو یہ کہہ کر طشت از بام کیا کہ ''تقسیم ہند'' کا مطالبہ ایسا ہی ہے جیسا ''گؤ ماتا'' کے دو ٹکڑے کیے جائیں۔'' یہ بڑی اشتعال انگیز دلیل تھی جس نے ہندوؤں کے مذہبی عقیدہ کو مجروح کر کے مشتعل کیا۔ لیکن اس سے یہ فائدہ ضرور ہوا کہ کانگرسی ذہنیت بخوبی اُجاگر ہوئی اور اس کی مزید تصدیق ہوگئی کہ وہ حق تلفی کے معاملہ میں کتنے پانی میں ہے۔ قائداعظمؒ نے مزید نشر و اشاعت کے لیے بمبئی سے ایک وفد کا اعلان کیا جس کے رُکن راجہ صاحب محمود آباد (۱۹۱۴ء۔۱۹۷۳ء) راجہ صاحب پیر پور سیّد محمد مہدی (۱۸۹۶ء۔ ۔۱۹ء) سر کریم بھائی ابراہیم مرزا ابوالحسن اصفہانی (۱۹۰۲ء۔۱۹۸۱ء) نواب صدیق علی خاں (۱۸۹۹ء۔۱۹۷۴ء) اور مولانا جمال میاں فرنگی تھے۔ سب سے پہلے اس وفد نے صوبہ بہار کا وسیع دورہ کیا اور گھر گھر پاکستان کی افادیت و ضرورت کا ڈھنڈورا پیٹا۔ اس دورے میں مولانا جمال میاں کی شعلہ بیانیوں نے جادو کا کام کیا۔

مولانا جمال میاں، ہندوستان کے نوجوان خطیبوں میں ممتاز مقام رکھتے تھے۔ نظاست زبان، روائی بیان اور طنز طیح ان کی خطابت کے خاص اوصاف تھے۔ تحریکِ پاکستان کو بھڑکانے میں مولانا کی تقریروں کا ناقابلِ فراموش حصہ رہا ہے۔ یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ ان کی شعلہ بار تقریروں نے مسلم لیگ کو بہت تقویت بخشی۔ ۱۹۴۱ء میں لکھنؤ میں ''پاکستان کانفرنس'' منعقد ہوئی تو مولانا نے دن رات، کام کر کے اس کو کامیاب و کامران بنایا، جس سے تحریکِ پاکستان کی گاڑی تیز تر ہوگئی۔

۱۷ تا ۱۹ نومبر ۱۹۴۲ء کو پنجاب مسلم لیگ کے سہ روزہ اجلاس منعقدہ دلائل پور (حال فیصل آباد) میں مولانا جمال میاں نے بھی حضرت قائداعظمؒ کے ساتھ شرکت کی۔ جس ٹرین میں قائداعظمؒ سفر کر رہے تھے اس کے انجن کے ساتھ دو سبز پرچم لہرا رہے تھے اور دو سبز پرچم آخری بوگی پر لہرا رہے تھے جس میں قائداعظمؒ سوار تھے۔ باقی ٹرین میں مولانا جمال میاں کے ساتھ مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) مجاہد ملت مولانا

محمد عبدالستار خاں نیازی (۱۹۵۱ء۔ ء) خواجہ ناظم الدین (۱۸۹۴ء۔۱۹۶۴ء نواب افتخار حسین ممدوٹ (۱۸۰۶ء۔۱۹۶۹ء) و دیگر حضرات سوار تھے۔

۱۹ نومبر کو اس کانفرنس کے اختتامی اجلاس میں خواجہ ناظم الدین کی صدارت میں ایک قرار داد ''پاکستان پر یقین'' اور بمبئی کی قراردادوں کی تصدیق'' کے طور پر ابوسعید انوار (۱۹۱۴ء۔۱۹۸۴ء) نے پیش کی۔ یہ قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی۔ مولانا عبدالحامد بدایونی، مولانا جمال میاں و گیر مقررین نے اس کی تصدیق کی۔

۱۹۴۲ء میں جھنگ میں ''ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کانفرنس'' کا انعقاد مہر غلام فرید کپلانہ (۱۹۱۶ء) کی کوششوں سے ہوا۔ اس کانفرنس میں نواب افتخار حسین ممدوٹ (۱۹۰۶ء۔۱۹۶۹ء) میاں عبدالباری (۱۸۹۵ء۔۱۹۶۸ء) ابوسعید انور (۱۹۱۴ء۔۱۹۸۴ء) مولانا محمد عبدالستار خان نیازی (۱۹۱۵ء) اور مولانا جمال میاں فرنگی محلی نے تشریف لاکر جھنگ کے لوگوں سے فرمایا۔ یہ کانفرنس بڑی کامیاب رہی اور جلد ہی ضلع بھر میں مسلم لیگ کا جال بچھ گیا۔

مولانا جمال میاں کی آتش نوائی، خلوص اور جذبہ کار نے یوپی کے عوام کو پاکستان کا شیدائی بنادیا تھا۔ پاکستان کی تحریک میں ان کی شعلہ بار تقریریں بڑی مقبول ہوئی تھیں۔ علاوہ ازیں آپ نے ''وطنیت'' اور ''ہندو ذہنیت'' کے خلاف منظم جدوجہد کی اور ''مسلم قومیت'' پر زور دار مقالے لکھے۔ آپ کے ساتھ ساتھ مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) اور مولانا سبحانی (۱۸۸۲ء۔۱۹۵۷ء نے بھی مسلم قومیت کو اُبھارنے کی بھرپور جدوجہد کی۔ مولانا آزاد سبحانی نے ''خلافت ربانی'' کا تصور پیش کیا اور اس مقصد کے لیے پوری مشرقِ وسطیٰ کا دورہ کیا۔ مفتی اعظم فلسطین سیّد امین الحسینی (۱۸۹۷ء۔۱۹۷۴ء) سے ملے۔ ان سب کوششوں نے پاکستان کے نصب العین کو فکری اور ذہنی غذا فراہم کی۔

۱۹۴۴ء میں صوبہ سرحد میں ضمنی انتخابات کا مرحلہ آیا تو اس موقعہ پر بھی مولانا جمال میاں نے مولانا عبدالحامد بدایونی کے ساتھ سرحد کا دورہ کر کے مسلم لیگ کو کامیاب و کامران کرایا اور کانگرس و سرخپوشوں کے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔

۲۳ جولائی تا ۴ اگست ۱۹۴۴ء کو لاہور میں ''پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن'' کے زیر اہتمام ایک تربیتی کنونیشن کا انعقاد ہوا۔ اس کنونیشن کے ناظم اعلیٰ پروفیسر چوہدری محمد صادق (۱۹۱۴ء۔۱۹۸۷ء) تھے۔ پنجاب بھر سے کارکنوں نے شرکت کی جن میں سیّد قاسم رضوی (۱۹۲۷ء۔۱۹۹۵ء) سیّد احمد سعید کرمانی شیخ رفیق احمد کرنل ڈاکٹر صبیح الدین طور اور خواجہ اشرف احمد (۱۹۱۶ء۔۱۹۹۵ء) وغیرہ شامل تھے۔ اس کیمپ میں نظم وضبط اور تربیت کا انداز بالکل ایک فوجی کیمپ کی طرح تھا، باقاعدہ حاضری لگتی تھی، پانچوں وقت باجماعت نماز ادا کی جاتی۔ صبح سویرے ورزش کا پیریڈ ہوتا۔ ناشتہ کے بعد درسِ قرآن ہوتا۔ اس کے بعد دوپہر تک اسلامی تاریخ، مسلمانانِ ہند کی اقتصادی اور سماجی مشکلات اور ضروریات، نظامِ تعلیم اور سب سے بڑھ کر پاکستان کی اہمیت اور نظریۂ پاکستان پر لیکچر دیے جاتے۔ جس کے لیے پروفیسر علم الدین سالک (۱۹۰۰ء۔۱۹۷۳ء) میاں عبدالباری (۱۸۹۵ء۔۱۹۶۸ء) ڈاکٹر سیّد عبداللہ (۱۹۰۴ء۔۱۹۸۶ء) اور دیگر دانشور تشریف لا کر مذاکروں اور مباحثوں میں شرکت کر کے کارکنوں کی رہنمائی اور تربیت میں حصّہ لیتے۔ کیمپ میں ایک چھوٹی سی لائبریری کا بھی بندوبست تھا اور اخبارات و جرائد بھی مہیا کیے جاتے تھے۔ رات کو عشاء کے بعد حاضری لگا کر گیٹ بند کر دیے جاتے تھے۔ اس کیمپ میں جن قائدین مسلم لیگ نے تشریف لا کر عزت بخشی ان میں نواب افتخار حسین ممدوٹ (۱۹۰۶ء۔۱۹۶۹ء) میں ممتاز محمد خان دولتانہ (۱۹۱۶ء۔۱۹۹۵ء) نواب محمد حیات قریشی آف سرگودھا (۱۸۷۴ء۔۱۹۴۸ء) کے علاوہ مولانا جمال میاں بھی شامل تھے۔

اپنی شعلہ بار تقریروں کے علاوہ مولانا جمال میاں نے میدان تحریر میں بھی بے مثال کارنامے سرانجام دیے۔ اپنے اخبار روزنامہ ''ہمدم''، لکھنؤ کے ذریعے مسلم لیگ کی گرانقدر خدمات انجام دیں۔ چنانچہ جناب خواجہ حسن نظامی دہلوی (۱۸۷۸ء۔۱۹۵۵ء) رقمطراز ہیں:

''لکھنؤ کے مشہور روزنامہ اخبار ''ہمدم'' کو جناب مولانا جمال الدین عبدالوہاب خلف الرشید حضرت مولانا عبدالباری صاحب ''صوت الایمان'' فرنگی محلی نے مسلم لیگ کا آرگن بنا دیا ہے اور جب سے مولانا جمال میاں کی نگرانی میں آیا ہے۔ ''ہمدم'' میں اخباری جمال پیدا ہوگیا ہے اور لکھنؤ کی شاعری کا جمال بھی روزنامہ ''ہمدم'' کی پیشانی پر نظر آتا ہے کہ ہر سُرخی شاعری کا ایک مصرعہ بن جاتی ہے۔

''ہمدم''، جالبؔ صاحب دہلوی کی یادگار ہے۔ اُن کی وفات کے بعد نواب عبداللہ خاں کسمنڈوی اس کو چلاتے رہے اور اب فرنگی محل کے ایک ہونہار نوجوان نے ایک جائے کی پیالی اس اخبار کو پلائی ہے۔

فرنگی محل کے علماء جس محلّے میں رہتے ہیں اس کا نام کسی ناواقف کے سامنے لیا جاتا تو وہ کہتا ہے کہ یہ مولوی، کانگرسی مولویوں کی طرح فرنگیوں کے مولوی ہوں گے کیونکہ فرنگیوں کے محل میں رہتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ فرنگی محل کے مولویوں کے اجداد نے ان سب عربی مدرسوں کا نصاب تعلیم بنایا تھا جو ہندوستان میں پائے جاتے ہیں جن میں دیوبند کا مدرسہ بھی شامل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ شائد اس نصاب تعلیم کی یہ تاثیر ہے کہ دیوبندی تعلیم کے مولوی صاحبان کی اکثریت ہندوؤں میں جذب ہوگئی ہے تو میں عرض کروں گا کہ فرنگی محل کے علماء بے شک خلافت کے زمانے میں ہندوؤں کے ساتھ تھے۔ لیکن بہت جلدی ان کی ذہانت نے ہندو ذہنیت کو سمجھ لیا اور وہ مسلم لیگ کے ساتھ ہوگئے۔ دیوبندی علماء کی ذہانت زیادہ تیز اور روشن نہیں تھی وہ اب تک ہندو ذہنیت کا شکار ہیں۔

مولانا جمال میاں بہت کم عمر ہیں اور مسٹر محمد علی جناح کی طرح بہت دبلے پتلے ہیں اور میں ان کو مولوی اس لیے نہیں مانتا کہ ان کی جسمانیت مولویت کے منافی ہے لیکن اُن کی روحانیت یا عقلیت بھی اُن کے جسم کی طرح بہت نازک اندام ہے اور بہت شوخ ہے، اور ذرا کچھ شریر بھی ہے۔ وہ لکھنؤ کے دریا میں رہتے ہیں اور کانگرسی حکومت کے مگر مچھ سے بیر رکھتے ہیں۔ میں مسلم لیگ کا ممبر نہیں ہوں لیکن مسلم لیگ کا ہمدم ضرور ہوں۔ اس واسطے مولانا جمال میاں کی قلم کاری کی یادگار اخبار ''ہمدم'' کو ''ویلکم'' (Well Come) کرتا ہوں۔'' (ہفت روزہ ''منادی''، دہلی بابت ۱۶ تا ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۶ء ص: ۱۴)

جنوری ۱۹۴۶ء میں اسلامیہ کالج گراؤنڈ لاہور میں ایک شاندر ''علماء و مشائخ کانفرنس'' منعقد ہوئی جس میں سنوسیٔ ہند امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔۱۹۵۱ء) صدر کانفرنس، مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) خواجہ محمد قمرالدین سیالوی (۱۹۰۶ء۔۱۹۸۱ء) پیر محمد امین الحسنات آف مانکی شریف (۱۹۲۲ء) ۔۱۹۶۰ء) مخدوم سیّد محمد رضا شاہ گیلانی ملتانیؒ (۱۸۹۶ء۔۱۹۴۹ء) مجاہد ملت مولانا محمد عبدالستار خان نیازی وغیرہم کے علاوہ مولانا جمال میاں فرنگی محلی نے بھی شرکت کی اور اپنی ایمان افروز اور

باطل سوز تقریر سے سامعین کو اک ولولۂ تازہ بخشا۔ کانفرنس بہت کامیاب رہی اور پاکستان کی منزل قریب تر ہوگئی۔

مولانا جمال میاں کی بے لوث اور سرفروشانہ خدماتِ جلیلہ کی بنا پر حضرت قائداعظمؒ (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۴۸ء) اور دیگر اکابرین مسلم لیگ اُن پر جان چھڑکتے تھے۔ قائداعظمؒ نے آپ کو آل انڈیا مسلم لیگ کا کونسلر نامزد کیا تھا اور ۱۹۴۶ء کے تاریخ ساز الیکشن میں صوبہ یوپی کے دیہی حلقہ ضلع بارہ بنکی سے مسلم لیگ کا ٹکٹ بھی دیا تھا۔ مولانا کے مقابلے پر کانگرسی اُمیدوار جمیل الرحمٰن قدوائی تھا۔ مولانا نے دس ہزار چھ ووٹ حاصل کیے جب کہ کانگرسی اُمیدوار کو ۴۳۹ ووٹ ملے۔ آپ کی اس کامیابی نے تحریکِ پاکستان کو بہت تقویت بخشی۔

لسان الامت قائد ملت نواب بہادر یار جنگ (۱۹۰۵ء۔ ۱۹۴۴ء) سے مولانا جمال میاں کے خصوصی تعلقات تھے۔ دونوں میں بہت سی دوسری چیزوں کے علاوہ مشترک چیز ''تحریکِ پاکستان'' بھی تھی۔

تقسیم برِصغیر کے بعد آپ کی خواہش تھی کہ قائداعظمؒ ہندوستان میں رہ کر مسلمانوں کی قیادت فرمائیں۔ چنانچہ دسمبر ۱۹۴۷ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس کراچی میں منعقد ہوا تو آپ نے بڑے جذباتی انداز میں اپنی اس خواہش کا اظہار کیا۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس اجلاس کی تھوڑی سے تفصیل درج کر دی جائے تاکہ قارئین کرام اس تاریخی اجلاس کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔

ڈاکٹر صفدر محمود (۱۹۴۴ء۔ زندہ) اپنی کتاب ''مسلم لیگ کا دورِ حکومت'' میں یوں رقمطراز ہیں:

''۱۳ دسمبر ۱۹۴۷ء کو ''آل انڈیا مسلم لیگ'' کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس آخری دفعہ پاکستان کی سرزمین پر منعقد ہوا۔ قائداعظمؒ خرابیٔ صحت کے سبب صرف صبح والے اجلاس میں شریک ہوسکے۔ ورکنگ کمیٹی نے غور و خوض کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ مسلم لیگ کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے اور اس ضمن میں ریزولیشن کونسل کے سامنے پیش کیا جائے۔

''آل انڈیا مسلم لیگ'' کا اجلاس خالقدینا ہال کراچی میں ہوا۔ کونسل نے ایک قرارداد مرتب کی جس میں آل انڈیا مسلم لیگ کو دو علیحدہ اور خداگانہ تنظیموں میں تقسیم کر دینے کی سفارش کی۔ ایک تنظیم پاکستان کے لیے اور دوسری بھارت کے لیے۔ اس اجلاس کی صدارت قائداعظمؒ کر رہے تھے۔

اجلاس کا ماحول بڑا پُر مژدہ تھا۔ فضا پر اُداسی چھائی ہوئی تھی اور کونسلروں کے چہروں پر غم پر چھائیاں عیاں تھیں۔ مسلمانانِ ہندو پاک کے وہ راہنما جنھوں نے متحد ہو کر نصف صدی تک انگریزوں اور ہندوؤں کے خلاف جنگ لڑی تھی اور دُکھ سکھ میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا، آج حالات کے اس موڑ پر آن کھڑے تھے جہاں سے ان کی راہیں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے الگ ہو جاتی تھیں۔ اُن کو اس امر کا بھی احساس تھا کہ مستقبل اُن کے درمیان حائل ہونے والی دیواروں کو اور بھی بلند کر دے گا۔ حتیٰ کہ وہ ایک دوسرے کے شناسا بھی نہ رہیں گے۔ حالانکہ قائد اعظمؒ کی شخصیت قانون اور دستور کے سانچے میں ڈھلی ہوئی تھی اور جذبات کا مدوجزر اُن کو متاثر نہیں کرتا تھا لیکن اس اجلاس کی افسردہ فضا نے اُن کے دل پر بھی اثر کیا۔ چنانچہ جب اُن کی تقریر میں ہندو مسلم فسادات اور قتل و غارت کا ذکر آیا تو اُن کا چہرہ سوگوار ہو گیا، شدتِ غم سے ان کا دل پگھل گیا اور پھر مسلم لیگ کے کونسلروں نے دیکھا کہ وہ قائد اعظمؒ جو سنجیدگی، صبر اور متانت کا نمونہ تھے، آج ان کی آنکھوں سے بھی آنسوؤں کی برسات جاری تھی، شائد خود اُنہیں بھی اندازہ نہ تھا کہ آزادی کی صبح اس قدر خون آلود گی۔

اجلاس میں ایک کونسلر مولانا جمال میاں فرنگی محلی نے تقریر کرتے ہوئے بھیگی ہوئی پلکوں کے ساتھ جذبات کی رو میں بہہ کر قائد اعظمؒ سے یہ کہا کہ:

''ہم ہندوستان میں بے یارومددگار رہ گئے ہیں، آپ وہاں آئیں اور ہماری قیادت کریں۔''

''مسلم لیگ کونسل'' نے مجھے گورنر جنرل بنایا ہے، تا کہ میں ملک کو بحران سے نکال سکوں۔ لیکن اگر اب کونسل یہ فیصلہ کرے تو میں گورنر جنرل کے عہدے سے مستعفی ہو کر نتائج کی پروا کیے بغیر ہندوستان جانے کو تیار ہوں۔ لیکن میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ کب تک میری قیادت پر بھروسہ کیے بیٹھے رہیں گے اگر میں مرجاؤں تو آپ کیا کریں گے۔''

مولانا جمال میاں ۱۹۵۷ء) تک فرنگی محل لکھنؤ میں قیام پذیر رہے۔ پھر مشرقی پاکستان چلے گئے جہاں ان کا کاروبار تھا ۱۹۷۱ء کے بعد مشرقی پاکستان میں حالات خراب ہوئی تو کراچی تشریف لے آئے اور سیاست کو خیر باد کہہ کر خاموشی سے اپنے کاروبار میں مشغول ہو گئے اور دینِ متین کی خدمت میں مگن رہنے لگے۔ (۱)

---

(۱) ماخوذ: تحریک پاکستان اور علماء کرام/صادق قصوری

مزید مطالعے کے لیے

شاہراہِ پاکستان، تذکرہ علمائے فرنگی محلی، تاریخ ہزارہ، کاروان گم گشتہ

مولانا محمد عبدالستار خان نیازی(۱)

نگہ بلند، سخن دلنواز، جاں پر سوز
یہی ہے رختِ سفر میرِ کارواں کے لیے

ضیغمِ اسلام فاتح تختۂ دار، غازیٔ تحریکِ ختمِ نبوت، بطلِ حُریت، مجاہدِ ملت مولانا محمد عبدالستار خان نیازی بن ذوالفقار خان (۱۸ء۔ ۱۹۱۹ء) کی ولادت با سعادت یکم اکتوبر ۱۹۱۵ء مطابق ۲۲ ذیقعد ۱۳۳۳ھ بروز جمعۃ المبارک بمقام اٹک پنیالہ تحصیل عیسیٰ خیل ضلع میانوالی کے ممتاز نیازی خاندان میں ہوئی۔ شجرۂ نسب شیر شاہ سوری (۱۴۸۵ء۔ ۱۵۴۵ء) کی افواج کے کمانڈر انچیف عیسیٰ خاں نیازی سے جاملتا ہے۔

۱۹۳۳ء میں گورنمنٹ ہائی اسکول عیسیٰ خیل سے میٹرک کرنے کے بعد اسی سال ہی لاہور تشریف لے آئے اور حکیم الامت علامہ اقبالؒ (۱۸۷۷ء۔ ۱۹۳۸ء) کے قائم کردہ ''اشاعتِ اسلام کالج'' میں داخلہ لے کر دو سالہ ''ماہرِ تبلیغ'' کا کورس مکمل کر کے ۱۹۳۵ء میں کالج میں ٹاپ کیا اور حکیم الامتؒ کے دستخطوں سے مزین سند حاصل کی۔ ۱۹۳۵ء ہی میں ''منشی فاضل'' کا امتحان اوّل پوزیشن میں پاس کرلیا۔ ۱۹۳۶ء میں ایف اے اور ۱۹۳۸ء میں بی اے کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ ۱۹۴۰ء میں ایم اے (عربی) اور ۱۹۴۱ء میں ایم اے (فارسی) کے امتحانات میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ دورانِ تعلیم اسلامیہ کالج لاہور کے نمایاں طالب علموں میں شمار ہوتے تھے اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں حضرت فقیر قادر بخش (۱۸۸۵ء۔ ۱۹۵۵ء) آستانہ عالیہ میبل شریف ضلع بھکر کے دستِ اقدس پر سعادتِ بیعت حاصل کی تھی۔

---

(۱) ماخوذ: ''مجاہد ملت'' (سوانح و خدمات مولانا محمد عبدالستار خان نیازی) جلد اول، دوم۔ مؤلف محمد صادق قصوری

مارچ ۱۹۴۰ء میں اقبال پارک لاہور میں آل انڈیا مسلم لیگ کا چھبیسواں سالانہ اجلاس منعقد ہوا جہاں ۲۳ مارچ کو ''قرارداد پاکستان'' منظور کی گئی تو اس وقت مولانا نیازی ایم اے فائنل ایئر میں تھے۔ مولانا نیازی اور اُن کے ساتھیوں نے اسلامیہ کالج لاہور کے حبیبیہ ہال میں ''دی پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن'' کے زیرِ اہتمام ''پاکستان کانفرنس'' منعقد کی۔ مولانا نیازی اس وقت ''پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن'' کے صدر اور مولانا محمد ابراہیم علی چشتی (۱۹۱۷ء - ۱۹۶۸ء) سیکریٹری جنرل تھے۔ سردار اورنگ زیب خاں آف سوبہ سرحد (۱۸۹۲ء - ۱۹۵۷ء) چوہدری خلیق الزمان (۱۸۸۹ء - ۱۹۷۳ء) اور راجہ امیر احمد خاں آف محمود آباد (۱۹۱۴ء - ۱۹۷۳ء) نے اس کانفرنس میں شرکت کی۔ مولانا نیازی نے اس کانفرنس میں ''خلافتِ پاکستان'' کا تصور اُجاگر کیا اور پاکستان کا نقشہ بھی شائع کیا۔ یہ نقشہ اس کانفرنس کے انعقاد سے تین برس پیشتر مولانا محمد ابراہیم علی چشتی نے ''انٹر کالجیٹ مسلم برادر ہڈ'' میں بھی شائع کیا تھا۔

مولانا نیازی کی عقابی نگاہ اور انقلابی پروگرام کا اندازہ کیجیے کہ جب اکابرِ مسلم لیگ، پاکستان کا نام لیے بغیر ''لاہور ریزولیشن'' پیش کر رہے تھے تو وہ ''خلافتِ پاکستان کانفرنس'' منعقد کر رہے تھے۔ اور یہ سعادت بھی مولانا نیازی ہی کو نصیب ہوئی کہ اس کانفرنس میں ڈیڑھ لاکھ نفوس کی موجودگی میں ''لاہور ریزولیشن'' پیش ہونے پر اُنھوں نے اس قرارداد کو پاکستان کی تعبیر سمجھ کر پوری طاقت کے ساتھ ''پاکستان زندہ باد'' کا نعرہ لگایا۔ اگرچہ اس جلسہ سے خطاب کرنے والے تمام مقررین کا مدعا قیام پاکستان ہی تھا مگر کسی نے بھی پاکستان کا نام نہیں لیا۔

قرارداد لاہور میں حصولِ پاکستان، ملت کا نصب العین قرار پایا تو مولانا نیازی ایم اے کرنے کے بعد گویا اسی کام کے لیے وقف ہو گئے۔ آپ قریہ قریہ، بستی بستی، نگر نگر اور شہر شہر گھومے اور پاکستان کا پیغام لوگوں تک پہنچایا۔

اجلاسِ لاہور کے فوراً بعد اکناف و اطرافِ ہند میں مسلم لیگ کے زیرِ اہتمام جلسوں کا لامتناہی سلسلہ شروع ہو گیا تا کہ عوام کو حصولِ پاکستان کی منزل کو حاصل کرنے کے لیے کمربستہ کیا جائے۔ ایک ایسا ہی جلسہ شہری مسلم لیگ سیال کوٹ کے زیرِ اہتمام پُرانی سبزی منڈی میں انعقاد پذیر ہوا جس میں مولانا نیازی نے

ولولہ انگیز خطاب کر کے نہ صرف مسلم لیگ کے پیغام کو لوگوں تک پہنچایا بلکہ عوام و خواص کے قلب و جگر کو اک ولولۂ تازہ بخشا۔

۲۸ فروری تا یکم مارچ ۱۹۴۱ء کو ''پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن'' کے زیرِ اہتمام ''اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور'' کی گراؤنڈ میں ''پاکستان کانفرنس'' منعقد ہوئی جس کی صدارت قائداعظمؒ نے فرمائی۔ مولانا نیازی نے پاکستان کی حمایت میں تقریر کرنے کے بعد مرکزی ریزولیشن پیش کیا۔ اس اجلاس کے ساتھ ایک دلچسپ بلکہ روح پرور یہ یاد وابستہ ہے کہ چند روز قبل سر سکندر حیات خاں (۱۸۹۲ء۔ ۱۹۴۲ء) وزیر اعظم پنجاب نے اسلامیہ کالج گراؤنڈ میں تقسیم انعامات کے سالانہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کی مخالفت کی تھی اور پنجابیوں کی حکومت کا نعرہ لگایا تھا۔ سر سکندر نے اعلان کیا تھا:

''ہم ہندوستان کی تقسیم کی مخالفت کرتے ہیں، پنجاب اپنا مستقل وجود رکھتا ہے وہ کسی اسکیم میں شامل نہ ہوگا اور پنجاب میں صرف پنجابیوں کی حکومت ہوگی، یہ نوجوان سوائے پر جوش نعروں کے کچھ نہیں۔''

سر سکندر حیات خاں کے ان الفاظ سے فضا میں ایک زبردست تلخی موجود تھی، یہ جملے نوجوان نسل کے لیے تیر ونشتر کا کام کر گئے اور وہ سخت بر افروختہ تھے۔ مولانا نیازی نے حضرت قائداعظمؒ کی صدارت اور موجودگی میں اس سے اختلاف کرتے ہوئے اور قرارداد پیش کرتے وقت فرمایا تھا:

''ہماری پاکستان کے اندر ایک ایسی حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں جو رنگ، نسل، قومیت، وطنیت، علاقائیت اور دیگر تعصبات سے پاک ہو۔ اس میں حاکمیت اعلیٰ کا حق ہم سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کا نہیں مانتے۔ کیونکہ ۔

سروری زیبا فقط اس ذاتِ بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے اک وہی، باقی بُتانِ آذری

حاکمیت مطلقہ اور ملکیت مطلقہ میں ہم نیابت و امانت کے اُصول کو تسلیم کر کے ''خلافت علیٰ منہاجِ نبوت'' کا نقشہ دماغ میں رکھتے ہیں۔ ہمارا اللہ، رب الناس ہے، ملک الناس ہے، الٰہ الناس ہے۔ اس لیے پنجاب میں پنجابی کی حکومت، ہندوستان میں ہندوستانی کی حکومت اور بلوچستان میں بلوچی کی حکومت کے

تصور کومسترد کر کے ربانی خلافت کے اُصول کو اپنے مجوزہ خطۂ پاکستان میں نافذ العمل کرنا چاہتے ہیں۔ سر سکندر کی یہ بھول ہے کہ پنجاب میں پنجابیوں کی حکومت ہوگی۔ خوشامدیوں نے اس کا دماغ خراب کر رکھا ہے۔ ورنہ جہاں تک ملتِ اسلامیہ ہند کا تعلق ہے ہم انگریز کے اس کاسہ لیس وزیر اعظم کی حیثیت ایک ٹکے سے زیادہ نہیں سمجھتے اور وہ وقت بالکل قریب ہے کہ سوائے قائداعظمؒ کی جوتیوں میں بیٹھنے کے اسے کسی دوسری جگہ پناہ نہیں ملے گی۔"

اس کے بعد مولانا نیازی نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ:

"قرارداد پاکستان کی منظوری ہماری زندگی میں ایک زبردست انقلابی موڑ ہے، تم لوگ پاکستان کی تائید کرنے سے پہلے ان خطرات اور محرکات کا بھی اندازہ کر لو جو تمہارے راستے میں سنگِ گراں بن کر رُکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ میں اس موقعہ پر بیعتِ عقبیٰ اولیٰ کے ان گیارہ مجاہدین کا تذکرہ ضروری سمجھتا ہوں کہ جب مدینہ طیبہ سے آنے والے گیارہ عاشقِ رسول ﷺ نے بیعت کرلی تو اُن کے قائد حضرت سعد بن زراہؓ نے کھڑے ہو کر اپنے رفقاء کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ "جانتے ہو کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا مطلب کیا ہے؟ یہ جن وانس کے خلاف اعلانِ جنگ ہے، تمام دنیا سے لڑائی ہے، کائنات کا ذرّہ ذرّہ تمہاری مخالفت پر کمربستہ ہو جائے گا۔ اگر تم ان سب مشکلات کا مقابلہ کرنے کی ہمت رکھتے ہو تو پھر ضرور بیعت کرو ورنہ اپنے آپ کو فریب نہ دو۔" سب نے جواب دیا کہ "ہم خوب سوچ سمجھ کر بیعت کر رہے ہیں اور بیعت کے بعد سب کچھ قربان کر دیں گے۔"

بعینہ آپ لوگ بھی نظریۂ پاکستان سے متفق ہونے کے بعد ان تمام قربانیوں کے لیے تیار ہو تو بے شک اس قرارداد کی تائید کرو بصورتِ دیگر نہ اپنے آپ کو دھوکہ دو اور نہ قائداعظمؒ کو دھوکہ دو۔ ہمیں ادھورے مقلدین کی ضرورت نہیں، بےعمل لوگوں کی پاکستان کو ضرورت نہیں، منافقین کی ضرورت نہیں کیونکہ ؎

یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجیے
اِک آگ کا دریا ہے اور تیر کے جانا ہے

جہاں تک ہمارے رفقاء کا تعلق ہے ہم اس بھرے مجمع میں بہانگ دہل اعلان کرتے ہیں کہ ہم قیام پاکستان کے لیے سردھڑ کی بازی لگا دیں گے، جب تک پاکستان نہیں بن جاتا، زندگی کی تمام لذتیں، راحتیں اور آسائشیں تیاگ کر ہم سربکف میدانِ عمل میں سرگرم عمل رہیں گے۔ نہ خود چین سے بیٹھیں گے اور نہ کسی کو چین سے بیٹھنے دیں گے۔ اے حاضرین! آپ اسی جذبے کے تحت قرارداد پاس کریں۔''

اس پر کم وبیش ایک لاکھ کے مجمع نے ہاتھ لہرا لہرا کر قرارداد کی تائید کی اور نعرہ ہائے تکبیر و رسالت بلند کیے۔

جب مولانا نیازی تقریر کررہے تھے تو قائداعظمؒ ہمہ وقت ان کی طرف متوجہ رہے۔ تحریکِ پاکستان کے نامور کارکن، مصنف اور صحافی چوہدری حبیب احمد (۱۹۱۹ء۔ ۱۹۸۰ء) کے الفاظ ہیں:

''نیازی صاحب خطبہ استقبالیہ کے لیے اسٹیج پر جلوہ نما ہوئے، بھرپور شباب، سرخ وسفید چہرہ، سفید لٹھے کی شلوار، سیاہ اچکن، دبدبہ وطنطنہ اور تمکنت سے مالا مال آواز، تلوار مارکہ باریک مونچھیں، بال انگریزی، یہ پیکرِ جمال وجلال، حُسن و رعنائی کا مجسمہ جب اپنے خلوص و ایثار، جان رفتگی اور جان سپردگی کے بیتاب جذبوں کو نمایاں کررہا تھا اور جوانوں کو زندگی کی خو پیدا کرنے کی تلقین وہدایت کے ساتھ ساتھ اپنا عشق اور اپنی نظر بخش رہا تھا، اور بزرگوں کے دلوں کو احساسِ ملی سے گرما اور اُن کی ذمہ داریوں سے اُن کو باخبر کررہا تھا تو قائداعظمؒ کی نگاہیں بار بار اُس پرشکوہ چہرے اور پیکرِ عزم واستقلال کی طرف اُٹھیں رہیں۔ بالآخر جوشِ ایمان ومسرت سے قائداعظمؒ کے شگفتہ اور متین ومدبر رُخ زیبا پر اظہارِ خوشی ومسرت کی حسین لکیریں اُبھریں اور اُنہوں نے متبسم انداز اور پُروقار لہجہ میں ارشاد فرمایا کہ:

''جس قوم کے پاس عبدالستار خاں نیازی جیسے پیکرانِ یقین وصداقت ہوں، اس کے پاکستان کو کون رُوک سکتا ہے۔'' یہ ایک عظیم المرتب شخصیت کی طرف سے عظیم اعتراف وخراج تھا۔''

اس موقعہ پر مولانا نیازی نے مسلم لیگ کا پیغام دیہات اور دورافتادہ مقامات تک پہنچانے کے لیے ''پاکستان رورل پروپیگنڈا کمیٹی'' کے قیام کی تجویز پیش کی۔ مولانا نیازی کو اس کمیٹی کا سیکریٹری بنایا گیا۔ قائداعظمؒ کی زیرِ صدارت اس کمیٹی کے قیام کا ریزولیشن پاس ہوا۔ یہ اجلاس ۲۸ فروری ۱۹۴۱ء کو منعقد ہوا کیم

مارچ ۱۹۴۱ءکو قائداعظمؒ نے نوجوانوں کو پیغام دیا۔"March on" (آگے بڑھو)۔

جولائی ۱۹۴۱ء میں دوسری عالمگیر جنگ کے دوران ہندوستان کے لیڈروں اور عوام کا تعاون حاصل کرنے کے لیے وائسرائے نے ایک ''نیشنل ڈیفنس کونسل'' تشکیل دی۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ دوران جنگ تعاون کے لیے ہندو کانگرس کا یہ نعرہ تھا کہ ''ہندوستان چھوڑ دو'' جب کہ قائداعظمؒ کا نعرہ یہ تھا کہ ''سارا ملک ہندو کانگرس کے سپرد کر کے ملک چھوڑنے کی بجائے آپ دس کروڑ مسلمانوں کے حق خود ارادیت کو تسلیم کرتے ہوئے پہلے ملک کو تقسیم کرو، پھر چھوڑ دو'' (First Devide and Then Quit)

انگریز حکومت نے ہندوستانی عالمی اور رائے عامہ کی تائید وحمایت حاصل کرنے کے لیے ''نیشنل ڈیفنس کونسل'' قائم کر کے سرسکندر حیات خاں (۱۸۹۲ء۔۱۹۴۲ء) وزیراعظم پنجاب، مولوی اے کے فضل الحق (۱۸۷۳ء۔۱۹۶۲ء) وزیراعظم بنگال، سرسعداللہ خاں (۱۸۸۶ء۔۱۹۵۵ء) وزیراعظم آسام، سرسلطان احمد (۱۸۸۰ء۔۱۹۶۳ء) ممبر ورکنگ کمیٹی آل انڈیا مسلم لیگ اور بیگم جہاں آرا شاہنواز (۱۸۹۶ء۔۱۹۷۹ء) کو ممبر نامزد کیا۔ ''نیشنل ڈیفنس کونسل'' کا قیام براہ راست قائداعظمؒ کے موقف سے انحراف تھا، بغاوت تھی، غداری تھی۔ اس سے یہ ظاہر کرنا مقصود تھا کہ حضرت قائداعظمؒ کی پرواہ کیے بغیر غالب مسلم اکثریت کے صوبوں سے حکومت نے سربرآوردہ لوگوں کو اپنے گرہ جمع کر لیا ہے۔

صوبہ پنجاب مسلم لیگ، سرسکندر کی پاکٹ میں تھی اور دوسری تنظیمیں، جاگیردار اور سرمایہ دار اُن کے زیر اثر تھے۔ بدیں وجہ سے کسی طرف سے بھی حضرت قائداعظمؒ کی تائید وحمایت میں آواز بلند نہ ہوئی۔ حالانکہ یہ صرف قائداعظمؒ کی ذات کا مسئلہ نہیں تھا بلکہ دس کروڑ مسلمانوں کی عزت و وقار اور غیرت کو چیلنج کیا گیا تھا۔ جب ہر طرف سے خاموشی کی فضا قائم ہوگئی تو ''آل پاکستان رورل پروپیگنڈا کمیٹی'' کے نوجوان جو بقول حکیم الامت ۔

دیوانہ با گفتارم فرزانہ با کردارم
از بادۂ شوقِ تو ہشیارم و مستم من

مولانا نیازی کی قیادت میں آگے بڑھے اور حضرت قائداعظمؒ کے موقف کی تائید وحمایت میں سارے صوبے میں جلسوں اور کانفرنسوں کی بھرمار کردی۔ لاہور میں سکندر حیات کا جنازہ نکال دیا گیا۔ لطف کی بات یہ ہے کہ جو نوجوان دن کو تانگے میں بیٹھ کر جلسے کی منادی کررہے تھے وہی رات کے جلسے میں اسٹیج کے منتظم تھے۔ مولانا نیازی بتاتے ہیں کہ میں نے خود ایک ٹیکسی پر لاؤڈ اسپیکر فٹ کر کے جلسہ کی منادی کی اور رات کو تیس ہزار کے جلسہ کی صدارت بھی کی۔

مولانا نیازی نے اس سلسلہ میں لائل پور (حال فیصل آباد) میں ایک کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا۔ مگر سکندر حیات نے ''آل پاکستان رورل پروپیگنڈا کمیٹی کے بعض کارکنوں کو لالچ دے کر اغوا کرلیا۔ اور اُن کے زیر اہتمام ۵ جولائی ۱۹۴۱ء کو دسہرہ گراؤنڈ فیصل آباد میں طلباء کی ایک ''سپانسرڈ کانفرنس'' منعقد کی جس میں پاکستان کی مخالفت کرتے ہوئے سر سکندر حیات نے کہا:

''پاکستان لغوستان ہے، ہم اسے نہیں بننے دیں گے۔ ایک ضدی اور خودسر پٹھان (مولانا نیازی) نے ہمارے نوجوانوں کو تباہ کردیا ہے اور اس کے اکسانے پر میرے خلاف مظاہرے کیے جارہے ہیں۔ نوجوانو! تم اپنے مستقبل کی سوچو، تم اس کے پیچھے کیوں لگ گئے ہو۔ آج جو تم نعرے لگاتے پھر رہے ہو، جلسے کرتے پھرتے ہو، کل تعلیم سے فارغ ہوکر پچاس روپے کی نوکری کے لیے ہمارے دفتروں میں جوتیاں چٹخاتے پھروگے۔ پاکستان ایک دیوانے کا خواب ہے، مجذوب کی بڑ ہے۔ اس لیے اے نوجوانو! میں تمہیں بروقت انتباہ کرتا ہوں کہ وقتی اور ہنگامی نعروں سے گمراہ نہ ہوجانا، اپنے مستقبل کی فکر کرو۔''

سر سکندر حیات خاں کی تقریر کے دوران پنڈال سے ''مسلم لیگ، زندہ باد'' ''پاکستان زندہ باد'' اور ''قائداعظمؒ زندہ باد'' کے فلک شگاف نعرے لگے تو سر سکندر غصے سے لال پیلا ہوگیا اور کہا کہ ہم تمہارے قائداعظمؒ سے نپٹ لیں گے۔''

مولانا نیازی نے سکندر حیات کی لائل پور کی تقریر کے اخباری تراشے قائداعظمؒ کو بھیجے اور ساتھ ہی خط لکھا کہ ہم سر سکندر حیات کی کانفرنس کے جواب میں لائل پور میں طلباء کی کانفرنس کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ ملک برکت علی ایڈووکیٹ (۱۸۸۵ء۔۱۹۴۶ء) کو اس کانفرنس سے خطاب کرنے کے لیے آمادہ کیا گیا۔ اور اعلان

کر دیا گیا کہ اسی جگہ ۱۸، ۱۹ جولائی ۱۹۴۱ء کو جوابی کانفرنس ہوگی۔ مولانا نیازی کی ایجی ٹیشن کا مرکزی نقطہ یہ تھا کہ سر سکندر حیات نے قائداعظمؒ کی قیادت سے بغاوت کی ہے، اس کا واحد حل یہ ہے کہ وہ ''نیشنل ڈیفینس کونسل'' سے فی الفور استعفیٰ دے اور قائداعظمؒ سے معافی مانگے۔

اس کانفرنس کی صدارت ملک برکت علی ممبر ورکنگ کمیٹی آل انڈیا مسلم لیگ (۱۸۸۵ء۔۱۹۴۶ء) جیسے مشہور قانون دان اور ہردلعزیز مسلم لیگی رہنما کر رہے تھے۔ مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء۔۱۹۵۶ء) بھی اس میں خطاب کر رہے تھے۔ اس دوران سر سکندر حیات نے مولوی غلام محی الدین قصوری ایڈووکیٹ (۱۸۸۰ء۔۱۹۶۳ء) اور مقبول محمود امرتسری چیف پارلیمانی سیکریٹری حکومت پنجاب (سر سکندر حیات کے بیٹے سردار شوکت حیات خاں کے ماموں وخسر) کے ذریعے مولانا نیازی اور اُن کے ساتھیوں کے ساتھ مذاکرات شروع کیے۔ ہر قسم کے لالچ دیے، اعلیٰ سے اعلیٰ عہدوں مثلاً ڈپٹی کمشنر وغیرہ کی پیشکش کی گئی اور ڈیڑھ دولاکھ روپیہ نقد پیش کرنے پر آمادہ تھے۔ مگر مولانا نیازی جیسے اقبالؒ کے مردِ مومن کو جواب یہ تھا کہ ہمیں کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے نہ عہدے کی اور نہ سیم وزر کی۔ ہمارا مطالبہ صرف اور صرف یہ ہے کہ سر سکندر، ''نیشنل ڈیفینس کونسل'' سے استعفیٰ دے کر قائداعظمؒ سے معافی مانگے، ہم تمہاری پیشکش پر تھوکتے بھی نہیں۔

ہزار دام سے نکلا ہوں ایک جنبش میں
جسے غرور ہو آئے کرے شکار مجھے!

مذاکرات ناکام ہوگئے۔ مولانا نیازی نے اپنی مُہم جاری رکھی۔ ۱۸، ۱۹ جولائی کو کانفرنس کے انعقاد کے مصمم ارادے کو عملی جامہ پہنانے پر تل گئے۔ ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ مسلمان دکان داریوں نے جلسے کے لیے میز، کرسیاں، شامیانے اور لاؤڈ اسپیکر کرایہ پر دینے سے انکار کر دیا۔ لائل پور کے ڈپٹی کمشنر شیخ نور محمد نے سر سکندر حیات کے حکم پر گراؤنڈ میں پانی چھوڑ دیا۔ ایک سکھ دکاندار کو ڈبل کرایہ دے کر سارا سامان حاصل کیا گیا۔ میاں نوراللہ ایم ایل اے (۱۸۹۹ء۔۱۹۸۴ء) کی کوٹھی پر جا کر اُن کی کار حاصل کر کے اس پر لاؤڈ اسپیکر فٹ کر کے منادی شروع کر دی۔ سوئے اتفاق کہ زبردست بارش شروع ہوگئی اور دیر تک جاری رہی جس سے رات کی نشست نہ ہوسکی۔ دوسرے دن بروز اتوار ۱۹ جولائی کو پھر منادی شروع کر دی گئی۔ نو بجے کا جلسہ بارہ

۔بجے دن شروع ہوا۔ ساری انتظامیہ مخالف تھی، مقامی مسلم لیگ قدم قدم پر رکاوٹیں ڈال رہی تھی مگر مولانا نیازی اور اُن کے جیالے ساتھی مردانہ وار اپنے نصب العین کی طرف بڑھتے چلے جا رہے تھے 12½ بجے دن جلسہ شروع ہوا۔ صدر مجلسِ استقبالیہ چوہدری مختار احمد المعروف پریمر کو سر سکندر نے اغوا کر لیا تھا، اُس کی عدم موجودگی کی مولانا نیازی نے یہ توجیہہ کی کہ ''صورت مبین حالش میرس'' کے مصداق در و دیوار خطبہ استقبالیہ پڑھ رہے ہیں۔ ہم خود اس کانفرنس کی اہمیت کو جانتے ہیں۔ ہماری ٹکر وزیر اعظم سے ہے، ظاہر ہے کہ سوائے عوام کے کسی کی تائید کی توقع نہیں ہے۔ اس لیے خطبۂ صدارت ہو گا ملک برکت علی پیش کریں گے۔ رات کی نشست بعد نماز عشاء شروع ہوگی جس میں ہم عصر حاضر کے میر جعفر سر سکندر حیات خاں کی غداریوں کو بے نقاب کریں گے۔

رات کو جلسہ ہوا اور خوب ہوا۔ مسٹر ابوسعید انور (۱۹۱۴ء۔۱۹۸۴ء) مولانا ظفر علی خاں (۱۸۷۲ء۔۱۹۵۶ء) اور مولانا نیازی نے خطاب کیا اور ملک برکت علی نے خطبۂ صدارت دیا۔ مولانا نیازی کی تقریر بڑی شعلہ بار تھی۔ اُنہوں نے جب یہ برسرِ عام اور ڈنکے کی چوٹ کہا کہ:

''مسمی سکندر حیات ولد محمد حیات ذات کھٹر ساکن موضع واہ (واہ کینٹ) ضلع کیمبل پور (حال اٹک) جو نکلسن کے اردلی کا بیٹا ہے، اس کو میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ وہ غیر پاکستان جو سر سکندر حیات بزعم خویش اپنی خود غرضیوں، مکاریوں، عیاریوں اور ستم رانیوں کی خاطر بنائے گا یقیناً وہ ''لغوستان'' ہوگا۔ لیکن جو پاکستان کتاب و سنت کی بالادستی اور شریعت کی سیادت و قیادت قائم کرنے کے لیے وجود میں آئے گا وہ بن کر رہے گا۔ کتے بھونکتے رہتے ہیں اور کارواں چلا جاتا ہے۔ سر سکندر کو معلوم ہونا چاہیے کہ مسلم نوجوان آگ کے شعلے ہیں، ان سے ٹکرانے والا جلکر راکھ ہو جائے گا اور پاکستان بن کر رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔''

سکندر حیات خاں اور نواب شاہنواز خاں ممدوٹ (۱۸۸۴ء۔۱۹۴۲ء) کی خواہش تھی کہ یہ ٹکٹ میاں امیر الدین (۱۸۸۹ء۔۱۹۸۹ء) کو دیا جائے لہٰذا پنجاب مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ نے اسے ٹکٹ دیا۔ نوجوان سر سکندر کے اس خاص الخاص گماشتے کو پسند نہیں کرتے تھے۔ اُن کی خواہش تھی کہ قائد اعظمؒ کا جانثار اور مخلص کارکن میدان میں آئے اور قائد اعظمؒ اُس کی مدد کریں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں قائد اعظمؒ کو متوجہ کیا گیا تاکہ

برٹش گورنمنٹ پر واضح ہو جائے کہ قوم کس کے ساتھ ہے۔ بہر حال نوجوان مسلم لیگی کارکنوں کی خواہش تھی کہ یہ ٹکٹ مولانا نیازی کو دیا جائے کیونکہ ان کی خدماتِ جلیلہ سے پنجاب مسلم لیگ کو بہت تقویت حاصل ہوئی تھی اور اس کا احساس حضرت قائداعظمؒ کو بھی تھا۔ چنانچہ مولانا نیازی اور ان کے ساتھیوں نے حضرت قائداعظمؒ کو اس ضمنی انتخاب کی طرف متوجہ کیا۔ کہ یہاں پر آپ اپنا نمائندہ کھڑا کریں اور دورانِ الیکشن تشریف بھی لائیں، لاہور کے غیور مسلمان آپ کے ساتھ ہیں۔ اسی موقعہ پر ہی سرسکندر حیات کی اوقات کھل کر سامنے آ جائے گی۔ آپ کا نمائندہ لازمی کامیاب ہوگا اور اس کا بالواسطہ نتیجہ یہ نکلے گا کہ ''نیشنل ڈیفینس کونسل'' رکن رکین سرسکندر حیات کے اثر و رسوخ، مقبولیت اور ہر دلعزیزی کا بھرم بھی کھل جائے گا۔

القصہ مولانا نیازی کو ٹکٹ دے دیا گیا اور انہوں نے کاغذات نامزدگی داخل کر دیے۔ سرسکندر حیات کے اُمیدوار میاں امیر الدین تھے۔ مولانا نیازی کے پیچھے ملک برکت علی ایڈووکیٹ جیسے ہر دلعزیز مسلم لیگیوں اور ''پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن'' کی طاقت تھی۔ سرسکندر گھبرا گیا اور سردار اورنگ زیب خاں سابق وزیراعظم صوبہ سرحد اور ابوسعید انور کو میاں امیر الدین کی طرف سے نیازی صاحب کے پاس بھیجا کہ جو چاہو لے لو، ہم دینے کو تیار ہیں اور ہمارے مقابلہ سے دستبردار ہو جاؤ۔ بیس ہزار روپیہ نقد و دیگر مراعات کی پیشکش کی مگر مولانا نیازی نے یہ پیشکش پائے استحقار سے ٹھکرا دی اور کہا کہ بکنے اور جھکنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، قائداعظمؒ کے حکم سے میدان میں اُترا ہوں۔ جب تک سرسکندر حیات، قائداعظمؒ سے معافی نہیں مانگے گا اور ''نیشنل ڈیفینس کونسل'' سے استعفیٰ نہیں دے گا، ہماری جنگ جاری رہے گی۔

مولانا نیازی نے اپنی انتخابی مُہم شروع کر دی اور ہر جلسے کی کاروائی قائداعظمؒ کو پہنچنا شروع ہوگئی۔ چنانچہ سرسکندر گھبرا گیا اور پھر گورنر بمبئی کے ذریعے اس کا یہ موقف بھی مسترد ہو گیا کہ اسے بحیثیت ''چیف مسلم'' نہیں بلکہ بحیثیت وزیراعظم، ''ڈیفینس کونسل'' میں لیا گیا ہے کیونکہ وائسرائے کے خط نے اس حقیقت کو واشگاف کر دیا کہ اس کو بحیثیت وزیراعظم نہیں بلکہ بحیثیت ''چیف مسلم'' لیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مولانا نیازی اور ان کے ساتھیوں کی لاج رکھ لی، سکندر حیات نے ۲۴ اگست ۱۹۴۱ء کو ''آل انڈیا مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی'' کے اجلاس منعقدہ بمبئی میں ''نیشنل ڈیفینس کونسل'' سے استعفیٰ دے دیا اور قائداعظمؒ سے معافی مانگ لی۔

اس کے بعد مولانا نیازی نے اپنی دستبرداری کا اعلان کر دیا۔ دستبرداری کے بعد میاں امیر الدین نے دوبارہ ابوسعید انور کو مولانا نیازی کے پاس بھیجا اور پیشکش کی کہ ضمنی انتخاب کے سلسلے میں آپ کا جو خرچ ہوا ہے، وہ ہم دینے کو تیار ہیں۔ بیس پچیس ہزار تک دینے کو تیار ہیں۔ مولانا نیازی نے اس کے جواب میں کہا:

''ہمارا انتخاب کے لیے کھڑا ہونا کسی ذاتی غرض، مفاد یا لالچ کے لیے نہیں تھا بلکہ ہم یہ چاہتے تھے کہ سر سکندر، قائداعظمؒ کا وفادار بن جائے اور دس کروڑ مسلمانوں کے موقف سے آگاہ ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے۔ ہم نے جو خرچ کیا ہے، ملی غیرت اور ذاتی کردار کی استقامت کی خاطر کیا ہے، ہم اس کا اجر کسی سے نہیں لیتے۔ قرض کی ادائیگی کا شوق اور ولولہ تھا جو ہم نے پورا کر دکھایا۔''

اس ضمنی انتخاب میں سر سکندر حیات خاں کو قائداعظمؒ کی قیادت وسیادت تسلیم کرنے پر مجبور کرنے کے بعد مولانا نیازی اور ان کے ساتھی حضرت قائداعظمؒ سے رہنمائی حاصل کرنا چاہتے تھے کہ اب ہمارا لائحہ عمل کیا ہونا چاہیے۔ چند خطوط کے تبادلہ کے بعد حضرت قائداعظمؒ نے مولانا نیازی کو لکھا کہ یہ بات خطوط کے ذریعے نہیں ہو سکتی۔ آپ لوگ میرے پاس آئیں، بالمشافہ گفتگو ہوگی۔

چنانچہ ستمبر اکتوبر ۱۹۴۱ء میں مولانا نیازی اور مولانا محمد ابراہیم علی چشتی، دہلی میں ان کی رہائش گاہ ۱۰ اورنگ زیب روڈ پر حاضر ہوئے۔ اُنہوں نے لاہور کے ضمنی انتخاب کے سلسلہ میں دونوں کو مبارک باد دی اور فرمایا:

''نوجوانو! تم بہت بڑی قوت ہو۔ یہ تمہاری کامیابی ہے۔
میری کامیابی تمہاری وجہ سے ہے۔ مجھے تم پر فخر ہے۔''

''دورِ ماضی میں کفر کئی رنگ بدل کر آیا مگر اسلام کو سرنگوں نہ کر سکا۔ اب پھر مسلمان کو 'ہم رنگ زمین' دامِ فریب میں پھنسانے کی کوشش کی گئی لیکن مردِ مومن قائداعظمؒ کی فراست نے اس جال میں بھی پھنسنا پسند نہ کیا۔ مسلمان نوجوانوں کے ولولے بڑھ چکے ہیں، وہ نہ ہندو پر اعتماد کرتے ہیں نہ انگریز پر۔ اس لیے کہ اللہ والوں کو ہمیشہ اللہ پر بھروسہ ہوتا ہے۔''

مولانا نیازی نے واضح کیا کہ مسلمان اس امر کے خلاف نہیں کہ ہندو اپنی اکثریت والے علاقوں میں اپنی آزاد ریاست قائم نہ کریں۔ اُنہوں نے مذہب اور سیاست کو دو مختلف چیزیں ثابت کرنے والوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ:

''اسلام کسی حالت میں یہ اجازت نہیں دیتا کہ مسلمان کسی ''غیر اسلامی آئین'' کے سامنے سر جھکائے۔ مسلمان کے سامنے رسول اکرم ﷺ کی زندگی اور آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہی مشعلِ راہ ہے۔ ہمارے سامنے دین کی مکمل تشریح اور پورا سوشل آرڈر موجود ہے۔ اسلام نے نسل، قومیت، رنگ، وثنیت تمام بتوں کو مٹا دیا ہے۔

مسلمانوں کی سیاست مذہب ہے اور مذہب سیاست ہے۔''

سلسلۂ تقریر جاری رکھتے ہوئے مولانا نیازی نے گاندھی (۱۸۶۹ء۔۱۹۴۸ء) پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ:

''وہ مکار ہندوستان کی آزادی کے بارے میں مخلص نہیں ورنہ وہ قائداعظمؒ سے ضرور معاہدہ طے کر لیتا۔''

۱۹۴۴ء میں ہی جب مولانا نیازی، صوبہ مسلم لیگ پنجاب کے سیکریٹری اور اسلامیہ کالج لاہور میں صدر شعبہ علومِ اسلامیہ تھے تو قائداعظمؒ تقسیم انعامات کی تقریب کے موقعہ پر لاہور تشریف لائے۔ رات کا جلسہ عام منعقد ہوا۔ ''مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن'' کے کارکنوں نے مولانا نیازی کو بھی تقریر کے لیے مدعو کیا۔ نیازی صاحب نے نہایت ہی تند و تیز لہجہ میں حکومت وقت پر تنقید کی اور حصولِ پاکستان کے لیے سر دھڑ کی بازی لگانے کے لیے، سامعین کا اُبھارا۔ جلسہ کے بعد جب حضرت قائداعظمؒ سے ملاقات ہوئی تو اُنہوں نے فرمایا کہ:

"You are still very hot."

''محتاط انداز میں بڑھے چلو۔''

اس سال یعنی ۱۹۴۴ء میں مولانا نیازی نے پنجاب مسلم لیگ کونسل سے یہ تجویز پاس کرائی:

''پاکستان کا آئین شریعتِ اسلامیہ پر مبنی ہوگا''

صوبائی کونسل کے بعد آل انڈیا مسلم لیگ نے بھی یہ تجویز منظور کر لی۔

۱۹۴۵ء میں مولانا نیازی نے معروف صحافی اور نامور مسلم لیگی کارکن میاں محمد شفیع المعروف م ش (۱۹۱۴ء۔۱۹۹۳ء) کے ساتھ مل کر پاکستان کیا ہے اور کیسے بنے گا؟'' کے عنوان سے ایک کتاب لکھی جس میں زندگی کے ہر مسئلہ پر نظریۂ خلافت کے نقطۂ نظر سے روشنی ڈالی گئی تھی، یہ وہ زمانہ تھا جب قیامِ پاکستان کی منزل قریب آ رہی تھی اور مسلم لیگ میں ابن الوقت قسم کے سیاستدان مختلف حربوں سے شامل ہو رہے تھے، کمیونسٹ بھی ایک سازش کے تحت اس میں شامل ہو گئے۔ چنانچہ مولانا نیازی نے اپنے احباب کے تعاون سے پنجاب مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں کمیونسٹوں کو مسلم لیگ سے نکالنے کی قرارداد پیش کی جو منظور کر لی گئی اور مسلم لیگ سے دانیال لطیفی، ڈاکٹر ذاکر مشہدی، شیر محمد بھٹی اور دیگر کمیونسٹوں کو نکال دیا گیا۔

۱۹۴۵ء ہی میں ''کیبنٹ کمشن'' کی ناکامی کے بعد جب قائداعظمؒ نے مجموعی انتخابات کے ذریعے مسلمانوں کی نمائندگی کا فیصلہ کرنا چاہا تو اسلامیان ہند بالخصوص مسلم طلباء سے امداد طلب کی کہ وہ مسلم لیگ کو کامیاب بنائیں تاکہ پاکستان کا حصول یقینی بن جائے۔ مولانا نیازی اس وقت اسلامیہ کالج لاہور میں صدر ''شعبہ علوم اسلامیہ'' تھے۔ اُنہوں نے طلباء کو اِکٹھا کر کے اس پیغام کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ مسلمان نوجوانوں نے دیوانہ وار کام کیا اور سارے صوبے میں پھیل گئے بلکہ علی گڑھ کے طلباء تو سرحد کے پہاڑوں اور جنگلوں میں دورے کرتے نظر آتے تھے۔ اس مُہم میں مولانا نیازی کے شاگردوں میں سے جن نوجوانوں نے صف اوّل میں کام کیا، ان میں سیّد قاسم رضوی سی ایس پی (۱۹۲۷ء) وغیرہم نے نمایاں کردار ادا کیا۔ اس سے قبل ''پاکستان رورل پروپیگنڈہ کمیٹی'' کی تحریک میں مولانا محمد ابراہیم علی چشتی (۱۹۱۷ء۔۱۹۶۸ء) چوہدری نصر اللہ خاں ایڈووکیٹ (۱۹۱۶ء۔۱۹۵۷ء) مولوی عبدالقدیر نعمانی (۱۹۱۱ء۔۱۹۸۶ء) حکیم محمد انور بابری (۱۹۲۲ء۔۱۹۷۶ء) حمید نظامی (۱۹۱۵ء۔۱۹۶۲ء) ابوسعید انور (۱۹۱۴ء۔۱۹۸۳ء) پروفیسر چوہدری محمد صادق (۱۹۱۴ء۔۱۹۸۷ء) ظفر اللہ خاں ملک المعروف زیڈ کے ملک (۱۹ء۔۱۹۹۲ء) خواجہ اشرف احمد (۱۹۱۶ء۔۱۹۹۵ء) میاں محمد شفیع المعروف م ش (۱۹۱۴ء۔۱۹۹۳ء) ظہور عالم شہید (۱۹۱۸ء۔۱۹۸۸ء) میاں کفایت علی (۱۹۰۱ء۔

۱۹۹۴ء) پروفیسر منظور الحق صدیقی، شیخ محمد اقبال اور ڈاکٹر ضیاء الاسلام نے نمایاں کردار ادا کیا تھا۔

۹، ۱۰، ۱۱ جنوری ۱۹۴۶ء کو اسلامیہ کالج لاہور کی گراؤنڈ میں جمعیت علماء اسلام پنجاب کی ایک شاندار کانفرنس سنوسئی ہند امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔۱۹۵۱ء) کی زیر صدارت منعقد ہوئی جس کا مقصد پنجاب میں مسلم لیگ کے کام کو تیز تر کرنا تھا تا کہ دو تین ماہ بعد آنے والے الیکشن میں مسلم لیگ بھاری اکثریت سے کامیاب و کامران ہو۔ اس کانفرنس سے اکابر اہلِ سنّت مولانا سیّد ابوالحسنات قادریؒ (۱۸۹۶ء۔۱۹۶۱ء) مولانا عبدالحامد بدایونی (۱۸۹۸ء۔۱۹۷۰ء) مولانا عبدالغفور ہزاروی ثم وزیر آبادی (۱۹۱۰ء۔۱۹۷۰ء) خواجہ محمد قمر الدین سیالویؒ (۱۹۰۶ء۔۱۹۸۱ء) مخدوم سیّد محمد رضا شاہ گیلانی ملتانیؒ (۱۸۹۶ء) خواجہ غلام محی الدین گولڑوی (۱۸۹۱ء۔۱۹۷۴ء)، پیر صاحب مانکی شریف (۱۹۲۳ء۔۱۹۶۰ء) مولانا جمال میاں فرنگی محلی (۱۹۱۹ء۔۱۹۹۱ء) وغیرہم کے علاوہ مولانا نیازی نے بھی خطاب فرمایا۔

فروری ۱۹۴۶ء کے عام انتخابات میں مسلم لیگ نے آپ کو ضلع میانوالی سے صوبائی سیٹ کا ٹکٹ جاری کیا۔ اس نشست پر مولانا نیازی کے مقابلہ میں ایک ریٹائرڈ ڈپٹی کمشنر خالقداد میدان میں آیا۔ اسے اپنے مال و دولت، شان و شوکت اور یونینسٹ پارٹی پر بڑا ناز تھا۔ مگر مولانا کے پاس نظریۂ پاکستان کا لازوال جذبہ تھا۔ چنانچہ اس حلقہ (میانوالی شمالی) کے عوام و خواص نے اُن کے لیے دیدہ و دل فرش راہ کیا اور ہر سو اس نغمے کے گونج سُنائی دی۔

دھر رگڑے تے رگڑا مستانہ
ایہہ ووٹاں دا جھگڑا مستانہ
جیہڑا لیگ توں کنڈ کریسی

ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن انبالویؒ

مولانا ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن انبالویؒ بن سیّد دیوان محمد کی ولادت ۱۴ فروری ۱۸۷۹ء کو سیالکوٹ میں ہوئی۔ آبائی وطن قصبہ کھرڑ ضلع انبالہ (مشرقی پنجاب) تھا۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ایم اے (فلسفہ) کرنے کے بعد جرمنی سے فلسفہ کے مضمون Realism پر پی ایچ ڈی کی اور واپس آتے ہی علی گڑھ میں فلسفہ کے اُستاد ہو گئے اور پھر ترقی کرتے کرتے صدر شعبہ فلسفہ کے عہدہ تک جا پہنچے۔ آپ پہلے ہندوستانی تھے جنھوں نے فلسفہ کے مضمون Realem پر پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔

وہ نہ صرف حکیم وفیلسوف اعظم تھے بلکہ بڑے زبردست صاحبِ طریقت، صاحبِ ذوق وبصیرت، صاحب باطن وحال اور پکے مومن مسلمان تھے۔ ان کا قول تھا کہ مشرق ومغرب کے علوم حکمت کو کھنگال ڈالنے کے بعد صرف دو باتیں سیکھی ہیں۔ وہ یہ کہ دنیا میں صرف ایک کتاب ہے اور وہ قرآن کریم اور دنیا میں صرف ایک انسان ہے اور وہ ہے محمد ﷺ! ڈاکٹر صاحب کے امتیازی اور مستقل فلسفہ کو جرمنی میں بھی تسلیم کیا گیا۔

بیعت

ڈاکٹر صاحب صورتاً وسیرتاً مسلمان تھے۔ چہرہ پر شاندار لمبی داڑھی رکھتے تھے۔ نماز اور وظائف کے پابند تھے۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ کے خصوصی طور معتقد تھے۔ سنوسیٔ ہند امیر ملت حضرت پیر سیّد حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (۱۸۴۱ء۔ ۱۹۵۱ء) سے شرف بیعت رکھتے تھے اور فنافی الشیخ کے مقام پر پہنچ چکے تھے۔ اپنی تقریروں اور نجی گفتگوؤں میں اکثر اپنے پیر ومرشد کا ذکر فرماتے رہتے تھے۔ ڈاکٹر صاحب

بڑے بالغ نظر اور روشن ضمیر تھے۔ حسن واخلاق، سیر چشمی، ہمدردی ومحبت کی زندہ تصویر تھے۔

گاندھی کی مخالفت

آپ کا بہت بڑا کارنامہ ہندی کفر اور ہندو اتحاد کی تفسیر جدید یعنی گاندھیت کی تحلیل ہے۔ ہندی کفر جدید یعنی گاندھیت جب کانگرس پارٹی کے مذہبِ مسلطہ اور دین قاہرہ کی صورت میں ظاہر ہوئی اور واردھا تعلیمی اسکیم کے ذریعے اس نے مسلمانوں کو مرتد کرنے کی ترکیب نکالی تو یہ مردِ حکیم، مردِ مسلم ومجاہد بن کے ظاہر ہوا۔ بابائے ملت حضرت قائداعظمؒ (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۴۸ء) نے آل انڈیا مسلم لیگ کے ماتحت ایک مسلم تعلیمی کمیٹی قائم کی جس کے صدر ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن تھے اور سیکریٹری ان کے شاگرد ڈاکٹر افضال حسین قادری (۱۹۱۲ء۔ ۱۹۷۴ء) تھے۔ سیّد صاحب کی بلند پایہ رپورٹ واردھا اسکیم کے لیے پروانہ، موت ثابت ہوئی۔ بعد ازاں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرس نے مسلم تعلیمی اسکیم، سیّد صاحب کی نگرانی میں تیار کی۔ سیّد صاحب کی رپورٹ اور اسکیموں کو آج پاکستان میں بروئے کار لانے کی اشد ضرورت ہے۔

تعلیمی خدمات

ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب کا سب سے بڑا کارنامہ علی گڑھ پاکستان اسکیم کو تمبر ۱۹۳۹ء میں کتابی، علمی وعملی شکل میں پیش کرنا تھا۔ پاکستان کی آواز تو بلند ہو رہی تھی لیکن کوئی اس کی علمی وعملی صورت اور اس کی فلسفیانہ اور منطقی بنیاد کو واضح اور معین شکل میں اب تک پیش نہ کر سکا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے پیر ومرشد حضرت امیر ملت قدس سرہ کے ارشاد پر اپنے شاگردِ خاص ڈاکٹر افضال حسین قادری (ف ۱۹۷۴ء) کے تعاون سے یہ اسکیم مع چارٹ ونقشہ جات اور مقدمہ بعنوان ''ہندستان کے مسلمانوں کا مسئلہ اور اس کا حل''، مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کے سامنے پیش کی جس نے ''علی گڑھ پاکستان اسکیم'' کے نام سے شہرت عام بقائے دوام حاصل کی۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے تمام اساتذۂ کرام اور پروفیسران کا زبردست بیان اسکیم کی تائید وحمایت میں شائع ہوا اور جلد ہی یہ اسکیم پورے برِّصغیر میں ہر دل کی دھڑکن بن گئی۔ چنانچہ تحریکِ پاکستان کی تاریخ میں ''علی گڑھ

اسکیم''، ایک نشانِ اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔

اس اسکیم کی تیاری کے سلسلہ میں حضرت امیر ملت قدس سرّہ کے مشورہ پر ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب اور علامہ محمد اقبالؒ کے مابین کچھ عرصہ خط و کتابت بھی رہی اور بعض باتوں کی وضاحت کے لیے ڈاکٹر صاحب نے اپنے شاگرد خاص ڈاکٹر برہان احمد فاروقی (۱۹۰۴ء۔ ۱۹۹۵ء) کو بارہا حکیم الامت علامہ محمد اقبالؒ کی خدمت میں بھیجا۔

ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب کا خیال تھا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کی اپنی ایک علیحدہ قومی شناخت ہے جو بڑی حد تک غیر مسلموں سے مختلف ہے۔ اس اسکیم میں ہندوستان کو تین خودمختار وفاقوں میں تقسیم کرنے کا مشورہ دیا گیا تھا جن میں سے ایک شمال مغرب میں واقع چار مسلم اکثریتی صوبوں اور متعدد چھوٹی ریاستوں پر، دوسرا بنگال (ہاوڑہ، مدناپورہ، بہار کا ضلع پورنیا اور آسام کا ضلع سلہٹ نکال کر) پر اور تیسرا باقی ماندہ ہندوستان (چند علاقے مستثنیٰ کر کے) پر مشتمل ہو جس کے لیے اُنہوں نے خصوصی حیثیت کی ٹھوس تجویز پیش کی۔ ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب نے یہ بھی تجویز پیش کی کہ ان تینوں وفاقوں کو دفاع اور حملہ کے لیے باہمی اتحاد کی اجازت دی جائے۔

ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب کا ایک اور بہت بڑا کارنامہ حضرت قائداعظم محمد علی جناح کو جواب تک پاکستان اسکیم کے قائل نہیں ہوئے تھے، انہیں اسکیم کی بنیاد پر مسلسل مذاکرات و مباحثات و مکالمات کے ذریعہ قائل کرنا تھا۔ یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے مارچ ۱۹۴۰ء میں اجلاس لاہور آل انڈیا مسلم لیگ میں قرارداد پاکستان پیش کی۔ یہ غالباً لوگوں کو معلوم نہیں کہ حضرت قائداعظم محمد علی جناح کے خطبۂ لاہور کا وہ تمام حصہ جو ''ٹونیشن تھیوری'' پر ہے وہ سب ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب کا لکھا ہوا ہے۔ قرارداد لاہور، اس کی منطقی فلسفیانہ تھیوری پر قائداعظم محمد علی جناح کا خطبۂ لاہور اس عارف علی گڑھ کا فیضانِ روحانی تھا۔ اور ایسا ہونا ہی تھا کیونکہ ساری تحریکِ پاکستان، تحریک علی گڑھ کا ثمرہ تھا۔

ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب نے علی گڑھ یونیورسٹی میں اپنے زیرِ ہدایت ایک خفیہ سوسائٹی بھی قائم کر رکھی تھی جس کا مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کے اکثریتی صوبوں میں ایک آزاد حکومت قائم کی جائے۔ اس وقت

تک ابھی ''پاکستان'' کا نام ایجاد نہیں ہوا تھا۔ ڈاکٹر صاحب اس سوسائٹی میں شامل ہونے والوں سے دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اور پڑھوا کر بیعت لیا کرتے تھے۔ سوسائٹی کا ہر ممبر ہر روز بعد از نمازِ فجر مندرجہ ذیل حلف نامہ ایک وظیفہ کی طرح پڑھا کرتا تھا۔

۱۹۴۴ء میں ''آل انڈیا مسلم اسٹوڈینٹس فیڈریشن'' کی سرگرمیاں عروج پر تھیں۔ مختلف مقامات پر تربیتی کیمپوں کے انعقاد نے فیڈریشن کی کارکردگی کا لوہا منوایا۔ اس تربیت کا مقصد مسلمان طلباء کو ''مسلم انڈیا'' اور ''منصوبۂ پاکستان'' کے مسائل سے آگاہ کرنا تھا۔ اسی قسم کا ایک خاص کیمپ ۱۸ تا ۲۸ اکتوبر ۱۹۴۴ء کو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں لگایا گیا جس میں طلباء کے علاوہ ڈاکٹر افضال حسین قادری (۱۹۱۲ء۔ ۱۹۷۴ء) پروفیسر ابوبکر احمد حلیم (۱۸۹۷ء۔ ۱۹۷۵ء) پروفیسر جمیل الدین احمد (۱۹۱۰ء۔ ۱۹۷۰ء) اور ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن نے مقالے پڑھے جس سے طلباء میں حصولِ پاکستان کے لیے ایک نیا ولولہ اور جذبہ پیدا ہوا۔

پاکستان بننے کے بعد آپ نے سر آغا خاں کے ساتھ مل کر کراچی میں ایک ''عالمگیر سائنسی انسٹیٹیوٹ'' ''اسلامی اکیڈمی''، ''یونیورسٹی'' اور ''مرکز علوم معارف وتحقیقات'' قائم کرنے کا منصوبہ بنایا مگر افسوس کہ یہ منصوبہ پروان نہ چڑھ سکا اور حکومتِ پاکستان نے بھی آپ کی بالکل قدر نہ کی۔

وفات

ڈاکٹر سیّد ظفر الحسن صاحب کی رحلت ۲۲ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۹ جون ۱۹۴۹ء بروز پیر راولپنڈی میں ہوئی۔ جسد مبارک کو لاہور لا کر قبرستان میانی صاحب میں میر غلام بھیک نیرنگؒ (۱۸۷۶ء۔ ۱۹۵۲ء) کی قبر سے متصل جانب مشرق سپرد خاک کر دیا گیا۔ (۱)

(۱) تحریک آزادی میں اُردو کا حصہ/ ڈاکٹر معین الدین عقیل/ کراچی، ۱۹۷۶ء/ ص: ۸۱۳
مزید مطالعہ کے لیے مندرجہ ذیل کتب دیکھیے:
- اقبال کا سیاسی کارنامہ مؤلف محمد احمد خان کراچی ۱۹۷۷ء
- حضرت امیر ملت اور تحریک پاکستان مؤلف صادق قصوری لاہور ۱۹۹۳ء
- قائداعظم محمد علی جناح اور پاکستان/ شریف الدین پیرزادہ ۱۹۸۹ء

اختتامیه

اختتامیہ

ملتِ اسلامیہ پر جب بھی کوئی مشکل وقت آیا علماءِ حق اور مشائخ نے اس کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیا۔ جب بھی اسلام اور اس کے شعائر کے خلاف جب کسی نے ہرزہ سرائی کی اُنہوں نے للکارا۔ چاہے وہ غیر ملکی تسلط سے ہندوستان کو آزاد کرانے کی تحریک ہو۔ یا اسلامی مملکت کے حصول کی جدوجہد، ہمارے اسلاف اور ان کے لاکھوں عقیدت مندوں نے اپنے خونِ جگر سے ایسی تحریکوں کو پروان چڑھایا اور اس کے ثمرات سے قوم کو فائدہ اُٹھانے کا موقع فراہم کیا۔

جب سے برِصغیر پر فرنگی اقتدار نے پیر جمائے۔ ٹھیک اسی وقت سے آزادیٔ وطن کے مشن کا بھی آغاز ہوا۔ ۱۸۵۷ء میں علامہ فضل حق خیر آبادی، مولانا امام بخش صہبائی، مفتی عنایت احمد کاکوروی، مولانا فیض احمد بدایونی، مولانا احمد شاہ مدراسی، سعید وہاج الدین مراد آبادی، مولانا نقی علی خان بریلوی (والد ماجد حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان فاضل بریلویؒ) اور مولانا رضا علی خان (جدامجد مولانا احمد رضا بریلوی) جیسے بے شمار اکابر علماء و مشائخ اور ان کے ارادت مندوں نے انگریز سامراج کا تختہ اُلٹنے میں جو بیش بہا قربانیاں دیں ان کے بغیر جنگِ آزادی اور تحریکِ پاکستان کا تصور بھی ممکن نہیں۔ (۱)

تحریکِ جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء محض ایک وقتی اور ہنگامی جذبہ نہ تھا بلکہ اسلامی حکومت کے قیام کے لیے ایک منظم پروگرام کی بنیاد تھی جس نے آگے چل کر تحریکِ پاکستان کا روپ دھارا۔ تحریکِ پاکستان یہ وہی تحریک ہے جس میں حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ نے سرگرمی سے عہدِ اکبری میں قید و بند کی

(۱) محمد صادق قصوری/ اکابر تحریکِ پاکستان۔ ص: ۱۰۔ لاہور

صعوبتیں جھیل کر آگے بڑھایا، جس کی حضرت علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی خاموش تائید کی، جیسے مغلیہ سلطنت کے زوال کے بعد زندہ رکھنے میں شاہ عبدالرحیم شاہ ولی محدث دہلوی، مولانا رضا علی خان جیسے اکابر نے دن رات ایک کر دیا اور اس تحریک کو آگے بڑھایا۔

عہد اکبری میں جب غیر مسلم اکثریت نے حکومت اسلامیہ پر چھا جانے کی کوشش کی اور اسلام کے خلاف محاذ قائم کیا تو حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی ؒ نے دو قومی نظریے کی بنیاد پر سخت جدوجہد کی۔(۱)

یہ وہی نظریہ ہے جو قرآن حکیم نے پیش فرمایا:

"لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ" (۲)

ترجمہ: ''تمہیں تمہارا اور مجھے میرا دین''

حضرت شیخ احمد سرہندی کی پیروی کرتے ہوئے حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ''دو قومی نظریہ'' کا احیاء کیا یعنی اس کو دوبارہ زندہ کیا اور اس میں جان ڈال دی۔ رائے محمد کمال، لاہور نے اپنے ایک مقالہ میں انکشاف فرمایا ہے کہ ''حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ۱۸۹۷ء میں پٹنہ کے ایک جلسے میں دو قومی نظریہ پیش کیا۔ (۳) اور اس ضمن میں تحریری دستاویز ۱۹۲۰ء میں پیش کی، اور دو قومی نظریہ یہ وہی نظریہ ہے جس کی بنیاد پر پاکستان معرض وجود میں آیا۔ (۴)

عہد حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور اس کا ماضی قریب اور مستقبل قریب جو ایک صدی پر پھیلا ہوا ہے۔ انقلابات کا دور تھا حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ انقلاب ۱۸۵۷ء سے ایک سال قبل یعنی ۱۸۵۶ء میں روہیل کھنڈ کے ایک معزز خاندان بریلی میں پیدا ہوئے اور وہیں

---

(۱) محمد مسعود احمد، ڈاکٹر۔ سیرت مجدد الف ثانیؒ۔ کراچی

(۲) القرآن حکیم۔ سورۃ الکافرون۔ آیۃ:۶

(۳) معارف رضا، سالنامہ۔ شمارہ نہم، ۱۹۸۹ء مطبوعہ، کراچی

(۴) ماہنامہ فیض رضا۔ لائل پور۔ شمارہ مارچ ۱۹۷۳ء

تحریکِ ترکِ موالات کے ہنگامی دور میں انتقال مورخہ ۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ میں ہوا۔ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کی ۶۵ سالہ زندگی میں جو علمی، دینی، ملی اور سیاسی خدمات انجام دیں وہ تاریخ میں نمایاں طور پر سنہری حروف سے رقم کرنے کے لائق ہیں۔ (۱) افسوس کہ آج تاریخ جس انداز میں پیش کی جارہی ہے اس میں تعصب کا عنصر نمایاں ہے۔ اس حقیقت کو پاکستان کے شہرۂ آفاق مؤرخ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی، سابق شیخ الجامعہ کراچی نے کیا اور ایک عام محفل میں برملا اظہار فرمایا کہ ''اب میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ تاریخ میں اب تک جو کچھ لکھا گیا وہ سب یک طرفہ ہے۔'' (۲)

اس حقیقت کا ادارۂ تحقیق تاریخ و ثقافت پاکستان، اسلام آباد کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر اسلم نے بھی ۱۹۹۴ء کو اسلام آباد میں ہونے والی ایک ایسی علمی مجلس میں برملا اظہار فرمایا جس کی صدارت پاکستان کے سب سے بڑے قانون ساز ادارۂ قومی اسمبلی کے اسپیکر فرما رہے تھے۔ ''اصل حقائق کو مسخ کرنا، یہ تاریخ کا المیہ ہے۔ یہ تاریخ نگاری کا المیہ ہے۔ یہ اسلاف سے بے وفائی اور آنے والی نسلوں سے دھوکہ اور بغاوت نہیں تو کیا ہے۔ مشاہرہ پاکستان کہ جس پر تحریکِ پاکستان چلی اور ۱۹۴۷ء میں پاکستان کا قیام ممکن ہوا اس کو اگر وسیع نظر سے دیکھا جائے تو حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ، ان کے خلفاء و تلامذہ اور معتقدین کے گہرے نقوش جابجا نظر آتے ہیں۔ (۳)

تاریخی کتابوں کے مطابق ۱۸۸۴ء میں انڈین نیشنل کانگریس کا قیام عمل میں آیا۔ ۱۹۰۵ء میں تحریک ریشمی رومال کا آغاز ہوا، اسی زمانہ میں جمعیت انصار الاسلام قائم ہوئی۔ ۱۹۰۶ء میں آل انڈیا مسلم لیگ قائم ہوئی۔ ۱۹۱۱ء میں جنگ طرابلس ہوئی۔ ۱۹۱۲ء میں جنگ بلقان ہوئی۔ ۱۹۱۴ء میں پہلی جنگِ عظیم شروع ہوئی۔ ۱۹۱۹ء میں تحریکِ خلافت شروع ہوئی۔ اسی سال جمعیت العلماء ہند بنی۔ ۱۹۲۰ء میں گاندھی جی نے تحریکِ ترکِ موالات شروع کی۔ (۴) جس کا مقصد انگریزوں کا بائیکاٹ کر کے ان پر دباؤ ڈالنا

---

(۱) علامہ ظفر الدین بہاری، حیات اعلٰحضرت، جلد اوّل، بریلی، انڈیا

(۲) ہفت روزہ افق، ہمدم مسعود احمد، کراچی

(۳) مولانا احمد رضا کانفرنس، ۱۹۹۴ء، اسلام آباد

(۴) تحریکِ آزادی ہند اور السواد الاعظم۔ ڈاکٹر مسعود احمد، لاہور

اور ہندوستان کی آزادی کے لیے راستہ ہموار کرنا۔ اسی زمانہ میں تحریکِ ہجرت اور تحریکِ گاؤکشی چلی۔ ان تمام تحریکوں کا مقصد مسلمانوں کو کمزور سے کمزور کرنا تھا۔ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کی دوربین نگاہ ان تحریکوں کے مضمرات کو دیکھ رہی تھی۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ "دشمن اپنے دشمن کے لیے تین باتیں چاہتا ہے۔ اوّل اس کی موت کہ جھگڑا ہی ختم ہو، دوم یہ نہ ہو اس کی جلاوطنی کہ اپنے پاس نہ رہے، سوم یہ بھی نہ ہو سکے تو آخری درجہ اس کی بے پری کہ عاجز بن کر رہے۔ (۱)

تحریکِ خلافت کے ذریعہ ہندوستان کے بے دست و پا مسلمانوں کو انگریزوں سے لڑا کر ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ تحریکِ ہجرت میں مسلمانوں کو ہندوستان سے جلاوطن کر کے دور رکھنے کی کوشش کی گئی۔ تحریکِ ترکِ موالات میں مسلمانوں کے پاس جو کچھ تھا وہ سب کچھ لٹا کر عاجز اور کمزور بنانے کی بھرپور کوشش کی گئی۔ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے بتائے دشمنانِ اسلام کے تینوں عزائم ان تحریکوں میں نمایاں جھلک رہے تھے۔ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ۱۹۱۲ء میں مسلمانوں کے معاشی استحکام کے لیے رسالہ "تدبیر فلاح ونجات واصلاح" پیش کیا۔ سیاسی استحکام اور دوقومی نظریے کے پرچار کے لیے ۱۹۲۰ء میں معرکتہ الدراء دستاویز بصورت رسالہ "دوام العیش فی ائمۃ من القریش" پیش کر کے رہنمائی کی۔ تحریکِ ترکِ گاؤکشی کے رد میں رسالہ "انفس الفکر فی قربان البقر" پیش کیا۔ (۲)

برصغیر پاک و ہند میں نظریہ قومیت کی جو بحث چلی تھی کچھ علماء متحدہ ہندو مسلم قومیت کے حامی تھے اور کچھ جداگانہ قومیت کے تقسیم ہند سے پہلے برصغیر میں حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے بڑی شدومد کے ساتھ مسلمانوں کی جداگانہ قومیت کا تصوّر پیش کیا یہ اس وقت کی بات ہے جب مسلمانوں کے اہلِ علم اور اہلِ فکر میں اس طرح کی آواز کسی سمت سے بھی نہیں اُٹھی تھی۔ اس وقت صرف انڈین نیشنل کانگریس کا دیا ہوا آزادی ہند کا ایک تصوّر تھا۔ جس کے تحت بڑے بڑے علماء اور مفکرین اور سیاسی لیڈر برطانوی سامراج سے تسلّط سے سرزمین ہند کو آزاد کروانے کے لیے متحدہ جدوجہد میں اس حد تک آگے بڑھ چکے تھے کہ وہ ہندو

(۱) دوام العیش فی ائمۃ من القریش، مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ، لاہور

(۲) فاضلِ بریلویؒ اور تحریکِ پاکستان۔ ڈاکٹر مسعود احمد۔ کراچی

مسلم متحدہ قومیت کا پرچار کرنے لگے تھے۔

اس سے کس کو انکار ہے کہ پاکستان دوقومی نظریے کے تحت وجود میں آیا اور یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسے حالات میں حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے دوقومی نظریے کا پرچار کیا۔ جب کے ابتداء میں قائد عوام اور شاعر مشرق بھی اس چیز سے غافل تھے۔ اس حقیقت کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے ممتاز ادیب و دانشور سابق سینٹر، سابق دفاقی وزیر چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل آف پاکستان، مولانا کوثر نیازی مرحوم فرماتے ہیں کہ:

''حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے متحدہ قومیت کے خلاف اس وقت آواز اُٹھائی جب علامہ اقبال شاعر مشرق اور قائد اعظم بھی اس کی زلف گیرہ گیر کے اسیر تھے۔''

دیکھا جائے تو دوقومی نظریے کے عقیدے میں حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ مقتدا میں اور یہ دونوں حضرات مقتدی، پاکستان کی تحریک کو کبھی فروغ نہ حاصل ہوتا اگر حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ سالوں پہلے مسلمانوں کو ہندوؤں کی چالوں سے باخبر نہ کرتے۔(۱)

پاکستان کے مشہور مؤرخ خواجہ رضی حیدر (ڈائریکٹر قائد اعظم اکادمی کراچی) نے اس حقیقت کا انکشاف فرمایا کہ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے تلمذ و خلیفہ صدر الافاضل مولانا نعیم الدین مرادآبادی غالباً پہلے عالم دین ہیں جنہوں نے واشگاف الفاظ میں تقسیم ہند کی تجویز ان الفاظ میں پیش کر کے پاکستان کا مطالبہ کیا۔

''ملک تقسیم کر کے ہندو مسلم علاقے تشکیل دیے جائیں ہر علاقے میں اس علاقے والے کی حکومت ہو۔''(۲)

مولانا نعیم الدین مرادآبادی نے حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے پیش کردہ دوقومی نظریے کے تحت یہ تجویز پیش فرمائی اور پھر اس تحریک کو تیز کرنے کے لیے ۱۹۳۵ء میں ایک تنظیم ''الجمعیۃ

---

(۱) روزنامہ جنگ، اخباری کالم، ۱۳ اکتوبر ۱۹۹۰ء۔ پنجاب

(۲) روزنامہ جنگ، (پ۔ ر) ۲۳ مارچ ۱۹۹۱ء۔ کراچی

العالیۃ المرکزیہ" کی بنیاد ڈالی۔

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ۱۹۲۰ء میں دو قومی نظریے کی دستاویز المحجۃ المؤتمنہ کی صورت میں پیش کی اور اس کے ایک سال کے بعد ۱۹۲۱ء میں وہ رحلت فرما گئے مگر اپنے پیچھے وہ ایک ایسی جماعت چھوڑ گئے جس نے اس مشن کو آگے بڑھایا بلکہ یہ جماعت آپ کی حیات ہی میں سرگرم ہو گئے تھے۔ اس جماعت نے ستر سوالات پر مشتمل ایک سوالنامہ ترکِ موالات کے حامی علماء کو پیش کیا تھا۔(۱)

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے خلیفہ اور مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے پروفیسر سیّد سلیمان اشرف (صدر شعبۂ دینیات) نے مسئلہ ہندو مسلم متحدہ قومیت پر صدر جمعیت العلماء ہند مولانا ابو الکلام آزاد سے مذاکرات کیے اور ۱۹۲۰ء کے ایک جلسہ عام میں جو جمعیت کے زیر اہتمام بریلی میں ہو رہا تھا اپنے موقف کا بیبا کانہ اظہار کیا۔

مولانا نعیم الدین مراد آبادی نے مولانا محمد علی جوہر سے ملاقات کر کے انہیں مشرکین ہند کے ساتھ مسلمانوں کے اختلاط و اتحاد کے خطرناک نتائج سے آگاہ کیا۔ مولانا موصوف نے ترکِ موالات کے نتیجے میں ہونے والی ہندو مسلم اُخوت کے خلاف دو مقالات بھی لکھے جو ماہنامہ السواد اعظم کے شمارہ شوال ۱۳۳۸ھ سن ۱۹۱۹ء میں شائع ہوئے جب کہ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ حیات تھے۔ (۲)

حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے غیر منقسم ہندوستان کے اس پر آشوب دور میں جب کہ متحدہ ہندوستان اور متحدہ ہندو مسلم قومیت کے نعرے بلند کیے جا رہے تھے۔ اپنے اور بیگانوں کی ملامت کی پروا کیے بغیر بڑی جرأت و ہمت کے ساتھ ایک نیا خیال اور ایک نیا نظریہ پیش کیا یہ وہ جذباتی دور تھا جب کہ انگریز کے حق میں بولنا اس کے خلاف بولنے سے کہیں زیادہ آسان تھا۔ لیکن پھر بھی پاکستان کے ایک قلم کار پروفیسر ڈاکٹر محمد ایوب قادریؒ (ف) نے ایک جگہ یہ عجیب اظہار خیال فرمایا:

---

(۱) فاضل بریلویؒ اور ترکِ موالات۔ ڈاکٹر مسعود احمد، لاہور

(۲) تحریکِ آزادی ہند اور السواد الاعظم۔ ڈاکٹر مسعود احمد، لاہو

(ف) پروفیسر ڈاکٹر محمد ایوب قادری: بریلی میں پیدا ہوئے۔ اُردو کالج تحریکِ پاکستان کے حوالے سے بڑا کام کیا؟

''انگریز توڑ کے لیے اپنی تائید میں جوابی فتوے تیار کرائے۔ یہ بات خاص طور سے قابل ذکر ہے کہ اس زمانے میں مولانا اشرف علی تھانوی (۱۹۴۳ء) اور حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ (۱۹۳۱ء) ہر دو مختلف الخیال علماء نے ترکِ موالات کے خلاف علیحدہ علیحدہ فتوے دیے جو انگریزوں کے ایماء سے لاکھوں کی تعداد میں چھپوا کر تقسیم کیے گئے۔'' (۱)

یہ وہ زمانہ تھا جب ترکِ موالات کے خلاف آواز اُٹھانا خود کو انگریز حاکموں کا حمایتی ظاہر کرنے کے مترادف تھا مگر حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اظہارِ حق میں ملامت کرنے والوں کی پروانہ کی اور فقیہانہ شان کے ساتھ اپنے فیصلے صادر فرمائے اور بالآخر جو کچھ فرمایا تھا سچ ثابت ہوا۔ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے ترکِ موالات کے نتیجے میں ہندو مسلم اتحاد کو جو وطنیت پرستی اور دین سے بے خبری پر مبنی تھا سخت مخالفت فرمائی۔ جب طوفان جنون ختم ہوا اور آنکھیں کھلیں تو وہی سچا نظر آیا جس کو کل تک جھوٹا کہا گیا تھا۔

کانگریس کا منشاء یہ تھا کہ ملّی امتیازات کو خیر باد کہہ کر ''ہندوستانیت'' میں گم ہو جاؤ یہاں تک کہ مسلم مفکرین راہنما (یعنی میری مراد قائداعظم اور علامہ اقبال سے ہے) ابتداء میں ایک قومی نظریہ کے حامی تھے مگر بعد میں اچانک اپنا رُخ موڑتے ہیں اور ایک قومی نظریہ کی مخالفت کمربستہ ہو کر دو قومی نظریہ کی پوری پوری حمایت فرماتے ہیں دو قومی نظریہ کی بنیاد ہندو مسلم عوام اتحاد و عدم موالات پر تھی۔ یہ وہی نظریہ ہے جس کی حفاظت کے لیے حضرت مجدد الف ثانیؒ اور حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ نے اپنی زندگیاں وقف کر دی تھیں۔ (۲)

المختصر اس دور میں حالات نے ایسی نزاکت اختیار کر لی تھی کہ برصغیر میں مسلمانوں کی ملی وحدت کو فنا کرنے کی کوشش آل انڈیا کانگریس کے تعاون سے چلائی جانے والی تحریکِ ترکِ موالات اور مسلمانوں کے تعاون سے چلائی جانے والی تحریکِ ترکِ گاؤکشی اور تحریکِ ہندو مسلم اتحاد کے ذریعے کی گئی۔ یہ تحریکیں برصغیر

(۱) فاضل بریلویؒ اور ترکِ موالات۔ ڈاکٹر مسعود احمد۔ لاہور۔ ص: ۷۵

(۲) فاضل بریلویؒ اور ترکِ موالات۔ ڈاکٹر مسعود احمد۔ لاہور

میں چودھویں صدی کے آغاز میں پورے شدومد کے ساتھ چلیں اور اکثر مسلمان علماء اور سیاست داں کانگریس لیڈر مسٹر گاندھی کے ہمنوا بن کر میدان میں آئے۔ اس نازک دور میں حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ آگے بڑھے اور مؤثر دلائل سے ان تمام تحریکوں کو "اسلام دشمن" اور "مسلمان دشمن" ثابت کر کے علماء حق کی رہنمائی فرمائی اور مسلمان سیاستدانوں کی آنکھیں کھول دی۔ چنانچہ آپ فتویٰ کی اشاعت کے بعد اکابرین ملت اور سیاستداں نے اپنے سیاسی ردّعمل کا جائزہ لیا اور ان تحریکوں سے علیحدگی اختیار کر لی اور مسلمانوں میں جُدا گانہ قومیت کا احساس اُبھرنے لگا جو حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور ان کے زیرِ اثر علماء حق کی مساعی کا مرہونِ منت ہے۔

بہرکیف حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ اور ان کے زیرِ اثر علماء کی کوشش کا یہ نتیجہ نکلا کہ برصغیر کی تقسیم اور مسلمانوں کی علیحدہ مملکت کا تصور سامنے آیا جو بعد میں ایک ہمہ گیر تحریک کی صورت اختیار کر گیا۔ اس تحریک میں آل انڈیا سنی کانفرنس (۱۹۲۵ء) کے جھنڈے تلے حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ کے تلامذہ اور خلفاء اور علماءِ حق مسلمانوں کے لیے آگے بڑھے اور پھر حصول پاکستان کی تحریک کو کامیابی کی منزل تک پہنچایا۔ ان حضرات کے سامنے پاکستان کا جو عظیم تصور تھا آج وہ خواب و خیال بن کر رہ گیا ہم کسی اور ہی راہ پر چل نکلے۔ آج جس پاکستان میں ہم زندگی بسر کر رہے ہیں وہ ہمارے ان بزرگوں کے خواب سے بہت مختلف ہے۔ اُنہوں نے اسلام کی بات کی تھی مگر آج اُوپر سے لے کر نیچے تک ہمارے مزاج میں اسلام ہی نہیں اور سب کچھ ہے۔

جب تک ہمارے اندر نفاذِ اسلام کے لیے سچا اور سرفروشانہ جذبہ پیدا نہ ہوگا ہم اس پاکستان کی تعمیر نہ کر سکیں گے جس کے لیے ہمارے بزرگوں نے تن، من، دھن کی بازی لگا دی تھی، جس کے لیے ہزاروں مسلمان خون کے دریا میں بہہ گئے، ہزاروں عورتوں کی ناموس و عزت خاک میں ملا دی گئی، ہزاروں لاکھوں بچے نیزے کی نوکوں پر چڑھا دیئے گئے۔ کاش ہم ماضی کے ان خوں چکاں شب و روز کو یاد کر کے اپنے حال کی تعمیر میں لگ جائیں۔ اسلام سے بیوفائی اور جفاشعاری کا راستہ چھوڑ کر اس کے شعار بن جائیں اور پاکستان کو صحیح معنوں میں پاکستان بنائیں۔ "آمین"

- کتابیات
- رسائل
- اخبارات

کتابیات

- القرآن الکریم
- الاحادیث
- اعلٰحضرت فاضلِ بریلویؒ۔سوانح حیات (الحاج شاہ مانا میاں)، ۱۳۹۰ھ امین برادرز کراچی
- الیواقیت المہریہ۔مولانا غلام علی مہر، مطبوعہ لاہور (س۔ن)
- امیر ملت اور آل انڈیا سنی کانفرنس۔محمد صادق قصوری، مفتی محمد عبد القیوم خاں۔لاہور (س۔ن)
- اسباب بغاوت ہند، مؤلف سرسیّد احمد خاں مقدمہ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی۔کراچی (س۔ن)
- احوال علماء فرنگی محلی، مولوی شیخ الطاف حسین، لکھنؤ (س۔ن)
- اسلام کا نظام المشائخ، مولانا حامد انصاری، ۱۹۲۷ء، دہلی
- اساس پاکستان، پروفیسر محمد خلیل اللہ، شعبۂ تصنیف و تالیف جامعہ کراچی، وفاقی گورنمنٹ اُردو کالج کراچی (س۔ن)
- اوراق گم گشتہ، رئیس احمد خاں، ۱۹۴۷ء مطبوعہ لاہور
- اکابر تحریکِ پاکستان، محمد صادق قصوری، ۱۹۹۲ء مطبوعہ فیصل آباد
- آئینہ رضویات، ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی، پاکستان ۱۹۹۳ء
- اسلام ان انڈو پاک سب کونٹینینٹ، عبد الرشید، ۱۹۷۷ء مطبوعہ لاہور
- الطاری الداری، امام احمد رضا، حصہ سوم، مطبوعہ بریلی (س۔ن)
- احیاء سنّت اور تجدید ملت، امام احمد رضا خاں فاضلِ بریلویؒ (س۔ن)

- اکرام امام احمد رضا، مفتی برہان الحق جبلپوری، لاہور
- بریلوی علماء مشائخ، مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھی (س۔ن)
- بیس بڑے مسلمان، رشید احمد ارشد (س۔ن)
- برصغیر پاک و ہند کی سیاست میں علماء کا کردار، (بیسویں صدی۔ سے ۱۹۴۰ء تک)
- براعظم پاک و ہند کی ملت اسلامیہ، ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی، مترجم ہلال احمد زبیری ۱۹۹۹ء کراچی
- پاک و ہند میں اسلامی تاریخ، ۱۵۶۶ء سے تا حاضر صاحبزادہ عبدالرسول (س۔ن)
- پاکستان اور ہندوستان، عبدالقدوس ہاشمی، حیدرآباد دکن ۱۹۴۱ء
- پاکستان ناگزیر تھا، سیّد حسن ریاض، کراچی یونیورسٹی، کراچی ۱۹۶۷ء
- تذکرہ علماء اہلِ سنّت، محمود احمد قادری، کانپور انڈیا، اوّل ۱۳۹۱ھ، دوم اشاعت فیصل آباد ۱۹۹۲ء
- تذکرہ خلفائے اعلیٰحضرت، محمد صادق قصوری، پروفیسر مجید اللہ قادری۔ کراچی ۱۹۹۲ء
- تذکرہ علماء اہلِ سنّت والجماعت، پیرزادہ علامہ اقبال احمد فاروقی۔ لاہور
- تحریکِ آزادی ہند السوادالاعظم، پروفیسر محمد مسعود، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۱۹۸۷ء
- تعارف علماء اہلِ سنّت، مولانا محمد صادق ہزاروی، مدرسہ نظامیہ لاہور ۱۹۷۹ء
- تعارف اکابر اہلِ سنّت، محمد عبدالحکیم شرف الدین القادری، مدرسہ نظامیہ لاہور
- تذکرہ علمائے پنجاب، پروفیسر اختر راہی، مکتبہ رحمانیہ لاہور
- تاریخ آل انڈیا سنی کانفرنس، محمد جلال الدین قادری، ۱۹۹۹ء گجرات، پاکستان
- تذکرہ علماء فرنگی محلی، مولوی عنایت اللہ، ۱۹۳۰ء لکھنؤ (س۔ن)
- تذکرۃ العابدین، نذیر احمد دیوبندی، ۱۹۳۳ء دہلی
- تاریخ دستور ہند، یوسف حسین خان، ۱۹۴۴ء
- تحریکِ پاکستان، فائق کامران (س۔ن)
- تاریخ پاک و ہند، انور ہاشمی، ۱۹۹۰ء کراچی

- تحریکِ پاکستان اور علماء، مولانا ظفر احمد انصاری، ۱۹۶۵ء (نظریۂ پاکستان نمبر)
- تعمیر پاکستان اور علمائے ربانی، ۱۹۵۶ء ملتان
- تاریخ افکار وسیاسیات اسلامی، عبدالوحید خاں، لاہور (س۔ن)
- تذکرہ مشائخ القادریہ رضویہ، مولانا عبدالمجتبیٰ رضوی، ۱۹۸۹ء مطبوعہ بنارس انڈیا
- تاریخ دعوت وعزیمت، ابوالحسن علی ندوی، طبع ثانی ۱۹۶۴ء لاہور
- تحریکِ پاکستان اور نیشنلسٹ علماء، ۱۹۶۶ء لاہور
- تاریخ ہندوستان، شمس العلماء خاں بہادر ذکاء اللہ دہلوی، ۱۹۱۹ء علی گڑھ، انڈیا
- تذکرہ علماء ہند، رحمٰن علی ترجمہ ڈاکٹر ایوب قادری ۱۹۶۱ء کراچی
- تذکرہ الواصلون، رضی الدین بدایونی، ۱۹۴۵ء بدایون
- تشریحات پاکستان، عبدالقدوس ہاشمی ۱۹۴۶ء حیدر آباد دکن
- تاریخ خلافت، مولانا عبدالماجد بدایونی ۱۳۴۰ھ بدایون
- تحریکِ پاکستان، محمد خلیل اللہ، ۱۳۴۰ھ، بدایون
- تذکرہ علماء ومشائخ، محمد الدین فوق ۱۹۳۰ء
- جمعیۃ العلماء پر ایک تاریخی تبصرہ، ۱۹۶۹ء دہلی
- جمعیۃ العلمائے ہند ۱۹۴۵ء سے ۱۹۶۹ء تک (دستاویزات مرکزی اجلاس)
- جہد آزادی، پروفیسر محمد خلیل اللہ، شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، اُردو کالج، کراچی ۱۹۸۳ء
- حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی، ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ۱۹۸۱ء، سیالکوٹ
- حیات اعلیٰحضرت، مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ ۱۹۵۵ء ملک ظفر الدین بہاری کراچی (نیو ایڈیشن)
- حالات گوکھلے، مظفر حسین خاں، حیدر آباد دکن ۱۹۱۹ء انڈیا
- حالات مشائخ کاندھلہ، احتشام الحسن کاندھلوی ۱۹۵۷ء نئی دہلی
- حکایات اولیاء، اشرف علی تھانوی، دارالاشاعت، کراچی (جدید ایڈیشن)

- خطبہ صدارت، مولانا احمد سعید ۱۹۶۴ء میرٹھ دہلی
- خطبہ صدارت، سر سیّد رضا علی، ۱۹۴۴ء کراچی
- خطبہ صدارت آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس، نواب بہادر جنگ محمد ظہیر الدین خاں ۱۹۴۳ء علی گڑھ
- خطبہ صدارت، مولانا محمود الحسن دیوبندی، ۱۹۳۰ء دہلی
- زعمائے ملت، پروفیسر محمد خلیل شعبہ تصنیف و تالیف و ترجمہ وفاقی گورنمنٹ اُردو کالج کراچی ۱۹۸۳ء
- سلوک قادریہ، سیّد دیدار علی شاہ، مطبوعہ لاہور (س۔ن)
- سلاطین دہلی کے مذہبی، رجحانات خلیل احمد نظامی ۱۹۵۸ء (م۔ن)
- سلاطین ہند کی علم پروری، مولوی محمد حفیظ اللہ، پٹنہ ۱۹۵۶ء
- سلسلہ تاریخ ہند، حصہ اوّل و دوم، اعظم گڑھ، انڈیا ۱۹۴۷ء
- سیرت اعلیٰحضرت، حامد رضا خاں، مطبوعہ، بریلی (س۔ن)
- سفر نامہ، شیخ الہند حسین احمد مدنی، لاہور ۱۹۷۴ء
- طرف الہدیٰ، محمد مصطفیٰ رضا خاں، مطبوعہ، حسنی بریلی، انڈیا (س۔ن)
- علماء ہند کا شاندار ماضی، مولانا محمد میاں، ۱۹۴۲ء، ۱۹۴۷ء، ۱۹۵۷ء
- علماء میدان سیاست میں، ۱۹۵۶ء تا ۱۹۴۷ء مؤلف ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی، مترجم: ہلال احمد زبیری/ مطبوعہ شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، کراچی یونیورسٹی، کراچی، ۱۹۹۴ء
- فاضل بریلویؒ علماء حجاز کی نظر میں، محمد مسعود احمد، ۱۹۷۳ء مطبوعہ، لاہور
- فاضل بریلویؒ دانشوروں کی نظر میں، محمد مرید احمد، جہلم
- کل پاکستان سنی کانفرنس، سیّد عالم ۱۹۵۰ء تا ۱۹۷۸ء کراچی
- محدث اعظم پاکستان، مولانا محمد جلال الدین القادری (جلد اوّل و دوم) مطبوعہ ساہیوال، پاکستان (س۔ن)

- محدث اعظم کچھوچھوی اور پاکستان حضرت علامہ عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری مجددی مظہری، لاہور
- محدث سورتی، خواجہ رضی حیدر (سورتی اکیڈمی کراچی)
- مفتی اعظم اور ان کے خلفاء، مولانا شہاب الدین رضوی، ۱۹۹۰ء، مطبوعہ انڈیا
- مختصر تاریخ ہند، بار سوئم، اعظم گڑھ ۱۹۴۸ء
- مسلمانوں کا ماضی، حال اور مستقبل، احمد میاں ۱۹۴۴ء لاہور
- مشاہیر جنگِ آزادی، دہلوی مفتی انتظام اللہ شہابی (س۔ن)
- مکالمۃ الصدرین، محمد ذکی، سہارنپور، انڈیا، (س۔ن)
- مہر انور، شاہ حسین گردیزی، مکتبہ مہریہ، گلشن اقبال کراچی
- موج کوثر، محمد اکرم شیخ، ۱۹۹۱ء، کراچی
- مسلمانوں کا نظام مملکت (مترجم مولوی علیم اللہ صدیقی) ڈاکٹر حسن ابراہیم حسن، ۱۹۴۷ء دہلی
- مسئلہ خلافت، مولانا ابوالحسنات ندوی ۱۹۲۰ء اعظم گڑھ، انڈیا
- مسئلہ قومیت، اور مسلمانوں اور موجودہ سیاسی کشمکش، مولانا ابوالاعلیٰ مودودی
- مکاتب، بہادر یار جنگ، ۱۹۴۷ء مطبوعہ کراچی
- مسلمانوں کا ایثار اور آزادی جنگ، عبدالوحید خاں (س۔ن)
- نظریۂ پاکستان، محمد خلیل اللہ، وفاقی گورنمنٹ اردو کالج کراچی (شعبۂ تصنیف وتالیف) ۱۹۸۴ء
- ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک، مولانا مسعود عالم ندوی، ۱۳۷۱ء کراچی

رسائل

- الرضا (بریلی) صفر المظفر ۱۳۳۸ء۔ ۱۹۱۹ء
- السواد اعظم (مراد آباد) جمادی الاوّل ۱۳۴۹ء، ۱۹۲۰ء، ۱۹۳۰ء
- اکرام امام احمد رضا، مرکزی مجلس رضا، لاہور
- تحریکِ آزادی ہند اور ماہنامہ السواد اعظم، ۱۹۸۸ء، مطبوعہ لاہور
- تحریکِ پاکستان پر فاضلِ بریلویؒ کے اثرات، ۱۹۷۴ء، فیصل آباد
- ترجمان اہلِ سنّت، دسمبر ۱۹۷۳ء، کراچی
- رضائے مصطفیٰ، صدر الشریعہ نمبر، ص:۸
- ماہنامہ، پاکستان، امام احمد رضا نمبر، ص:۴۷
- ماہنامہ اشرفی (آل انڈیا سنی کانفرنس کی تفصیلی رپورٹ،) مئی ۱۹۲۵ء
- پاسبان۔ (الٰہ آباد)
- ماہنامہ، فیضانِ رضا، فیصل آباد، مارچ ۱۹۷۸ء
- مجلہ معارف رضا، سیّد ریاست علی قادری ۱۹۸۳ء مطبوعہ کراچی
- ماہنامہ، نقوش، مکاتیب نمبر، لاہور
- ماہنامہ، ضیا حرم، بھیرہ سرگودھا ۱۹۷۱ء
- ماہنامہ، طلوع اسلام، ۱۹۳۹ء دہلی۔ انڈیا

اخبارات

- نوائے وقت، اگست ۱۹۶۸ء، لاہور
- روزنامہ مشرق، ۱۱۴ اگست ۱۹۶۸ء، لاہور
- روزنامہ جنگ، ۲۰ جولائی ۱۹۷۰ء
- روزنامہ کوہستان، ۱۳ جولائی ۱۹۶۸ء، لاہور
- روزنامہ زمیندار، ۱۰ مارچ ۱۹۲۱ء
- جسارت، روزنامہ، کراچی
- جنگ، روزنامہ، کراچی
- نوائے وقت، روزنامہ، کراچی